جدید نظرثانی شدہ ایڈیشن

مستند کتب فقہ کے حوالوں کے ساتھ عام فہم اور دلنشین اسلوب میں

جدید فقہی مسائل

"بڑا قابل قدر کام ہے"
مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی
صدر مدرسہ دارالعلوم سبیل السلام۔ حیدرآباد دکن

زمزم پبلشرز

جدید نظرثانی شدہ ایڈیشن

مستند کتب فقہ کے حوالوں کے ساتھ عام فہم اور دلنشین اسلوب میں

جدید فقہی مسائل

جلد دوم

"بڑا قابل قدر کام ہے"۔
مولانا ابو الحسن علی ندوی رحمہ اللہ

مولانا خالد سیف اللہ رحمانی
صدر مدرسہ دار العلوم سبیل السلام۔ حیدرآباد دکن

ناشر
زمزم پبلشرز
نزد مقدس مسجد اردو بازار کراچی

کتاب کا نام ـــــــ جدید فقہی مسائل جلد دوم

جدید تصحیح شدہ ایڈیشن

تاریخ اشاعت ـــــــ جون ۲۰۱۰ء

باہتمام ـــــــ احباب زمزم پبلشرز

ناشر ـــــــ زمزم پبلشرز کراچی

شاہ زیب سینٹر نزد مقدس مسجد، اُردو بازار کراچی

فون: 021-32760374

فیکس: 021-32725673

ای میل: zamzam01@cyber.net.pk

ویب سائٹ: www.zamzampublishers.com

ملنے کے دیگر پتے

- مکتبہ بیت العلم، اردو بازار کراچی۔ فون: 32726509
- مکتبہ دار الھدیٰ، اردو بازار کراچی
- دار الاشاعت، اُردو بازار کراچی
- قدیمی کتب خانہ بالمقابل آرام باغ کراچی
- مکتبہ رحمانیہ، اُردو بازار لاہور

AL FAROOQ INTERNATIONAL
68, Asfordby Street Leicester LE5-3QG
Tel : 0044-116-2537640

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 Little Ilford Lane
Manor Park London E12 5QA
Phone: 020-8911-9797

ISLAMIC BOOK CENTRE
119-121 Halliwell Road, Bolton Bl1 3NE
U.K
Tel/Fax : 01204-389080

MADRASSAH ARABIA ISLAMIA
1 Azaad Avenue P.O Box 9786-1750
Azaadville South Africa
Tel : 00(27)114132786

فہرست مضامین

پیش لفظ

حضرت مولانا نعمت اللہ اعظمی دامت برکاتہ

(استاذ حدیث دارالعلوم دیوبند)

الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على سيدالمرسلين
وعلى آله واصحابه اجمعين

امابعد! موجودہ کتاب ''عبادات اور چند اہم مسائل'' سے پہلے بھی حضرت مولانا خالد سیف اللہ صاحب فقہ میں متعدد کتابیں تالیف کر چکے ہیں اور ''قاموس الفقہ'' اور ''جدید فقہی مسائل' کی وجہ سے اہم علمی طبقے میں خاصے معروف ومتعارف ہیں۔ان کتابوں کے ذریعہ جب ان کی جدو جہد اور کاوش منظر عام پر آئی تو ارباب نظر اور اہل علم وفن نے اس کو بنظر استحسان دیکھا اور حقیقت یہ ہے کہ اب اس کے بعد ان کی کسی کتاب کے لئے تقدیم وتقریظ اور اظہار تاثرات کی چنداں ضرورت نہیں تھی، پھر بھی احقر نے ان کے حکم کی تعمیل میں ''عبادات اور چند اہم مسائل'' نامی اس کتاب کو جگہ جگہ سے دیکھا، حوالوں کے اہتمام اور اہم مسائل میں دلائل کے تذکرہ نے جہاں اس کتاب کو اہلِ علم اور اصحاب فتاویٰ کے لئے مفید بنا دیا ہے، سہل زبان اور عام فہم اسلوب نے عوام کے لئے اس کتاب سے استفادہ کو آسان کر دیا ہے۔

اسلام کا معاملہ عیسائیت سے بالکل مختلف ہے اسلام دین فطرت ہے اس میں زمانہ کے ساتھ چلنے، زمانے کی ضروریات کو پورا کرنے اور ہر دور کی علمی تحقیقات سے آنکھیں ملانے کی پوری پوری صلاحیت موجود ہے، اسلام کے وقار کو باقی رکھنے کے لئے نہ تو کسی ترمیم کی ضرورت ہے اور نہ کسی نئی تعبیر وتشریح کی حاجت۔مگر بدقسمتی سے عیسائیت کا دیکھا دیکھی اہل اسلام میں بھی متجددین کا ایک طبقہ پیدا ہو چکا ہے جس نے یہی راستہ اختیار کیا ہے۔

یہ اپنی جگہ پر ایک حقیقت ہے کہ ہر علم وفن کی تحقیق کے کچھ اصول وضوابط ہوتے ہیں جن کی پابندی کے بغیر اس فن کی تحقیق میں صحیح نتائج تک رسائی ممکن نہیں، قرآن وحدیث اور فقہ کی تعبیر وتشریح کے لئے بھی مکمل اصول و ضوابط ''اصول فقہ'' کی صورت میں موجود ہیں، اصول فقہ کی کتابوں میں ان قواعد وضوابط کو نہایت تحقیق سے بیان کیا جا چکا ہے۔مگر متجددین کا یہ طبقہ اپنی تشریح وتعبیر میں اس کی پابندی تو کیا کرتا وہ تو سرے سے کسی قاعدہ و

ضابطہ کا پابند ہی نہیں ہوتا، بلکہ اکثر اوقات اس عظیم فن سے نابلد بھی ہوتا ہے، ایسی صورت میں جدید مسائل میں اظہار رائے کے لئے بہت ہی تدبر و تفکر اور احتیاط کی ضرورت ہے۔ کثرت مطالعہ، اس قسم کے مسائل کی مزاولت اور حالات زمانہ کی آگہی نے اسی لئے حضرت مولانا کو محتاط بنا دیا ہے جس کا نمونہ اس کتاب میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو عوام و خواص سب میں مقبولیت عطا فرمائے اور مصنف کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے **وماذلك على الله بعزيز۔**

نعمت اللہ

(خادم تدریس دار العلوم دیوبند)

ابتدائیہ

عبادات یعنی طہارت، نماز، روزہ، حج و زکوٰۃ اور قربانی وغیرہ سے متعلق بہت سے نئے مسائل ہیں، جن کو راقم الحروف نے جدید فقہی مسائل کے حصہ اول میں ذکر کیا ہے، عبادات سے متعلق جدید مسائل کے اس مجموعہ میں روزہ، زکوٰۃ، عشر وخراج، حج، ذبیحہ وغیرہ سے متعلق وہ مسائل شریک اشاعت ہیں جن پر غور وفکر کی ضرورت ہے، چوں کہ ان پر ایک گونہ تفصیل کے ساتھ بحث کی ضرورت تھی، جس سے خواص اور اھل علم کے قلب و ذہن کی کسی درجہ میں تسکین ہو سکے، اس لئے ان مضامین کا یہ مجموعہ "عبادات اور چند اہم جدید مسائل" کے عنوان سے علاحدہ شائع کیا جا رہا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرمائے اور ذخیرۂ آخرت بنائے۔ اس کوتاہ علم سے ان مسائل کی بابت جو کچھ غلطی ہوئی ہو، اہل علم ونظر سے اس پر متنبہ کرنے کی درخواست کرتا ہوں، یہ اس حقیر پر بڑا احسان ہوگا۔

اللهم أرنا الحق حقا وارزقنا اتباعه وأرنا الباطل
باطلا وارزقنا إجتنابه.

خالد سیف اللہ رحمانی

(۱۲/شعبان ۱۴۱۹ھ)

رؤیت ہلال کے احکام

اسلام نے عبادات میں بھی اور اپنے دوسرے احکام میں بھی جن کا تعلق عوام وخواص ہر دو طبقہ سے ہو، انسان کو کسی ایسی بات کا مکلف نہیں بنایا ہے، جس کی دستیابی دشوار ہو، جس کا حصول ہر شخص کے لئے مشکل ہو اور جس کو بڑے فلاسفہ، حکماء، علماء اور دانشور ہی سمجھ سکیں اور جان سکیں اور عام لوگوں کے لئے ان کا سمجھنا ممکن نہ ہو۔

اس کی سب سے بڑی مثال استقبال قبلہ ہے۔ اگر بعینہٖ کعبہ کا استقبال ضروری قرار دیا جاتا، تو ایک حد تک موجودہ ترقی یافتہ دور میں بھی اور اس سے بہت زیادہ گذشتہ ادوار میں اس کا اندازہ لگانا عام آدمی کے لئے مشکل ہو جاتا، لیکن شریعت نے اس تکلف میں پڑنے کی بجائے قبلہ کی جہت اور سمت، جس میں کافی وسعت ہے، کے استقبال کو کافی سمجھا، بلکہ بعض حالات میں تو یہ بھی اجازت دی کہ اشتباہ کی صورت میں قلب کا جس طرف رجحان ہو اسی سمت نماز پڑھ لے۔ اسی طرح اوقات نماز کے لئے جسم کا سایہ، افق کی مختلف بدلتی ہوئی حالتوں اور سورج کی واضح گردش اور طلوع وغروب کو معیار بنایا گیا کہ اس کو جاننا عوام وخواص، عالم وجاہل، متمدن ووحشی، شہری و دہقانی، بڑوں اور چھوٹوں اور امیروں اور غریبوں کے لئے آسان تھا۔

لیکن اس میں کچھ شبہ نہیں کہ اسلام میں ایک گونہ وحدت، یکسانیت اور اجتماعیت بھی مطلوب ہے اور وہ چاہتا ہے کہ حتی الوسع اسلامی عبادات مسلمانوں کی وحدت اور اجتماعیت کا مظہر ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ اس کو اسلامی حکومت اور محکمۂ قضا کا ایک مستقل فریضہ قرار دیا گیا کہ وہ شہادت کے بعد طلوع ہلال کا اعلان کریں تا کہ کسی کے لئے اختلاف کی گنجائش نہ رہے اور ایک ہی دن سبھوں کی نماز عید ادا ہو۔

اسلام کے اس بنیادی مزاج کو سامنے رکھتے ہوئے اب ایک نظر رؤیت ہلال کے ثبوت کی بابت فقہ کے بنیادی اصول پر بھی ڈال لیجئے۔

رؤیت ہلال کے اصول

❶ اول یہ کہ اگر مطلع صاف ہو تو فقہاء رمضان المبارک اور عید الفطر ہر دو موقعوں پر ''خبر مستفیض'' کو ضروری قرار دیتے ہیں۔[1] خبر مستفیض کا مطلب یہ ہے کہ ایک اتنی بڑی جماعت چاند دیکھنے کی اطلاع دے جن کا جھوٹ

[1] هدایه: ١٤٤

پر متفق ہو جانا عادۃً نا قابلِ تصور ہو۔[۱]

بعض فقہاء نے اس جمع عظیم کی تعداد مقرر کرنے کی سعی کی ہے، تاہم اس تعداد کی تعیین میں خاصا اختلاف ہے، ایک طرف خلف بن ایوب ہیں کہ پانچ سو شاہدین کی تعداد کو بھی کم تصور کرتے ہیں "خمسمائة ببلخ قليل" دوسری طرف حسن رحمہ اللہ تعالیٰ بن زیاد ہیں کہ خود امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے مطلع صاف ہونے کے باوجود دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی کا کافی ہونا نقل کرتے ہیں اور ابن نجیم مصری رحمہ اللہ تعالیٰ اپنے زمانہ میں لوگوں کی غفلت اور سستی پر نظر کرتے ہوئے اس رائے کو قابل عمل قرار دیتے ہیں۔

"وينبغي العمل عليهافي زماننالأن الناس قدتكاسلواعن ترائ الأهلة."[۲]

❷ دوم یہ کہ اگر مطلع ابر آلود ہو تو رمضان المبارک کے چاند کے لئے ایک معتبر آدمی کی خبر ضروری ہے کہ اس نے بچشم خود چاند دیکھا ہے۔[۳]

یہ خبر قاضی اور امیر المؤمنین نہ ہونے کی صورت میں عام مسلمانوں کے سامنے بھی مسجد میں دی جاسکتی ہے اور اس کی وجہ سے اپنے طور پر فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔[۴] نیز خبر دہندہ کا عادل اور متشرع ہونے کی حیثیت سے معروف ہونا بھی ضروری نہیں، بلکہ مستور الحال اور ایسے آدمی کی خبر کو بھی فقہاء نے کافی قرار دیا ہے، جس کے عادل اور ثقہ ہونے کی تحقیق نہ ہو۔[۵] بلکہ قاضی کو اگر کسی فاسق شخص کی اطلاع پر بھی کسی معاملہ میں غالب گمان ہو جائے تو بعد کے فقہاء کہتے ہیں کہ اس پر عمل کر لینا چاہئے۔ شامی کا بیان ہے:

"فإن تحرى القاضي الصدق في شهادته تقبل و إلافلا"[۶]

❸ سوم یہ کہ مطلع ابر آلود ہونے کی صورت میں عید الفطر کے لئے دو معتبر آدمیوں کی شہادت ضروری ہے۔ لیکن اس صورت میں گواہوں کے معتبر ہونے یا نہ ہونے کا مدار قاضی اور رؤیت ہلال کمیٹی کے اطمینان ہی پر ہے، جیسا کہ اوپر علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحریر گذر چکی ہے، طرابلسی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی امام قرافی رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے۔

"و إذاغلب على الظن صدق الفاسق قبلت شهادته و حكم بها"[۷]

تاہم محض شک کی بنا پر کبھی بھی چاند نکلنے کا فیصلہ نہیں ہوسکتا، شک سے مراد یہ ہے کہ کسی چیز کے ہونے یا نہ

---

[۱] جمع عظيم يقع العلم الشرعي وهو غلبة الظن بخبرهم: درمختار مع ردالمحتار: ۹۵/۲

[۲] تنبيه الغافل والوسنان على احكام هلال رمضان ص: ۲۳٤ (رسائل ابن عابدين: ج۱)

[۳] القدوری: ص ٤۹　[۴] الفتاوى الهنديه: ۱۰۱/۱　[۵] خلاصة الفتاوى: ۲٤۸/۱

[۶] ردالمحتار: ۱۷۸/۸　[۷] الفتاوى الهنديه: ۱۰۱/۱

ہونے کا گمان یکساں طور پر ہو اور کسی ایک طرف زیادہ رجحان نہ ہو سکے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ۳۰؍ شعبان کو محض اس احتمال کی بنا پر روزہ رکھنے سے منع فرمایا کہ شاید ۲۹؍ کو چاند ہو چکا ہو اور آج رمضان المبارک کی پہلی تاریخ ہو۔[1]

❷ اس وضاحت سے معلوم ہوا کہ اگر مطلع ابر آلود نہ ہو تو شوال اور رمضان دونوں کے چاند میں "خبر" مطلوب ہے، مگر ضرور ہے کہ وہ خبر "مستفیض" ہو، اسی طرح مطلع ابر آلود ہو اور رمضان المبارک کے چاند کا مسئلہ ہو تو اس صورت میں بھی خبر مطلوب ہے، بہ خلاف اس صورت کے جب کہ مطلع ابر آلود ہو اور مسئلہ عید یا بقرعید کے چاند کا ہو کہ اس صورت میں گواہی مطلوب ہے۔

اس فرق پر علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے بہت بہتر طریقہ پر روشنی ڈالی ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ عید الفطر کے چاند سے چوں کہ لوگوں کا نفع متعلق ہے، اس لئے وہ "معاملات" کے درجہ میں ہے:

"وشرط لهلال الفطر مع علة فى السماء، شروط الشهادة لأنه تعلق به نفع العباد وهوالفطر فأشبه سائرحقوقهم فاشترط له مااشترط لها من العدد والعد الة والحرية وعدم الحدفي قذف و إن تاب ولفظ الشهادة والد عوى على خلاف فيه"[2]

تَرجَمَہ: "آسمان کے ابر آلود ہونے کے باوجود عید کے چاند کے لئے گواہی کی شرطیں مطلوب ہیں؛ اس لئے کہ اس سے بندوں کا نفع یعنی روزہ نہ رکھنے کا حکم متعلق ہے، لہٰذا یہ بندوں کے دوسرے حقوق کے مشابہ ہوگیا، پس اس کے لئے بھی تعداد، عدالت، آزادی اور محدود فی القذف نہ ہونے (گو تائب ہو چکا ہو) کی وہی شرطیں ہوں گی، جو دوسرے حقوق کو ثابت کرنے کے لئے ہیں، ہاں گواہی کا لفظ اور دعوی بھی ضروری ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔"

اس تمہید سے اس بات کا سمجھنا آسان ہو سکے گا کہ خط، فون، ریڈیو وغیرہ کے ذریعہ اطلاع کا کیا حکم ہے؟

تحریری اطلاع

تحریر کے ذریعہ کسی بات کی خبر و اطلاع میں دو باتیں اہم ہیں، ایک یہ کہ ایک تحریر اور دوسری تحریر کے درمیان غیر معمولی مماثلت ہوتی ہے اور جن لوگوں کو فنی مہارت حاصل ہو وہ نہایت آسانی اور چابکدستی کے ساتھ دوسروں کے خط کی نقل کر لیتے ہیں۔ فقہاء اسی کو اپنی زبان میں "الخط يشبه الخط" سے تعبیر کرتے ہیں اور مجرد تحریر کو

[1] خلاصة الفتاوى: ۲٤۸/۱ [2] تنبيه الغافل والوسنان على احكام هلال رمضان: ص ۲۳٤ (رسائل ابن عابدين)

کسی بات کے ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں سمجھتے...... دوسری طرف انسانی زندگی میں اس کے مواقع بہ کثرت آتے ہیں کہ آدمی کسی بات کی اطلاع دینے خود حاضر نہیں ہوسکتا اور قاصد کے ذریعہ "نامہ رسانی" کا سہارا لیتا ہے اور بے شمار معاملات اور کاروبار ہیں جو اسی طرح طے پاتے ہیں۔

ان دو باتوں کے پیش نظر شریعت نے یہ راہ اختیار کی کہ کسی نزاعی امر کو ثابت کرنے کے لئے محض تحریر کو کافی قرار نہیں دیا، بلکہ یہ بات ضروری قرار پائی کہ گواہ بھی ہوں، اور تحریر کو یکسر غیر معتبر بھی نہیں کہا بلکہ خود قرآن نے کہا کہ جب تم قرض و ادھار کا کوئی معاملہ کرو تو لکھ لو[1] ظاہر ہے یہ لکھنے کی تلقین اس بات کا ثبوت ہے کہ تحریر ایک گونہ قابل اعتبار بھی ہے۔ اس کی تائید خود پیغمبر اسلام ﷺ کے تعامل سے ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے بادشاہوں کو خطوط لکھے۔ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زکوٰۃ کے احکام پر مشتمل خط روانہ فرمایا۔ یہ سب تحریر ہی تھی۔ اگر تحریر کا کوئی اعتبار نہ ہوتا تو دعوت اسلام اور احکام شرع کی تعلیم جیسے اہم مسائل میں آپ محض اس پر کیوں کر تکیہ کرتے۔ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ تحریر کا اعتبار اس وقت ہوتا ہے جب دوسرے قرائن سے اس بات کا غالب گمان ہو جائے کہ یہ تحریر واقعۃً اسی شخص کی ہے جس کی طرف یہ منسوب ہے۔ بادشاہوں کے نام خطوط پر آپ ﷺ کی مہر ثبت تھی اور حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس یہ فرمان ایک ثقہ صحابی کے ذریعہ پہنچا تھا جو اس بات کا غالب گمان پیدا کرنے کے لئے کافی تھا کہ یہ تحریر آپ ﷺ ہی کی جانب سے ہے۔

چنانچہ فقہاء نے بھی اسی پر عمل کیا اور ایسی تمام صورتوں میں تحریر کو معتبر قرار دیا جب خارجی قرائن سے یہ بات ثابت ہو جائے کہ تحریر اسی شخص کی ہے جس کی طرف اس کی نسبت کی جارہی ہے۔ چنانچہ اسی قبیل سے فقہ کا وہ مشہور مسئلہ ہے کہ ایک قاضی کو دوسرے قاضی کے پاس اپنی تحریر بھیجنی ہو تو وہ اس کو مہر بند کر کے اور سنا کر دو اشخاص کے حوالے کر دے یہ دو آدمی دوسرے قاضی کے پاس پہنچ کر اس تحریر کے قاضی کی جانب سے ہونے کی شہادت دیں۔ اب اس تحریر کا اعتبار ہوگا۔[2]

اسی طرح جو تحریر قاضی کے زیر نگیں ہو فقہاء نے اس کو مستند قرار دیا ہے:

"مایکون فی قمطره فهو تحت ختمه یؤمن علیه من الزیادة والنقصان فحصل له العلم بذالك."[3]

ترجمہ: "جو (تحریر) قاضی کے بستہ میں ہے وہ اس کے زیر نگیں ہے اور کمی و زیادتی سے مامون ہے۔ لہٰذا اس کی وجہ سے قاضی کو اس کا یقین حاصل ہوگا۔"

دکانداروں کے پاس جو بھی کھاتے ہوتے ہیں ان پر بھی اعتماد کیا گیا ہے:

---

[1] البقرہ: ۲۸۲ [2] مختصر القدری: ص ۲۵۵ [3] الهدایہ: ۱۴۲/۳

"أماخط البياع والصراف والسمسار فهو حجة و إن لم يكن مصدرا معنونا تعرف ظاهرا بين الناس وكذا مايكتب فى مابينهم يجب أن يكون حجة للعرف." [1]

ترجمہ: "تاجر، صراف اور دلال کا نوشتہ سند ہے۔ اگر چہ اس پر عنوان درج نہ ہو اور نہ تحریر ایسی باتوں پر مشتمل ہو جو عام طور پر لوگوں کے درمیان مروج ہے، اسی طرح وہ تحریریں جو لوگ آپس میں لکھتے ہیں، ضروری ہے کہ عرف کے مطابق ان کو بھی سند تسلیم کیا جائے۔"

یہ احکام تو ان امور کی بابت ہیں جن کا تعلق بندوں کے حقوق سے ہو، تو ظاہر ہے کہ رؤیت ہلال میں جس کا تعلق حقوق اللہ سے ہے بدرجہ اولیٰ تحریر کا اعتبار ہونا چاہئے۔ البتہ ضروری ہوگا کہ خارجی قرائن سے اس بات کا گمان غالب ہو جائے کہ یہ تحریر شخص مذکور ہی کی ہے۔ اس طور پر کہ اس کی تحریر اچھی طرح ممتاز ہو، نامہ بر قابل اعتماد ہو یا اس کی مہر وغیرہ ثبت ہو، یا دستخط کی پوری طرح شناخت ہو، وغیرہ۔

پھر یہ تحریر شہادت اور گواہی کا کام نہیں دے سکتی بلکہ خبر کا کام دے سکتی ہے۔ چاند کے معاملہ میں دو موقعوں پر خبر کا اعتبار ہے۔ ایک تو مطلع ابر آلود ہو اور مسئلہ رمضان کے چاند کا ہو، یہاں ایک معتبر آدمی کی خبر کافی ہوتی ہے۔ لہٰذا ایک معتبر آدمی کی تحریر کفایت کر جائے گی۔ دوسرے جب مطلع صاف ہو تو خبر مستفیض کی ضرورت پڑتی ہے۔ خبر مستفیض سے مراد ایک ایسی جماعت کی اطلاع ہے جن کے بارے میں بے سروپا اور جھوٹی باتوں پر اتفاق ناقابل تصور ہو، یہ بھی چوں کہ خبر ہی ہے، اس لئے اس معاملہ میں بھی مختلف تحریریں مل کر خبر مستفیض کا درجہ حاصل کر لیں گی مثلاً کسی شہر سے دس پندرہ خطوط آئیں کہ وہ اور ان کے اہلِ شہر چاند دیکھ کر روزہ رکھ رہے ہیں تو اس کا اعتبار کر لیا جائے گا۔

حضرت مولانا عبدالحیٔ لکھنوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی فرماتے ہیں:

واقعی در رؤیت ہلال شہرت اخبار معتبر ست اگر از شہرے خبرے رسیدہ کہ بہ شب گزشتہ در آنجا رؤیت ہلال شدہ یا بوساطت تار برقی دریافت ایں امر شد، تاوقتے کہ شہرت آں نشود از تحریرات کثیرہ و اخبار عدیدہ معلوم نہ شود، اعتبار آں نباید ساخت۔ [2]

واقعہ ہے کہ رؤیت ہلال میں خبروں کا مشہور ہونا معتبر ہے۔ اگر کسی شہر سے خبر پہنچے کہ گزشتہ شب وہاں چاند دیکھا گیا یا تار کی وساطت سے اس امر کی اطلاع ملی تو جب تک کہ بہت سی تحریروں اور متعدد خبروں سے اس کی اطلاع نہ ہو جائے۔ اس کا اعتبار نہیں کرنا چاہئے۔

---

[1] ردالمحتار: ۱۳۶/۸ [2] مجموعة الفتاوى: ۲٦٤/۱

اسی طرح اگر کوئی ذمہ دار مثلاً قاضی شریعت، رؤیت ہلال کمیٹی یا ان کی طرف سے نامزد مجاز افراد اپنے یہاں شہادت لے لیں اور پھر اس کی اطلاع قاضی شریعت وغیرہ کو کریں، تو اس کا بھی اعتبار ہوگا، اس لئے کہ یہ شہادت نہیں ہے بلکہ شہادت سے ثابت شدہ امر کی اطلاع ہے۔

البتہ تحریر کے ذریعہ شہادت معتبر نہیں ہے؛ اس لئے کہ گواہ کا قاضی کے سامنے حاضر ہونا اور روبرو آنا ضروری ہے۔ لہٰذا اگر مطلع صاف نہ ہو اور عید کے چاند کا مسئلہ درپیش ہو۔ تو چوں کہ یہاں دو آدمیوں کی گواہی مطلوب ہے اور گواہی کے لئے تحریر کافی نہیں ہے، اس لئے اب محض خط کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔ سوائے اس کے کہ اوپر ذکر کی گئی صورت کے مطابق وہ کسی ذمہ دار کے سامنے حاضر ہو کر شہادت دے اور قاضی شریعت یا رؤیت ہلال کمیٹی کو اس کی تحریری اطلاع دے دیں۔

ٹیلی فون کے ذریعہ اطلاع

اس عاجز کی رائے ہے کہ ٹیلی فون بھی تحریر ہی کے حکم میں ہے، جس طرح دو تحریروں میں مماثلت کا اندیشہ ہے ٹھیک اسی طرح بسا اوقات انسان دو آوازوں کا فرق محسوس نہیں کر پاتا، مگر جس طرح قرائن اور دوسرے خارجی اسباب کے ذریعہ تحریر کے بارے میں صحیح ہونے کا گمان غالب حاصل ہو جائے گا۔ یہی حال ٹیلی فون کا بھی ہے۔ مثلاً آپ نے کسی شخص کو پہلے سے خبر دینے کے لئے متعین کر رکھا ہو پھر وہ وقت مقررہ پر آپ کو فون کر دے یا آپ اسی فون نمبر پر اس سے رابطہ قائم کریں جس کا تعلق اس سے ہے، نیز آپ اس آواز سے ایک گونہ آشنا بھی ہیں، تو بڑی حد تک آپ کو اس بات کا غالب گمان حاصل ہو جائے گا کہ یہ اسی خاص شخص کی آواز ہے چنانچہ بڑے بڑے دنیوی معاملات میں ہم ایسے ہی قرائن کا سہارا لیتے رہتے ہیں۔

اس لئے ان مواقع پر جن کا تعلق خبر اور اطلاع سے ہے ٹیلی فون کا بھی اعتبار ہے، لیکن جہاں شہادت اور گواہی مطلوب ہے وہاں محض فون کافی نہیں، روبرو حاضری ضروری ہے۔ ایسے مواقع پر اس تدبیر پر عمل کرنا چاہئے کہ دارالقضاء یا رؤیت ہلال کی گواہی لے لیں اور پھر فون کے ذریعہ مرکز کو اس کی اطلاع کر دیں۔

ریڈیو اور ٹی وی کی اطلاع

ریڈیو اور ٹی وی پر ظاہر ہے شہادت نہیں دی جاسکتی۔ اس پر ہونے والی اطلاع محض خبر و اعلان کے درجہ میں ہوگی۔ اگر یہ اطلاع کسی رؤیتِ ہلال کمیٹی یا قاضی شریعت کی طرف منسوب ہے تو اس علاقہ کے لوگوں کے لئے اس پر عمل کرنا واجب ہوگا، اس لئے کہ یہ محض اطلاع نہیں ہے بلکہ ایک فیصلہ کا اعلان ہے، یہ دوسرے علاقہ کے لئے خبر کا درجہ رکھے گی اور وہاں کے اربابِ حل وعقد اور رؤیت ہلال سے متعلق ذمہ داروں پر موقوف رہے گا کہ

وہ اگر اس خبر کو فیصلہ کے لئے کافی سمجھیں تو فیصلہ کردیں ورنہ نہیں۔ مثلاً بہار میں امارت شرعیہ، حیدر آباد اور دہلی میں رؤیت ہلال کمیٹی قائم ہے تو اب بہار، دکن اور دہلی کے ملحقہ علاقوں میں وہاں کے ذمہ داروں کی طرف منسوب ریڈیو یا ٹی وی کی اطلاع اعلان سلطان کا درجہ رکھے گی اور وہاں کے لوگوں کے لئے اس پر عمل کرنا ضروری ہوگا، کیوں کہ:

"خبر منادی السلطان مقبول عدلاً کان أوفاسقاً."[1]

تَرجَمہ: "بادشاہ کے منادی کی خبر مقبول ہے، چاہے وہ عادل (معتبر دیندار) ہو یا فاسق۔"

جب کہ دوسرے علاقوں میں چوں کہ اس کی حیثیت "منادی سلطان" کی نہیں ہے، کیوں کہ وہاں کے مسلمانوں نے ان کو اپنے علاقہ کے لئے اس کا مجاز تسلیم نہیں کیا ہے۔ لہٰذا ان کے لئے یہ محض اطلاع ہوگی، اعلان نہ ہوگا اور وہاں کے ذمہ داروں پر موقوف ہوگا کہ وہ اس کی روشنی میں فیصلہ کریں یا نہ کریں۔

ہاں! اگر پورے ہندوستان کی مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی بن جائے اور تمام علاقوں کے لوگ اس کو تسلیم کرلیں یا پورے ملک کی سطح پر امارت شرعی قائم ہو جائے اور امیر شریعت منتخب کرلیا جائے، تو اب اس کا اعلان پورے ملک کے لئے "منادی سلطان" کی اطلاع کے حکم میں ہوگا اور سبھوں کے لئے اس کی تعمیل ضروری ہوگی۔

یہ تو ان خبروں کی بابت ہے جو شرعی ذمہ داروں کی طرف منسوب ہوں۔ وہ خبریں جو مبہم انداز پر ہوں مثلاً فلاں مقام پر چاند دیکھا گیا، اس کا کوئی اعتبار نہیں۔

تار کی اطلاع

تار کا معاملہ تحریر اور ٹیلی فون دونوں سے مختلف ہے۔ نہ اس میں خبر دینے والے کی خود کوئی تحریر ہوتی ہے نہ اس کی آواز اور نہ محکمہ ڈاک وتار اس بات کا ہی پابند ہوتا ہے کہ وہ ہر ٹیلی گرام کرنے والے سے اس کے بتائے ہوئے نام و پتے کی تحقیق و تفتیش کرتا رہے اور نہ یہاں کوئی ایسا خارجی قرینہ ہی پایا جاتا ہے، جس سے اندازہ کیا جاسکے کہ یہ خاص اسی شخص کا تار ہے جس کی طرف منسوب ہے، اس لئے ان مواقع پر بھی تار کی اطلاع کا اعتبار نہ ہوگا جہاں خبریں معتبر ہیں۔ ہاں! اگر آئندہ قانونی یا عملی طور پر ایسی کوئی صورت پیدا کی جاسکتی ہو تو گنجائش نکل سکتی ہے۔ حضرت مولانا عبدالحئی لکھنوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا جو فتویٰ رؤیت ہلال کی تحریری اطلاع کے ذیل میں ذکر کیا گیا ہے اس میں اس کی صراحت موجود ہے کہ:

"اگر از شہرے خبرے رسیدہ کہ بہ شب گزشتہ در آنجا رؤیت ہلال شدہ، یا بوساطت تار برقی دریافت

---

[1] فتاوی عالمگیری: ۵/ ۳۰۹

این امر شد، تاوقتے کہ شہرت آں نشود از تحریرات کثیرہ و اخبار عدیدہ معلوم نہ شود، اعتبار آن نہ باید ساخت۔''[1]

خط، تار اور ٹیلی فون کی خبروں کے سلسلہ میں مجلس تحقیقات شرعیہ ندوۃ العلماء لکھنؤ کا فیصلہ حسب ذیل ہے:

''تار، خط، ٹیلی فون کی خبر معتبر نہیں ہے۔ ہاں اگر خصوصی انتظام کے تحت متعدد جگہوں سے متعدد تار، ٹیلی فون اور خطوط آئیں اور علماء کہیں کہ ان سے ظن غالب پیدا ہوتا ہے تو اس بنیاد پر علماء کا فیصلہ قابل قبول ہوگا۔

رؤیت ہلال میں جہاز اور خوردبین کا حکم

چاند کے ثبوت کے سلسلہ میں فقہاء نے جو قواعد مقرر کئے ہیں ان سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مطلع ابر آلود نہ ہو تب تو یقینی ''خبر'' مطلوب ہے؛ اس لئے ایسی صورت میں تو ہوائی جہاز سے اڑ کر یا دوربین کے ذریعہ رؤیت کا اعتبار نہ کیا جائے گا کہ مطلع صاف ہونے کے باوجود معمول کی حالت میں چاند کا نظر نہ آنا چاند کے طلوع ہونے کو مشتبہ کر دیتا ہے، مطلع ابر آلود ہو تو گمان غالب کافی ہے، لہٰذا ایسی صورت میں ہوائی جہاز یا دوربین کے ذریعہ رؤیت معتبر ہونی چاہئے بشرطیکہ ہوائی جہاز کے ذریعہ پرواز اتنی اونچی نہ کی گئی ہو کہ مطلع بدل جائے۔ چنانچہ مجلس تحقیقات شرعیہ ندوۃ العلماء لکھنؤ کی تجویز (۷) اس طرح ہے:

''ہوائی جہاز سے اتنی بلندی پر اڑ کر چاند دیکھنا جس سے مطلع متاثر ہوتا ہو معتبر نہیں ہے اور شریعت نے اس کا مکلّف بھی نہیں کیا ہے، فقہی کتابوں میں جہاں اونچی جگہوں پر چڑھ کر چاند دیکھنے کا تذکرہ ہے۔ اس سے مراد وہ اونچائی ہے جو عموماً شہروں میں ہوا کرتی ہے تاکہ مکانوں اور درختوں کی بلندی افق کو دیکھنے میں حائل نہ ہو خواہ وہ کسی ذریعہ سے ہو۔ لہٰذا ہوائی جہاز سے اس قدر اونچائی پر پہنچ کر اگر چاند دیکھا جائے جس سے مطلع بدل جاتا ہے تو وہ وہاں کی زمین والوں کے لئے معتبر رؤیت قرار نہیں پائے گی۔''

اس حقیقت کو پیش نظر رکھنا چاہئے کہ جدید آلات کے ذریعہ رؤیت کی حیثیت محض کشف کی ہے، یعنی ایسا نہیں ہے کہ ایک چیز وجود میں نہ ہو اور اس کی وجہ سے خواہ مخواہ نظر آنے لگے، بلکہ وہ ایک موجود شئے کو جسے ہم دوری، غبار یا بصارت و نظر کی کمی کی وجہ سے نہیں دیکھ سکتے، ہمارے لئے قابل دید بنا دیتی ہے۔ اس کی نظیر خود فقہاء متقدمین کے یہاں بھی ملتی ہے کہ اگر کوئی شخص بلند مقامات سے چاند دیکھے جب کہ نیچے سے چاند نظر نہ

[1] مجموعة الفتاوى: ١/٢٦٤

آ رہا ہو تو اس کی اطلاع قابل اعتبار ہوگی۔[1]

فلکیاتی تحقیق کی رعایت

اسلام کے اصول سادہ اور فطری ہیں۔ اس نے مختلف عبادتوں اور تہواروں کے اوقات کے لئے ایسی چیزوں کو معیار بنایا ہے، جن کا سمجھنا اور جاننا ہر عام وخواص اور ناخواندہ وتعلیم یافتہ آدمی کے لئے ممکن تھا؛ اسی لئے اس نے قمری مہینوں کے بارے میں تکلفات سے کام لینے کے بجائے چاند دیکھنے یا مہینہ کے تیس دن مکمل کر لینے کو "معیار" قرار دیا ہے؛ اس لئے امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ اور عام فقہاء کا اتفاق ہے کہ فلکیاتی علوم اور حساب پر عید و رمضان کا فیصلہ درست نہیں۔ یہ نشاندہی دوسروں کے علاوہ خود اس کے حق میں بھی کوئی دلیل نہیں۔ بعض شوافع مثلاً امام سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ اور متاخرین فقہاء میں قاضی عبدالجبار کے نزدیک ایسے شخص کی پیش گوئی اس کے اور ان لوگوں کے حق میں معتبر ہے جو اس کو صحیح باور کرتے ہوں۔ عام لوگوں کے لئے خود ان کے یہاں بھی یہ حجت نہیں ہے۔[2]

اس کی وجہ ظاہر ہے کہ ایک تو اسلام کا مزاج ہی ان امور میں ایسی تکلف آمیز تحقیقات کا نہیں ہے جن کا ہر عام وخاص آدمی سے تعلق ہو۔ دوسرے اہل فن کی رائیں کبھی ایک دوسرے سے مختلف بھی ہوتی ہیں اور کبھی غلط بھی ثابت ہوتی ہیں جیسا کہ آئے دن جنتریوں اور تقویموں کے سلسلہ میں مشاہدہ ہے۔ ہاں ہجری سنہ کو رائج کرنے کے لئے ایسے مہینوں میں فنی اندازوں کا اعتبار کیا جاسکتا ہے، جس کی کسی خاص تاریخ سے کوئی شرعی عبادت متعلق نہ ہو۔ اس میں قباحت کی کوئی وجہ نہیں، البتہ فلکیاتی تحقیق سے اس قدر فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے کہ جس تاریخ کو طلوع ہلال کا امکان نہ ہو، اس روز رؤیت ہلال کی شہادت کا فنی تحقیق اور ناقبل تردید تعداد کی گواہی کے بغیر تسلیم نہ کی جائے اور جس دن فنی اعتبار سے طلوع ہلال کا امکان زیادہ ہو، اس دن معمولی خبر پر بھی اعتبار کیا جاسکتا ہے کہ جیسا کہ ذکر کیا گیا اس مسئلہ میں اصل ایسی خبر کا پایا جانا ہے، جس سے قاضی کا قلب مطمئن ہو جائے اور اس طرح کی فنی تائید معمولی خبر کے لئے بھی تقویت وتائید کا باعث بن جاتی ہے۔

سلطان کا قائم مقام

رؤیت ہلال کے مسئلہ پر اب تک جو کچھ عرض کیا گیا ہے اس میں بار بار قاضی کا ذکر آیا ہے، اصل یہ ہے کہ اسلام کے اجتماعی نظام میں عبادت میں بھی اجتماعیت، وحدت اور مرکزیت کو باقی رکھنے کی غرض سے اسلامی

---

[1] ردالمحتار: ۱/۱۲۷ [2] کتاب الفقه علی المذاهب الاربعة: ۱/۵۵۱، ردالمحتار: ۲/۱۲۵.۲۶ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسالہ تنبیہ الغافل والوسنان میں اس نقطہ نظر پر مفصل رد فرمایا ہے۔

حکومت کا خاص کردار رکھا گیا ہے، امام المسلمین یا اس کے نائب کو امامت کا سب سے زیادہ حق دار قرار دیا گیا، زکوٰۃ کے لئے اس بات کو ضروری کہا گیا کہ وہ حکومت کے بیت المال میں جمع کی جائے، حج بھی حکومت کے مقررہ امیر الحج کے ساتھ انجام دیا جانا چاہئے۔ خود حضور ﷺ نے ۹ھ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حج کا امیر مقرر فرمایا، عید اور رمضان المبارک میں چاند کی تحقیق اور اس کا اعلان نیز عیدین کا قیام اور اہتمام بھی اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے اور امیر ہی کی طرف سے ملنے والی ولایت کے تحت "قاضی" بھی ان فرائض کو انجام دیتا ہے، امیر ایسا بھی کرسکتا ہے کہ کسی جماعت یا کمیٹی کو کسی مسئلہ کا فیصلہ کرنے کا مجاز بنادے۔

ہندوستان یا اس جیسے ممالک میں...... جہاں مسلمان اقلیت میں ہیں...... تین صورتیں ہیں:

❶ اول یہ کہ مسلمان بطور خود کسی امیر کا انتخاب کریں یا باہمی رضامندی سے قاضی مقرر کرلیں اور وہ ان امور کو طے کرے۔ فتح القدیر، بحر، شامی وغیرہ میں اس کی صراحت موجود ہے۔[1]

❷ ایسا نہ ہوسکے تو اجتماعی طور پر رؤیت ہلال کمیٹی بنائی جائے جس میں علماء فقہ ضرور ہوں اور انہیں کا فیصلہ تسلیم کیا جائے۔

❸ دیہات وغیرہ جہاں ایسی کمیٹیوں کا بھی بنایا جانا ممکن نہ ہو، وہاں موجود علماء خود فیصلہ کریں۔ بقول مولانا عبدالحئی لکھنوی رحمہ اللہ تعالیٰ:

"العالم الثقة فی بلدة لا حاکم فیها قائم مقامه."[2]

اختلاف مطالع کی بحث

مطلع کے معنی چاند کے طلوع ہونے کی جگہ کے ہیں۔ اس طرح "اختلاف مطلع" کا مطلب یہ ہوا کہ دنیا کے مختلف خطوں میں چاند کے طلوع ہونے اور نظر آنے کی جگہ الگ الگ ہوا کرتی ہے۔ لہٰذا ممکن ہے کہ ایک جگہ چاند نمودار ہو اور دوسری جگہ نہ ہو۔ ایک جگہ ایک دن چاند نظر آئے اور دوسری جگہ دوسرے دن۔

اب یہاں دو سوالات ہیں ایک یہ کہ "اختلاف مطلع" پایا بھی جاتا ہے، یا نہیں؟ دوسرے اگر پایا جاتا ہے تو اس کا اعتبار بھی ہوگا یا نہیں؟

پہلا مسئلہ اب نظری نہیں رہا بلکہ یہ بات مشاہدہ اور تجربہ کی سطح پر ثابت ہوچکی ہے کہ دنیا کے مختلف علاقوں میں مطلع کا اختلاف پایا جاتا ہے؛ اس لئے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا کے بعض مقامات ایسے ہیں جن کے درمیان

---

[1] فتح القدیر: ٦/٣٦٥، البحر الرائق: ٦/٢٩٨، رد المحتار: ٨/٤٣ [2] عمدة الرعایه علی شرح الوقایه: ١/٣٠٩

بارہ بارہ گھنٹوں کا فرق ہے۔ عین اس وقت جب ایک جگہ دن اپنے شباب پر رہتا ہے تو دوسری جگہ رات اپنا آدھا سفر طے کر چکی ہوتی ہے۔ ٹھیک اس وقت جب ایک مقام پر ظہر کا وقت ہوتا ہے دوسری جگہ مغرب کا وقت ہو چکا ہوتا ہے۔ ظاہر ہے ان حالات میں ان کا مطلع ایک تو ہو ہی نہیں سکتا۔ فرض کیجئے کہ جہاں مغرب کا وقت ہے اگر وہاں چاند نظر آئے تو کیا جہاں ظہر کا وقت ہے وہاں بھی چاند نظر آجائے گا یا اس کو مغرب کا وقت کر لیا جائے گا؟

دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ مطلع کا اختلاف معتبر بھی ہوگا یا نہیں؟ احناف کا مشہور مسلک یہی ہے کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں ہے۔ یعنی اگر مشرق کے کسی خطہ میں چاند نظر آیا تو وہ مغربی خطوں کے باشندوں کے لئے بھی حجت ہوگا اور یہی رؤیت ان کے لئے عیدین و رمضان ثابت کرنے کو کافی ہوگی...... امام شافعی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ اور کچھ دوسرے فقہاء کے یہاں اس اختلاف مطالع کا اعتبار ہے اور ان کے یہاں ایک مقام کی رؤیت دوسرے مقام کے لئے بھی رؤیت اور چاند دیکھے جانے کی دلیل نہیں ہے۔ وہ حضرت عبداللہ بن عباس رَضِىَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُمَا کی ایک حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ لیکن ابن عباس رَضِىَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُمَا کی جس روایت کو وہ اپنی دلیل بناتے ہیں وہ ان کے نقطہ نظر کے لئے صریح اور واضح نہیں ہے۔ البتہ یہ بات بہت واضح ہے کہ نمازوں کے اوقات میں سبھی اختلاف اوقات کا اعتبار کرتے ہیں۔ اگر ایک جگہ ظہر یا عشاء کا وقت ہو چکا ہو اور دوسری جگہ نہ ہوا ہو تو جہاں وقت نہ ہوا ہو وہاں کے لوگ محض اس بناء پر ظہر و عشاء کی نماز ادا نہیں کر سکتے کہ دوسری جگہ ان نمازوں کا وقت ہو چکا ہے یا اگر ایک جگہ مہینہ کا ۲۸ واں ہی دن ہے اور دوسری جگہ ۲۹ واں، جہاں چاند نظر آ گیا تو محض اس بناء پر ۲۸ ویں تاریخ ہی پر مہینہ ختم کر کے اگلے دن رمضان یا عید نہیں کی جائے گی کہ دوسری جگہ چاند نظر آ گیا ہے۔

اس لئے یہ بات انتہائی منطقی ہے کہ مطلع کا اختلاف اور اسی لحاظ سے رمضان و عید کا اختلاف تسلیم کرنا ہی پڑے گا۔ فقہاء متقدمین کے دور میں ایک تو معلوم کائنات کی یہ وسعت دریافت ہی نہ ہوئی تھی اور ممالک ہی نہیں، کئی براعظموں سے دنیا بے خبر اور ناآشنا تھی۔ پھر اس میں بھی مسلمان جزیرۃ العرب اور خلیجی علاقوں میں محدود تھے، اس وقت تک شاید یہ بات ممکن رہی ہو اور ان کے مطلع میں اتنا فرق نہ رہا ہو کہ اس کو الگ الگ سمجھا جائے، اس لئے فقہاء نے ایسا کہا ہو۔ چنانچہ خود فقہاء احناف میں بھی متاخرین نے اختلاف مطالع کا اعتبار کیا ہے۔

علامہ شرنبلالی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ ''مراقی الفلاح'' کے مصنف لکھتے ہیں:

''وقيل يختلف ثبوته باختلاف المطالع واختاره صاحب التجريد وغيره كما إذا زالت الشمس عند قوم وغربت عند غيرهم فالظهر على الأولين لاالمغرب لعدم إنعقاد السبب في حقهم.''[1]

---

[1] مراقي الفلاح: ۴۳۲، ط: بولاق مصر

ترجمہ: ''بعض حضرات کی رائے ہے کہ اختلاف مطالع کی وجہ سے رؤیت ہلال کے ثبوت میں بھی اختلاف ہوسکتا ہے۔ تجرید القدوری کے مصنف نے اسی کو ترجیح دیا ہے جیسا کہ جب کچھ لوگوں کے یہاں آفتاب ڈھل جائے اور دوسروں کے یہاں غروب ہو جائے تو پہلے لوگوں پر ظہر ہے نہ کہ مغرب اس لئے کہ ان کے حق میں مغرب کا سبب متحقق نہیں ہوا ہے۔''

نیز اسی کے حاشیہ پر علامہ طحطاوی فرماتے ہیں:

''وهوالأشبه ...... لأن إنفصال الهلال من شعاع الشمس يختلف باختلاف الأقطار كما فى دخول الوقت وخروجه وهذا مثبت فى علم الأفلاك والهيأة وأقل ماتختلف فيه المطالع مسيرة شهر كمافى الجواهر'' [۱]

ترجمہ: ''یہی رائے زیادہ صحیح ہے؛ اس لئے کہ چاند کا سورج کی کرنوں سے خالی ہونا علاقوں کے بدلنے سے بدلتا رہتا ہے، جیسا کہ اوقات (نماز) کی آمدورفت میں، اور یہ فلکیات اور علم ہیئت کے مطابق ایک ثابت شدہ حقیقت ہے۔ نیز کم سے کم جس سے اختلاف مطالع واقع ہوتا ہے، وہ ایک ماہ کی مسافت ہے جیسا کہ جواہر نامی کتاب میں ہے۔''

فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

''أهل بلدة إذا رأوا الهلال هل يلزمه ذلك فى حق أهل بلدة أخرى اختلف المشائخ فيه بعضهم قالوا لايلزم..... وفى القدورى، اذا كان بين البلدتين تفاوت لايختلف المطالع لزمه.'' [۲]

ترجمہ: ''ایک شہر والے جب چاند دیکھ لیں، تو کیا تمام شہر والوں کے حق میں رؤیت لازم ہو جائے گی؟ اس میں اختلاف ہے۔ بعض لوگوں کی رائے ہے لازم نہیں ہوگی ...... اور قدوری میں ہے کہ اگر دوشہروں کے درمیان ایسا تفاوت ہو کہ مطلع تبدیل نہ ہوتا ہو تو، اس صورت میں رؤیت لازم ہوگی۔''

صاحب ہدایہ اپنی کتاب ''مختارات النوازل'' میں ان الفاظ میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں:

''أهل بلدة صاموا تسعة وعشرين يوما بالرؤية وأهل بلدة أخرى صاموا ثلاثين بالرؤية فعلى الأولين قضاء يوم إذالم يختلف المطالع بينهما وأما إذا اختلف لا يجب القضاء.''

ترجمہ: ''ایک شہر والوں نے رؤیت ہلال کے بعد ۲۹ روزے رکھے اور دوسرے شہر والوں نے چاند

---

[۱] طحطاوی: ٦/٤١، ط: بولاق مصر [۲] الفتاوى التاتارخانية: ۲/۳۵۵

ہی کی بنا پر ۳۰ روزے رکھے تو اگر ان دونوں شہروں میں مطلع کا اختلاف نہ ہو تو ۲۹ روزے رکھنے والوں کو ایک دن کی قضا کرنی ہوگی اور اگر دونوں شہروں کا مطلع جداگانہ ہو تو قضا کی ضرورت نہیں۔"

محدث علامہ زیلعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے کنز الدقائق کی شرح "تبیین الحقائق" میں اس پر تفصیل سے گفتگو فرمائی ہے۔ انہوں نے اختلاف مطالع کی بحث میں فقہاء احناف کا اختلاف نقل کرنے کے بعد خود جو فیصلہ کیا ہے، وہ یہ ہے:

"الأشبه أن يعتبر لأن كل قوم مخاطبون بما عندهم وانفصال الهلال عن شعاع الشمس يختلف باختلاف المطالع كمافى دخول وقت الصلوة وخروجه يختلف باختلاف الأقطار."[1]

تَرجَمَہ: "زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ اختلاف مطالع معتبر ہے؛ اس لئے کہ ہر جماعت اسی کی مخاطب ہوتی ہے جو اس کو درپیش ہو اور چاند کا سورج کی کرنوں سے خالی ہونا مطالع کے اختلاف سے مختلف ہوتا رہتا ہے جیسا کہ نمازوں کے اوقات ابتدائی اور انتہائی علاقائی اختلاف کی بناء پر مختلف ہوتے رہتے ہیں۔"

مولانا عبدالحی فرنگی محلی نے اس موضوع پر مفصل بحث کرنے کے بعد جو جچا تلا فیصلہ کیا ہے، وہ انہیں کے الفاظ میں نقل کیا جاتا ہے:

"أصح المذاہب عقلاً ونقلاً ہمین است کہ ہر دو بلدہ کہ فیما بین آنہا مسافتے باشد کہ درآں اختلاف مطالع می شود وتقدیرش مسافت یک ماہ است دریں صورت حکم رؤیت یک بلدہ بہ بلد دیگر نخواہد شد و در بلاد متقاربہ کہ مسافت کم از کم یک ماہ داشتہ باشند حکم رؤیت یک بلدہ بہ بلد دیگر لازم خواہد باشد۔"[2]

تَرجَمَہ: "عقل ونقل ہر دو لحاظ سے سب سے صحیح مسلک یہی ہے کہ ایسے دو شہر جن میں اتنا فاصلہ ہو کہ ان کے مطلع بدل جائیں جس کا اندازہ ایک ماہ کی مسافت سے کیا جاتا ہے۔ اس میں ایک شہر کی رؤیت دوسرے شہر کے لئے معتبر نہیں ہونی چاہئے اور قریبی شہروں میں جن کے مابین ایک ماہ سے کم کی مسافت ہو ایک شہر میں رؤیت دوسرے شہر کے لئے لازمی اور ضروری ہوگی۔"

راقم الحروف کے خیال میں یہ رائے بہت معتدل، متوازن اور قرین عقل ہے، البتہ اختلاف مطائع کی حد یں متعین کرنے میں "ایک ماہ کی مسافت" کی قید کی بجائے جدید ماہرین فلکیات کے حساب اور ان کی رائے پر اعتماد کیا جانا زیادہ مناسب ہوگا۔

---

[1] تبيين الحقائق: ۳۲۱/۱ [2] مجموعة الفتاوىٰ على هامش خلاصة الفتاوىٰ: ۲۵۶/۱/ ۲۵۵

مجلس تحقیقات شرعیہ ندوۃ العلماء لکھنؤ منعقدہ ۳،۴/مئی ۱۹۶۷ء میں مختلف مکاتب فکر کے علماء اور نمائندہ شخصیتوں نے مل کر اس مسئلہ کی بابت جو فیصلہ کیا تھا، وہ حسب ذیل ہے:

❶ نفس الامر میں پوری دنیا کا مطلع ایک نہیں ہے، بلکہ اختلاف مطالع مسلّم ہے۔ یہ ایک واقعاتی چیز ہے اس میں فقہاء کرام کا کوئی اختلاف نہیں ہے اور حدیث سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

❷ البتہ فقہاء اس باب میں مختلف ہیں کہ صوم اور افطار صوم کے باب میں یہ اختلاف مطلع معتبر ہے یا نہیں؟ ...... محققین احناف اور علماء امت کی تصریحات اور ان کے دلائل کی روشنی میں مجلس کی متفقہ رائے ہے کہ بلاد بعیدہ میں اس باب میں بھی اختلاف مطلع معتبر ہے۔

❸ بلاد بعیدہ سے مراد یہ ہے کہ ان میں باہم اس قدر دوری واقع ہو کہ عادتاً ان کی رؤیت میں ایک دن کا فرق ہوتا ہے۔ ایک شہر میں ایک دن پہلے چاند نظر آتا ہے اور دوسرے میں ایک دن کے بعد۔ ان بلاد بعیدہ میں اگر ایک کی رؤیت دوسرے کے لئے لازم کردی جائے تو مہینہ کسی جگہ ۲۸ دن کا رہ جائے گا اور کسی جگہ ۳۰ دن کا قرار پائے گا۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا کی روایت سے اسی قول کی تائید ہوتی ہے۔

❹ بلاد قریبہ وہ شہر ہیں جن کی رؤیت میں عادۃً ایک دن کا فرق نہیں پڑتا۔ فقہاء ایک ماہ کی مسافت کی دوری کو جو تقریباً ۵۰۰ یا ۶۰۰ میل ہوتا ہے، بلاد بعیدہ قرار دیتے ہیں اور اس سے کم کو بلاد قریبہ، مجلس اس سلسلہ میں ایک ایسے چارٹ کی ضرورت سمجھتی ہے جس سے معلوم ہو جائے کہ مطلع کتنی مسافت پر بدلتا ہے اور کن کن ملکوں کا مطلع ایک ہے؟

❺ ہندوستان و پاکستان کے بیشتر حصوں اور بعض قریبی ملکوں مثلاً نیپال وغیرہ کا مطلع ایک ہے۔ علماء ہند و پاک کا عمل ہمیشہ اسی پر رہا ہے اور غالباً تجربہ سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ ان ملکوں کے شہروں میں اس قدر بعد مسافت نہیں ہے کہ مہینہ میں ایک دن کا فرق پڑتا ہو۔ اس بنیاد پر ان دونوں ملکوں میں جہاں بھی چاند دیکھا جائے، شرعی ثبوت کے بعد اس کا ماننا ان دونوں ملکوں کے تمام اہل شہر پر لازم ہوگا۔

❻ مصر اور حجاز جیسے دور دراز ملکوں کا مطلع ہند و پاک کے مطلع سے علیحدہ ہے۔ یہاں کی رؤیت ان ملکوں کے لئے اور ان ملکوں کی رؤیت یہاں کے لئے ہر حالت میں لازم اور قابل قبول نہیں ہے؛ اس لئے کہ ان میں اور ہند و پاک میں اتنی دوری ہے کہ عموماً ایک دن کا فرق ان میں واقع ہو جاتا ہے اور بعض اوقات اس سے بھی زیادہ۔

نقار خانۂ علم میں ایک طوطی کی آواز

رؤیت ہلال کے مسئلہ میں آئے دن دین اور علماء دین کی جو بے آبروئی ہوتی ہے اور پورے ملک میں

مسلمانوں کے درمیان جو اختلاف و انتشار رونما ہوتا ہے، واقعہ ہے کہ وہ حساس اور دردمند لوگوں کے لئے نہایت تکلیف دہ ہے، معلوم نہیں کتنی کانفرنسیں اور نشستیں اور کتنے جلسے اور سمینار ہیں کہ اس موضوع پر ہو چکے ہیں، مگر عملاً ہنوز روز اول ہے!

حقیقت یہ ہے کہ اس کا حل سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ مسلمانوں کی تمام جماعتیں، مکاتب فکر ادارے اور مسلمانوں میں بااثر شخصیتیں فروعی اختلافات سے پرے اٹھ کر جمع ہوں اور مرکزی سطح پر ایک رؤیت ہلال کمیٹی کی تشکیل دیں اور ہر ریاست میں اس کی شاخیں مقرر کریں، پھر یہی کمیٹی رؤیت ہلال کا فیصلہ کرے اور ریڈیو سے اس کا اعلان ہو جائے، اس طرح امت ایک بڑے اختلاف سے بچ سکے گی، اور خدا کی شریعت علماء کے باہمی تنافس سے ہونے والی بے آبروئی اور اس کی بناء پر خدا بیزار اور دین بیگانوں کے طعنہ و تشنیع سے محفوظ رہ سکے گی۔

مسلمانوں کی وحدت، انتشار سے حفاظت، دین و شریعت کی حرمت اور ہر طبقہ کے علماء اور ارباب حل وعقد کے وقار و اعتبار کی برقراری کے لئے کیا علماء دین اور خادمین شریعت اتنی سی فراخ چشمی اور کشادہ قلبی کے لئے بھی تیار نہیں ہیں؟؟؟

زکوٰۃ...... کچھ نئے مسائل

سوالنامہ

زکوٰۃ کس قسم کے اموال میں واجب ہے؟

وجوب زکوٰۃ کی وہ شرطیں جن کا تعلق محل زکوٰۃ یعنی اموال سے ہے۔

پہلی شرط ملک تام

ملک تام سے کیا مراد ہے؟ اس ذیل میں چند سوالات:

❶ مال تجارت جس کی قیمت پیشگی ادا کردی گئی ہو، لیکن مال کی وصولی اب تک نہیں ہوسکی ہے، وہ قیمت جو ادا کی جاچکی اور وہ مال جو خریدار کے ملک میں آچکا، لیکن قبضہ میں نہیں آیا، اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

❷ کرائے میں دی گئی پیشگی رقم یا ڈپوزٹ جو عقد اجارہ کے فسخ ہوجانے یا مدت پوری ہوجانے پر کرایہ دار کو واپس کیا جاتا ہے، اس نقد کی زکوٰۃ کس پر واجب ہوگی، کرایہ دار پر یا مالک مکان پر؟

❸ جس مال کا کوئی مالک معین نہ ہو جیسے مدارس اور اداروں میں جمع ہونے والی رقم، ان پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

❹ وہ مال جو کسی شخص کے قبضہ میں بطور حرام آتا ہے مثلاً رشوت کا مال، بینک کا سود وغیرہ، اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

اگر یہ اموال حرام حلال مال میں اس طرح مخلوط ہوگئے ہوں کہ ان میں باہم تمیز مشکل ہو، تو اس صورت میں ان مخلوط اموال میں وجوب زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟

❺ دین کی زکوٰۃ کس پر واجب ہوگی، دائن پر جس کی ملک ہے لیکن قبضہ نہیں یا مدیون پر جس کے قبضہ وتصرف میں ہے لیکن اس کے ملک میں نہیں یا دین کی زکوٰۃ کسی پر واجب نہ ہوگی، کیا اگر مدیون باوجود قدرت کے دین کی ادائیگی میں ٹال مٹول کر رہا ہو اور اس مال کو تجارت میں لگا کر استفادہ کر رہا ہو، ایسی صورت میں اس مدیون پر زکوٰۃ واجب قرار دی جاسکتی ہے؟

وصولیابی کی امید اور ناامیدی کے اعتبار سے دین کی قسمیں اور وجوب زکوٰۃ کا حکم اور اگر زکوٰۃ واجب ہوگی تو کب اور وصولیابی کے بعد سابق کی زکوٰۃ بھی دینی ہوگی یا وصول ہونے کے بعد مستقبل کی زکوٰۃ واجب ہوگی؟

❻ سرکاری محکموں اور مختلف پرائیویٹ کمپنیز میں جو لوگ ملازم ہیں ان کی ماہانہ یافت میں سے ایک حصہ کرکے ان کے محفوظ کھاتے میں جمع کر دیا جاتا ہے اور کچھ فی صد سرکار یا کمپنی اپنے ملازم کے مستقبل کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی طرف اسے اس میں اضافہ کرتی ہے اور ریٹائرمنٹ کے وقت وہ پوری رقم ملازم کو دے دی جاتی ہے، دوران ملازمت بھی بعض خاص قواعد کی پابندی کرتے ہوئے ملازم کو اپنے اس محفوظ فنڈ سے کچھ حصہ نکالنے کا اختیار ہوتا ہے، بعض اوقات ہر دو قسم کی مذکورہ رقوم پر سرکار یا کمپنی انٹرسٹ کے نام سے بھی کچھ اضافہ جوڑ کر آخر میں وہ مجموعی رقم ملازمین کو ادا کرتی ہے، یہ رقم عام اصطلاح میں پراویڈنٹ فنڈ کہلاتی ہے۔

پراویڈنٹ فنڈ کی مذکورہ بالا رقوم پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟ اگر ہوگی تو کب؟ اور اگر زکوٰۃ وصولیابی کے وقت واجب ہوگی تو سابق کی بھی واجب ہوگی یا آئندہ سال گذرنے پر؟

دوسری شرط نما..............نما کی حقیقت اور اس کی صورتیں

تیسری شرط..............حاجت اصلیہ سے فارغ ہونا

حاجت اصلیہ کی تعریف اور اس کا دائرہ

❶ کیا حاجت اصلیہ کا تعین ہر دور اور ماحول میں اس کے اعتبار سے کیا جائے گا؟

چوتھی شرط..............دین سے محفوظ ہونا

کون سا دین مانع زکوٰۃ ہے؟ دین کی قسمیں اور ان کے احکام

❶ دین طویل الاجل، آج کے دور میں زراعتی قرض Agricultural loan مکان کے لئے Building Construction loan اور اس طرح کے مختلف قرض سرکار اپنے شہریوں کو دیتی ہے، جن کے لئے ۵ سال سے لے کر ۳۰، ۴۰ سال کی طویل مدت مقرر کی جاتی ہے، اس مدت کے دوران قسط وار قرض کی ادائیگی واجب ہوتی ہے، اس قرض کی مقدار بھی عموماً بہت بڑی ہوتی ہے مثلاً زید نے اپنے کسی تجارتی کاروبار کے لئے پانچ کروڑ روپے قرض لئے جسے پچاس قسطوں میں ادا کرنا ہے یعنی سالانہ دس لاکھ روپے ادا کرنا یا کسی شخص نے ٹریکٹر کی خریداری کے لئے ایک لاکھ روپیہ قرض لیا ہے جسے دس سال میں دس دس ہزار سالانہ کے لحاظ سے ادا کرنا ہے، ان صورتوں میں وجوب زکوٰۃ کے لئے اموال زکوٰۃ سے پورے قرض کو منہا کیا جائے گا یا سالانہ واجب الاداء قسط

وضع کرکے باقی اموال پر زکوٰۃ واجب قرار دی جائے گی؟

اسلام میں کن اموال میں زکوٰۃ واجب ہے؟ چند اور سوالات:

کمپنیز پر زکوٰۃ

کسی بھی کمپنی میں متعدد شرکاء ہوتے ہیں، اور اپنے اپنے حصہ کے مطابق اثاثے اور آمدنی کے مالک ہوتے ہیں، بعض ایسی صورتیں ہوسکتی ہیں جس میں کمپنی کا مجموعی اثاثہ اور مالیت کروڑوں روپے کو پہنچتا ہو جس میں نصاب و جوب زکوٰۃ موجود ہے، لیکن اس کے شرکاء اور حصہ داروں کی تعداد اتنی بڑی ہے کہ کمپنی کی مجموعی مالیت کی تقسیم حصہ داروں پر کی جائے تو ان میں سے کوئی بھی صاحب نصاب نہیں ہوتا یا کچھ لوگ صاحب نصاب نہیں ہوتے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ وجوب زکوٰۃ میں کمپنی کی مجموعی مالیت کا اعتبار ہوگا یا ہر فرد کے انفرادی حصہ کا؟

ہیرے اور جواہرات

❶ ہیرے اور جواہرات کی تجارت کی جاتی ہے، جو لوگ ہیرے اور جواہرات کی تجارت کرتے ہیں بہ ظاہر مال تجارت ہونے کی وجہ سے ان پر تو زکوٰۃ واجب ہوگی ہی، لیکن دوسرا سوال یہ ابھرتا ہے کہ جو لوگ انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری قوانین کی زد سے بچنے کے لئے نقد روپیوں یا سونے چاندی کی صورت میں اپنے سرمائے کو محفوظ کرنے کے بجائے ہیرے، جواہرات لاکھوں روپے کے خرید کر محفوظ کردیتے ہیں، ظاہر ہے کہ ہیرے جواہرات حوائج اصلیہ میں نہیں ہیں اور بڑی مالیت رکھتے ہیں، شرعاً ان پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟ بعض اوقات خواتین محض تزئین و آرائش کے لئے ہیرے جواہرات استعمال کرتی ہیں، ان کا مقصد تمول نہیں ہوتا ہے، وجوب زکوٰۃ کے بارے میں ان کا کیا حکم ہوگا؟

اموال تجارت پر زکوٰۃ

سامان تجارت جو تاجر کے قبضہ میں ہے ادائیگی زکوٰۃ کے دن ان کی مالیت کا تعین کس نرخ سے کیا جائے، اپنی لاگت کے حساب سے کریں یا اس دن کی قوت خرید کا اعتبار کیا جائے، پھر یہ کہ تھوک کے بھاؤ کا اعتبار ہوگا یا چٹکر فروختگی کا اعتبار ہوگا؟

جو لوگ اراضی کی خرید و فروخت کو ایک تجارتی کاروبار کے طور پر کرتے ہیں سال پورا ہونے پر نقد رقم کے علاوہ جو اراضی ان کی ملکیت میں ہیں وہ اراضی بھی اموال زکوٰۃ میں شمار ہوں گی؟ اور ان پر زکوٰۃ کا وجوب قوت خرید کے اعتبار سے ہوگا یا متوقع قیمت فروخت کا اعتبار ہوگا؟

شیئرز اور بونڈز کی زکوٰۃ

مختلف تجارتی کمپنیاں اپنے شیئرز فروخت کرتی ہیں یہ شرکت کی ایک صورت ہے، کمپنی قائم کرتے وقت کچھ اکائیاں طے کرلی جاتی ہیں، ہر یونٹ (اکائی) ایک شیئر ہوتا ہے اور اس کی ایک خاص قیمت ہوتی ہے، کمپنی جو کچھ منافع کمائے گی شیئرز ہولڈرز اس میں اپنے حصے کے تناسب سے نفع کے حقدار ہوں گے، شیئرز دراصل کسی، تجارتی کمپنی کے ایک خاص حصہ کی ملکیت ہے، واضح رہے کہ بعد کو ان شیئرز کی خرید وفروخت ہوتی ہے اور کمپنی کے نفع ونقصان اور اس کی ساکھ کے پیش نظر ان شیئرز کی قیمت گھٹتی اور بڑھتی ہے۔

پہلا سوال یہ ہے کہ ان شیئرز پر ایک تجارتی سرمایہ ہونے کی حیثیت سے زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت ان شیئرز کی مالیت کا تعین ان کی بنیادی قیمت کو سامنے رکھ کر کیا جائے گا یا بہ وقت ادائے زکوٰۃ مارکیٹ میں اس کا جو نرخ ہو اس کا اعتبار کیا جائے گا؟

بونڈز سے مراد یہ ہے کہ اکثر حکومتیں یا مختلف کمپنیز لوگوں سے قرضے مانگتی ہیں اور ان قرضوں کی واپسی کے لئے کچھ مدت (۵ سال، ۱۰ سال وغیرہ) مقرر کرتی ہیں اور کچھ شرح فی صد سود کا بھی اعلان کرتی ہیں اور بہ طور ثبوت قرض دہندہ کو سرٹیفکٹ ایشو کرتی ہیں وہی بونڈ ہے، سوال یہاں پر صرف اتنا ہے کہ جو کچھ سود کے نام پر دیا جاتا ہے اس کی حرمت میں تو کوئی شبہ نہیں قرض دہندہ نے جو سرمایہ بونڈز پر لگایا ہے اس کی زکوٰۃ اسے ادا کرنی ہوگی یا نہیں؟ اور اگر ادا کرنی ہوگی تو سال بہ سال یا بونڈ کے کیش کرانے کے وقت، سبھی گذرے ہوئے برسوں کی یا صرف آئندہ کی؟

سامان تجارت پر قبضہ سے پہلے زکوٰۃ؟

❶ ایسا سامان جو خرید کیا جا چکا ہو لیکن ابھی قبضہ میں نہیں آیا ہو، بعض فقہاء کے نزدیک اس میں بھی زکوٰۃ واجب ہے، لیکن اکثر مشائخ عراق نے اس میں زکوٰۃ واجب قرار نہیں دی ہے۔ فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے:

”أما المشتری قبل القبض فقد قال عامة مشائخ العراق إنه لایکون نصابا قبل القبض عندهم جمیعا قال غیرهم من المشائخ هو علی الخلاف الذی ذکر نا فی الثمن قال بعضهم هو نصاب قبل القبض بلا خلاف.“[1]

ترجمہ: ”خرید کی ہوئی شئ جس پر ابھی قبضہ نہیں کیا ہو، تو اکثر مشائخ عراق نے نقل کیا ہے کہ وہ قبضہ سے پہلے ان حضرات کے نزدیک نصاب نہیں ہوگا، دوسرے مشائخ کہتے ہیں کہ اس میں بھی

---

[1] تاتارخانیہ: ۲: ۳۰۳

وہی اختلاف ہے جو ثمن کے سلسلہ میں مذکور ہوا۔ بعض فقہاء کہتے ہیں کہ مبیع قبضہ سے پہلے بھی بالاتفاق نصاب ہے۔“

علامہ حصکفی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے بھی اسی قول کو اختیار کیا ہے کہ تجارت کے لئے خرید کردہ سامان پر قبضہ سے پہلے زکوٰۃ نہیں۔

”ولا فیما إشتراہ تجارۃ قبل قبضہ.“[۱]

اس لئے اس حقیر کی رائے ہے کہ ایسے مال تجارت کی زکوٰۃ خریدار پر واجب نہیں کہ خریدے ہوئے، مال پر گو اس کی ملکیت قائم ہے، لیکن قبضہ ثابت نہیں، امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رَحِمَہُمُ اللہُ تَعَالیٰ تینوں اس بات پر متفق ہیں کہ زکوٰۃ واجب ہونے کے لئے ملک مطلق شرط ہے اور ملک مطلق کے لئے ملک رقبہ (اصلی شی کا مالک ہونا) اور قبضہ دونوں ضروری ہے:

”ومنھا الملک المطلق وھو ان یکون ملکاً لہ رقبۃً ویدًاوھذا قول اصحا بنا الثلا ثۃ“[۲]

البتہ فقہاء شوافع کے نزدیک چوں کہ زکوٰۃ کے واجب ہونے کے لئے قبضہ ضروری نہیں[۳] اس لئے اس صورت میں ان کے یہاں زکوٰۃ واجب ہوگی۔

پیشگی کرایہ اور ڈپازٹ کی زکوٰۃ

❷ کرایہ کے مد میں جو رقم پیشگی طور پر ادا کی جائے، ظاہر ہے کہ وہ ”اجرت معجلہ“ ہے اور اس پر مالک مکان کی ملکیت قائم ہوگئی، اس لئے اس کی زکوٰۃ مالک مکان کو ادا کرنی چاہئے۔ ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ لکھتے ہیں:

”وأما زکوٰۃ الأجرۃ المعجّلۃ عن سنین فی الإجارۃ الطویلۃ التی یفعلھا بعض الناس عقوداً ویشترطون الخیار ثلاثۃ أیام فی رأس کل شھر فتجب علی الآجر لانہ ملکھا بالقبض.“[۴]

تَرْجَمَۃ: ”طویل اجارہ جس کا معاملہ بعض لوگ کرتے ہیں اور ہر ماہ کے شروع میں تین دنوں کے لئے خیار شرط لیتے ہیں، میں چند سال کی اجرت پیشگی ادا کردی جائے تو اس کی زکوٰۃ مالک پر واجب ہوگی، اس لئے کہ قبضہ کرکے وہ اس کا مالک ہوگیا ہے۔“

امام نووی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

---

[۱] در مختار علی ھامش الرد: ۷/۲ [۲] بدائع الصنائع: ۹/۲ [۳] حوالہ سابق [۴] فتح القدیر: ۱۲۱/۲

"و إن كان معه أجرة دار لم يستوف المستا جر منفعتها و حال عليها الحول و جبت فيها الزكوٰة لأنه يملكها ملكاً تاماً."[1]

ترجمہ: "اگر آجر کے پاس کرایۂ مکان ہو اور کرایہ دار نے ابھی مکان سے فائدہ نہ اٹھایا ہو، اس کرایہ پر سال بھی گزر گیا تو اس میں زکوٰۃ واجب ہوگی، اس لئے کہ آجر کو اس پر، ملکیت تامہ حاصل ہے۔"

لیکن جو مسئلہ لائق بحث وفکر ہے وہ یہ ہے کہ جو رقم مالک کے پاس بطور ضمانت اور ڈپازٹ کے رکھی جائے اس کا کیا حکم ہوگا؟ بعض فقہی جزئیات سے معلوم ہوتا ہے کہ مال مرہون پر قیاس کرتے ہوئے اس کی زکوٰۃ دونوں میں سے کسی پر واجب نہ ہو کہ مالک مکان کی اس پر ملکیت نہیں ہے اور کرایہ دار کا قبضہ نہیں ہے۔ چنانچہ شامی میں ہے:

"ولا في مرهون اى لا على المرتهن لعدم ملك رقبته ولا على الراهن لعدم اليد."[2]

ترجمہ: "مال مرہون میں زکوٰۃ واجب نہیں، نہ مرتہن پر کہ وہ اس کا مالک نہیں، نہ راہن پر کہ اس کو قبضہ حاصل نہیں۔"

بیع بالوفاء میں علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے یہ ہے کہ خریدار پر زکوٰۃ واجب ہوگی، اس لئے کہ قیمت مکان کے عنوان سے جو رقم اس نے بائع کو سپرد کی ہے وہ اصل میں قرض ہے اور مکان کی حیثیت مبیع کی نہیں، بلکہ مال مرہون کی ہے:

"وينبغي لزومها على المشترى فقط على القول الذى عليه العمل الآن من ان بيع الوفاء منزل منزلة الرهن."[3]

لیکن اسی بیع وفاء کے مسئلہ میں اکثر مشائخ کی رائے ہے کہ زکوٰۃ بائع کے ذمہ ہوگی نہ کہ خریدار کے۔[4] جب بیع وفاء میں بائع کو مالک شمار کیا گیا ہے تو زیر بحث مسئلہ میں بھی مالک مکان کو اس رقم کا مالک سمجھا جانا چاہئے اور اسی پر زکوٰۃ واجب ہونی چاہئے۔

راقم سطور کے نزدیک یہی زیادہ صحیح ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس رقم کو مال مرہون قرار دینا تو مشکل ہی ہے، اس لئے کہ مال مرہون امانات کے قبیل سے ہے اور امانات میں تصرف جائز نہیں اور اس پیشگی رقم میں مالکان تصرف کرتے ہیں لہٰذا اس کی حیثیت "طویل الاجل دین" کی ہے، دین کے بارے میں گو فقہاء نے زکوٰۃ

---

[1] شرح مهذب: ۲۳/۲ [2] ردالمحتار: ۱۸/۳ [3] ردالمحتار: ۱۷۷/۳ [4] حوالہ سابق

کے ذیل میں لکھا ہے کہ وہ مدیون کی ملکیت میں داخل نہیں ہوتی، لیکن یہ رائے محض حکماً ہے، حقیقتاً تو دین مدیون کی ملکیت میں آجاتا ہے، گویا مالک مکان اس ڈپازٹ کی رقم کا مالک ہوگیا، اب مسئلہ صرف اس قدر ہے کہ یہ دین اتنی مقدار مال میں زکوٰۃ کے لئے مانع ہوگا یا نہیں؟ تو راقم سطور کا خیال ہے کہ جیسے دین مہر کو فقہاء نے موجودہ عرف کی بنا پر وجوب زکوٰۃ کے لئے مانع نہیں مانا ہے، اسی طرح اس دین کو بھی وجوب زکوٰۃ کے لئے مانع نہیں ہونا چاہئے اور دوسرے مال کے ساتھ مل کر اس پر زکوٰۃ واجب قرار دی جانی چاہئے، البتہ جس سال وہ اس رقم کو واپس کرے گا، اس سال اس کے مال میں سے اتنی مقدار پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی .... زکوٰۃ کے سلسلہ میں شریعت کا عمومی مزاج بھی اسی کے حق میں ہے، صورت حال یہ ہے کہ مالک مکان اس مال میں نفع خیز تصرف کرتا ہے اور اپنی معاشی حیثیت میں اضافہ کرتا جاتا ہے اور اول تو اس رقم کی واپسی کے مواقع کم پیدا ہوتے ہیں۔ لیکن اگر ایسے مواقع پیدا ہوئے تو مالک مکان کے لئے یہ بھی آسان ہوتا ہے کہ وہ کسی نئے کرایہ دار سے اس سے زیادہ ڈپازٹ کی رقم حاصل کر کے پہلے کرایہ دار کا قرض ادا کردے۔ ان حالات میں اس طرح کے مسائل میں محض فقہی جزئیات پر قناعت کر کے کوئی رائے قائم کرنا غالباً صحیح نہیں ہوگا، بلکہ ضروری ہوگا کہ ان مسائل میں شریعت کے اصول وقواعد اور اس کے مجموعی مزاج و مذاق کو پیش نظر رکھا جائے، شریعت میں اموال زکوٰۃ میں زکوٰۃ کے واجب ہونے اور نہ ہونے کا اصل معیار یہ ہے کہ وہ مال نامی ہے یا نہیں؟ مال نامی سے مراد ایسا مال ہے جس میں افزائش ونمو کی جاسکے، غیر مقبوض مال پر اسی لئے زکوٰۃ واجب قرار نہیں دی جاتی کہ مالک اس سے یہ نفع اٹھانے سے قاصر ہوتا ہے۔

اب غور کیا جائے کہ صورت زیر بحث میں کرایہ دار عملاً اس سے یہ فائدہ نہیں اٹھا سکتا، جب کہ مالک مکان افزائش معاش میں اس سے پورا پورا فائدہ اٹھاتا ہے اور اکثر اوقات اسی مقصد سے ڈپازٹ کی رقم حاصل کرتا ہے۔

ان حالات میں غرباء کو ان کے حق سے محروم رکھنا اور اس رقم سے ہر طرح کا معاشی فائدہ اٹھانے کے باوجود اس کو زکوٰۃ سے مستثنیٰ قرار دینا شریعت کی رحمت عامہ اور اس کے مزاج و مذاق سے ہم آہنگ نظر نہیں آتا۔

مدارس اور اداروں کی املاک کا حکم

۳ جس مال کا کوئی متعین مالک نہ ہو، بلکہ مدارس اور ادارے اس کے مالک ہوں، ان میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی، ملک العلماء کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"ولاتجب الزكوٰة فى سوائم الوقف والخيل المسبلة لعدم الملك و هذالأن

فی الزکوٰۃ تملیکاً والتملیک فی غیر الملک لا یتصور.''[1]

ترجمہ: ''وقف کے مویشی اور وقف فی سبیل اللہ کے گھوڑوں میں زکوٰۃ واجب نہیں کہ وہ اس کا مالک نہیں، کیوں کہ زکوٰۃ میں مالک بنایا جاتا ہے اور جس چیز کا خود ہی مالک نہ ہو، اس میں دوسرے کو مالک بنانے کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔''

مال حرام پر زکوٰۃ کا حکم

④ مال حرام کے سلسلہ میں اصل حکم تو یہ ہے کہ اگر اصحاب مال تک رسائی ممکن ہو تو ان کو واپس کر دیا جائے، یہ ممکن نہ ہو تو کل کا کل فقراء پر خرچ کر دیا جائے اور صدقہ کی نیت بھی نہ کی جائے کہ آپ ﷺ نے مال حرام کو صدقہ کا محل قرار نہیں دیا ہے۔ لا صدقة في غلول[2] مال حرام کو صدقہ نہ کیا ہو، لیکن وہ اس کی حلال کمائی سے ممتاز و متشخص ہو تو اس میں زکوٰۃ واجب نہیں کہ زکوٰۃ تو اس مال میں ہے جس کا وہ مالک ہو اور یہ شخص اس کا مالک ہی نہیں، لیکن اگر یہ حرام مال حلال کے ساتھ اس طرح خلط ملط ہو گیا کہ حساب و کتاب محفوظ نہیں رہا، حتیٰ کہ تمیز ممکن باقی نہیں رہی تو یہ گویا اس مال کا ''استہلاک'' ہے، استہلاک کی وجہ سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ اس مال کا ضامن قرار پاتا ہے، اس لئے اس مال پر اب اس کی ملکیت ثابت ہو جاتی ہے اور جب وہ اس مال کا مالک ہو گیا تو ظاہر ہے اب اس پر زکوٰۃ بھی واجب ہو گی۔ اس سلسلہ میں فقہاء کی تصریحات ملاحظہ ہوں:

''لوخلط السلطان المال المغصوب بماله ملكه فتجب الزكوٰة فيه ويورث عنه لأنّ الخلط استهلاك إذا لم يمكن تمييز عندأبي حنيفة.''[3]

''لأن خلط دراهمه دراهم غيره عنده استهلاك إما علىٰ قولهما فلا ضمان فلا يثبت الملك.''[4]

ترجمہ: ''اگر سلطان نے مال مغصوب کو اپنے مال کے ساتھ ملا لیا تو وہ اس کا مالک ہو جائے گا، اس میں زکوٰۃ واجب ہو گی اور وراثت جاری ہو گی کیوں کہ اس طرح مخلوط کر دینا کہ تمیز باقی نہ رہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس مال کو ہلاک کر دینا ہے۔''

ترجمہ: ''کیوں کہ اپنے دراہم کو دوسرے دراہم کے ساتھ مخلوط کر دینا امام ابوحنیفہ کے نزدیک استہلاک ہے، صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے قول پر چوں کہ وہ ضامن نہیں ہوتا اس لئے ملکیت بھی

---

[1] بدائع الصنائع: ۹/۲ [2] ترمذی [3] در مختار علی الرد: ۲۱۷/۳ [4] حوالہ سابق

ثابت نہیں ہوتی۔"

شامی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ ہی نے قہستانی کے حوالہ سے لکھا ہے:

"ولا زكوٰة فی المغصوب و المملوك شراء فاسدا و المغصوب مالم يخلطه بغيره لعدم الملك."[1]

تَرجَمہ: "مال مغصوب میں اور ایسے مال میں کہ بیع فاسد کے ذریعہ اس کا مالک ہوا ہو، زکوٰۃ واجب نہیں مال مغصوب سے مراد وہ مال ہے جس کو دوسرے مال کے ساتھ مخلوط نہ کیا گیا ہو کہ وہ اس کی ملکیت ہی میں نہیں ہے۔"

پس رشوت و بینک انٹرسٹ کا اگر حساب محفوظ نہ ہو اور تمیز دشوار ہو جائے تو اب اس کو شامل کر کے پورے مال کے مجموعہ پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔

دیون کی زکوٰۃ

حنفیہ کے یہاں جن دیون کے وصول ہونے کی توقع ہو، ان کی تین قسمیں کی گئی ہیں، ایک صورت ایسے دین کی ہے جو کسی مال کے عوض میں واجب نہیں ہوتا، جیسے مہر وغیرہ، دین کی یہ صورت اس وقت زیر بحث نہیں ہے، مالی عوض کے طور پر واجب ہونے والے دیون کی دو قسمیں ہیں، ایک سامان تجارت کی قیمت اور اسی حکم میں قرض بھی ہے، اس کو "دین قوی" کہتے ہیں۔ اس مال کی زکوٰۃ دائن یعنی جس کا دین واجب ہے، اس پر واجب ہوتی ہے، البتہ اس کی زکوٰۃ مال پر قبضہ کے بعد واجب ہوگی اور گزرے ہوئے دنوں کی بھی زکوٰۃ دینی ہوگی۔

"أما القوى فهو الذى وجب بدلاً عن مال التجارة كثمن عرض التجارة من ثياب التجارة وعبيد التجارة أوغلة مال التجارة ولا خلاف فى وجوب الزكوٰة فيه."[2]

تَرجَمہ: "دین قوی وہ ہے جو مال تجارت کے بدلے واجب ہو، جیسے سامان تجارت، پارچہ جات، غلام یا مال تجارت کی کمائی، اس میں زکوٰۃ واجب ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔"

علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے سامان تجارت کے ساتھ "بدل قرض" کا بھی صراحتاً ذکر کیا ہے[3] اصل میں سامان تجارت کا دین اس سامان کے بدل کا درجہ رکھتا ہے، اس طرح دین تجارت گویا سامان تجارت ہے اور سامان تجارت میں زکوٰۃ واجب ہے، اس لئے زکوٰۃ واجب قرار دی جاتی ہے۔

---

[1] ردالمحتار: ۱۷۵/۳ [2] بدائع الصنائع: ۹۰/۲، المبسوط: ۱۹۵/۲، ردالمحتار: ۲۳۸/۳ [3] فتح القدير: ۱۲۳/۲

دوسری صورت ان دیون کی ہے جو مال ہی کے عوض میں ہو، لیکن سامان تجارت کی قیمت یا قرض نہ ہو، جیسے استعمالی کپڑے، رہائشی مکان وغیرہ کی قیمت، یہ دین فقہاء کے یہاں "دین وسط" سے موسوم ہے۔ دائن کو گزرے ہوئے دنوں کی زکوٰۃ بھی ادا کرنی ہے لیکن دین پر قبضہ کے بعد اس میں اور دین قوی کے حکم میں مفتی بہ قول کے مطابق امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے ہاں صرف اس قدر فرق کیا گیا ہے کہ دین قوی میں نصاب کے خمس (۱/۵) حصہ پر قبضہ ہوجائے تب ہی زکوٰۃ ادا کردینی ہے اور دین وسط میں ایک پورے نصاب کے مقدار رقم حاصل ہوجائے تو زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ صاحبین رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں جوں جوں رقم ملتی جائے اس کی زکوٰۃ ادا کرتا جائے، مقدار کی قید نہیں[1] البتہ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے بقول امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی صحیح تر روایت یہ ہے کہ دین وسط میں بھی گزشتہ دنوں کی زکوٰۃ واجب نہ ہوگی[2] تاہم اکثر کتب میں امام صاحب کی وہی رائے نقل کی گئی ہے، جو پہلے مذکور ہوئی، ظاہر ہے کہ صاحبین رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے میں احتیاط بھی ہے اور زکوٰۃ ادا کرنے والوں کے لئے سہولت بھی۔

اس طرح دین کی ان ہر دو صورتوں میں "دائن" یعنی صاحب دین ہی پر زکوٰۃ عائد کی گئی ہے۔

یہ صورتیں ان دیون کی ہیں جن کے وصول ہونے کی امید تھی، جن دیون کی وصولی متوقع نہ ہو، اگر اتفاق سے وصول ہوجائیں تو ان کے گزرے ہوئے دنوں کی زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی، اس لئے کہ بقول صاحب ہدایہ حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے فرمایا ہے کہ "مال ضمار" میں زکوٰۃ نہیں ہے۔[3] ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے حسن بصری اور عمر بن عبدالعزیز رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ سے بھی ایسے اموال پر زکوٰۃ واجب نہ ہونا نقل کیا ہے جن کی وصولی کی امید اٹھ چکی ہو۔[4]

ضمار کی مختلف صورتوں کے ذیل میں فقہاء نے دین قابل وصول اور ناقابلِ وصول کی صورتیں بھی واضح کی ہیں، چنانچہ ایسا مقروض جو قرض ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو اور اس کو قرض کا اقرار بھی ہو، اس کے ذمہ واجب الاداء دین کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ اگر وہ تنگ دست ہو اور فی الحال اس سے قرض کی واپسی کی امید نہ ہو، پھر بھی قول مشہور کے مطابق اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ لیکن حسن بن زیاد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے ہے کہ اس صورت میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی، اس لئے کہ دائن اس مال سے نفع نہیں اٹھا پا رہا ہے۔

"لیس نصاباً لا نه لاینتفع به"[5]

نیز اگر مقروض ایسا دیوالیہ ہے کہ عدالت نے اس کو مفلس قرار دے دیا ہے تو ایسی صورت میں بھی امام محمد

---

[1] ملاحظہ ہوں سابقہ حوالہ جات [2] بدائع: ۹۰/۲ [3] هداية مع الفتح: ۱۲۲/۲، نصب الاية: ۳۳٤/
[4] فتح القدير: ۱۲۳/۲ - ۱۲۲ [5] فتح القدير: ۱۲۳/۲

رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک اس دین پر دائن کو زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں چوں کہ کسی شخص سے دیوالیہ ومفلس ہونے کی وجہ سے تصرف کے اختیارات سلب نہیں کئے جاسکتے، اس لئے دین پر بھی زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔[1] ہندوستان جیسے ملک میں جہاں کہ اسلامی عدالت کا نظام مفقود ہے اور ہے تو اس کا دائرۂ اثر محدود ہے، کسی شخص کے عملاً دیوالیہ ہوجانے پر ہی اس کے مفلس قرار پانے کی بنیاد ہے، گوفقہاء کے یہاں یہ صراحت موجود ہے کہ عدالت سے اس کا فیصلہ نہ ہوتو امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں بھی اس دین کی زکوٰۃ واجب ہوگی۔[2] مگر ظاہر ہے کہ یہ بات دارالاسلام کے حالات کو سامنے رکھ کر کہی گئی ہے۔

غور کیا جائے تو ان صورتوں میں امام محمد اور حسن بن زیاد رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے شریعت کے مجموعی مزاج سے قریب ہیں، اس لئے کہ زکوٰۃ واجب ہونے میں اصل یہ ہے کہ مال نامی اور افزائش پذیر ہو، اور دیون چوں کہ مدیون کے پاس رہنے کی وجہ سے دائن کے حق میں منجمد اور غیر نامی ہیں اس لئے قیاس تو یہ ہے کہ اس میں زکوٰۃ واجب ہی نہ ہو، چنانچہ مال ضمار کو اسی وجہ سے ہمارے یہاں زکوٰۃ سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

جیسا کہ علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں:

"لأن المال إذالم يكن مقدور الإنتفاع به في حق المالك لايكون المالك به غنياً."[3]

تَرجَمَہ: "اس لئے کہ مال جب مالک کے حق میں ممکن الانتفاع نہ رہا ہوتو اس کی وجہ سے مالک غنی نہیں ہوسکتا۔"

البتہ فقراء کے حقوق اور نفع کی رعایت کرتے ہوئے اسے حکماً "نامی" تسلیم کیا گیا ہے، تب بھی ان مذکورہ صورتوں میں کہ دین کی وصولی کا امکان تجربہ ہے کہ کم ہوتا ہے، دائن کے حق میں اس مال کو غیر نامی قرار دیا جانا چاہئے۔

اسی طرح مدیون دین سے انکاری ہو، لیکن دائن کے پاس ثبوت فراہم ہو، ایسی صورت میں بھی قول مشہور یہی ہے کہ دائن پر اس دین کی زکوٰۃ واجب ہوگی۔[4] لیکن عدالت کی پیروی میں جو سرگرانی ہے، غالباً فقہاء متاخرین کو اس کا تجربہ ہوا ہوگا، چنانچہ انہوں نے اس صورت میں بھی دائن کو زکوٰۃ سے مستثنیٰ قرار دیا ہے، کیوں کہ گواہوں کو شہادت کے لئے تیار کرنا، پھر قاضی سے انصاف کی توقع مشکل ہے اور عدالت میں حاضری کی رسوائی ان سب سے سوا ہے۔[5]

اگر مدیون انکاری ہو اور ثبوت فراہم نہ ہو، تو اب حنفیہ متفق ہیں کہ اس دین پر زکوٰۃ نہیں، آئندہ اگر خلاف

---

[1] ھدایۃ مع الفتح: ۱۶۸/۲ [2] بدائع الصنائع: ۸۹/۲ كتاب الزكوٰة [3] حوالۂ سابق
[4] ھدایہ مع الفتح: ۱۶۷/۲ [5] ملاحظہ ہو عنایہ علی ھامش الفتح، و فتح القدیر: ۱۲۴/۲

توقع دین وصول بھی ہو جائے تو اس پر زکوٰۃ نہیں۔[1] بہر حال حاصل یہ ہے کہ وہ دین جو ضمار کے درجہ میں ہو، اس پر زکوٰۃ نہیں اور ضمار کی حقیقت کا سانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے الفاظ میں یوں ہے:

"المال الذی لاینتفع به مع قیام الملك."[2]

تَرجَمہ: "وہ مال جس پر ملکیت قائم رہنے کے باوجود اس سے نفع نہیں اٹھایا جا سکتا۔"

ایسا شخص جو دین کی ادائیگی میں ٹال مٹول سے کام لیتا ہو، فقہاء حنفیہ کی متداول تحریروں میں غالباً صراحۃً اس کا ذکر نہیں، فقہاء شوافع نے ایسے دین کو غصب کردہ مال کے حکم میں رکھا ہے، امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے قول قدیم کے مطابق ان کی زکوٰۃ دائن پر واجب نہیں، قول جدید کے مطابق واجب ہے۔ علامہ نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"إن تعذر استیفاء ہ لإعسار من علیه أوجحودہ ولابینة أو مطله أوغیبته فهو کالمغصوب وفی وجوب الزکوٰۃ فیه طرق..... والصحیح وجوبها."[3]

تَرجَمہ: "اگر دین کی وصولی مدیون کی تنگ دستی یا اس کے انکار اور گواہوں کی عدم فراہمی یا ٹال مٹول یا مدیون کی عدم موجودگی کی وجہ سے دشوار ہو جائے تو وہ مال مغصوب کے حکم میں ہے، اس میں زکوٰۃ واجب ہونے کے بارے میں مختلف اقوال ہیں...... صحیح یہ ہے کہ زکوٰۃ واجب ہوگی۔"

دراصل فقہاء شوافع کے ہاں عمومی طور پر دیون میں زکوٰۃ واجب قرار دی گئی ہے دین کو مانع زکوٰۃ نہیں مانا گیا ہے۔ صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ہدایہ کے حسب روایت مال ضمار میں بھی ان کے [illegible] واجب ہے، حنفیہ کا عمومی نقطۂ نظر ان اموال کے متعلق جو مالک کے لئے ناقابل انتفاع ہو، یہ ہے کہ ان میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی۔

راقم الحروف کا خیال ہے کہ اگر نصاب زکوٰۃ پر سال گزرنے تک بھی وصول نہ ہو پائے اور اس کی وجہ باوجود مطالبہ و تقاضا کے محض مدیون کی پہلو تہی ہو، تو دائن پر [illegible] سال اس مال کی زکوٰۃ واجب نہ ہونی چاہئے، اس سلسلہ میں فتاویٰ تاتارخانیہ کے ایک جزئیہ سے بھی روشنی پڑتی ہے:

"رجل له مال علیٰ وال من الولاۃ وهو یقربه الاانه لایعطیه ولایعتدی علیه؟ قال یطلبه بباب الخلیفة فاذا طلب ولم یصل الیه فی سنة فلا زکوٰۃ علیه."[4]

تَرجَمہ: "ایک شخص کا والیان حکومت میں سے کسی پر دین ہو، اس کو دین کا اقرار بھی ہو لیکن دین ادا نہ کرتا ہو، نہ تعدی کرتا ہو، فقہاء کہتے ہیں کہ بارگاہ خلیفہ میں اس سے مطالبہ کرے اگر اب بھی دین وصول نہ ہو تو جس سال دین وصول نہ ہو پائے اس سال کی زکوٰۃ اس شخص پر واجب نہ ہوگی۔"

---

[1] بدائع الصنائع: ۸۹/۲ [2] بدائع: ۸۸/۲ [3] شرح مہذب: ۲۱/۶ [4] تاتارخانیہ: ۳۰۰

پراویڈنٹ فنڈ

پراویڈنٹ فنڈ کی رقم کا وہ حصہ جو تنخواہ سے کاٹ لیا جاتا ہے، اجرت ہے اس پر جو زائد رقم ملازمت کے اختتام پر دی جاتی ہے وہ انعام ہو یا اجرت، ملازم ابھی اس کا مالک نہیں، اس لئے اس پر گزرے ہوئے دنوں کی زکوٰۃ واجب ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ قابل بحث صرف فنڈ کا وہ حصہ ہے جو ملازمت کے درمیان تنخواہ سے کٹ کر جمع ہو۔

فقہاء کے یہاں اس میں اختلاف ہے کہ اجرت کا شمار کس قسم کے دین میں ہے؟ سرخسی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ سے تینوں طرح کے اقوال نقل کئے ہیں۔ (۱) دین قوی (۲) دین وسط اور (۳) دین ضعیف۔[۱] تاہم ظاہر روایت یہی ہے کہ اس میں بھی زکوٰۃ واجب ہوگی۔

جیسا کے تاتارخانیہ میں ہے:

"أما الأجرة ففي ظاهر الرواية عن أبي حنيفة رحمه الله تعالى هو نصاب قبل القبض لكن لا يلزمه الأداء مالم تقبض منه مائتي دراهم."[۲]

ترجمہ: "امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی ظاہر روایت کے مطابق اجرت قبضہ سے پہلے ہی نصاب زکوٰۃ متصور ہوگی، لیکن جب تک پورے نصاب (۲۰۰ درہم) پر قبضہ نہ کرلے زکوٰۃ کی ادائیگی لازم نہ ہوگی۔"

تاہم دین قوی واوسط کی تعریف پر نظر کی جائے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ فقہاء کی ان عبارتوں میں اجرت سے "غلام" ہی کی اجرت مراد ہے، اس لئے کہ دین کی ان دونوں قسموں میں دین کے لئے مال کا عوض ہونا بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور ظاہر ہے کہ غلام ہی کی خدمت حنفیہ کے یہاں مال کے درجہ میں ہے، اس طرح آزاد کی اجرت دین ضعیف قرار پاتی ہے، جس پر ملازمین کو ملکیت تو حاصل ہے، "ید" وقبضہ حاصل نہیں ہے، لہٰذا اس رقم پر گزرے ہوئے دنوں کی زکوٰۃ واجب نہیں ہونی چاہئے حضرت تھانوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے دو متعارض فتاویٰ میں بھی ان کے حسب ایماء مفتی محمد شفیع صاحب اور مفتی جمیل احمد صاحب رَحِمَہُمَا اللہُ تَعَالیٰ نے اسی کو ترجیح دیا ہے کہ اس رقم میں گزشتہ ایام کی زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔[۳]

حاجت اصلیہ

حاجت اصلیہ کا تعلق دراصل انسان کی شخصی ضروریات سے ہے، ان شخصی ضروریات میں زمانہ ومقام اور

[۱] مبسوط: ۲/۱۹۶ [۲] تاتارخانیہ: ۲/۳۰۲، ۳۰۳ [۳] امداد الفتاوی: ۲/۴۸ – ۴۴

اشخاص کے اعتبار سے تفاوت عین فطرت ہے، حاجت اصلیہ کی فقہاء نے جو تعریف کی ہے وہ اس طرح ہے:

"هی مایدفع الهلاك عن الانسان تحقيقاً كا لنفقة ودور السكنى وآلات الحرب والثياب المحتاج إليها لدفع الحر أو ألبرد اوتقديرًاكالدين وكالات الحرفة وأثاث المنزل ودواب الركوب وكتب العلم لأهلها."[1]

ترجمہ: "حاجت اصلیہ وہ چیزیں ہیں جو انسان سے ہلاکت کو دور کردیں، یہ کبھی حقیقتاً ہوگا، جیسے نفقات، رہائشی مکانات، آلاتِ دفاع، ٹھنڈک اور گرمی سے بچنے کے لئے کپڑے، کبھی معناً وتقدیرا ہوگا جیسے دین، صنعتی آلات، مکان کا ضروری سامان، سواری کے جانور اور اہل علم کے لئے علمی کتابیں۔"

بہ ظاہر اس بات سے کہ "حاجت اصلیہ سے وہ چیزیں مراد ہیں جن کے ذریعہ ہلاکت سے بچا جاسکے۔" احساس ہوتا ہے کہ حاجت اصلیہ کا دائرہ بہت تنگ ہے، لیکن اوپر حاجت اصلیہ کے ذیل میں آنے والی جن اشیاء کا ذکر ہے ان سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ فقہاء کے یہاں اس کا دائرہ کس قدر وسیع ہے؟ انہوں نے ہلاکت جسمانی کی طرح ہلاکت معنوی کو بھی اسی زمرہ میں رکھا ہے، یہاں تک کہ اہل علم کے لئے کتابوں کو حاجت اصلیہ کا درجہ دیتے ہوئے صراحت کی ہے کہ جہل ان کے لئے ہلاکت ہی کے درجہ میں ہے۔ "فإن الجهل عندهم كالهلاك"[2] ...... علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے حاجت اصلیہ کی توضیح کرتے ہوئے کہا ہے کہ سامان بقاء اس میں داخل ہے۔

"لأنه من ضرورات حاجة البقاء وقيام البدن."[3]

ترجمہ: "اس لئے کہ وہ قیام جسم اور بقاء انسانی کی ضروریات میں سے ہے۔"

لیکن غیر علماء کے لئے علمی کتابوں کو حاجت اصلیہ میں شمار نہیں کیا گیا ہے۔ طحطاوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"وكتب العلم لغير أهلها ليست من الحوائج الأصلية"[4]

غور کیا جائے کہ فقہاء نے پیشہ ورانہ آلات حرفہ، حفاظتی اسلحہ اور موسمی لحاظ سے سرد و گرم لباس، اہل علم کے لئے اس کے موضوع کے مطابق مطالعہ کی کتابیں، جن کو عاجت اصلیہ کے زمرہ میں رکھا ہے، کا تعلق شخصی احوال سے ہے، جس میں تفاوت اور فرق کا پایا جانا فطری بات ہے، یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ ضروریات زمانہ اور حالات کے لحاظ سے متغیر ہوتی رہیں گی، لباس و پوشاک کا معیار بدلے گا، سواری میں فرق ہوگا، رہائشی اور سکونتی مکان میں

---

[1] تاتار خانیہ: ۲۹۷/۲ [2] حوالہ سابق [3] بدائع الصنائع: ۹۱/۲ [4] طحطاوی علی مراقی الفلاح: ص ۳۸۹

نقشہ اور سہولتوں کے لحاظ سے فرق واقع ہوگا اور یہ ساری چیزیں حاجت اصلیہ میں داخل ہوں گی ...... البتہ یہ ضرور ہے کہ فقہاء نے ''حاجت اور تحسین وزینت'' کے درمیان جو فرق کیا، اس کا لحاظ رکھا جائے گا اور حرمت زکوٰۃ کا حکم متعین کرتے وقت اس کو ملحوظ رکھا جائے گا کہ زکوٰۃ کا مصرف فقراء ومساکین ہیں، پس حاجت اصلیہ کا دائرہ اتنا وسیع نہ ہوجائے کہ مرفہ الحال لوگ بھی مستحقین زکوٰۃ کی صف میں آجائیں۔

طویل الاجل ترقیاتی قرضے وجوب زکوٰۃ میں مانع ہیں یا نہیں؟

وہ شخص جو اپنی موجودہ مالیت کے اعتبار سے صاحب نصاب ہو، لیکن اس کے ساتھ ساتھ مدیون اور مقروض بھی ہو تو کیا یہ دین زکوٰۃ کے واجب ہونے میں مانع ہوگا؟ اگر مانع ہو تو نصاب میں سے دین منہا کرنے کے بعد مقدار نصاب باقی نہ رہے تو زکوٰۃ واجب ہوگی اور منہائی کے بعد بھی نصاب باقی رہ جائے تو اتنی مقدار زکوٰۃ سے مستثنیٰ ہوگی اور اگر دین زکوٰۃ میں مانع نہ ہو تو پھر پورے مال میں زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی؟

اس سلسلہ میں فقہاء کے دو گروہ ہیں، اکثر فقہاء نے دین کو زکوٰۃ کے لئے مانع تسلیم کیا ہے۔ امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ تو اس کے قائل ہیں ہی[1] ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ، سیدنا عمر، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حسن بصری رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ کی بھی یہی رائے ہے[2] ائمہ اربعہ میں امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول جدید (جس پر فقہ شافعی میں فتویٰ ہے) یہ ہے کہ زکوٰۃ بہرحال تمام موجودہ اموال میں واجب ہوگی اور دین زکوٰۃ میں مانع نہیں ہوگا[3] یہی رائے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے استاذ ربیعۃ الرائے اور امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ تعالیٰ کے استاذ حماد رحمہ اللہ تعالیٰ کی بھی ہے[4] علامہ ابن حزم رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے مخصوص مزاج کے مطابق بڑے شدومد سے اس نقطۂ نظر کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔[5]

مانعین کی دلیلیں

پہلا گروہ جو دین کو زکوٰۃ کے لئے مانع قرار دیتا ہے، ان کی حسب ذیل دلیلیں ہیں:

❶ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تمہارے زکوٰۃ ادا کرنے کا مہینہ ہے، پس جس کے ذمہ قرض باقی ہو، اسے چاہئے کہ پہلے دین ادا کردے پھر زکوٰۃ ادا کرے۔[6]

❷ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ کسی شخص کے پاس ہزار درہم ہوں اور کسی اور کے

---

[1] المغنی: ۳۴۲/۲ [2] موسوعۃ فقہ ابراهیم النخعی: ۵۲۴/۱، موسوعۃ فقہ عمر: /۳۵۴، موسوعۃ فقہ عبداللّٰہ بن عباس: ۱۰/۲، موسوعۃ فقہ الحسن البصری: ۴۷۳/۲ [3] شرح مهذب: ۲۱/۶ [4] المغنی: ۳۴۲/۲، مصنف ابن ابی شیبۃ: ۱۹۴/۳ [5] المحلی: ۲۲۰/۴ [6] مؤطا امام محمد: ۱۲۸، مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۹۴/۳، الاموال: ۴۳۷

اس پر ہزار درہم واجب ہوں تو ایسے شخص پر زکوٰۃ نہیں۔[1]

❸ آں حضور ﷺ نے اغنیاء (مال داروں) پر زکوٰۃ واجب قرار دی ہے، یہ مضمون متعدد حدیثوں سے ثابت ہے اور جو شخص دین کی ادائیگی کا خود محتاج وضرورت مند ہو اور نادہند ہونے کے جرم میں قید وبند کی صعوبتوں سے بھی دوچار ہوسکتا ہو، اس کو کیوں کر غنی سمجھا جاسکتا ہے؟

❹ مدیون ہونے کی وجہ سے گویا بہ قدرِ دین مال پر مالک کی ملکیت ہی قائم نہیں، ظاہر ہے جب مال پر ملکیت ہی نہ ہو تو اس مال کی زکوٰۃ کیوں کر واجب ہوگی؟

❺ دین کی زکوٰۃ صاحب مال یعنی دین کے اصل مالک پر واجب قرار دی جاتی ہے تو اگر مدیون پر بھی زکوٰۃ واجب ہو تو ایک ہی مال پر دوہری زکوٰۃ عائد ہوجائے گی، حالاں کہ شریعت میں اس کی کوئی نظیر نہیں۔[2]

مثبتین کا نقطۂ نظر

جن لوگوں نے دین کے باوجود موجودہ مالیت کو دیکھتے ہوئے زکوٰۃ واجب قرار دی ہے، ان کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ قرآن وحدیث میں زکوٰۃ کی فرضیت کا حکم عام ہے اور ہر اس شخص پر زکوٰۃ واجب قرار دی گئی ہے جو نصاب زکوٰۃ کا مالک ہو، مدیون اور غیر مدیون کا کوئی فرق نہیں کیا گیا ہے، خود حنفیہ بھی پیداوار کی زکوٰۃ میں دین کو مانع نہیں مانتے۔[3] قریب قریب یہی بات علامہ ابن حزم رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ ظاہری نے بھی لکھی ہے۔[4] حقیقت یہ ہے کہ فقہاء شوافع نے زکوٰۃ میں ٹیکس اور مؤنت کے پہلو کو غالب رکھا ہے، جمہور فقہاء نے عبادت کے پہلو کو غالب رکھا ہے کہ عبادات میں شریعت کا عمومی مزاج سہولت اور تسامح ہے، یہی وجہ ہے کہ حنفیہ کے یہاں نابالغ اور مدیون کے مال میں زکوٰۃ واجب نہیں اور شوافع کے یہاں واجب ہے ان دونوں گروہوں کے دلائل سامنے رکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ دین کا زکوٰۃ میں مانع ہونا مزاج شریعت سے زیادہ قریب ہے، ابن رشد رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ کے الفاظ میں: "الأشبه بغرض الشرع إسقاط الزكوٰة عن المديون"[5]

کون سے دیون مانع زکوٰۃ ہیں؟

جو لوگ دین کو زکوٰۃ میں مانع مانتے ہیں، ان کے یہاں بھی دین کی مختلف اقسام کی گئی ہیں اور احکام کی تفصیلات میں اختلاف پایا جاتا ہے:

❶ اس پر تمام لوگوں کا اتفاق ہے کہ زمین کی پیداوار کی زکوٰۃ میں دین مانع نہ ہوگا۔[6]

---

[1] المغنی: ۳۴۲/۲ [2] البحر الرائق: ۲۱۹/۲ [3] شرح مہذب [4] المحلی: ۲۲۰/۴ [5] بدایة المجتهد

[6] ردالمحتار: ۱۷۶/۳، الثمر الدانی للقیروانی: ۳۳۴، المغنی: ۳۴۲/۲

❷ مالکیہ نے اموال ظاہرہ اور اموال باطنہ کے درمیان فرق کیا ہے کہ اموال ظاہرہ یعنی مویشی اور زمینی پیداوار میں دین مانع زکوٰۃ نہیں ہوگا، اموال باطنہ یعنی سونا چاندی اور سامان تجارت وغیرہ میں مانع ہوگا، یہی ایک روایت امام احمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی بھی ہے۔[1]

❸ حنفیہ کے یہاں تفصیل یہ ہے کہ دین کی دو قسمیں ہیں: ① ایک وہ جس کا مطالبہ بندوں کی طرف سے ہو، یہ زکوٰۃ کے واجب ہونے میں مانع ہوگا، جیسے کسی شی کی قیمت، اجرت و کرایہ، بیوی کا نفقہ نیز زکوٰۃ، عشر اور خراج جو کو اللہ کے لئے نکالا جاتا ہے، لیکن اس کا مطالبہ بندوں کی طرف سے ہوتا ہے، ② وہ دین جس کا مطالبہ بندوں کی طرف سے نہ ہو، وہ زکوٰۃ کے واجب ہونے میں مانع نہ ہوگا، جیسے نذر، کفارات اور حج[2] صدقۃ الفطر، قربانی اور حج کی مطلوبہ قربانی۔[3]

لیکن اصل میں جو مسئلہ زیر بحث ہے وہ یہ ہے کہ دین کے مانع زکوٰۃ ہونے میں دین حال (جلد ادا طلب) اور دین مؤجل (دیر سے ادا طلب) کے درمیان کچھ فرق ہے یا نہیں؟ عام طور پر متقدمین کا رجحان اسی طرف ہے کہ دین ہر صورت میں مانع زکوٰۃ ہے، فوری ادا طلب ہو یا دیر سے، لیکن مشائخ کا ایک گروہ شروع سے دین مؤجل کے مانع ہونے سے انکار کرتا ہے، خود امام کاسانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے: **وقال بعض مشائخنا ان المؤجل لا يمنع لأنه غير مطالب به عادة**۔[4]

علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کہتے ہیں:

> **”وهل يمنع الدين المؤجل كما يمنع المعجل؟ فى طريقة الشهيد لارواية فيه و إن قلنا: لا. فله وجه و إن قلنا: نعم. فله وجه، ولوكان عليه مهرلإمرأ ته وهو لا يريد أداء ه لا يجعل مانعا من الزكوٰة ذكره فى التحفة عن بعضهم لانه لا يعده دينا ...... وقال بعضهم إن كان مؤجلا لايمنع لانه غير مطالب به عادة.“**[5]

تَرجَمہ: ”کیا دین مؤجل بھی دین معجّل کی طرح مانع زکوٰۃ ہوگا؟ حاکم شہید کے طریق میں اس سلسلہ میں کوئی روایت موجود نہیں، اگر ہم کہیں کہ مانع ہوگا تو ایسا بھی ایک قول ہے اور اگر کہیں کہ مانع نہیں ہوگا تو ایک قول ایسا بھی ہے۔ بیوی کا مہر واجب ہو اور ادائیگی کا ارادہ نہ ہو تو زکوٰۃ سے مانع نہ ہوگا، تحفۃ الفقہاء میں بعض فقہاء سے ایسا ہی نقل کیا گیا ہے کیوں کہ اس کو دین شمار نہیں کرتے، اس

---

[1] المغنی: ۳۴۲/۲ [2] خلاصة الفتاوىٰ: ۲٤٠/۱ [3] فتح القدير: ۱۱۸/۲، ردالمحتار: ۱۷۷/۳، بدائع الصنائع: ۸٦/۲
[4] بدائع: ۸٤/۲ [5] فتح القدير: ۱۱۹/۲-۱۲۰

لئے کہ عادۃ اس کا مطالبہ نہیں کیا جاتا۔''

علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے دین مؤجل کے سلسلہ میں طحاوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ امام ابو حنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ایسے دین کو مانع زکوٰۃ نہیں مانتے تھے۔ نیز شامی نے قہستانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے بعض اہل علم کی یہ بات نقل کی ہے کہ صحیح یہی ہے کہ یہ دین زکوٰۃ کے واجب ہونے میں مانع نہیں۔

''(قوله أومؤ جلا) عزاه فی المعراج إلی شرح الطحاوی وقال: وعن أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالٰی لایمنع وقال الصدر الشهید: لارواية فيه ولكل من المنع وعدمه وجه، زادالقهستانی عن الجواهر والصحیح أنه غیر مانع.''[1]

فتاویٰ تاتارخانیہ میں نجم الائمہ سرخکی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے واسطہ سے ان مشائخ سے نقل کیا گیا ہے کہ دین مؤجل وجوب زکوٰۃ میں مانع نہیں ہے۔

''وذكر نجم الأئمة السر خكی عن مشائخه أنه لايمنع.''[2]

اورعورتوں کے مہر مؤجل کے سلسلہ میں بھی بعد کے مشائخ کا عام رجحان یہی رہا ہے کہ وہ وجوب زکوٰۃ میں مانع نہیں، اور بزدوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس رائے کی تحسین کرتے ہوئے کہا ہے۔ وأنه حسن۔[3]

فقہاء کی ان عبارات سے واضح ہے کہ مشائخ احناف میں ایک قابل لحاظ تعداد ان لوگوں کی ہے جو دین مؤجل کو مانع زکوٰۃ نہیں مانتے ہیں، خود صاحب مذہب امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے ایک روایت اس کے مطابق منقول ہے اور قہستانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ جیسے بلند پایہ فقیہ نے اس رائے کا صحیح و معتبر ہونا نقل کیا ہے۔

زیر بحث مسئلہ میں معتدل نقطۂ نظر

زکوٰۃ کے اس مسئلہ پر غور کرتے ہوئے ضروری ہے کہ فقہی جزئیات سے پرے اٹھ کر شریعت کے مقصد و منشاء اور احکام زکوٰۃ کی روح کو بھی ملحوظ رکھا جائے، ظاہر ہے کہ زکوٰۃ کے سلسلہ میں شریعت کی روح یہ ہے کہ انسان اپنے مال میں خدا کے واسطہ سے اس کے غریب بندوں کا حق بھی محسوس کرے اور غرباء پر خرچ کرے، اسی لئے فقہاء کے یہاں یہ قاعدہ مقرر ہے کہ جہاں وجوب اور عدم وجوب دونوں پہلو موجود ہوں، وہاں اس پہلو کو ترجیح دی جائے جس میں فقراء کو فائدہ ہوتا ہو...... اب صورت حال یہ ہے کہ اس زمانہ میں تجارت اور کاروبار کے لئے ترقیاتی قرضوں کا رواج عام ہے جو طویل مدت میں اور آسان اقساط پر ادا طلب ہوتے ہیں۔ مقروض اس

---

[1] ردالمحتار: ۲/۵ [2] تاتار خانیہ: ۲/۲۹۲ [3] هندیہ: ۱/۱۷۳

پیسہ سے بڑے بڑے معاشی فائدے حاصل کرتا ہے اور یہ رقم اس کے پاس جامد نہیں ہوتی بلکہ گردش میں رہتی ہے اور فقہاء کی زبان میں یہ بالفعل مال نامی کی حیثیت رکھتی ہے، لیکن اگر اس دین کو زکوٰۃ سے مانع قرار دیا جائے تو فقراء ہمیشہ اپنے حق سے محروم رہیں گے، اس لئے جیسے متاخرین علماء نے بدلے ہوئے حالات کے پیش نظر عورتوں کے دین مہر کو زکوٰۃ میں مانع نہیں مانا ہے، یہ بات عین مناسب ہے کہ طویل مدتی استثماری دیون (ترقیاتی قرضوں) میں ہر سال کی ادا طلب قسط کو اس سال کی زکوٰۃ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے اور باقی مالیت پر زکوٰۃ واجب قرار دی جائے، اس پر فقہاء کے اس جزئیہ سے بھی روشنی ملتی ہے جس میں بیوی کے نفقہ کے دین کو زکوٰۃ سے مانع نہیں مانا گیا ہے اور وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ نفقہ ایک ساتھ واجب نہیں ہوتا، بلکہ تھوڑا تھوڑا کر کے واجب ہوتا ہے۔

"لأنها تجب شيئا فشيئاً فتسقط إذا لم يو جد قضاء القاضي أو التراضي."[1]

کمپنی پر زکوٰۃ

مشترک اموال پر زکوٰۃ صرف مویشیوں کی صورت میں حنفیہ کے سوا دوسرے فقہاء کے ہاں واجب ہوتی ہے۔ حنفیہ کے ہاں مویشیوں کا اشتراک بھی زکوٰۃ کے واجب ہونے میں مؤثر نہیں ہے۔

"قال أصحا بنا إذا كان النصاب بين خليطين لا تجب فيه الزكوٰة."[2]

حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

"لا تجب الزكوٰة عندنا فى نصاب مشترك من سائمة و مال تجارة وان صحت الخلطة فيه باتحاد اسباب."[3]

اس لئے کمپنی کے شرکاء کی انفرادی حالت کا اعتبار ہوگا، نہ کہ پوری کمپنی کا۔

ہیرے اور جواہرات

زکوٰۃ چوں کہ عبادات میں سے ہے اور نصوص نے زکوٰۃ کے اموال و مقادیر کی تعیین کی ہے، اس لئے ظاہر ہے کہ اس میں قیاس و اجتہاد کو دخل نہیں، زمین سے نکلنے والی معدنیات میں صرف سونا اور چاندی ہی میں زکوٰۃ واجب ہے، دوسری دھاتیں کتنی ہی قیمتی کیوں نہ ہوں اگر تجارتی مقصد کے لئے جمع نہ کی گئی ہوں تو ان میں زکوٰۃ واجب نہیں، ابو اسحاق شیرازی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

---

[1] بدائع: ۷۸۵/۲، امداد الفتاویٰ: ۹۸/۲ فتاویٰ دارالعلوم: ۴۶/۶

[2] تاتار خانیه: ۲۹۷/۲ [3] درمختار علی هامش الرد: ۲۳۵/۳

"وان وجد شيئاً غيرالذهب والفضة كا لحديد والرصاص والفيروزج والبلور وغيرهمالم تجب فيه الزكوٰة."[1]

ترجمہ: "اگر سونے، چاندی کے علاوہ کوئی اور دھات حاصل ہو، جیسے لوہا، سیسہ، فیروز اور بلّور تو اس میں زکوٰۃ واجب نہیں۔"

شارح نورالایضاح کا بیان ہے:

"ولازكوٰة فى الجواهر واللآ لى إلا أن يتملكها بنية التجارة كسائرالعروض."[2]

ترجمہ: "جواہر اور موتیوں میں زکوٰۃ نہیں، سوائے اس کے کہ بہ نیت تجارت اس کا مالک ہو، ایسی صورت میں دوسرے سامان تجارت کی طرح اس میں بھی زکوٰۃ واجب ہے۔"

فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

"وأما اليو اقيت واللآلى والجواهر فلا زكوٰة فيها و إن كانت حليا إلأن تكون للتجارة."[3]

ترجمہ: "یاقوت، موتی اور جواہر میں زکوٰۃ نہیں گو وہ زیورات کی شکل میں ہوں، سوائے اس کے کہ تجارت کے لئے ہو۔"

ہاں! اگر تجارت کی نیت سے یہ معدنیات خریدی جائیں، تو اب سامان تجارت ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ واجب ہوگی۔ اگر خرید کرتے وقت محض رقم کو محفوظ کر دینا مقصود تھا، بعد کو فروخت کر دے تو خیال ہوتا ہے کہ اب بھی اس کا شمار اموال زکوٰۃ میں نہیں ہوگا۔ طحطاوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی اس وضاحت سے اس سلسلہ میں روشنی حاصل کی جاسکتی ہے کہ:

"الأصل أن ماعدا الحجرين والسوائم إنما يزكىٰ بنية التجارة عندالعقد فلونوى التجارة بعد العقد أو إشترىٰ شيئا للقنية ناويا انه إذا وجد ربحا باعه لا زكاة عليه."[4]

ترجمہ: "اصل یہ ہے کہ سونے چاندی اور مویشی کے علاوہ دوسری چیزوں میں اسی وقت زکوٰۃ ہوگی جب کہ معاملہ کرتے وقت تجارت کی نیت ہو، اگر معاملہ کے بعد تجارت کی نیت کی یا کوئی چیز برائے استعمال خریدی اور ارادہ ہو کہ نفع آجائے تو بیچ دے گا، ایسی صورت میں بھی اس پر زکوٰۃ واجب

---

[1] المهذب مع المجموع: ۷۷/۱ [2] مراقى الفلاح مع حاشية الطحطاوى: ۳۹۱

[3] الفتاوىٰ الهنديه: ۱۸۰/۱ [4] طحطاوى على مراقى الفلاح: ص ۳۹۱

نہیں۔“

اموال تجارت کی زکوٰۃ میں کس نرخ کا اعتبار ہوگا؟

سامان تجارت کی زکوٰۃ میں قیمت خرید کا اعتبار نہ ہوگا، بلکہ سامان کی موجودہ قیمت معتبر ہوگی، البتہ کس وقت کی قیمت معتبر ہوگی؟ اس میں اختلاف ہے، امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک جس وقت مال پر سال گزرا اور زکوٰۃ واجب ہوئی اس وقت کی قیمت معتبر ہوگی۔ قاضی ابو یوسف اور امام محمد رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک جس وقت زکوٰۃ ادا کر رہا ہے، اس وقت کی قیمت کا اعتبار ہوگا۔

”و إن أدیٰ من قیمته یعتبر یوم الوجوب وهو تمام الحول عند الإمام وقالا یوم الأداء لمصرفها.“[1]

تَرجَمہ: ”اگر قیمت کے ذریعہ زکوٰۃ ادا کرے، تو امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک یوم وجوب یعنی اختتام سال کا اعتبار ہوگا، صاحبین رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک اس دن کی قیمت کا جس دن مصرف زکوٰۃ میں اس کو ادا کرے۔“

فتاویٰ تاتارخانیہ میں ایک مثال سے اس مسئلہ کو واضح کیا گیا ہے:

”رجل له مائتا قفیزحنطة للتجارة حال علیها الحول و قیمتها مائتادرهم حتی وجبت علیها الزکوٰة فإن أدیٰ من عینها أدی ربع عشر عینها خمسة أقفزة حنطة و إن أدیٰ من قیمتها ربع عشر القیمة أدیٰ خمسة دراهم فإن لم یؤد حتی تغیر سعر الحنطة إلی زیادة وصارت تساوی أربع مائة. فإن أدی من عین الحنطة أدیٰ ربع العشر خمسة أقفزة بالاتفاق و إن أدی من القیمة أدیٰ خمسة دراهم قیمتها یوم حولان الحول الذی هو یوم الوجوب عند أبی حنیفة و عندهما یؤدی عشرة دراهم قیمتها یوم الأداء.“[2]

تَرجَمہ: ”ایک شخص کے پاس تجارت کے دو سو قفیز گیہوں ہوں، جس پر سال گزر جائے، اس کی قیمت دو سو درہم ہو تو، زکوٰۃ واجب ہوگئی، اگر خود گیہوں سے زکوٰۃ ادا کرے، تو چالیسواں حصہ یعنی پانچ قفیز ادا کرنا ہوگا اور اگر چالیسواں حصہ کی قیمت ادا کرنا چاہے، تو پانچ درہم ادا کرے گا اور اگر ادا نہ کر پائے یہاں تک کہ گیہوں کی قیمت بڑھ گئی اور چار سو درہم ہوگئی تو اگر خود گیہوں سے زکوٰۃ ادا

[1] مراقی الفلاح: ۳۹۱، هندیه: ۱۸۰/۱
[2] تاتار خانیه: ۲۴۲/۲

کرنا چاہے تو بالاتفاق وہی پانچ قفیز ادا کرے گا اور اگر قیمت ادا کرنا چاہے تو امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک یوم وجوب یعنی جس دن سال تمام ہوا ہے اسی دن کی قیمت کے لحاظ سے پانچ درہم ادا کرے گا اور صاحبین رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک ادائیگی زکوٰۃ کے دن کے اعتبار سے دس درہم۔"

امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں بھی قول صحیح و جدید اس سے قریب ہے۔ نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"فلوأخر إخراج الزكاة حتىٰ نقصت القيمة إلى مأة دراهم نظر إن كان ذلك قبل إمكان الاداء ..... لزمه على الجديد الصحيح درهمان ونصف ولو اخرا لإخراج فبلغت القبمة أربع مأة فإن كان قبل إمكان الأداء وقلنا هو شرط الوجوب لزمه على الجديد عشرة دراهم."[1]

تَرجَمہ: "اگر زکوٰۃ کی ادائیگی میں اتنی تاخیر کی کہ قیمت گر گئی اور بجائے دوسو درہم کے سو درہم ہو گئی، تو دیکھا جائے گا اگر یہ اس سے پہلے ہوا کہ زکوٰۃ کی ادائیگی ممکن ہوتی تو قول جدید اور صحیح قول کے مطابق ڈھائی درہم (یعنی اسی قیمت کے لحاظ سے) زکوٰۃ واجب ہوگی، اور اگر زکوٰۃ ادا کرنے میں تاخیر کی، اور قیمت چار سو درھم ہوگئی، تو اگر قیمت میں یہ اضافہ اس سے پہلے ہوگیا کہ زکوٰۃ ادا کرنا ممکن ہو سکے اور ہم کہہ چکے ہیں کہ یہی وجوب ادائیگی کی شرط ہے، تو قول جدید کے مطابق اسے دس درہم ادا کرنے ہوں گے۔"

خیال ہوتا ہے کہ صاحبین کی رائے زیادہ قرین صواب ہے؛ اس لئے کہ زکوٰۃ میں اصلاً وہ شئ واجب ہوتی ہے جس کی زکوٰۃ ادا کر رہا ہے، قیمت وہ اس کے بدل اور عوض کے بطور ادا کرتا ہے، تو ضرور ہے کہ ادائیگی کے وقت وہ اتنی رقم ادا کردے جس میں اس سامان کا بدل بننے کی صلاحیت موجود ہو، دوسرے فی زمانہ قیمت میں اتار کم ہی ہوتا ہے، قیمت میں اضافہ کی شرح زیادہ ہے تو ادائیگی کے وقت کی قیمت کا اعتبار کرنے کی صورت فقراء کے لئے زیادہ نفع کی توقع ہے اور یہ بجائے خود زکوٰۃ کے احکام میں ایک اہم وجہ ترجیح ہے، یہی وجہ ہے کہ امام ابو حنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سونے اور چاندی میں سے اس چیز کے ذریعہ اشیاء کی قیمت لگانے کو کہتے ہیں جن میں فقراء کے لئے نفع ہو۔

امام سرخسی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کہتے ہیں:

---

[1] شرح مهذب: ٦٩/٢

"لا بد فی اعتبار منفعة الفقراء عند التقویم لأداء الزکوٰة فیقومها بأنفع النقدین."[1]

اب اگر تھوک سے فروخت کرنے والی دکان ہے تو ظاہر ہے کہ تھوک کی قیمت کا اعتبار ہوگا، اور "ریٹیل سیل" کا کاروبار ہے تو اسی قیمت کا اعتبار ہوگا، دونوں طرح خرید وفروخت کرتا ہو تو "تقویم بالأنفع" کے اصول کو پیش نظر رکھتے ہوئے پھٹکر قیمت کے لحاظ سے زکوٰۃ ادا کرے .... جو اراضی، زمینوں کے تجارتی کاروبار کے مقصد سے لی جائیں وہ تجارتی سامان ہونے کی وجہ سے اموال زکوٰۃ میں شامل ہیں، ان کی موجودہ معروف قیمت کے اعتبار سے زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی، نہ کہ مستقبل میں متوقع قیمت کے لحاظ سے، اوپر فقہاء کی جو آراء ذکر کی گئی ہیں ان کا حاصل یہی ہے۔

شیئرز اور بونڈز کی زکوٰۃ

شیئرز کے سلسلہ میں یہ بات قابل توجہ ہے کہ کمپنی کا کام فقہی نقطۂ نظر سے تجارت اور خرید وفروخت کے ذیل میں آتا ہے یا اجارہ کے دائرہ میں؟ فقہاء کی تصریحات سے اندازہ ہوتا ہے کہ خود خرید وفروخت کے علاوہ اگر ایسی صنعت بھی ہو کہ اس کا اثر مصنوعات میں باقی رہتا ہو جیسے کپڑے کا رنگ، دباغت کا تیل اور مشینوں کی مرمت میں پرزوں کی تبدیلی وغیرہ، تو اس کا حکم بھی تجارت کا ہوگا اور ان اشیاء کا شمار بھی سامان تجارت میں کیا جائے گا؛ اس لئے ان میں زکوٰۃ واجب ہوگی۔

کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لکھتے ہیں:

"إن کان شیئاً یبقیٰ أثره فی المعمول فیه کالصبغ والزعفران والشحم الذی یدبغ به الجلد فإنه یکون مال التجارة."[2]

تَرجَمَہ: "ایسی چیز جس کا اثر زیر عمل شئ میں باقی رہتا ہو جیسے رنگ، زعفران چمڑے کو دباغت دینے والی چربی، تو یہ مال تجارت شمار ہوگی۔"

کمپنی کے ایسے کاروبار جس میں مشینوں اور آلات کا استعمال اس طرح ہوتا ہو کہ یہ اپنی حالت پر باقی رہیں اور مصنوعات میں تیاری کے بعد ان کا اثر باقی نہ رہے، ان میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی۔

"وما لا یبقیٰ له أثر فی العین بحیث لا یریٰ کالصابون والأشنان فلا زکوٰة فیه."[3]

اسی حکم میں صنعتی آلات ہیں:

---

[1] المبسوط: ۱۹۱/۲ [2] بدائع الصنائع: ۹۰/۲ [3] تاتارخانیه: ۲۴۰/۲

"وأما آلات الصناع و ظروف أمتعة التجارة لاتكون مال التجارة." [1]

اسی طرح اجارہ پر مبنی کاروبار میں زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی۔

"إذا اشترىٰ جوالق بعشرة آلاف دراهم ليؤاجرها من الناس فحال عليها الحول فلا زكوٰة فيها لأنه اشتراها للغلة لا للتجارة فإن كان فى نيته أنه يبيعها آخرا فلا عبرة لهذا وكذالك الجواب فى إبل الحمالين و حمرالمكارين." [2]

ترجمہ: "اگر دس ہزار درہم میں اونی گون خریدی کہ اس کو لوگوں کو کرایہ پر دے گا اور سال بھی گزر گیا تو اس میں زکوٰۃ واجب نہیں؛ اس لئے کہ اس نے اس کو آمدنی کے لئے خریدا ہے نہ کہ تجارت کے لئے، اگر اس کی یہ بھی نیت ہو کہ بعد میں اس کو فروخت کردے گا تو اس کا اعتبار نہیں، یہی حکم بار برداری اور سفر کے اونٹوں اور کرایہ کے گدھوں کا ہے۔"

لہٰذا جو کمپنی تجارتی کاروبار کرتی ہو اس کے حصص پر زکوٰۃ واجب ہوگی اور جو کمپنی اس دائرہ میں نہ آتی ہو، اس میں اصل لگایا ہوا سرمایہ تو سامان اجارہ کے حکم میں ہوگا اور اس کی قدر میں جو اضافہ ہوا ہے وہ نفع متصور ہوگا اور اس کی زکوٰۃ ادا کی جائے گی، یہ تو شیئرز کی زکوٰۃ کے سلسلہ میں اصل حکم ہے، لیکن موجودہ زمانہ میں شیئرز کی خرید و فروخت ایک مستقل تجارت ہے، لوگ تجارت ہی کی نیت سے شیئرز خرید کرتے ہیں اور اس سے نفع اٹھاتے ہیں۔ اس لئے موجودہ تعامل کو دیکھتے ہوئے شیئرز مطلقاً مال تجارت کے حکم میں ہے، لہٰذا کمپنی خواہ تجارتی ہو یا صنعتی اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی۔

جیسا کہ اموال تجارت کی زکوٰۃ کے ذیل میں مذکور ہوا، شیئرز میں اس کے موجودہ نرخ کا اعتبار ہوگا، جہاں تک باؤنڈز کی بات ہے تو اس کی حیثیت دین قوی کی ہے؛ اس لئے قرض کی وصولی کے بعد گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ بھی ادا کرنی ہوگی، سود کی شکل میں جو رقم حاصل ہو وہ تو حرام ہونے کی وجہ سے کل کی کل کو صدقہ کردینا واجب ہے، لیکن اگر اس شخص نے صدقہ نہ کیا ہو تو پھر اس کا حکم بھی زکوٰۃ کے باب میں دوسرے اموال حرام کا سا ہوگا، مال حلال کے ساتھ اس طرح مل جائے کہ سودی رقم کا حساب بھی محفوظ نہ رہے تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے کے مطابق دوسرے اموال کے ساتھ ملا کر اس پر بھی زکوٰۃ واجب ہوگی۔

هذا ما عندى والله اعلم با لصواب.

[1] بدائع: ۹۰/۲ [2] تاتارخانیہ: ۲۴۱/۲

عشر وخراج سے متعلق کچھ نئے مسائل

''اسلامک فقہ اکیڈمی کے چھٹے فقہی سیمینار منعقدہ ۳۱ ر دسمبر ۹۳ء تا ۳ رجنوری ۹۴ء، جامعہ دارالسلام عمر آباد میں عشر وخراج سے متعلق نئے مسائل پر بحث ہوئی۔ اس سیمینار کا سوالنامہ پانچ محور پر مشتمل تھا۔ جن میں پہلا، چوتھا اور پانچواں محور اراضی ہند کی شرعی حیثیت اور عشر وخراج کی بابت ابھرنے والے جدید مسائل سے متعلق سوالات پر مشتمل تھے۔ یہ تحریر ان ہی سوالوں کے جواب ہیں۔

محور دوم وسوم ہندوستانی اراضی کے تاریخی اور قانونی جائزہ سے متعلق سوالات پر مبنی ہیں۔ اس تحریر میں اس پہلو کو موضوع بحث نہیں بنایا گیا ہے۔ جو لوگ اس کی تفصیل دیکھنا چاہیں وہ اکیڈمی کے ''مجلّہ فقہ اسلامی'' (نمبر: ٦، اول ودوم) کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔''

سوالنامہ

محور اول ...... عشر وخراج کی حقیقت

اسلام نے کن اراضی کو عشری قرار دیا اور کن کو خراجی؟ عشری اور خراجی زمینوں کے درمیان بنیادی فرق کیا ہے؟ اس سلسلہ میں کتاب وسنت، تعامل عہد صحابہ وتابعین اور فقہائے امت کے اجتہادات سے ہمیں کیا روشنی ملتی ہے؟

محور دوم ...... اراضی ہند کا تاریخی جائزہ

❶ محمد رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ بن قاسم سے لے کر ہندوستان پر برطانوی تسلط سے پہلے تک ہندوستان کی مفتوحہ اراضی کے ساتھ مسلم فاتحین کا کیا معاملہ رہا، اس کا ایک تاریخی جائزہ، ان اراضی پر عشر لازم کیا گیا یا خراج، مفتوحہ اراضی مسلمانوں پر تقسیم کر دی گئی یا ان پر حسب سابق غیر مسلموں کا قبضہ باقی رکھ کر کوئی خاص قسم کا ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔

❷ انگریزوں کی عمل داری کے آغاز سے ۱۹۴۷ء تک اراضی ہند کی کیا نوعیت رہی؟ ہندوستان کے مختلف صوبوں میں اگر اس سلسلہ میں مختلف رویہ اپنایا گیا تو اس کی وضاحت بھی مطلوب ہے۔

محور سوم...... ہندوستان کی اراضی کا قانونی جائزہ

❶ مغلیہ سلطنت کے زوال اور برطانوی تسلط کے آغاز سے لے کر ۱۹۴۷ء تک اراضی ہند کی نوعیت سے متعلق وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے قوانین کا جائزہ، اس سلسلہ میں ہندوستان کے مختلف صوبوں میں ۱۹۴۷ء سے پہلے جاری ہونے والے قوانین کا علیحدہ علیحدہ تفصیلی جائزہ۔

❷ قانون تنسیخ زمین داری کے بعد اراضی ہند کی نوعیت وحیثیت اور کاشت کاروں کے مالکانہ حقوق میں کیا تبدیلی آئی اور ہندوستان کے مختلف صوبوں اور آزادی کے بعد سے لے کر اب تک اراضی کے بارے میں جو دور رس قانونی تبدیلیاں آئیں۔ ان کا ایک جائزہ۔

محور چہارم......اراضی ہند کی شرعی حیثیت کے بارے میں چند سوالات

❶ ۱۹۴۷ء کی آزادی اور قانون تنسیخ زمین داری کے بعد ہندوستان کی زمینوں کا کیا حکم ہے؟ یہاں کی زمینیں عشری ہیں یا خراجی؟ اگر کچھ زمینیں عشری ہیں اور کچھ خراجی تو ان کی تفصیل کیا ہے؟ کس بنیاد پر کسی زمین کے عشری یا خراجی ہونے کا فیصلہ کیا جائے گا؟

❷ جن اراضی کا عشری یا خراجی ہونا متعین نہ ہو سکے ان کا کیا حکم ہے؟

❸ کیا سرکار کو دی جانے والی مال گذاری خراج کے حکم میں داخل ہے؟

❹ اگر ہندوستان کی کچھ زمینیں خراجی ہیں تو موجودہ ہندوستان میں مسلمان خراج کی ادائیگی کس شرح سے اور کس طرح کرے، کیا جس طرح عشر کی ادائیگی عبادت ہے اسی طرح مسلمان پر عائد ہونے کی صورت میں خراج کی ادائیگی بھی عبادت ہے؟

❺ احکامِ عشر میں آب پاشی کی وجہ سے عشر، نصف عشر ہو جاتا ہے، کیا جدید طریق زراعت میں ہونے والے غیر معمولی اخراجات (کھاد، دواوغیرہ) کی وجہ سے عشر کی مقدار میں کمی کی جاسکتی ہے؟ یا اصل پیداوار میں سے ان اخراجات کو منہا کرنے کے بعد عشر عائد کیا جائے؟

❻ جن اراضی کی کاشت بٹائی کے طور پر ہوتی ہے ان میں عشر کس پر واجب ہے؟ مالک پر یا بٹائی دار پر یا دونوں پر؟ مالک اور بٹائی دار میں سے ایک مسلم اور ایک غیر مسلم ہو یا دونوں مسلم ہوں، ان دونوں میں عشر کا وجوب کس پر ہوگا؟

محور پنجم

❶ کیا عشر کا وجوب پیداوار کی ہر مقدار پر ہے یا اس کے لئے کسی نصاب کا اعتبار ہوگا؟ اگر نصاب کا اعتبار ہوگا

تو وہ نصاب کیا ہے؟

❷ کیا زمین سے ہر پیدا ہونے والی چیز پر عشر واجب ہے، جیسے گھاس، بانس، درخت، جانوروں کے لئے اگایا جانے والا چارہ وغیرہ یا زمین سے پیدا ہونے والی کچھ چیزیں وجوب عشر سے مستثنیٰ ہیں؟ پانی میں کاشت کی جانے والی چیزوں مثلاً مکھانہ سنگھارا وغیرہ میں عشر واجب ہے یا نہیں؟

❸ آج کل عام طور پر زراعتی اراضی پر تالاب کھود دیئے جاتے ہیں اور اس میں مچھلی کی کاشت کی جاتی ہے، مچھلی کی کاشت کو بہت نفع بخش تصور کیا جاتا ہے، کسان یہ سوچتا ہے کہ اگر ان اراضی پر گیہوں، دھان وغیرہ کی کاشت کرے تو اخراجات اور محنت زیادہ ہے اور منفعت کم، اس لئے اراضی کو مچھلی کی کاشت کے لئے تالاب بنا کر استعمال کرتا ہے، کبھی اس تالاب میں قدرتی پانی جمع ہوتا ہے اور کبھی بورنگ یا دوسرے ذرائع سے اس میں پانی پہنچایا جاتا ہے، اب سوال یہ ہے کہ مچھلی کی اس کاشت کو زراعت میں داخل کر کے اس پر احکام عشر نافذ کئے جائیں گے یا اس پر زکوۃ اموال کا حکم جاری ہوگا؟

❹ ریشم کے کیڑوں کی پرورش و پرداخت کے لئے شہتوت کے درخت لگائے جاتے ہیں، ان درختوں سے تو کوئی معتد بہ منفعت حاصل نہیں ہوتی، لیکن ریشم کی اس کاشت سے کاشت کاروں کو کافی نفع ہوتا ہے، سوال یہ ہے کہ ریشم کی اس کاشت پر عشر واجب ہے یا نہیں؟ اس کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟

❺ درختوں کی دو صورت ہوتی ہے یا تو وہ باغات ہوتے ہیں جن سے پھل حاصل کئے جاتے ہیں یا پھر وہ درخت ہوتے ہیں جن سے پھل مقصود نہیں ہوتا بلکہ جلانے کے کام میں لاتے ہیں یا عمارت، فرنیچر وغیرہ میں استعمال ہوتے ہیں، ایسے درختوں کا شرعاً کیا حکم ہے؟

❻ خضروات (سبزیاں) جو زیادہ دیر تک باقی نہیں رہتیں اور ان کی پیداوار میں تسلسل رہتا ہے، کچھ پھل توڑے جاتے ہیں، پھر دوسرے پھل نکل آتے ہیں، اس طرح کی کاشت کی دو صورتیں ہوتی ہیں، ایک صورت تو ہوتی ہے کہ لوگ اپنے مکان کے گرد و پیش افتادہ اراضی میں یا اپنی چھتوں پر کچھ سبزیاں لگا لیتے ہیں، ہر دو صورت میں وجوب عشر کے بارے میں کیا حکم ہے؟

❼ اراضی اوقاف کی پیداوار میں عشر واجب ہے یا نہیں، خصوصاً وقف علی الاولاد کی اراضی میں؟

جواب

محور اول ...... عشری و خراجی اراضی

جمہور فقہاء کے نزدیک مسلمانوں کی زمین میں عشری اور خراجی کی کوئی تفصیل نہیں۔ مسلمانوں کی تمام ہی

اراضی میں عشر ضرور واجب ہوگا۔ یہاں تک کہ ایسا بھی ممکن ہے کہ کسی زمین میں خراج بھی واجب ہو اور اس کے ساتھ ساتھ عشر بھی، امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک عشر وخراج کا اجتماع نہیں ہوسکتا، اس لئے حنفیہ کے نزدیک عشری اور خراجی زمین کی تقسیم کی جاتی ہے۔

جمہور کے دلائل

جمہور کے دلائل پر امام نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے شرح مہذب میں تفصیل سے گفتگو کی ہے جس کا خلاصہ اس طرح ہے:

❶ عشر کے سلسلہ میں جتنی نصوص مروی ہیں وہ سب عام ہیں، اس میں عشری اور خراجی زمین کی کوئی تقسیم نہیں ہے۔

❷ عشر وخراج کے وجوب کے اسباب الگ الگ ہیں، عشر کا تعلق زمین کی پیداوار سے ہے اور خراج کا تعلق خود زمین کی ملکیت سے، گویا عشر کا تعلق پیداوار کے حصول سے ہے اور خراج کا وجوب زمین سے انتفاع پر قدرت اور امکان سے۔ عشر کے مصارف وہی آٹھ مدات ہیں جو زکوٰۃ کے ہیں، جب کہ خراج کا مصرف فوجیوں، ملازمین اور ملک کے عام رفاہی کام ہیں۔ اس لئے یہ دو جداگانہ حقوق ہیں، پس مسلمانوں پر تو عشر بہر صورت واجب ہوگا، اگر خراجی زمین ہے تو عشر کے ساتھ خراج بھی واجب ہوجائے گا۔

❸ عشر کا وجوب کتاب وسنت کی صریح نصوص سے ثابت ہے، جب کہ خراج کا وجوب اجتہاد وقیاس پر مبنی ہے، لہٰذا ایک اجتہادی حکم ایک منصوص حکم کے لئے کس طور پر مانع بن سکتا ہے؟[1]

حنفیہ کے دلائل

حنفیہ کے نقطۂ نظر پر امام ابوبکر جصاص رازی اور امام سرخسی رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ نے تفصیل سے گفتگو کی ہے۔ ان حضرات کے دلائل کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

❶ حضرت عبداللہ ابن مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ راوی ہیں کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: عشر وخراج ایک زمین میں جمع نہیں ہوسکتا...... اس سے معلوم ہوا کہ جس زمین میں خراج واجب ہو اس پر عشر عائد نہیں ہوگا۔

❷ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے بعض اسلام قبول کرنے والوں کے بارے میں لکھا کہ ان کی زمین ان کو دے دی جائے، وہ اس سے خراج ادا کرتے رہیں، پس حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے خراج کا حکم دیا، اگر عشر واجب ہوتا تو ضرور تھا کہ اس کا بھی حکم دیتے۔

---

[1] المجموع: ۵۴۹/۲

۳ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے زمانہ میں عراق وغیرہ کی فتوحات کے بعد آپ نے خراج عائد فرمایا اور صحابہ نے بھی اس سے اتفاق کیا۔ پھر اس کے بعد عادل وانصاف پرور خلفاء بھی ہوئے اور ظالم و جابر فرماں روا بھی، اور بہت سے مسلمان ان خراجی اراضی کے مالک بھی ہوئے لیکن کہیں یہ بات منقول نہیں کہ ان حضرات نے خراجی زمینوں پر عشر بھی وصول کیا ہو۔

۴ خراج اصل میں کفر کی وجہ سے واجب ہوتا ہے یہ بزور قوت فتح کئے جانے والے علاقوں میں وہاں کے باشندوں کی سرزنش ہے جب کہ عشر ایک عبادت ہے جو نفس اور مال کی تطہیر اور اللہ کے شکر کے طور پر واجب ہوتی ہے۔ پس دونوں کے وجوب کا مقصد ایک دوسرے کے بالکل مبائن اور برعکس ہے اور ایسی دو چیزوں کا اجتماع نہیں ہوسکتا۔[1]

حنفیہ کے یہاں عشری اراضی

حنفیہ کے مسلک کی تفصیل یہ ہے کہ ابتداءً کسی زمین کے عشری ہونے کی چار صورتیں ہیں:

۱ کسی سرزمین کے لوگ از خود مسلمان ہو جائیں تو وہ اپنی زمین کے مالک باقی رہیں گے اور ان کی اراضی میں عشر واجب ہوگا، جیسے مدینہ طیبہ، یمن وغیرہ۔

۲ کوئی علاقہ جنگ کے ذریعہ فتح ہوا اور اس کو مجاہدین کے درمیان تقسیم کر دیا گیا، اب وہ بھی عشری ہوگی، اگر اس علاقہ میں کوئی افتادہ وغیرہ مزروعہ زمین ہو اور حکومت اسلامی کی اجازت سے قابل کاشت کر لی گئی تو اس میں بھی عشر واجب ہوگا۔

۳ جزیرۃ العرب کا علاقہ جہاں کافروں کے رہنے کی اجازت نہیں وہ قیامت تک کے لئے عشری زمین شمار ہوگی۔[2] امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے حجاز، تہامہ، یمن، مکہ، طائف اور بادیہ کے پورے علاقہ کو ارض عرب قرار دیا ہے۔[3]

۴ اگر آبادی میں کوئی مکان تھا اور اس کو باغ یا کھیت بنا لیا گیا تو امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک اس کے عشری و خراجی ہونے کا مدار گرد و پیش کی زمین کے عشری و خراجی ہونے پر ہوگا، اگر اس کے قرب وجوار کی زمینیں عشری ہیں تو عشر ہوگا، اور خراجی ہیں تو خراج۔ امام محمد اور امام ابو حنیفہ رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک اس کا مدار پانی پر ہوگا، اگر قدرتی پانی چشمہ، کنواں، بڑے دریا اور ندیوں جیسے گنگا، جمنا وغیرہ سے زمین کو آبیار کیا جائے تو یہ زمین عشری سمجھی جائے گی، اور اگر حکومت کی بنائی ہوئی نہروں یا کسی کی شخصی نہر وغیرہ کا پانی ہو تو خراجی پانی

---

[1] احکام القرآن للجصاص: ۳/۱۷، ۱۹، المبسوط: ۲/۲۰۸
[2] کتاب الخراج لابی یوسف: ۶۹ حد ارض العشر من ارض الخراج
[3] البحر الرائق: ۵/۱۰۴، بدائع الصنائع: ۲/۱۷۶

سمجھا جائے گا، اور اگر یہ کھیت اس سے سیراب کیا جارہا ہو تو اس میں بھی خراج واجب ہوگا۔[1]

خراجی زمینیں

کسی زمین کے خراجی ہونے کی بنیادی طور پر دو صورتیں ہیں:

❶ مسلمانوں نے بزور قوت اس ملک کو فتح کیا ہو اور زمین کافروں ہی کے حوالہ کی ہو، وہ اس سے فائدہ اٹھائیں اور خراج ادا کریں، یہ زمین حنفیہ کے نزدیک ہمیشہ کے لئے خراجی ہو جائیگی بعد کو اس زمین کو مسلمان خرید لیں تب بھی خراج اس میں واجب ہی رہے گا، البتہ دوسرے فقہاء کے نزدیک اگر اس زمین کو مسلمان خرید کرلیں یا خود وہ لوگ مسلمان ہوجائیں، اب خراج کے ساتھ عشر واجب ہوگا۔[2]

❷ وہ علاقہ مسلمانوں کو صلح کے ذریعہ حاصل ہوا ہو، زمین کافروں ہی کے پاس رہنے دی جائے اور خراج کی ادائیگی طے پائے۔[3]

یہ تو ابتداء عشری اور خراجی ہونے کی صورتیں ہیں، بعض دفعہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ بعد کو چل کر عشری زمین خراجی اور خراجی زمین عشری ہوجاتی ہے، مثلاً کسی مسلمان نے اپنی زمین کسی غیر کے ہاتھ فروخت کی، اس کو خراج ادا کرنا پڑے گا۔

محورِ چہارم......اراضی ہند میں عشر وخراج کا مسئلہ

❶ ہندوستان کی اراضی عام طور پر عشری ہیں، جو خراجی ہیں ان کا عشری یا خراجی ہونا مشکوک ہے اور احتیاط اسی میں ہے کہ عشر واجب قرار دیا جائے؛ اس لئے کہ ایک تو مسلمانوں کے حق میں اصل عشر ہی ہے، دوسرے جمہور فقہاء کے نزدیک چوں کہ عشر وخراج کا ایک ہی زمین میں اجتماع ممکن ہے، اس سلسلہ میں ان کے پاس معقول دلائل بھی موجود ہیں۔[4] اس لئے ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسلمان کی زمین میں عشر بہر حال واجب ہوتا ہے اس کا بھی یہی تقاضا ہے۔ تیسرے فقہائے احناف نے جہاں خراجی اراضی کو عشر سے مستثنیٰ قرار دیا ہے وہاں منشاء یہ ہے کہ ایک ہی زمین پر دوہرا وظیفہ عائد نہ ہو، اب کہ ہندوستان میں مسلم حکومت باقی نہیں رہی اور خراج عائد نہیں رہا عشر واجب قرار دینے میں دوہرے وظیفہ کا اجتماع نہیں ہوتا؛ اس لئے تمام ہی اراضی پر عشر واجب ہونا چاہئے۔

مولانا عبدالصمد رحمانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس موضوع پر بڑا عمدہ تجزیہ کیا ہے اور ہندوستانی اراضی کی کل تیرہ صورتیں کی ہیں۔ جن میں سے دس میں اصولاً عشر واجب ہوتا ہے اور تین میں احتیاطاً عشر کو واجب قرار دیا ہے۔ مولانا رحمانی کی چشم کشا عبارت نقل کی جاتی ہے۔

[1] بدائع الصنائع: ۱۷۷/۲ [2] البحرالرائق: ۱۰۹/۵ [3] بدائع الصنائع: ۱۷۷/۲ [4] دیکھئے: المغنی: ۳۱۲/۲

''سب کو سامنے رکھ کر اگر مسلمانوں کی زمینوں پر غور کیا جائے تو حسب ذیل صورتیں نکلتی ہیں۔

(۱) بادشاہانِ اسلام کے وقت سے موروثی ہیں۔

(۲) بادشاہانِ اسلام کے وقت سے موقوفہ ہیں۔

(۳) موروثی زمینیں ہیں مگر شاہی وقت سے نہیں، مگر یہ بھی نہیں معلوم کہ کیوں کر قبضہ میں آگئی ہیں۔

(۴) جو زمینیں مسلمانوں نے خریدی ہیں یا بہ طریق ہبہ یا بذریعہ وصیت ان کو ملی ہیں اور جس نے فروخت کیا یا ہبہ کیا یا وصیت کی اس نے بھی کسی مسلمان ہی سے حاصل کی تھی، اسی طرح برابر سلسلہ جاری رہا ہے۔

(۵) جو زمین مسلمانوں کے قبضہ میں مسلمانوں سے خرید و فروخت کے ذریعہ سے آئی ہے اور اوپر جا کر یہ معلوم ہوا کہ بادشاہِ اسلام نے دی ہے۔

(۶) مسلمانوں کے قبضہ میں وراثۃً یا خرید و فروحت کے ذریعہ سے ہے لیکن اوپر کا حال معلوم نہیں کہ پہلے کے لوگوں نے کس طرح حاصل کیا تھا؟

(۷) انگریزی حکومت نے بطور معافی اس زمین کو دیا جو پہلے کسی مسلمان کی ملکیت تھی۔

(۸) انگریزی حکومت نے مسلمانوں کو بہ طریق معافی زمین دی. مگر یہ نہیں معلوم کہ وہ زمین پہلے کس کی تھی؟

(۹) مسلمانوں نے غیر مزروعہ زمین جو کسی کے قبضہ میں نہ تھی آباد کیا ہے اور وہ عشری زمین کے قریب ہے یا آسمانی و دریائی پانی یا اپنے کنویں سے سیراب ہوتی ہے۔

(۱۰) مسلمانوں نے اپنے سکونتی مکانات کو مزروعہ بنایا اور اس کی سیرابی عشری پانی سے ہوئی یا بنا بر قول بعض کسی پانی سے سیراب ہوئی ہو۔

(۱۱) مسلمانوں نے مسلمانوں سے خریدی ہے لیکن بیچنے والے نے غیر مسلم سے خرید کیا تھا۔

(۱۲) مسلمانوں نے غیر مسلم سے خرید کیا ہے۔

(۱۳) انگریزی حکومت نے مسلمانوں کو وہ زمین بطور معافی دی جو کسی غیر مسلم کی ملکیت تھی۔

ان تیرہ صورتوں میں پہلی دس صورتوں میں سب زمینیں عشری ہیں اور اس میں حسب قاعدہ دسواں حصہ پیداوار کا واجب ہے، کیوں کہ ان تمام صورتوں میں خراجی ہونے کی کوئی علت پائی نہیں جاتی ہے اور صرف تین صورتیں ایسی ہیں کہ جن میں فقہاء احناف کے اصول سے وہ زمین خراجی ہے۔ یعنی بادشاہِ اسلام اگر ہوتا تو وہ تو مسلمانوں سے اس زمین کا خراج وصول کرتا۔ لیکن ان تمام تفصیلات سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کی زمین کے خراجی ہونے کی بہت کم صورتیں ہیں اور ان کی تحقیق بھی نہایت مشکل ہے، اس لئے ظاہر حال کا لحاظ کر کے

مسلمانوں کو احتیاط کے مسلک پر تمام زمینوں کی پیداوار میں عشر نکالنا چاہئے۔"[1]

مولانا کی یہ تحریر اپنے موضوع پر میرے خیال میں حرفِ آخر ہے!

جن اراضی کا عشری وخراجی ہونا معلوم نہ ہو

❷ جن اراضی کا عشری یا خراجی ہونا معلوم نہ ہو ان میں احتیاطاً عشر واجب قرار دیا جائے گا، اس لئے کہ مسلمانوں کے حق میں اصل عشر ہی ہے، اللہ تعالیٰ نے بلا قید واستثناء مسلمانوں کو تمام کھیتوں میں عشر کی ادائیگی کا حکم فرمایا ہے:

"وآتوا حقه يوم حصاده"[2]

تَرجَمہ: "کٹائی کے دن ان کا حق ادا کرو۔"

اس آیت میں اکثر مفسرین وفقہاء کے نزدیک عشر ہی مراد ہے۔[3] علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ایک مقام پر اس حقیقت کی طرف ان الفاظ میں توجہ دلائی ہے:

"الأراضي لاتخلوا عن مئونة إما العشر و إما الخراج والا بتداء بالعشر فى ارض المسلم أولىٰ لان فى العشر معنى العبادة وفى الخراج معنى الصغار."[4]

تَرجَمہ: "زمین "مئونت" سے خالی نہیں ہوگی، یا تو عشر واجب ہوگا یا خراج؟ مسلمان کی زمین میں عشر سے آغاز بہتر ہے، اس لئے کہ عشر عبادت کے زمرہ میں ہے اور خراج میں ذلت کی بات ہے۔"

حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے عشر کی بابت لکھا ہے:

"لانه اليق بالمسلم."[5]

سرکاری مال گزاری اور خراج کا مصرف

❸ خراج اصل میں وہ آمدنی ہے جو اسلامی حکومت غیر مسلموں کی ان اراضی سے لیتی ہے جو غیر مسلموں کی ملکیت میں ہے، یا اسلامی حکومت میں قائم ہونے کے بعد ان کی ملکیت میں تھی اور اس کا مقصد مملکت کی دفاعی تیاری میں مدد ہے، غرض یہ بنیادی طور پر غیر مسلموں سے ایک طرح کا دفاعی ٹیکس ہے۔

اس لئے ہندوستان جیسے ممالک میں خراج واجب نہیں ہونا چاہئے، اس کو تسلیم کرنے کے بعد مال گذاری کے خراج شمار کئے جانے اور نہ کئے جانے کا سوال ہی باقی نہیں رہتا، ویسے اس سے قطع نظر بھی مال گذرای چوں

---

[1] كتاب العشر والزكوٰة: ۵۸. ۱۶۰ [2] الانعام: ۱۴۱ [3] بدائع الصنائع: ۱۶۹/۲

[4] بدائع: ۱۷۶/۵۸/۲ [5] درمختار على هامش الرد: ۲۹۰/۶، باب العشر والخراج والجزية

کہ ایک غیر مسلم مملکت لیتی ہے اور اس کو اعلاء کلمۃ اللہ کے مقصد کے لئے صرف نہیں کرتی، اس لئے اس کا شمار منجملہ خراج کے نہ ہوگا۔

غیر اسلامی ممالک میں خراج

(۴) غیر اسلامی ممالک میں مسلمانوں پر خراج واجب نہیں ہونا چاہئے؛ اس لئے کہ خراج دراصل ان مدات میں صرف کی جانے والی چیز ہے جو سرکاری نظم ونسق سے متعلق ہوں اور خصوصیت سے ملک کے دفاع اور سلامتی میں خراج کی آمدنی سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ چنانچہ حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ مد خراج کے بارے میں ناقل ہیں کہ وثالثها حواه مقاتلون[۱] یہی وجہ ہے کہ اگر کسی علاقہ پر باغیوں کا غلبہ ہوجائے اور جبراً زکوٰۃ وخیرات وصول کرلیں اور ان کو متعینہ مصارف میں صرف نہ کریں تو زکوٰۃ دوبارہ ادا کرنی واجب ہے، لیکن خراج دوبارہ ادا نہیں کرنا پڑے گا، اس لئے کہ باغی بھی خراج کا مصرف بن سکتے ہیں، علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے بقول

”أماالخرج فلايفتون بإعادته لانهم مصارفه إذاهل البغي يقاتلون اهل الحرب والخراج حق المقاتلة.“[۲]

تَرجَمَہ: ”خراج کی دوبارہ ادائیگی کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا کیوں کہ وہی اس کے مصرف ہیں اس لئے کہ باغی لوگ بھی اہل حرب سے جنگ کرتے ہیں اور خراج فوجیوں ہی کا حق ہے۔“

مولانا عبدالصمد رحمانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس مسئلہ کو امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے نقل کیا ہے۔ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ لکھتے ہیں:

”إن أرض الخراج لايجب إلاعلىٰ من هومن أهل دارنا لانه حكم من احكام المسلمين و حكم المسلمين لايجرى إلاعلىٰ من هو من دارالاسلام.“[۳]

تَرجَمَہ: ”زمین کا خراج اسی شخص پر واجب ہوتا ہے جو دارالاسلام کا رہنے والا ہو؛ اس لئے کہ یہ مسلمانوں کے احکام میں سے ہے اور مسلمانوں کا حکم اس شخص پر جاری ہوتا ہے جو دارالاسلام میں ہو۔“

ہاں اگر کوئی شہر ہو تو غیر مسلم حکمرانوں کے زیر نگیں، لیکن انہیں کی طرف سے کسی مسلمان کو اس کا والی مقرر کیا گیا ہو، تو علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے کہ وہ مسلمان والی جہاں دوسرے فرائض انجام دے گا، خراج بھی وصول کرے گا؛ اس لئے کہ اس کو وہاں کے عوام پر استیلاء حاصل ہے۔

---

[۱] درمختار علی هامش الرد: ۲۸۳/۳ [۲] ردالمحتار: ۲۴/۲ [۳] كتاب العشرو الزكوٰة: ص: ۱۵۱

"لاستيلاء المسلم عليهم."[1]

پس صحیح یہی ہے کہ ہندوستان میں خراج واجب نہیں کہ نہ یہاں اسلامی حکومت ہے اور نہ مسلمانوں کو غلبہ حاصل ہے۔

زراعت کے اخراجات

❺ زمین سے پیداوار کے حصول پر جو اخراجات آتے ہیں اور جو موجودہ دور میں بعض اوقات کافی بڑھ جاتے ہیں، منہا نہیں کئے جائیں گے، اور نہ ان کی وجہ سے عشر کی شرح میں کوئی کمی عمل میں آئے گی، اس سلسلہ میں دو باتیں خصوصیت سے پیش نظر رکھنی چاہئیں:

① رسول اللہ ﷺ نے قدرتی پانی سے سیرابی کی صورت میں ۱۰ ر فیصد اور دوسری صورت میں ۵ ر فیصد کی شرح مقرر کردی ہے، اگر اخراجات کا استثناء مقصود ہوتا تو اس فرق کی ضرورت نہیں تھی، بہرصورت ۱۰ ر فیصد واجب ہوتا اور اخراجات کی منہائی کا حکم دے دیا جاتا، مگر دو ہی شرحوں کی تحدید اس بات کو بتلاتی ہے کہ عشر کے حکم میں شریعت نے بہ مقابلہ دوسرے اموال زکوٰۃ کے ایک گونہ تنگی رکھی ہے، اور اخراجات کی منہائی ملحوظ نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ زکوٰۃ کی اس صورت میں نہ مال پر سال گذرنے کی شرط ہے، نہ دیون ومطالبات سے فارغ ہونے کی، اور نہ حاجات اصلیہ کا استثناء ہے۔

② کھاد وغیرہ کے اخراجات کو پانی کے مسئلہ پر قیاس نہ کرنا چاہئے۔ پانی سے زمین کی قوت کاشت نہیں بڑھتی ہے۔ کاشت اتنی ہی ہوتی ہے، جتنی بارش کے پانی سے ہوتی ہے، بخلاف کھاد وغیرہ کے، کہ اس سے زمین کی پیداواری صلاحیت بھی بڑھ جاتی ہے، اس لئے یہ پیداواری اضافہ بذات خود زائد اخراجات کا بدل ہے۔ فقہاء کے یہاں اس سلسلہ میں تصریحات موجود ہیں، علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"ولايحتسب لصاحب الأرض ما أنفق على الغلة من سقى أو عمارة أوأجر الحافظ أواجر العمال أو نفقة البقر."[2]

تَرجَمہ: "صاحب زمین کے لئے کاشت کے اخراجات یعنی آبیاری، آبادکاری، محافظ اور کام کرنے والوں کی اجرت یا بیل کے اخراجات کا حساب نہیں کیا جائے گا، یعنی اخراجات کا استثناء نہیں ہوگا۔"

علامہ شامی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ لکھتے ہیں:

---

[1] ردالمحتار: ۲۷۷/۳، ط: پاکستان
[2] بدائع: ۶۲/۲ کتاب الزکوٰۃ

"يجب العشر فى الأول ونصفه فى الثانى بلارفع أجرة العمال ونفقة البقر وكرى الانهار وأجرة الحافظ ونحو ذلك."[1]

ترجمہ: "پہلی صورت (قدرتی پانی سے سیرابی) میں عشر (دسواں حصہ) اور دوسری صورت میں اس کا نصف (بیسواں حصہ) اس طرح واجب ہوگا کہ کام کرنے والوں کی اجرت، جانور کا نفقہ، نہر سے پانی لانے کے اخراجات اور نگرانی کی اجرت وغیرہ منہا نہیں کی جائے گی۔"

علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے نقل کیا ہے کہ بعض حضرات کھیتی کے اخراجات کو مستثنیٰ کرنے کے قائل تھے، مگر غالباً ایسے غیر معروف اور نا قابل ذکر لوگ تھے کہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ان کے تذکرہ کی بھی ضرورت محسوس نہیں کی۔ البتہ امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک اگر زراعت کے سلسلہ میں زارع مقروض ہوگیا ہے تو یہ دین منہا کر کے عشر وصول کیا جائے گا۔

"من استدان ماأنفق على زرعه واستدان ماأنفق على أهله احتسب ماأنفق علىٰ زرعه دون ماأنفق على اهله لانه من مئونة الزرع."[2]

ترجمہ: "کچھ قرض کھیتی کے مد میں لیا اور کچھ اہل و عیال کی ضروریات کے مد میں، تو کھیتی کے سلسلہ میں ہونے والے اخراجات کے قرض منہا کئے جائیں گے۔ اہل و عیال والے اخراجات کے قرض منہا نہ ہوں گے کیوں کہ عشر کھیتی سے متعلق ٹیکس ہے۔"

بٹائی کی صورت میں عشر کس پر واجب ہوگا؟

بٹائی کی صورت میں عشر کس پر واجب ہوگا؟ اس سلسلہ میں یہ اصول یاد رکھنا چاہئے کہ عشر واجب ہونے کا تعلق زمین کی ملکیت سے نہیں ہے بلکہ پیداوار کی ملکیت سے ہے۔ بقول کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ:

"ليس بشرط لوجوب العشر وانما الشرط ملك الخارج."[3]

زمین کا مالک ہونا عشر واجب ہونے کے لئے شرط نہیں، بلکہ پیداوار کا مالک ہونا شرط ہے۔

امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ چوں کہ بٹائی داری کو ناجائز کہتے ہیں اور پیداوار کا مالک صاحب زمین کو اور عامل کو مروجہ مناسب اجرت (اجرت مثل) کا حق دار قرار دیتے ہیں، اس لئے امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک مالک زمین ہی پر عشر واجب ہے۔ شوافع رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک بیج مالک زمین کا ہے تو عشر مکمل طور پر مالک زمین پر عائد ہوگا اور بیج بٹائی دار کا ہے تو عشر اس پر واجب ہوگا:

---

[1] ردالمحتار: ۲/۲۶۹ باب العشر [2] المغنی: ۲/۳۱۳ [3] بدائع: ۲/۵۶

"وجوز نا المخا برة فتجب الز كوة على العامل ولا شئ علىٰ صاحب الارض لان الحاصل له أجرة أرضه وحيث كان البذر من صاحب الارض وأعطى منه شيئًا للعامل لاشيء على العامل لانه أجرة عمله."[1]

ترجمہ: "ہم نے بٹائی داری کو جائز قرار دیا ہے لہٰذا زکوٰۃ بٹائی دار پر واجب ہوگی مالک زمین پر واجب نہیں ہوگی اس لئے کہ اس کو جو کچھ مل رہا ہے وہ زمین کا کرایہ ہے، اگر بیج مالک زمین کا ہو اور پیداوار میں سے کچھ کاشت کار کو دیا جائے تو کاشت کار پر کچھ واجب نہیں کہ یہ اس کے عمل کی اجرت ہے۔"

صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کی رائے حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ نے نقل کی ہے کہ اگر بیج عامل کا ہو تو دونوں اپنے حصہ پیداوار کا عشر ادا کریں گے، اور اگر مالک زمین کا ہو تو وہی پورا عشر ادا کرے گا[2] مگر کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کوئی فرق نہیں کیا ہے اور بٹائی داری میں دونوں کو اپنے حصہ پیداوار کا ذمہ دار بتایا ہے:

"ولو دفعها مزارعة فأما على مذهبهما فالمزارعة جائزة والعشر يجب في الخارج والخارج بينهما فيجب العشر عليهما."[3]

ترجمہ: "اگر بٹائی پر زمین دی تو صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے مذہب پر بٹائی داری جائز ہے، پیداوار میں عشر واجب ہوتا ہے اور پیداوار دونوں میں تقسیم ہوگی لہٰذا دونوں پر عشر واجب ہوگا۔"

شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کا رجحان بھی اسی طرف ہے اور انہوں نے فقہ حنفی کی اکثر کتابوں کو اسی کا ہم نوا بتایا ہے اور یہی اس سے مطابقت بھی رکھتا ہے جس کے مطابق عشر کے وجوب کو زمین کی ملکیت سے متعلق نہیں کیا گیا ہے بلکہ زمین کی پیداوار سے مربوط رکھا گیا ہے۔ پس اگر مالک اور کاشت کار میں سے ایک مسلمان اور دوسرا غیر مسلم ہو تو مسلمان کو اپنے حصہ پیداوار میں عشر ادا کرنا ہوگا۔ چنانچہ عالمگیری میں ہے:

"ولو أعارها من مسلم فزر عها فالعشر على المستعير ولو أعارها من كافر فالعشر على المعير عند ابى حنيفة رحمه الله وعندهما على الكافر."[4]

ترجمہ: "اگر کسی مسلمان کو عاریت پر زمین دی اور اس نے اس میں کاشت کی تو عاریت پر حاصل کرنے والے پر عشر واجب ہوگا اور اگر کافر کو عاریت پر دی تو امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عاریت پر دینے والا مسلمان عشر دے گا اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے

---

[1] فتح المعين للشيخ زين الدين تلميذ ابن حجر هيثمي: ٤٩ [2] درمختار على هامش الرد: ٢/٢٧٨

[3] بدائع: ٢/١٧٤ [4] هنديه: ١/١٨٧

نزدیک عاریت پر لینے والا کافر پر۔"

گویا صاحبین کے نزدیک مسلمان پر عشر اسی وقت واجب ہے جب کہ اس نے زمین سے فائدہ اٹھایا ہو، اگر پیداوار کافر کو حاصل ہو رہی ہو تو مسلمان پر عشر نہیں۔ یہی قول تقاضہ عدل سے قریب ہے۔ رہ گیا اس صورت میں غیر مسلموں پر عشر کا واجب قرار دینا، تو یہ حکم ظاہر ہے کہ دارالاسلام کے لئے ہے۔ وہاں ان سے بطور خراج عشر کی مقدار غلہ لیا جائے گا۔ ہندوستان اور اس جیسے ممالک کے لئے یہ حکم نہیں۔

محور پنجم ...... عشر کا نصاب

1. امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جس طرح اموال عشر میں عموم ہے اسی طرح عشر واجب ہونے کے لئے پیداوار کی کوئی مقدار متعین نہیں ہے، پیداوار تھوڑی ہو یا زیادہ، عشر واجب ہوگا۔

"فی قلیل ما اخرجته الأرض وکثیره العشر."[1]

مگر خود امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے تلامذہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کو اس رائے سے اختلاف ہے، ان حضرات کے نزدیک عشر اسی وقت واجب ہوتا ہے جب کہ پیداوار پانچ وسق کی مقدار کو پہنچ جائے، یعنی ان کے نزدیک پانچ وسق پیداوار نصاب زکوٰۃ ہے۔[2]

دوسرے فقہاء، مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کا بھی یہی نقطہ نظر ہے، یہاں تک کہ ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ سوائے امام ابوحنیفہ اور مجاہد رحمہما اللہ تعالیٰ کے تمام ہی علماء اس مسئلہ میں متفق ہیں اور پانچ وسق سے کم میں عشر واجب قرار نہیں دیتے[3] حنفیہ یہی کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلق زمینی پیداوار میں زکوٰۃ واجب قرار دی ہے، کسی خاص مقدار کی قید نہیں لگائی ہے۔ جمہور ان روایات سے استدلال کرتے ہیں جن میں پانچ وسق پیداوار ہی پر زکوٰۃ واجب قرار دی گئی ہے۔ امام بخاری، امام مسلم اور امام نسائی رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے واضح طور پر اس مضمون کی روایتیں نقل کی ہیں۔[4]

جمہور کہتے ہیں کہ مطلق حدیثیں دوسرے اموال زکوٰۃ سے متعلق بھی موجود ہیں، چاندی کے بارے میں ارشاد ہوا: فی الرقة ربع عشر.

اور اونٹ کے بارے میں فرمایا گیا: وفی سائمة الإبل الزکوٰة۔ یہ حدیثیں مطلق ہیں، لیکن پہلی حدیث کی ہم اس دوسری حدیث سے تخصیص کرتے ہیں:

"لیس فی مادون خمسة أوسق صدقة."[5]

[1] ہدایہ مع الفتح: ۲/۲۴۲ [2] کتاب الاصل: ۲/۱۶۳ [3] المغنی: ۲/۲۹۶ [4] نسائی: ۱/۳۴۴ [5] ترمذی: ۱/۱۳۶

تَرجَمَہ: "پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔"

اور دوسری حدیث کی تخصیص اس حدیث سے کرتے ہیں کہ:

"لیس فی مادون خمس ذود صدقة."

تَرجَمَہ: "پانچ اونٹ سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔"

جمہور کہتے ہیں کہ جب چاندی اور جانور کے نصاب میں ایک مطلق حدیث کے لئے دوسری ان روایات کو جو اس کے اطلاق کو کم کرتی ہے بیان وتفسیر کی حیثیت سے قبول کیا گیا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ پیداوار کی زکوٰۃ یعنی عشر میں بھی پانچ وسق کی تحدید والی روایت کو بیان کی حیثیت سے قبول نہ کیا جائے، حنفیہ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اس روایت کا منشاء محض اتنا ہے کو عامل زکوٰۃ پیداوار کی اتنی مقدار کی زکوٰۃ بیت المال میں وصول نہ کرے گا اور خود مالکان کے حوالہ کردے گا کہ وہ اپنی صوابدید سے اتنی زکوٰۃ مستحقین میں تقسیم کردے۔ جمہور کی رائے حدیث سے قریب ہے اور امام صاحب رَحِمَہُ اللهُ تَعَالٰی کے نقطۂ نظر میں فقراء کا فائدہ ہے اور زیادہ احتیاط ہے۔

وسق کی مقدار

پانچ وسق جو جمہور کے نزدیک پھلوں کی زکوٰۃ کا نصاب ہے، اس سلسلہ میں اس پر تو سبھوں کا اتفاق ہے کہ ایک وسق ساٹھ صاع کا ہے، یہ بات بھی متفق علیہ ہے کہ ایک صاع چار مد کا ہوتا ہے، مگر مد کی مقدار میں فقہاء عراق اور فقہاء حجاز کے درمیان جو اختلاف پایا جاتا ہے وہ مشہور ہے۔ حنفیہ رَحِمَہُ اللهُ تَعَالٰی کے یہاں ایک مد دو رطل کا ہوتا ہے، اس طرح ایک صاع آٹھ رطل کے برابر ہوتا ہے۔ مالکیہ کے یہاں ایک صاع پانچ اور ایک تہائی رطل کے برابر ہے۔ مفتی محمد شفیع صاحب رَحِمَہُ اللهُ تَعَالٰی نے درہم اور مثقال دونوں طرح صاع کا حساب لگایا ہے۔ مثقال کے حساب سے ایک صاع ۳/سیر ۶/چھٹانک کا اور درہم کے لحاظ سے ۳/سیر ۶/چھٹانک ۳/تولہ بنتا ہے۔ لہٰذا مثقال کے اعتبار سے پانچ وسق ۲۵/من ساڑھے ۱۲ سیر اور درہم کے لحاظ سے ۲۵/من ۲۳/سیر ۳/پاؤ کے برابر ہوتا ہے۔ مفتی صاحب نے مد کے حساب سے ایک صاع کو ساڑھے تین سیر چھ ماشہ قرار دیا ہے، اس اعتبار سے پانچ وسق ساڑھے گیارہ سو سیر چھ چھٹانک کا ہوا[1]

مولانا عبدالصمد رحمانی رَحِمَہُ اللهُ تَعَالٰی کے یہاں مولانا عبدالحیٔ فرنگی محلی کے مسلک کے مقابلہ صاع کی مقدار کم ہے، اس لئے پانچ وسق کی مقدار ۱۸/من تیس سیر ہوتی ہے۔[2]

ڈاکٹر وہبۃ الزحیلی نے جدید اوزان میں چھ سو تریپن کلو گرام کو عشر کا نصاب قرار دیا ہے[3] لیکن ڈاکٹر عبداللہ

---

[1] اوزان شرعیہ، جواهر الفقہ: ۲ [2] دیکھئے: کتاب العشر والزکوٰۃ: ۱۸۷ [3] الفقه الاسلامی وادلته: ۸۱۱/۲

بن محمد طیار نے ذاتی تجربہ کے ذریعہ بڑی تحقیق کر کے گیہوں چاول وغیرہ اجناس میں پانچ وسق کی مقدار چھ سو پچھتر کیلوگرام متعین کی ہے۔[1]

اسلامک فقہ اکیڈمی کے چھٹے فقہی سمینار میں اس مسئلہ سے متعلق جو تجویز منظور ہوئی، وہ اس طرح ہے:

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اور بعض دیگر فقہاء کی رائے میں آیات اور بعض احادیث کے عموم کو پیش نظر رکھ کر وجوب عشر کے لئے پیداوار کی مقدار کا کوئی نصاب نہیں ہے۔ ہر وہ شئ جو زمین سے پیدا ہو، چاہے وہ قلیل مقدار میں ہو یا کثیر مقدار میں، عشر کا نکالنا واجب ہوگا۔ امام ابویوسف وامام محمد رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ و دیگر جمہور ائمہ کے نزدیک حدیث "ليس فيمادون خمسة أوسق صدقة" کی روشنی میں پانچ وسق سے کم اگر پیداوار ہو تو ایسے لوگوں پر عشر واجب نہیں ہے۔ سمینار کی رائے میں چھوٹے کاشتکار یا قدرتی آفات کی وجہ سے بہت کم مقدار میں پیداوار حاصل ہونے کی صورت میں مطلقاً وجوب عشر کے قول کے نتیجے میں دشواریوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اس لئے ایسے حالات میں جب کہ کسی کاشتکار کی کل پیداوار پانچ وسق یعنی چھ کوئنٹل ۵۳ کلو گرام سے کم ہو تو صاحبین و دیگر جمہور ائمہ کے قول پر عمل کرتے ہوئے اگر کوئی ضرورت مند شخص اس پر عشر نہ نکالے بلکہ پوری پیداوار کو اپنے ذاتی استعمال میں لائے تو ایسا کرنا جائز ہے۔ بعض شرکاء کا رجحان ہے کہ اگر نصاب سے کم پیداوار ہو اور دوسرے ذرائع کفالت موجود نہ ہوں تو خود استعمال کرنے کی گنجائش ہے۔[2]

والله أعلم بالصواب.

تعمیری لکڑیوں وغیرہ میں عشر

❷ کن اموال میں عشر واجب ہوگا اور کن اموال میں نہیں؟ اس سلسلہ میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے۔ امام مالک اور امام شافعی رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں ان ہی اموال میں عشر واجب ہوتا ہے، جو خوراک بننے کی صلاحیت رکھتے ہوں اور ذخیرہ کر کے رکھے جاسکتے ہوں۔ ماادخر واقتيت۔[3]

امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں یہ تو شرط نہیں کہ وہ خوراک کے قبیل سے ہو، خشک چیز ہو۔ جمع هذه الأوصاف الكيل والبقاء واليبس[4] اس لئے ائمہ ثلاثہ کے یہاں تو جلاون اور تعمیری مقاصد کے لئے پیدا کی جانے والی لکڑی میں عشر واجب ہونے کا سوال ہی نہیں ہے۔

حنفیہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں عام طور پر جلاون کی لکڑیوں کو عشر سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے، خود امام محمد

---

[1] دیکھئے: الزكاة وتطبيقاتها المعاصرة: ۱۰۰ [2] اہم فقہی فیصلے: ۶۵، ط: ۱۹۹۷ء [3] الافصاح: ۲۰۵/۱

[4] المغنی: ۲۹۳/۲

رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"قلت: أرأيت الرجل يكون له الأرض من أرض العشر فينبت فيه الطرفاء والقصب الفارسي أوغيره هل فيه عشر؟ قالا: لا، ليس فيه عشر لانه حطب، قلت: وكذلك الحشيش والشجر الذى ليس له ثمر مثل وشبهه، قال: نعم[1]"

تَرْجَمَہ: "میں نے امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی سے عرض کیا کہ آپ کا اس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے جس کے پاس عشری زمین ہو اور وہ اس میں جھاؤ اور بانس وغیرہ کی کاشت کرے تو کیا اس میں عشر ہے؟ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی نے کہا کہ نہیں، اس میں عشر نہیں کہ یہ تو عام لکڑی ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ گھاس اور جس درخت کے لئے اس طرح کا پھل نہ ہو اور جو پودے اس کے مماثل ہوں اس کا حکم بھی یہی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں۔"

مگر اصل میں حضرت الامام اور ان کے تلامذہ کی یہ رائے اس بنیاد پر ہے کہ اس زمانہ میں یہ خودرو ہوتے تھے، ان کے درخت لگائے نہ جاتے تھے اور ان کی پیداواری مقصود نہ ہوتی تھی، نہ اس سے کوئی بڑی معاشی منفعت متعلق تھی۔ فی زمانہ یہ بڑی نفع خیز زراعت ہوگئی ہے، شہروں میں جانوروں کے چارے کی باضابطہ فصل لگائی جاتی ہے اور وہ گراں قیمت پر فروخت ہوتا ہے۔ یہی حال جلاون کی لکڑی کا ہے، تعمیری لکڑیوں کی قیمت تو غلوں اور پھلوں سے بھی بڑھ کر ہے؛ اس لئے اگر اس طرح کی لکڑیوں کی کاشت کی جائے تو اس میں بھی عشر واجب ہونا چاہئے۔ اس سلسلہ میں صاحب ہدایہ کی چشم کشا وضاحت ملاحظہ ہو:

"أما الحطب والقصب والحشيش لا تنبت فى الجنان عادة بل تنقى عنها حتى لو اتخذها مقصبة أو مشجرة أو منبتاً للحشيش يجب فيها العشر."[2]

تَرْجَمَہ: "ایندھن کی لکڑی، بانس اور گھاس کی باغات میں کاشت نہیں کی جاتی، بلکہ ان سے صفائی کی جاتی ہے، یہاں تک کہ اگر کوئی شخص بانس کی کوٹھی بنائے یا درختوں اور گھاس کی کاشت کرے تو اس میں عشر واجب ہوگا۔"

قاضی خاں رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں بھی اسی طرح کی صراحت موجود ہے:

"ولو جعل أرضه مشجرة أو مقصبة يقطعها ويبيعها فى كل سنة كان فيه العشر وكذا لو جعل فيها القت للد واب."[3]

---

[1] كتاب الاصل: ۱۴۰/۲، ۱۳۹ [2] هدايه: ۱۸۱/۱ باب زكوة الزروع والثمار

[3] خانيه على هامش الهنديه: ۲۷۶/۱ فصل فى العشر

ترجمہ: "اگر اپنی زمین میں درختوں یا بانسوں کی کاشت کرے کہ اسے ہر سال کاٹ کر فروخت کیا کرے گا تو اس میں عشر واجب ہوگا اور یہی حکم اس وقت بھی ہے جب چوپایوں کے لئے چارہ کی کاشت کی جائے۔"

مکھانے اور سنگھارے میں عشر

مکھانا اور سنگھارا ابنیادی طور پر پودا ہے، گو ان پودوں کی نشو ونما کے لئے پانی کی کافی مقدار ضروری ہے، مگر اس کی جڑیں زمین ہی میں پیوست ہوتی ہیں، اس لئے حنفیہ رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے مسلک پر اس میں بھی عشر واجب ہوگا، اس وقت اس کی کھیتی سے خاص منفعت متعلق ہوگئی ہے، اس کا بھی تقاضا ہے کہ غرباء کو ان کے حق سے محروم نہ رکھا جائے۔

مچھلیوں کا حکم

۳ عشر کن اموال میں واجب ہوگا؟ اس سلسلہ میں حدیث کے الفاظ ہیں: ماأخرجت الأرض۔ اور قرآن نے کہا ہے کہ کھیتی جو کاٹی جائے اس میں عشر ادا کرنا ہے۔ وآتوا حقه يوم حصاده الاية[1] اسی طرح حدیث میں صراحت ہے کہ زمینی پیداوار میں عشر واجب ہوگا، اور آیت میں بھی اس طرف اشارہ موجود ہے۔ زکوٰۃ اور عشر چوں کہ عبادت ہے اس لئے اصولی طور پر اس میں قیاس کو دخل نہیں ہے۔ مچھلیوں کی گو عشری زمین پر پرورش اور نشو ونما ہو، مگر ظاہر ہے وہ "أخرجت الارض" کا مصداق نہیں ہے، اس لئے اس میں عشر واجب نہیں ہوگا اور اموال زکوٰۃ میں سے نہ ہونے کی وجہ سے اگر اس کی تجارت نہ کر رہا ہو تو کسی اور نوع کی زکوٰۃ بھی عائد نہ ہوگی فقہاء اس پر متفق ہیں صرف امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا ایک قول اس سے مختلف نقل کیا گیا ہے:

"واتفقوا على أنه لاتجب الزكوٰة فى كل مايخرج من البحر من لؤ لؤوَ مرجان وزبرجد وعنبر ومسك و سمك وغيره ولوبلغت قيمته نصابا الا فى احدى الروايتين عن أحمد إذا بلغ مايخرج من ذلك نصابا فعليه الزكوٰة."[2]

ترجمہ: "فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ ان چیزوں میں زکوٰۃ واجب نہیں جو سمندر سے نکالی جاتی ہیں، یعنی موتی، مرجان، زبرجد، عنبر، مشک اور مچھلی وغیرہ گو اس کی قیمت نصاب کی مقدار کو پہنچ جائے، البتہ امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے ایک روایت ہے کہ سمندر سے نکلنے والی اشیاء نصاب زکوٰۃ کو پہنچ جائیں تو اس میں زکوٰۃ واجب ہے۔"

[1] انعام: ۱۲۱ [2] الافصاح: ۱/۲۱۸

اس پر امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی وضاحت سے بھی روشنی پڑتی ہے کہ عشری زمین سے تیل، نمک وغیرہ نکلے تو اس میں عشر واجب نہیں ہوتا کہ گویہ "ما أخرجت الأرض" میں ایک حد تک داخل ہے مگر نباتی شئ نہیں ہے:

"قلت أرايت الرجل يكون له الأرض وفيها عين يخرج منها القير والنفط والملح وأرضهن أرض الخراج ماعليه؟ قال: عليه خراج أرضه وليس عليه في هذا شئ، قلت: أرأيت لوكان هذافي أرض عشر هل فيه شئ؟ قال لا، قلت ولِمَ؟ قال لأن هذاليس بثمر."[1]

تَرجَمَہ: "میں نے کہا آپ کا اس شخص کے متعلق کیا خیال ہے جس کی زمین میں چشمے ہوں، جس سے تار کول، پٹرول اور نمک نکلتا ہو اور اس کی زمین خراجی زمین ہو تو اس پر کیا واجب ہوگا؟ امام ابو حنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے فرمایا: زمین کا خراج عائد کیا جائے گا اور پیداوار میں کچھ واجب نہ ہوگا۔ میں نے عرض کیا: اگر یہی چیزیں عشری زمین سے نکلیں تو کیا اس میں کچھ واجب ہے؟ امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے فرمایا: نہیں، میں نے دریافت کیا، کیوں؟ آپ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے فرمایا: اس لئے کہ یہ پھل نہیں ہے!"

شہتوت کے ذریعہ ریشم کی افزائش

۴ شہتوت کے ذریعہ ریشم کے کیڑوں کی پرورش کی جائے اور اس سے ریشم حاصل کیا جائے تو اس میں عشر واجب ہونا چاہئے، گو اس ریشم کی پیدائش زمین سے نہیں ہوتی، شہتوت سے ہوتی ہے، مگر چوں کہ خود شہتوت حنفیہ کے یہاں عشری اموال کی فہرست میں داخل ہے، اس لئے اس کے ذریعہ جن کیڑوں کی پرورش ہو اور ان سے ریشم حاصل ہو ان میں بھی عشر واجب ہوگا، اس کی نظیر شہد ہے حنفیہ کا مسلک ہے کہ:

"العشر واجب في العسل إن كان في أرض العشر."[2]

تَرجَمَہ: "عشری زمین کے شہد میں عشر واجب ہے۔"

حنفیہ اس سلسلہ میں متعدد حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں، گو ان میں سے اکثر حدیثیں اہل فن کے نزدیک متکلم فیہ ہیں، مگر ابو داؤد نے عبداللہ بن عمرو بن العاص رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا کی روایت نقل کی ہے اور اس پر سکوت اختیار کیا ہے اور یہ امر محتاجِ اظہار نہیں کہ ابو داؤد کا کسی حدیث پر خاموشی اختیار کرنا ان کی طرف سے اس حدیث کی توثیق کے مترادف ہوتا ہے۔ صاحب ہدایہ نے اس پر اپنے ذوق کے مطابق عقلی استدلال بھی کیا ہے

[1] کتاب الاصل: ۱۶۲/۲ [2] تاتارخانیہ: ۳۲۵/۱

اوراسی رنگ میں شوافع کے مستدل کا جواب دیا ہے۔ فرماتے ہیں:

"وفی العسل العشر إذأ اخذ من أرض العشر وقال الشافعی رحمه الله تعالیٰ لایجب لأنه متولد من الحیوان فأشبه الابریسم ولنا قوله علیه السلام: فی العسل العشرو لان النحل یتناول من الانوار والثمار وفیهما العشر فکذا فی مایتولد منها بخلاف دود القزلأنه یتناول الاوراق ولاعشر فیها."[1]

ترجمہ: "جو شہد عشری زمینوں سے حاصل ہواس میں عشر واجب ہے۔ امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے ہے کہ شہد میں عشر واجب نہیں، اس لئے کہ یہ حیوان سے پیدا شدہ چیز ہے، لہٰذا یہ ریشم کے مماثل ہے (پس ریشم کی طرح اس میں زکوٰۃ نہیں) ہماری دلیل ارشاد نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ہے کہ شہد میں عشر ہے، نیز اس لئے بھی کہ شہد کی مکھیاں پھولوں اور پھلوں سے رس حاصل کرتی ہیں اور ان دونوں میں عشر واجب ہے تو یہی حکم اس چیز کا بھی ہوگا جو پھولوں اور پھلوں سے پیدا ہوا ہے، بخلاف ریشم کے کیڑے کے کہ وہ پتے کھاتا ہے جس میں عشر واجب نہیں۔"

صاحب ہدایہ کی اس عبارت پر غور کیا جائے، اوّل تو درخت کے پتے قابل انتفاع ہو جائیں اور کسی خاص مقصد کے لئے ان کی کھیتی کی جانے لگے تو وہ عشری ہو جائیں گے، جیسا کہ فقہاء نے ان پودوں اور ان کے پتوں کا حکم مقرر کیا ہے جو خوشبودار ہوں یا جن سے رنگت پیدا کرنے کا کام لیا جاتا ہو، نیز فقہاء نے جلاون کی لکڑی اور بانس وغیرہ کے احکام لکھے ہیں "وسمہ" نامی پتے کے سلسلہ میں امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے خود امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے نقل کیا ہے کہ اس میں عشر ہے۔

"قلت أرأیت الوسمة هل فیها عشر إذاکانت فی أرض العشر قال نعم فی قول ابی حنیفة."[2]

ترجمہ: "میں نے پوچھا وسمہ (ایک رنگ دار پودا) میں عشر ہے اگر عشری زمین میں ہو؟ امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے کہا: ہاں، امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے قول پر۔"

❺ اس لئے جب شہتوت اسی غرض سے لگائے جائیں کہ ان کے پھل سے ریشم کے کیڑے کی پرورش ہوتی ہو، تب تو عشر واجب ہوگا ہی۔ اگر اس کے پتوں سے وہ غذا حاصل کرتا ہو پھر بھی عشر واجب ہوگا۔ واللہ اعلم۔

مکان کے گرد و پیش یا چھت پر کھیتی کا حکم

❻ مکان میں یا اس کے گرد و پیش بارش وغیرہ میں جو درخت لگائے جاتے ہیں ان میں عشر واجب نہیں ہوگا۔

---

[1] هدایه: ۲۰۳/۱ [2] کتاب الاصل: ۱۶۳/۲

"رجل فی داره شجرة مثمرة لاعشر فيه و إن كانت البلدة عشرية بخلاف ماإذاكانت في الأراضي."[۱]

ترجمہ: "ایک شخص کے گھر میں پھل دینے والے درخت ہوں تو اس میں عشر واجب نہیں گو وہ شہر عشری ہو بخلاف اس درخت کے جو (زراعتی) اراضی میں ہوں۔"

علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

"يجب العشر ولوكان الشجر غير مملوك ولم يعالجه أحد و خرج ثمرة شجرفی دار رجل ولو بستاناًفی داره لانه تبع للدار."[۲]

ترجمہ: "عشر واجب ہے گو درخت کسی کی ملکیت نہ ہو اور کسی نے اس کی کھیتی نہ کی ہو، البتہ اس درخت کا پھل مستثنیٰ ہے جو کسی شخص کے مکان میں واقع ہو، مکان میں گو باغ ہی کیوں نہ ہو وہ بھی مکان ہی کے تابع ہے یعنی اس میں عشر واجب نہیں۔"

اسی طرح کی صراحت عالمگیری میں بھی موجود ہے۔[۳]

چھتوں پر کی جانے والی کھیتی کا یہی حکم ہونا چاہئے، البتہ اگر کسی علاقہ میں مکانات کی چھتوں کو باضابطہ کھیت کیطور پر استعمال کیا جاتا ہو اور اس سے پیداوار حاصل کی جاتی ہو تو اب اس میں عشر واجب ہوگا۔ اس لئے کہ اب اس کی حیثیت ضمنی نہیں ہے! مستقل ہے اور مقصود کے درجہ میں ہے۔

اراضی اوقاف

۷ فقہاء کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ خراج کا تعلق تو زمین کی ملکیت سے ہے، مگر عشر کا تعلق حصول پیداوار سے ہے یہ ایک طرح کا "شرعی زراعتی ٹیکس (مئونہ) ہے اور اس کے واجب ہونے کے لئے مکلّف ہونا بھی ضروری نہیں، نابالغ اور عاقل کی محصلہ پیداوار میں بھی عشر واجب ہوتا ہے اس کا تقاضا یہی ہے کہ عشر اوقاف کی جائیداد میں بھی واجب ہونا چاہئے۔ فقہاء کے یہاں اس سلسلہ میں صراحتیں موجود ہیں:

"ويجب مع الدين و فی ارض صغير و مجنون و مكاتب و ماذون ووقف."[۴]

ترجمہ: "دین کے باوجود نابالغ، پاگل، غلام مکاتب، غلام ماذون اور وقف کی زمین میں بھی عشر واجب ہوگا۔"

---

[۱] خانیہ علی هامش الهندیہ: ۲۷۷/۱ [۲] ردالمحتار: ۲۶۵/۳
[۳] ملاحظہ ہو: ۱۸۶/۱ کتاب الزکوٰۃ [۴] درمختار مع الرد: ۲۶۶/۲

علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس سلسلہ میں وضاحت کی ہے کہ یہ حکم اس صورت میں تو متفق علیہ ہے کہ اہل وقف زراعت کریں، اگر دوسرے لوگ کھیتی کریں تو اس صورت میں بھی وہی اختلاف ہے جو کرایہ پر حاصل کردہ زمین میں کھیتی کے سلسلہ میں واقع ہوا ہے۔

"ھذا ظاھر فی ما اذا زرعھا أھل الوقف أما إذا زرعھا غیر ھم بالأجرۃ فیجری فیہ الخلاف الأتی فی الارض المستاجرۃ."[1]

تَرجَمہ: "یہ اس صورت میں تو ظاہر ہی ہے جب خود اربابِ وقف کھیتی کریں، اگر دوسرے لوگ اجرت پر کھیتی کریں تو ایسی صورت میں وہی اختلاف ہے جس کا آگے کرایہ پر حاصل شدہ زمین کے سلسلہ میں ذکر آئے گا۔"

فتاویٰ قاضی خاں میں ہے:

"ویجب العشر فی الاراضی الموقوفۃ و أرض الصبیان و المجانین ان کانت عشریۃ"[2]

تَرجَمہ: "وقف کی اراضی اور بچوں اور پاگلوں کی زمین میں عشر واجب ہوگا، بہ شرطے کہ وہ عشری ہوں۔"

علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"فیجب فی الأراضی التی لامالك لھا وھی الأراضی الموقوفۃ لعموم قولہ تعالٰی. وقولہ علیہ السلام."[3]

تَرجَمہ: "ایسی اراضی میں کہ جس کا کوئی مالک نہ ہو، عشر واجب ہوگا اور وہ وقف کی اراضی ہیں اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے ارشادات میں عموم ہے۔"

یہی بات ہندیہ میں لکھی گئی ہے[4]...... البتہ صرف صاحب خلاصہ کے یہاں اس کے خلاف بات ملتی ہے، وہ کہتے ہیں:

"ولا یجب العشر فی الأراضی الموقوفہ وأرض الصبیان والمجانین إن کانت عشریۃ و إن کانت خراجیۃ ففیھا الخراج."[5]

تَرجَمہ: "اراضی وقف، بچوں اور پاگلوں کی زمینوں میں عشر واجب نہیں گو زمین عشری ہو، ہاں اگر

---

[1] درالمختار: ۲۶۶/۳ [2] خانیہ علی ھامش الھندیہ: ۶۷۶.۶۷۷/۱ [3] بدائع الصنائع: ۱۷۵/۲

[4] دیکھئے: ۱۸۵/۱ الباب السادس فی زکوٰۃ الزروع والثمار [5] خلاصۃ الفتاویٰ: ۲۴۷/۱ ط: نول کشور، لکھنؤ

خراجی زمین ہو تو خراج واجب ہے۔"

مگر فقہاء کی واضح تصریحات کی روشنی میں میرا خیال ہے کہ خلاصہ کے نسخہ میں "یجب" کی جگہ غلطی سے "لایجب" طبع ہوگیا ہے، اگر صاحب خلاصہ کی رائے اس کے خلاف ہوتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ بعد کے فقہاء ان کے اس اختلاف سے یکسر صرفِ نظر کر جاتے اور اس کو قابل ذکر بھی نہیں سمجھتے۔

یہ شبہ نہیں ہونا چاہئے کہ اراضی اوقاف کا نفع بھی چوں کہ غرباء ہی میں صرف ہوتا ہے، اس لئے اس میں عشر واجب قرار دینے کا فائدہ نہیں، اس لئے کہ اول تو ہر وقف فقراء پر ہو، یہ ضروری نہیں اور جو وقف فقراء پر ہو وہ مدات زکوٰۃ ہی میں صرف ہو یہ بھی ضروری نہیں، اس لئے اوقاف میں عشر واجب قرار دینے میں بھی ایک منفعت ہے۔ رہ گئی بات "وقف علی الاولاد" کی تو جب عام اوقاف میں عشر واجب ہے تو وقف علی الاولاد میں تو بدرجۂ اولیٰ واجب ہونا چاہئے۔

فی سبیل اللہ زکوٰۃ کا ایک اہم مصرف

"قرآن مجید نے زکوٰۃ کے جو مصارف ذکر کئے ہیں، ان میں ایک اہم مصرف "فی سبیل اللہ" ہے۔ "فی سبیل اللہ" سے کیا مراد ہے؟ اس سلسلہ میں معاصر اہل علم کی رائیں مختلف ہیں۔ موضوع کی اہمیت کے پیش نظر اسلامک فقہ اکیڈمی کے پانچویں سمینار منعقدہ جامعۃ الرشاد اعظم گڈھ ۱۹۹۲ء میں یہ مسئلہ بھی زیر بحث تھا۔ یہ تحریر اسی موضوع سے متعلق ہے۔"

قرآن مجید نے زکوٰۃ کے جو مصارف ہشتگانہ بیان کئے ہیں ان میں ایک "فی سبیل اللہ" ہے، فی سبیل اللہ سے متعلق تین اہم مباحث ہیں: (۱) اول یہ کہ فی سبیل اللہ سے کیا مراد ہے؟ (۲) دوسرے اس مد میں بھی "مالک بنانے" کی شرط ہے یا نہیں؟ (۳) تیسرے اس مد میں بھی فقر و احتیاج ضروری ہے یا نہیں؟ پہلے نکتہ پر سلف صالحین میں بہت کم اختلاف ہے، لیکن دوسرے اور تیسرے نکات پر ائمہ مجتہدین کے دور سے اختلاف رہا ہے، اس وقت ان تینوں نکات پر گفتگو کی جاتی ہے۔

فی سبیل اللہ میں کچھ لوگ مطلق توسع کے قائل ہیں، بعض حضرات ایک گونہ تحدید کے، اور جمہور محدثین و فقہاء کے نزدیک اس کا دائرہ نہایت محدود ہے؛ اس لئے اس سلسلہ میں سب سے پہلے اہل علم کی آراء پیش کی جائیں گی، پھر متوسعین اور جمہور کی دلیلیں، اس کے بعد ان دلائل کا تجزیہ کیا جائے گا تا کہ کسی نتیجہ تک پہنچا جاسکے۔

جمہور فقہاء کی رائے

ائمہ اربعہ اس بات پر متفق ہیں کہ "فی سبیل اللہ" سے مجاہدین فی سبیل اللہ مراد ہیں، حنفیہ کی رائے طحطاوی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ نے ان الفاظ میں نقل کی ہے:

"قوله في سبيل الله هو منقطع الغزاة والحاج"[۱]

یہی بات "مجمع الانہر" میں کہی گئی ہے[۲] ...... شوافع کے نقطۂ نظر کی ترجمانی سیوطی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ نے ان الفاظ میں کی ہے:

---

[۱] طحطاوی: ۴۷۲/۲ [۲] مجمع الانہر: ۲۲۱/۱

"القائمين بالجهاد لمن لا فئ لهم ولو اغنياء"[1]

کار جہاد انجام دینے والے، جن کا وظیفہ مقرر نہ ہو، گو وہ مالدار ہوں" قرطبی نے مالکیہ کی رائے نقل کی ہے کہ:

"فی سبیل اللّٰه وهم الغزاة"[2]

حنابلہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں بھی مجاہدین اس کا مصداق اولین ہیں

"أما فی سبیل اللّٰه فمنهم الغزاة الذین لا حق لهم فی الدیوان عند الامام احمد"[3]

یہاں تک کہ امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فرمایا، فی سبیل اللہ کا لفظ گو اپنے معنی کے اعتبار سے عام ہے، مگر اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ اس آیت میں مجاہدین ہی اس کا مصداق ہیں:

"سبل اللّٰه کثیرة ولکننی لا أعلم خلافا فی أن المراد بسبیل اللّٰه ها هنا الغزومن جملة سبل اللّٰه"[4]

تَرجَمہ: "اللہ کے راستے بہت ہیں۔ لیکن میرے علم کے مطابق اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ یہاں اللہ کے راستے سے جہاد مراد ہے، جو من جملہ اللہ کے راستوں کے ہے۔"

علامہ عینی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی ناقل فرماتے ہیں:

"وقال السکاکی: منقطع الغزاة وهو المراد من قوله فی سبیل اللّٰه عند أبی حنیفة وأبی یوسف والشافعی و مالك و عند أحمد و محمد منقطع الحاج."[5]

تَرجَمہ: "سکاکی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کہتے ہیں کہ "فی سبیل اللہ" سے مراد امام ابوحنیفہ، امام ابو یوسف، امام شافعی اور امام مالک رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک وہ مجاہدین ہیں، جن کے پاس سامان سفر نہ ہو۔ امام احمد اور امام محمد رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک اس سے سامان سفر سے محروم حاجی مراد ہے۔"

ائمہ مجتہدین تک ہمیں "فی سبیل اللہ" کے مصداق کی تعیین میں صرف دو مواقع پر توسع نظر آتا ہے، ایک یہ کہ مالکیہ کے یہاں مجاہدین کی مد کے علاوہ آلات جہاد کی فراہمی اور دفاعی تیاریوں پر بھی اس کے خرچ کی اجازت ہے[6] ...... جس کا ذکر آگے آئے گا اور امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے ایک قول کے مطابق نیز امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک ایسے حاجی کو بھی اس مد سے دیا جا سکتا ہے جو حج فرض ہونے کے بعد استطاعت حج

---

[1] جلالین: ۱۶۱ [2] الجامع لإحکام القرآن: ۱۸۵/۸ [3] تفسیر ابن کثیر: ۳۸۰/۲

[4] احکام القرآن لابن العربی: ۹۶۹/۲ [5] عینی علی الهدایه: ۲۵/۱ [6] دیکھئے: صاوی علی الجلالین: ۱۵۴/۲

سے محروم ہو گیا ہو، لیکن حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے عام طور پر امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس قول کو قابل ترجیح نہیں کہا ہے، اکثر متون میں اس کو صیغۂ تمریض (قیل) کے ساتھ نقل کیا گیا ہے، نسفی، حصکفی، اسبیجابی رحمہم اللہ تعالیٰ اور اکثر فقہاء نے اس رائے کو معتمد نہیں مانا ہے[1] ...... لیکن حقیقت یہ ہے کہ امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کے درمیان زکوٰۃ کے مسئلہ میں "فی سبیل اللہ" کے مصداق میں یہ وسعت اور تنگی محض لفظی اختلاف کا درجہ رکھتی ہے، کہ حنفیہ کے یہاں مجاہد ہو یا حاجی، اس کے مصرف زکوٰۃ ہونے کے لئے "فقر" ضروری ہے اور "فقر" بجائے خود استحقاق زکوٰۃ کے لئے کافی ہے[2] ...... امام احمد سے بھی ایک قول "فی سبیل اللہ" سے حجاج مراد ہونے کا منقول ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ یہی ان کی معروف و "اظہر" رائے ہے: وقال أحمد فی أظهر الروايتين: الحج من سبيل الله.[3]

متوسعین

بعد کے فقہا میں ایک گروہ ہمیں ایسا نظر آتا ہے جس نے "فی سبیل اللہ" کے معنی میں عموم و وسعت کی راہ اختیار کی ہے ان میں سر فہرست چھٹی صدی کے نامور فقیہ و عالم ملک العلماء علامہ کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا نام نامی آتا ہے، وہ فرماتے ہیں:

"وفی سبيل الله عبارة عن جميع القرب فيدخل فيه كل من سعى فی طاعة الله وسبيل الخيرات"[4]

ترجمہ: "فی سبیل اللہ تمام نیکیوں سے عبارت ہے اور اس میں اللہ کی اطاعت اور نیکیوں کے راستہ میں کی جانے والی ہر کوشش داخل ہے۔"

مگر علامہ کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک ہاتھ سے "فی سبیل اللہ" کے مفہوم میں جو وسعت برتی تھی، دوسرے ہاتھ سے اسے یہ قید لگا کر واپس بھی لے لیا ہے کہ:

"إذا كان محتاجاً"

ترجمہ: "بشرطیکہ وہ محتاج ہو۔"

جب حاجت اور فقر کی شرط پر زکوٰۃ دی جائے گی، تو عملاً اس مصرف میں وہی تحدید باقی رہے گی جو دوسرے فقہاء کے یہاں ہے، تاہم شاید کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس تشریح سے فائدہ اٹھا کر صاحب فتاویٰ ظہیریہ نے "طلبۂ علوم دینیہ" کو اس مد کا مصداق قرار دیا ہے[5] ...... لیکن عام طور پر فقہاء نے "طلبہ" کے لئے بھی فقر و

[1] دیکھئے: رد المختار: ۲۸۹/۳ [2] البحر الرائق: ۲۴۲/۲ [3] رحمة الامة: ۱۱۲
[4] بدائع الصنائع: ۴/۲ء [5] تاتار خانیه: ۲۷۰/۲، بحر الرائق: ۲۴۲/

احتیاج کی قید برقرار رکھی ہے، اسی لئے عملاً زکوٰۃ کی اس مد کے سلسلہ میں ان حضرات کی آراء سے کوئی حقیقی توسع پیدا نہیں ہوتا، اس لئے حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے کہا ہے کہ تعبیر و مراد کا یہ فرق صرف وصیت و اوقاف کے باب میں ظاہر ہوگا۔

"وثمرة الإختلاف فی نحو الاوقاف."[1]

جن فقہاء کے ہاں "فی سبیل اللہ" والے مد میں فقر و احتیاج کی شرط نہیں، ان کے ہاں البتہ "فی سبیل اللہ" کے معنی میں توسع حقیقی طور پر اثر انداز ہوگا ...... اس سلسلہ میں غالباً سب سے پہلے مشہور شافعی عالم قفال رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے بعض فقہاء سے توسع نقل کیا ہے اور کہا کہ:

"أنهم أجازوا صرف الصدقات الی جمیع وجوه الخیر من تکفین الموتی و بناء الحصون و عمارة المسجد لأن قوله وفی سبیل اللّٰه عام فی الکل."[2]

تَرجَمَہ: "فقہاء نے تمام کارہائے خیر جیسے مردہ کو کفن، قلعوں اور مسجدوں کی تعمیر میں صدقات کے خرچ کرنے کی اجازت دی ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "فی سبیل اللہ" ان سب میں عام ہے۔"

تفسیر مواہب الرحمٰن میں بھی صاحبِ رائے کی وضاحت کے بغیر بعض فقہاء سے اس طرح کی رائے نقل کی گئی ہے۔

امام فخر الدین رازی نے اسی قول کو نقل کیا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دبے لفظوں میں انہوں نے اس کی تائید بھی کی ہے:

"إعلم أن ظاهر اللفظ فی قوله و فی سبیل اللّٰه لا یوجب القصر علی کل الغزاة."[3]

افسوس کہ قفال رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ان فقہاء کا نام بھی ذکر نہ کیا جو لغوی معنی کے اعتبار سے اس مد میں وسعت کے قائل تھے، شاید ایسا اس لئے ہوا ہو کہ اس زمانہ میں یہ قول "شذوذ" کا درجہ رکھتا تھا اس لئے انہوں نے اس کو قابل ذکر بھی نہ سمجھا ہو، اس کے بعد تین سو سال سے زیادہ عرصہ تک اس رائے کی کوئی تائید ہوتی نظر نہیں آتی، سوائے اس کے کہ بعض مصنفین نے مذاہب و آراء کی نقل کے ذیل میں ایک ایسی رائے کی حیثیت سے اس کا ذکر کردیا، جس کے حاملین اور قائلین بھی پردہ ابہام میں ہوں، پھر گیارہویں صدی کے مشہور محقق اور محدث علامہ مرتضیٰ زبیدی (م ۱۲۰۵ھ) نے اس کی تائید میں چند سطریں لکھیں، فرماتے ہیں:

---

[1] درمختار علی هامش الرد: ۲۸۹/۳ [2] مفاتیح الغیب: ۱۱۳/۱۶ [3] حواله مذکور

"یمکن أن یرید المجاهدین والإنفاق منها فی الجهاد لأنه یطلق علیه هذا الاسم عرفاً و یمکن أن یرید سبیل الخیر کلها المقربة إلی اللّٰه"[1]

ترجمہ: "ممکن ہے کہ مجاہدین پر اور جہاد میں خرچ کرنا مراد لیا جائے، اس لئے کہ عرف میں اس نام (فی سبیل اللہ) کا اطلاق اسی پر کیا جاتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ خیر کے وہ تمام راستے جو اللہ سے نزدیک کرنے والے ہیں، وہ مراد ہوں۔"

پھر اپنے مذاق متصوفانہ کی وجہ سے اس میں وہ عموم برتا کہ مجاہدین کارزار سے لے کر مجاہدۂ نفس کرنے والوں تک اس کا دائرہ وسیع کر دیا اور پیاسے جانوروں اور درختوں کی بھی اس مد زکوٰۃ سے محرومی گوارا نہ کی، لکھتے ہیں:

"بل ما تقتضیه المصلحة العامة لکل انسان بل لکل حیوان حتی الشجرة یراها تموت عطشا فیکون عنده بما یشتری لها ما یستقیها به من مال الزکاة فیسقیها بذالك فإنه من سبیل اللّٰه و إن أراد المجاهدین فالمجاهدون معلومون بالعرف من هم والمجاهدون أنفسهم أیضا فی سبیل اللّٰه فیعانون بذاك علی جهاد أنفسهم."[2]

ترجمہ: "بلکہ ہر انسان، بلکہ ہر جانور یہاں تک کہ وہ درخت جو پیاس سے سوکھ رہا ہو، کے لئے مصلحت عامہ کا جو تقاضہ ہو وہ سب فی سبیل اللہ میں داخل ہے۔ کہ اگر اس کے پاس مال زکوٰۃ میں ایسا مال ہو جس کے ذریعہ وہ اس کی آبیاری کا سامان کر سکے، تو اس کو اس سے سیراب کرے۔ اس لئے کہ اس کا شمار بھی فی سبیل اللہ میں ہے۔ اور اگر اس سے مجاہدین مراد لیں۔ تو جو لوگ اپنے نفس سے جہاد کرنے میں مشغول ہوں وہ بھی فی سبیل اللہ کا مصداق ہیں کہ زکوٰۃ کے ذریعہ وہ مجاہدۂ نفس میں مدد لیتے ہیں۔"

اس کے بعد نسبۃً کم درجہ کی توسیع علامہ صنعانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے ہاں ملتی ہے، انہوں نے مجاہدین پر قیاس کرتے ہوئے قضاۃ، مفتیین اور مدرسین کو بھی اسی زمرہ میں رکھا ہے؛

"ویلحق به من کان قائماً بمصلحة عامة من مصالح المسلمین کالقضاء و الافتاء والتدریس و إن کان غنیاً."[3]

ترجمہ: "اسی سے وہ لوگ بھی ملحق ہیں جو مسلمانوں کی مصالح میں سے کسی عام مصلحت کو انجام

[1] اتحاف: ۴/۲۵۰ [2] اتحاف: ۴/۱۲۵۰ [3] سبل السلام: ۲/۶۳۴

دینے میں مشغول ہوں۔ جیسے: قضاء، افتاء، تدریس اگرچہ وہ غنی ہوں۔"

ہر چند کہ شاہ ولی اللہ صاحب رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے صراحۃً اس مد کی کوئی ایسی تشریح نہیں کی ہے، جو وسعت کو بتاتی ہو، لیکن ان کی بعض عبارتوں سے مترشح ہے کہ مصارف زکوٰۃ میں وہ تحدید وحصر کے قائل نہیں ہیں، بلکہ قرآن مجید کی تعبیر کو محض حصر اضافی مانتے ہیں، فرماتے ہیں:

"فالحصر فی قوله تعالٰی (انما الصدقات) اضافی بالنسبة إلی ما طلبه المنافقون فی صرفها فی مایشتهون علی ما یقتضیه سیاق الآیة و السر فی ذالك ان الحاجات غیر محصورة و لیس فی بیت المال فی البلاد الخالصة للمسلمین غیر الزكوٰة كثیر مال فلا بد من توسعة لتكفی نوائب المدینة. واللّٰه اعلم"[1]

تَرجَمۂ: "اللہ تعالیٰ کے ارشاد: "انما الصدقات" میں حصر اضافی ہے منافقین، صدقات کو ان کی خواہشات کے مطابق صرف کرنے کا مطالبہ کرتے تھے، یہ حصر اسی کے مقابل ہے، آیت کے سیاق کا تقاضہ یہی ہے اور اس کی حکمت یہ ہے کہ حاجتیں بے شمار ہیں۔ مسلمانوں کے خالص ممالک کے بیت المال میں زکوٰۃ کے سوا بہت سارا مال نہیں۔ لہٰذا اس میں توسع ضروری ہے تاکہ یہ شہر کے ہنگامی مسائل کے لئے بھی کفایت کرے۔"

سترہویں صدی کے صنعتی اور فکری انقلاب کے بعد مغرب بڑی قوت سے اسلام پر حملہ زن ہوا اور اس نے عالم اسلام پر استغلال کے ساتھ ساتھ اسلام پر بھی فکری اور نظری یلغار اپنے تمام وسائل کے ساتھ شروع کردی۔ دوسری طرف اسلام کے خادمین اور اس کے فکری و علمی محافظین کا رشتہ حکومت وسلطنت سے کٹ کر رہ گیا اور وسائل و ذرائع سے محرومی ان کے سامنے ایک سوالیہ نشان بن گئی کہ ان حالات میں کہ باطل پورے مادی وسائل کے ساتھ علم وقلم کی شمشیر بے نیام لے کر بڑھ رہا ہے، اسلامی سلطنتیں مغربی تہذیب کے سامنے سپر انداز ہو چکی ہیں اور ان کے بیش قدر ذرائع میں ثقافت وتہذیب کے نام پر "بددینیوں" کے لئے تو وافر حصہ ہے لیکن حفاظت اسلام کے لئے نہ صرف کوئی حصہ نہیں، بلکہ وہ ایک جرم کا درجہ رکھتا ہے، ان حالات میں وہ اسلام کی فکری مورچہ بندی اور اہل باطل کی صف شکنی اور مدافعت کے لئے کہاں سے وسائل لائیں؟

اس صورت حال نے پورے جذبۂ اخلاص کے ساتھ ان کو راہ بتائی کہ "فی سبیل اللہ" کے معروف مفہوم کی بجائے اس کے لغوی معنی کو اختیار کرتے ہوئے زکوٰۃ سے اس ضرورت کی تکمیل کی جائے، اسی لئے اس صدی

[1] حجة اللّٰه البالغه: ۱۴۶/۲، مع ترجمہ اردو

سے پہلے جہاں محقق علماء کے یہاں اس رائے کو ایسا ''شذوذ'' سمجھا جاتا تھا کہ یہ تک کسی نے نہیں لکھا کہ اس وسعت کا قائل کون ہے؟ اس صدی میں عالم اسلام کے وہ علماء جو اسلام کے قلب وجگر اور زبان ودہن بن کر اسلام کی فکری سربلندی کا اثبات کرتے رہے اور ''کلمۃ اللہ تعلو ولا تعلیٰ'' کا ذریعہ بننا ان کو نصیب ہوا، انہوں نے ہی اس مد میں وسعت وکشائش کا آوازہ بلند کیا، یہ ہیں: صاحب المنار علامہ رشید رضا مصری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ جنھوں نے غالباً سب سے پہلے اس نقطۂ نظر کو دلائل و براہین کے پیرہن کے ساتھ پیش کیا[1] ...... علامہ سیّد سلیمان ندوی[2] رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ...... مولانا ابوالکلام آزاد[3] رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ...... نواب صدیق حسن خاں[4] ...... ماضی قریب کے علماء میں مولانا سید احمد عروج قادری[5] رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ...... مولانا امین احسن اصلاحی[6] رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ ...... اور بعض دوسرے علماء۔

ڈاکٹر یوسف قرضاوی۔ جن کی ''فقہ الزکوٰۃ'' اسلامی کتب خانہ میں ایک گرانقدر اضافہ ہے ...... نے اس تحدید وتوسیع کے درمیان ایک درمیانی راہ نکالی کہ فی سبیل اللہ سے مراد گو ''مجاہدین'' ہی ہیں، لیکن جہاد سے صرف ''جہاد بالسیف'' ہی مراد نہیں ہے، جہاد بالقلم اور جہاد باللسان وغیرہ بھی اس میں داخل ہے[7] ...... ہر چند کہ قرضاوی صاحب نے رشید رضا کی بے روک ٹوک توسیع پر نقد کر کے یہ راہ وسط نکالی ہے، لیکن ''جہاد'' کے مفہوم میں اس عموم کے بعد حقیقت یہی ہے کہ رشید رضا اور قرضاوی صاحب کی رائے میں عملاً کوئی بڑا فرق باقی نہیں رہ پاتا۔

جمہور کے دلائل

جمہور فقہاء جو اس مد کو ''مجاہدین'' اور ''غزاۃ'' تک محدود مانتے ہیں، ان کے دلائل حسب ذیل ہیں:

1. ''انما'' کا لفظ عربی زبان میں حصر کو بتلاتا ہے اور ''فی سبیل اللہ'' کو لغوی معنی کے اعتبار سے عام رکھا جائے تو پھر مصارف زکوٰۃ میں کوئی تحدید باقی نہیں رہتی۔
2. زکوٰۃ کے آٹھ مصارف کی تعیین اس بات کی متقاضی ہے کہ ان تمام مدات میں نوعیت کا اختلاف پایا جائے، لیکن ''فی سبیل اللہ'' میں اگر اس درجہ عموم روا رکھا جائے تو ادنیٰ تکلف کے بغیر بقیہ ساتوں مصارف بھی ''فی سبیل اللہ'' کے تحت آجاتے ہیں۔
3. احادیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ آٹھ مصارف میں تحدید اور انحصار ہی شارع کا منشاء ہے اور ''فی سبیل اللہ'' میں عموم کے بعد اس منشاء کی تکمیل ممکن نہیں ابوداؤد شریف میں مروی ہے:

---

[1] تفسیر المنار: ۵۰۶/۱۰، ۵۰۵ [2] سیرۃ النبی: ۱۲۶/۵ [3] ترجمان القرآن: ۳۱۹/۳

[4] الروضۃ الندیہ: ۲۰۷/۱، ۲۰۶ [5] دیکھئے: عشر وزکوٰۃ اور سود کے چند مسائل [6] تدبر قرآن: ۱۹۲/۳

[7] فقہ الزکوٰۃ: ۵۸/۲، ۶۵۷

"عن زیاد بن حارث الصدائی قال: أتیت رسول اللّٰہ فبا یعتہ وذکرحدیثاً طویلاً فأتاہ رجل فقال أعطنی من الصدقة، فقال لہ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ عیلہ وسلم: إن اللّٰہ لم یرض بحکم نبی ولا غیرہ فی الصدقات حتیٰ حکم فیھا ھو فجزء ھا ثمانیة أجزاء فان کنت من تلک الأجزاء أعطیتک حقک."[1]

تَرْجَمَہ: "زیاد بن حارث صدائی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ میں رسول اللہ کے پاس آیا اور میں نے بیعت کی، زیاد نے ایک طویل حدیث کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک شخص آپ کے پاس آیا اور اس نے کہا: مجھے صدقہ دیجئے۔ آپ نے اس سے فرمایا کہ صدقات کے معاملہ کو اللہ تعالیٰ نے نبی یا کسی اور کی مرضی پر نہیں رکھا ہے۔ بلکہ اس کے بارے میں خود فیصلہ فرما دیا اور آٹھ صنفیں مقرر کردیں۔ اگر تم ان میں سے ہو تو میں تم کو تمہارا حق دے دوں۔"

❹ "فی سبیل اللہ" کی حیثیت ایک اصطلاح شرع کی ہے، لہٰذا جب یہ لفظ مطلق بولا جائے تو اس سے "مجاہدین فی سبیل اللہ" ہی مراد ہوں گے، چنانچہ امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فرمایا:

"سبل اللّٰہ کثیرة ولکن لا أعلم خلافاً فی أن المراد بسبیل اللّٰہ ھٰھنا الغزو فی سبیل اللّٰہ."[2]

تَرْجَمَہ: "اللہ کے راستے تو بہت ہیں؛ لیکن میرے علم کے مطابق اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں کہ یہاں "سبیل اللہ" سے جہاد فی سبیل اللہ مراد ہے۔"

اس طرح کی تصریحات دوسرے اہل علم کے یہاں بھی موجود ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔

❺ غور کیا جائے تو چوتھی صدی ہجری تک "فی سبیل اللہ" کے مصداق میں دو کے سوا کوئی تیسرا قول نہیں ملتا، ایک مجاہدین اور متعلقات جہاد دوسرے حجاج۔ گویا ائمہ مجتہدین کے دور میں اس پر اجماع منعقد ہو چکا، اس کے بعد کسی اور رائے کا اظہار گویا خرق اجماع کے مترادف ہے۔

❻ مصارف زکوٰۃ کی آیت سے پہلے قرآن مجید میں جہاد کا ذکر کیا گیا ہے، اور "انفروا خفا فاً وثقالاً"[3] کی ترغیب دی گئی ہے، قرآن مجید کا عام اسلوب بیان یہ ہے کہ وہ ایک مسئلہ کے ذکر کے بعد جب دوسرے مسئلہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے، تو ان دونوں میں کوئی مناسبت اور باہمی ربط ہوا کرتا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہاں فی سبیل اللہ سے "مجاہدین فی سبیل اللہ" مراد ہیں۔[4]

---

[1] ابو داؤد: ۲۳۰/۱ کتاب الزکوٰۃ، نیز ملاحظہ ہو: درمنثور: ۲۲۰/۲

[2] احکام القرآن لا بن عربی: ۹۶۹/۲

[3] الاساس فی التفسیر للشیخ السید حوصی: ۲۳۱۲/۴

[4] التوبة: ۴۱

متوسعین کی دلیلیں

❶ فی سبیل اللہ اپنے لغوی معنی کے اعتبار سے عام ہے اور کتاب وسنت میں جو عام وارد ہوں، وہ اپنے عموم پر باقی رہتے ہیں، سوائے اس کے کہ اس کے خلاف کوئی قرینہ موجود ہے۔ امام رازی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اسی عموم سے استدلال کیا ہے۔[1]

❷ اگر ''فی سبیل اللہ'' سے مجاہدین ہی مراد ہوں تو ان پر ان دوسرے لوگوں کو قیاس کیا جاسکتا ہے، جو مسلمانوں کی مصالح عامہ کو انجام دیتے ہوں جیسے قضاۃ، اہل افتاء، مدرسین وغیرہ۔ علامہ صنعانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس طرف اشارہ کیا ہے[2] اور صنعانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا خیال ہے کہ اسی طرف امام بخاری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا میلان تھا، چنانچہ انہوں نے اپنی ''صحیح'' میں ایک عنوان اس طرح قائم فرمایا ہے ''باب رزق الحاکم و العاملین علیہا[3]''...... (قاضی اور عاملین زکوٰۃ کے کفاف کا بیان)۔ غرض اعلاء کلمۃ اللہ کی علت میں اشتراک کی وجہ سے دوسرے لوگوں کو بھی اس زمرہ میں رکھ کر ان کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

❸ قرآن مجید نے بعض مصارف پر لام داخل کیا ہے جو 'تملیک'' کے معنی میں ہوتا ہے۔ گویا ان مصارف میں افراد واشخاص کی حاجت روائی اور ان کو مالک بنانے کی طرف اشارہ ہے، جب کہ بعض مصارف پر ''فی'' داخل کیا گیا ہے، جس سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس مد سے اشخاص وافراد بذاتِ خود مراد نہیں ہیں، بلکہ شریعت کی کچھ خاص مصلحتیں پیش نظر ہیں کہ زکوٰۃ کے ذریعہ ان کی تکمیل کی جائے۔ لہٰذا ''جہاد فی سبیل اللہ'' کی مصلحت اور مقصود کی جن ذرائع سے بھی تکمیل ہوتی ہو، تکمیل جائے گی۔

❹ مصارف زکوٰۃ پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ بنیادی طور پر اس کے دو مقاصد ہیں، ایک مقصد فقراء کی حاجت کو پورا کرنا ہے، دوسرا مقصد اعلاء کلمۃ اللہ ہے۔ فقراء ومساکین، ابن سبیل، غارمین اور عاملین وغیرہ پہلے مقصد کو پورا کرتے ہیں جب کو مؤلفۃ القلوب اور فی سبیل اللہ سے دوسرے مقصد کی تکمیل ہوتی ہے۔ فی زمانہ چوں کہ اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے جہاد بالسیف سے بڑھ کر جہاد بالقلم کی ضرورت ہے اور آج کارگاہِ مقابلہ صحافت، ادب، تصنیف وتالیف اور علم وفن بن چکا ہے، اس لئے شریعت کے اس منشأ ومصلحت کی تکمیل اس کے بغیر ممکن نہیں کہ فی سبیل اللہ کے مفہوم میں وسعت برتی جائے۔

❺ قرن اول میں فی سبیل اللہ سے بعض صحابہ نے ''حج'' مراد لیا ہے، جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ اس سے مراد حجاج اور عمرہ کرنے والے ہیں، اسی طرح کا قول حضرت عبداللہ بن

[1] تفسیر کبیر: ۱۶/۱۱۳ نیز ملاحظہ ہو: اتحاف السادة المتقين للزبيدی: ۴/۲۵۰

[2] سبل السلام: ۲/۶۳۴ [3] بخاری شریف: ۲/۱۰۶۱

عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے بھی منقول ہے، نیز امام بخاری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے ابولاس سے نقل کیا ہے کہ آپ نے ان کو صدقہ کا اونٹ عطا فرمایا تھا[1] اس سے معلوم ہوا کہ فی سبیل اللہ کی مد مجاہدین میں منحصر نہیں ہے۔

۶ فقہاء متاخرین کے یہاں اس بات کی صراحت ملتی ہے کہ انہوں نے طلبہ علوم دینیہ کو بھی اس مد میں شمار کیا ہے، فقہاء مالکیہ نے تو بہ بانگ دہل غنی طلبہ کو بھی اس مد میں شامل رکھا اور وجہ بتائی ہے کہ وہ بھی مجاہدین ہیں، چنانچہ علامہ صاوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"مذهب مالك أن طلبة العلم المنهمكين فيه لهم الأخذ من الزكوٰة ولو غنيا إذا انقطع حقّهم من بيت المال لأنّهم مجاهدون."[2]

ترجمہ: "امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا مذہب یہ ہے کہ طلبہ جو علم میں منہمک ہوں، ان کے لئے زکوٰۃ لینا درست ہے۔ گو وہ مال دار ہوں، بشرطیکہ بیت المال سے ان کا حق مسدود ہوگیا ہو؛ اس لئے کہ وہ مجاہدین ہیں۔"

لیکن خود فقہاء حنفیہ کے یہاں بھی ایسی صراحتیں مل جاتی ہیں کہ غنی طلبہ کو زکوٰۃ کی رقم دی جاسکتی ہے، علامہ حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے صاحب واقعات سے نقل کیا ہے:

"إن طالب العلم يجوز له أخذ الزكوٰة ولو غنيا إذا فرّغ نفسه لإفادة العلم و إستفادته لعجزه عن الكسب."[3]

ترجمہ: "طالب علم گو غنی ہو، اگر وہ اپنے آپ کو علم کے افادہ اور استفادہ کے لئے فارغ کرلے تو اس کے لئے زکوٰۃ لینا جائز ہے۔ کیوں کہ وہ کسب معاش سے عاجز ہے۔"

۷ مصارف صدقات کی آیت میں "انما" حصر حقیقی کے لئے نہیں ہے بلکہ حصر اضافی کے لئے ہے، چوں کہ منافقین آرزومند تھے کہ صدقات میں سے ان کو دیا جائے، جیسا کہ اس آیت سے پہلے کی آیت میں مذکور ہے، قرآن ان کے استحقاق کی نفی کرنا چاہتا ہے تو قرآن مجید کا منشاء صرف منافقین کے استحقاق کی نفی کرنا ہے، مطلق حصر و تحدید مقصود نہیں۔[4]

جمہور کی دلیل پر ایک نظر

اب ہم ایک نظر ان دلائل پر ڈالیں گے جو فریقین کی جانب سے پیش کئے گئے ہیں۔ جمہور کی طرف سے

[1] ملاحظہ ہو احکام القرآن للقرطبی: ۱۸۵/۸ نیز ملاحظہ ہو صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ، باب قولہ تعالیٰ والغارمین وفی سبیل اللہ وابن السبیل [2] حاشیہ صاوی علی تفسیر الجلالین: ۱۵۴/۲ [3] درمختار علی ہامش الرد: ۲۸۵/۳ نیز ملاحظہ ہو مراقی الفلاح: ۴۷۵ [4] ملاحظہ ہو حجۃ اللہ البالغہ: ۱۰۶/۲ مصارف زکوٰۃ

''فی سبیل اللہ'' میں مجاہدین کی تخصیص پر یہ استدلال کہ اس سے پہلے جہاد کا مضمون آیا ہے؛ اس لئے ضروری ہے کہ یہاں بھی ''فی سبیل اللہ'' سے جہاد ہی مراد ہو، محض ایک قرینۂ بعید کا درجہ رکھتا ہے، منافقین گو نماز و روزہ بظاہر کر لیتے تھے؛ لیکن سب سے زیادہ ''جہاد'' سے راہ فرار اختیار کرتے تھے، اس لئے ترغیب جہاد کے بعد روئے سخن منافقین کی طرف ہوا اور چوں کہ منافقین مفت خوری کے متمنی رہتے تھے، اس لئے ایک طرف ان کے اس مزاج و مذاق کی مذمت کی گئی اور دوسری طرف یہ وضاحت بھی کردی گئی کہ زکوٰۃ و صدقات کے مصرف کون لوگ ہیں؟ اس طرح فی سبیل اللہ کے مفہوم میں تحدید و حصر کے بغیر بھی آیت کے سیاق و سباق سے اس کا ربط قائم رہتا ہے۔ اس کے سوا جمہور نے اپنے نقطۂ نظر پر جو نکات پیش کئے ہیں وہ کافی قوی ہیں!

متوسعین کے دلائل پر ایک نظر!

❶ دوسرے گروہ کی سب سے قوی دلیل ''فی سبیل اللہ'' کا لفظی اعتبار سے عموم و اطلاق ہے۔ لیکن اگر جمہور کے نقطۂ نظر کے مطابق اس کو ایک شرعی اصطلاح تسلیم کر لیا جائے تو پھر اس دلیل میں کوئی وزن باقی نہیں رہتا، اس لئے کہ اصطلاحات شرعیہ میں الفاظ کے عموم و اطلاق اور اس کے حقیقی و لغوی معنی کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔

❷ ''مجاہدین'' پر مصارف زکوٰۃ کے باب میں دوسروں کو قیاس کرنا اس لئے قرین صواب نہیں کہ زکوٰۃ عبادت ہے اور عبادت میں اصل ''تعبد'' ہے اور تعبدی احکام میں اصولی طور پر قیاس کو دخل نہیں۔

❸ ''لام'' اور ''فی'' سے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ پہلی قسم کے مدات میں شارع نے صرف اشخاص کی ضرورت کو سامنے رکھا ہے، دوسری قسم کی مدات میں مصالح بھی پیش نظر ہیں؛ لیکن خود قرآن مجید کی تعبیر سے واضح ہے کہ ان مدات میں بھی مجرد مصلحت مقصود نہیں ہے بلکہ افراد کے واسطہ سے مصلحت کی تکمیل مقصود ہے، غور کیا جائے کہ فک رقاب کا مسئلہ ہو، ابن سبیل کی مد ہو یا غارمین کا، ہر جگہ افراد و اشخاص کے ذریعہ مصلحت کی تکمیل ہوتی ہے، اس لئے ''فی سبیل اللہ'' والی مصلحت بھی افراد و اشخاص کے واسطہ سے مکمل کی جائے گی محض رفاہی اور دینی افعال و اعمال کے ذریعہ نہیں، اسی لئے جو لوگ ''فی سبیل اللہ'' سے مجاہدین مراد لیتے ہیں، ان کے ہاں اصل عبارت "فی سبیل الغزاة فی سبیل اللّٰہ" قرار پائے گی۔ علامہ زمخشری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے تعبیر میں ''لام'' سے ''فی'' کی طرف عدول کی اچھی عقدہ کشائی کی ہے، فرماتے ہیں:

"فإن قلت: لم عدل عن اللام إلى فی فی الأربعة الاخیرة قلت: للایذان بأنهم أرسخ فی إستحقاق التصدق علیهم من سبق ذکره لان "فی" للوعاء فنبه علی انهم احقاء بأن توضع فیهم الصدقات و یجعلوا مظنة لها و مصبا و

ذالك لما فى فك الرقاب من الكتابة أوالرق أوالاسر وفى فك الغارمين من الغرم من التخليص و الانقاذونجمع الغازى الفقيرأ والمنقطع فى الحج بين الفقر او العبادة و كذالك إبن السبيل جامع بين الفقر والغربة عن الأهل والمال و تكرير "فى" فى قوله و فى سبيل الله و ابن السبيل فيه فضل ترجيح لهذين على الرقاب و الغارمين."[1]

ترجمہ: "اگر تم کہو کہ آخری چار مصارف میں "لام" سے "فی" کی طرف کیوں رجوع کیا گیا تو میں کہوں گا کہ یہ بتانے کے لئے کہ وہ بہ مقابلہ سابق الذکر مدات کے صدقہ کے زیادہ مستحق ہیں؛ اس لئے کہ "فی" ظرف کے لئے ہے۔ تو اس بات پر متنبہ فرمایا گیا کہ وہ لوگ اس بات کے زیادہ مستحق ہیں کہ ان میں زکوٰۃ رکھی جائے۔ "فک رقاب" یعنی غلام مکاتب یا مطلق غلام یا قیدیوں کو آزاد کرنے اور مقروضوں کی قرض سے گردن چھڑانے میں ان کو نجات دلانا اور غلامی سے نکالنا ہے اور محتاج مجاہد یا حج میں جس کا سامان سفر ختم ہو گیا ہو، وہ فقر و محتاجی اور عبادت دونوں کو جمع کئے ہوئے ہے۔ اسی طرح مسافر میں محتاجی نیز اہل و عیال اور مال سے دوری دونوں جمع ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ کے ارشاد "فی سبیل اللہ" اور "ابن السبیل" میں "فی" کی تکرار سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان دونوں مدات کو "رقاب" (غلام کو آزاد کرنے) اور "غارمین" (مقروضوں کی مدد) پر زیادہ ترجیح حاصل ہے۔"

آلوسی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس پر اس نکتہ کا اضافہ کیا ہے کہ پہلے چار مصارف میں خود ان کو مالک بنایا جاتا ہے، جب کہ بعد کے چاروں مصارف میں خود اس کو مالک بنانا مقصود نہیں ہوتا، بلکہ اس کی مصلحتوں کی تکمیل مقصود ہوتی ہے، تو اس لئے "لام تملیک" پہلے چاروں مصارف کے لئے زیادہ مناسب و موزوں تھا۔[2]

❹ اس میں شبہ نہیں کہ مصارف زکوٰۃ پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ فقراء کی حاجت روائی اور اعلاء کلمۃ اللہ زکوٰۃ کے دوگانہ مقاصد ہیں اور جہاد بالسیف کے علاوہ بھی اظہار دین اور اعلاء کلمۃ اللہ کے مختلف ذرائع ہیں، لیکن ظاہر ہے "اعلاء کلمۃ اللہ" کی حیثیت ایک حکمت و مصلحت کی ہے اور احکام کی بنیاد "حکمت" پر نہیں ہوتی، علت پر ہوتی ہے، علت جیسے "عاملین" میں "عمل عامل" اور "غارمین" میں مقروض ہونا یا بعض فقہاء کی رائے پر دو مسلمانوں کے درمیان مصالحت کے لئے مالی بار کو برداشت کرنا ہے، اسی طرح "فی سبیل اللہ" جہاد ہے اور جہاد کا اصطلاحی مفہوم "جہاد بالسیف" ہے، اس لئے حکم کی بنیاد و اساس اسی پر رہے گی۔

[1] الكشاف: ۵۹/۲، ۱۵۸ [2] روح المعانی: ۱۲۴/۱۰

۵ "فی سبیل اللہ" میں امام احمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے ایک قول کے مطابق حجاج کو داخل کرنا حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا کے اثر پر مبنی ہے، لیکن خود ابن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کے اثر کا بہ نظر غائر جائزہ لیا جائے تو اس سے مصرف زکوٰۃ والے "فی سبیل اللہ" میں عموم قرین صواب نظر نہیں آتا، قرطبی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے اس روایت کو اپنی تفسیر میں تفصیل سے ذکر کیا ہے، اصل میں ایک شخص نے اپنے مال کے ایک حصہ کی "فی سبیل اللہ"، وصیت کی تھی، خاتون نے آکر حضرت ابن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ سے مسئلہ پوچھا، انہوں نے فرمایا: "فھو کما قال فی سبیل اللّٰہ"، اس مجمل جواب سے خاتون کی الجھن دور نہ ہوئی۔ اس لئے عبدالرحمان بن ابی نعیم نے جوان کے ساتھ تھے۔ مکرر توجہ دلائی، ابن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے فرمایا کہ تم چاہتے ہو کہ میں اسے کہوں کہ ان فوجیوں کو دے دے جو زمین میں فساد مچاتے پھرتے ہیں اور راہگیروں کو لوٹتے ہیں؟ عبدالرحمٰن نے دریافت کیا: پھر آپ اس کو کس مد میں خرچ کرنے کا حکم دیتے ہیں، حضرت ابن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے فرمایا: صالحین کے حوالہ کرنے کا، یعنی حجاج بیت اللہ کو کہ وہ اللہ کے مہمان ہیں۔[1]

غور کیا جائے کہ یہاں زکوٰۃ کے مصرف "فی سبیل اللہ" کا کوئی ذکر نہیں، بلکہ یہ "نذر" ہے، اس میں جہاد اور دوسرے کار خیر دونوں کی گنجائش تھی، حضرت ابن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے اپنے زمانہ کے فوجیوں کی بے راہ روی دیکھتے ہوئے ان کو مشورہ دیا کہ حجاج پر خرچ کردیا جائے، "نذر" کی بنیاد اصل میں عرف پر ہوتی ہے، جس میں دونوں معنی کی گنجائش ہے اور "فی سبیل اللہ" کی حیثیت مصارفِ زکوٰۃ میں اصطلاح شرعی کی ہے، اس لئے دونوں میں فرق ظاہر ہے۔ چنانچہ امام احمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ سے ان کے بعض تلامذہ نے اس قول سے رجوع نقل کیا ہے[2] ...... گو بعض دفعہ ائمہ کا مرجوع عنہ قول ہی معروف ہو جاتا ہے اور قبول عام حاصل کرلیتا ہے، اس کی واضح مثال "آمین" کے جہر و سر میں امام شافعی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی رائے ہے، آمین میں جہر آپ کا مرجوع عنہ قول ہے، مگر یہی فقہاء شوافع کے ہاں معمول و معتمد ہے، امام محمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے بھی اس طرح کے نذر کے ایک واقعہ سے استدلال کیا ہے جو عہد نبوی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ میں پیش آیا[3] لیکن فقر و احتیاج کی قید کے بعد جیسا کہ ذکر ہوا امام محمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا اختلاف محض تعبیر کے اختلاف کا درجہ رکھتا ہے۔

۶ "طلبہ" کے سلسلہ میں جہاں تک حنفیہ کی بات ہے، تو قول صحیح و معتمد یہی ہے کہ ان کے مستحق زکوٰۃ ہونے کے لئے بھی فقر و حاجت کی شرط ہے، گو بعض مصنّفین نے "غنی طلبہ" کو بھی زکوٰۃ کی اجازت دی ہے؛ لیکن اس کو کبھی بھی فقہ حنفی میں اعتبار و قبول حاصل نہ ہوسکا، یہ ان کے اس اصول کے خلاف ہے جو صراحۃً فقہ حنفی کی تمام ہی متون و شروح میں منقول ہے کہ سوائے "عاملین" کے تمام ہی مدات میں فقر و حاجت کی شرط کے ساتھ ہی

---

[1] الجامع لا حکام القرآن: ۱۸۵/۸ [2] ارشاد الساری: ۵۷/۳ [3] الاتحاف: ۲۴۸/٤

زکوٰۃ کا استحقاق ثابت ہوتا ہے، شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کہتے ہیں:

"وهذا الفرع مخالف لا طلاقهم الحرمة فى الغنى ولم يعتمده أحد ...... والأوجه تقييده بالفقير."[1]

تَرجَمَہ: "یہ جزئیہ غنی کے بارے میں فقہاء نے مطلقاً زکوٰۃ کی حرمت کا جو حکم لگایا ہے، اس کے مخالف ہے۔ کسی صاحب علم نے اس قول پر اعتماد نہیں کیا اور صحیح یہی ہے کہ یہ صورت بھی محتاج کے ساتھ مقید ہے۔"

رہ گیا مالکیہ کا طلباء علوم دینیہ کو غناء کے باوجود زکوٰۃ کا مستحق قرار دینا، تو ان کے ہاں واقعی اس میں توسع معلوم ہوتا ہے اور یہ واقعہ ہے کہ ائمہ اربعہ میں اس مسئلہ میں نسبتہً مالکیہ کے یہاں ایک گونہ وسعت نظر آتی ہے۔

۷ شاہ ولی اللہ صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی تمام تر جلالت شان اور ذکاوت موہوبہ کے باوجود اس بات میں ان سے اتفاق ممکن نہیں کہ "مصارف زکوٰۃ کی اس آیت میں "انما" محض "حصرِ اضافی" ہے اور مصارف زکوٰۃ میں فی نفسہٖ عموم ہے، مقصود صرف "منافقین" کی نفی ہے"۔ اس لئے کہ ابو داوٗد کی روایت آ چکی ہے اور مفسرین کے یہاں اور بھی روایات موجود ہیں، جو اس بات کو بے غبار کرتی ہیں کہ اس آیت سے شارع تعالیٰ کا منشاً مصارف کی تحدید و تعیین ہے، یہاں تک کہ خود مہبط وحی ﷺ کو بھی اس کا اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ بطور خود حقداروں کی تعیین اور مقررہ اصناف میں اضافہ و توسیع کریں۔

مسئلہ کی اصل اور بنیاد

اصل میں اس مسئلہ میں جو بات اساس و بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے، وہ یہ ہے کہ قرآن کی تعبیرات عام طور پر اس کے لغوی معنی میں استعمال ہوتی ہیں اور یہی اس کے "عربی مبین[2]" ہونے کا تقاضہ ہے، لیکن بیسیوں اصطلاحات ہیں جن کو قرآن مجید ایک خاص معنی و مفہوم میں استعمال کرتا ہے، صلوٰۃ و صوم، زکوٰۃ و حج، طہارت، معروف و منکر، دین و شریعت وغیرہ۔ یہ اس کی خاص اصطلاحات ہیں، جب سیاق و سباق، صلات، اس سے متعلق افعال اور اس کے لغوی معنی اس کی شہادت نہ دیتے ہوں تو ان کو خاص انہیں اصطلاحی معنوں پر محمول کیا جائے گا، اب سوال یہ ہے کہ "فی سبیل اللہ" کی حیثیت کیا ہے؟ جن لوگوں نے اس میں عموم برتا ہے، انہوں نے اس کو سادہ لغوی معنی پر محمول کیا ہے اور جن حضرات نے "مجاہدین فی سبیل اللہ"، کی تحدید کی ہے، انہوں نے اس کو ایک شرعی اور قرآنی اصطلاح کی نظر سے دیکھا ہے۔

---

[1] ردالمحتار: ۲۸۶/۳ [2] الشعراء ۱۹۵

چنانچہ علامہ کا سانی، قاضی ابو یوسف رَحِمَهُمَا اللهُ تَعَالیٰ کی رائے کے مطابق مجاہدین کے ساتھ اس کی تخصیص پر یہی استدلال کرتے ہیں کہ

"لأن سبيل الله إذا أطلق فى عرف الشرع يراد به ذلك"[1]

تَرجَمہ: "کیوں کہ شریعت کے عرف کے مطابق جب مطلق "سبیل اللہ" بولا جائے تو اس سے مجاہد فی سبیل اللہ ہی مراد ہوتا ہے۔"

ابن قدامہ رَحِمَہُ اللهُ تَعَالیٰ لکھتے ہیں:

"لأن "فى سبيل الله" عندالإطلاق إنما ينصرف إلى الجهاد فإن كل مافى القرآن من ذكر سبيل الله إنما يريد به الجهاد إلا اليسير فيجب ان يحمل مافى الأية على ذلك."[2]

تَرجَمہ: "اس لئے کہ "سبیل اللہ" جب مطلق ہو تو اس سے جہاد مراد ہوتا ہے کیوں کہ قرآن میں چند جگہوں کو چھوڑ کر جہاں بھی "سبیل اللہ" کا ذکر آیا ہے اس سے جہاد ہی مراد ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس آیت میں بھی "فی سبیل اللہ" کو اسی معنی پر محمول کیا جائے۔"

لغت کی مشہور کتابوں میں بھی یہی بات کہی گئی ہے...... علامہ ابن اثیر رَحِمَہُ اللهُ تَعَالیٰ ناقل ہیں:

"و إذا أطلق فهو فى الغالب واقع على الجهاد حتى صار لكثرة الإستعمال كأنه مقصور عليه."[3]

تَرجَمہ: "جب فی سبیل اللہ کا لفظ مطلق ہو تو اکثر اس سے جہاد ہی مراد لیا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ کثرت استعمال کی وجہ سے یہ لفظ ایسا ہو گیا ہے کہ گویا اس کا صرف یہی معنی ہے۔"

لسان العرب میں کہا گیا ہے:

"و إذا أطلق فى الغالب فهو واقع على الجهاد حتى صار لكثرة الاستعمال كأنه مقصورعليه"[4]

تَرجَمہ: "جب یہ لفظ مطلق بولا جائے تو اس سے جہاد مراد ہوتا ہے، یہاں تک کہ کثرت استعمال کی وجہ سے یہ لفظ ایسا ہو گیا ہے کہ گویا اس کا یہی معنی ہے۔"

شارح ھدایہ عینی کا بیان ہے:

---

[1] بدائع الصنائع: ۸۰٤/۲ [2] المغنی: ٤٧٠/٦

[3] تاج العروس: ٣٦٦/٧، نیز ملاحظہ ہو ابن اثیر کی النہایہ: ۱۵۶/۲ [4] لسان العرب: ۳۲۰/۱۱

"سبیل اللہ عبارة عن جمیع القرب لکن عند الإطلاق یصرف إلی الجهاد.[1]"

ترجمہ: ""سبیل اللہ" میں تمام نیکیاں شامل ہیں؛ لیکن جب یہ لفظ مطلق ہو تو اس سے جہاد مراد ہوگا۔"

شمس الائمہ سرخسی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے:

"الطاعات کلها فی سبیل اللہ ولکن عند إطلاق هذا اللفظ المقصود بهم الغزاة عند الناس.[2]"

ترجمہ: "تمام طاعتیں فی سبیل اللہ میں داخل ہیں؛ لیکن جب یہ لفظ مطلق ہو تو ان سے مقصود مجاہدین ہیں۔"

ان تصریحات سے اندازہ ہوتا ہے کہ قرآن میں جہاں کہیں "فی سبیل اللہ" کے لئے معنی جہاد سے انحراف کا قرینہ موجود نہ ہو، وہاں "فی سبیل اللہ" سے یہی معنی مراد ہوتا ہے۔ ہاں کسی خاص فعل کے سیاق میں یا صلات کی تبدیلی کی وجہ سے کہیں اس سے مختلف معنی مراد لیا گیا ہو تو وہ اس کے مغائر نہیں، جیسے: صلوٰۃ ایک اصطلاح شرعی ہے، لیکن بعض جگہ لغوی معنی میں بھی استعمال ہوا ہے "وصل علیهم إن صلوتك سكن لهم[3]" کہ یہاں صلوٰۃ بہ معنی "دعا" وارد ہوا ہے۔

جہاد بھی ایک شرعی اصطلاح ہے!

یہی بات ان حضرات سے بھی کہنی ہے جو "فی سبیل اللہ" سے جہاد مراد لے کر خود جہاد کے معنی میں توسع برتتے ہیں اور اس میں شبہ نہیں کہ "جہاد" کے لغوی معنی مطلق سعی و کوشش کے ہیں، اس لحاظ سے دین کی سربلندی کی ہر کوشش فی الجملہ "جہاد فی سبیل اللہ" میں داخل ہے، اسی مادۂ اشتقاق کی رعایت سے نصوص میں بعض مقامات پر زبان و قلم کے ذریعہ ہونے والی دینی مساعی پر بھی جہاد کا اطلاق کیا گیا ہے؛[4] لیکن یہ صورتیں اصطلاحی جہاد بہر حال نہیں ہیں، یہ ویسے ہی ہے کہ جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے "مسلم" کی تعریف ان الفاظ میں فرمائی:

"المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده.[5]"

ترجمہ: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔"

اور "مؤمن" کے بارے میں فرمایا گیا:

"لایؤمن من لایأ من جاره بوائقه.[6]"

---

[1] البنایه علی الهدایه: ۱۲۵۸/۲ [2] المبسوط: ۱۰/۳ [3] توبه ۱۰۳

[4] التوبة ۷۳، عنکبوت ۶۹ [5] بخاری: ۶/۱ [6] بخاری: ۸۸۹/۲

تَرجَمَۃ: "وہ مؤمن نہیں جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو۔"

یا ارشاد ہوا:

"المهاجر من هجر مانهى الله عنه." [1]

تَرجَمَۃ: "مہاجر وہ ہے جو اللہ کی منع کی ہوئی بات سے باز رہے۔"

ظاہر ہے کہ ان روایات میں اسلام اور ہجرت کے بعض تقاضوں کی طرف کمال لطافت کے ساتھ اشارہ کیا گیا ہے، یہی حال ان روایات کا ہے جن میں قلم ولسان کی مساعی اور سلطان جائر کے ساتھ کلمۂ حق کی جرأت اظہار کو جہاد سے تعبیر کیا گیا ہے، امام غزالی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے "اسماء شرعیہ" کے متعلق صحیح لکھا ہے کہ اس میں گو معنی لغوی سے مکمل عدول وانحراف نہیں ہوتا؛ لیکن شریعت اس کے مصداق میں تصرف بھی ضرور ہی کرتی ہے اور بعض دفعہ اس کے عموم واطلاق میں تخصیص سے کام لیتی ہے:

"والمختار عندنا أنه لا سبيل إلى إنكار تصرف الشرع في هذه الأسامي ولا سبيل إلى دعوى كونها منقولة عن اللغة بالكلية كما ظنه قوم ولكن عرف اللغة تصرف في الأسامي من وجهين: أحدهما التخصيص ببعض المسميات كما في الدابة فتصرف الشرع في الحج والصوم والإيمان من هذا الجنس إذللشرع في الإستعمال كما للعرب." [2]

تَرجَمَۃ: "ہمارے نزدیک مختار یہ ہے کہ اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ شریعت نے ان الفاظ میں تصرف کیا ہے، نیز یہ دعویٰ نہیں کیا جاسکتا کہ یہ الفاظ بالکلیہ لغت سے منقول ہیں، جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ناموں کی بابت عرف لغت نے دو طریقوں پر تصرف کیا ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ جو افراد نام کے مصداق ہیں ان میں سے بعض کے ساتھ یہ نام مخصوص کردیا گیا، جیسے: "دابۃ" کا لفظ، اسی طرح شریعت میں بھی حج، صوم، ایمان وغیرہ کے مصداق میں جو تصرف کیا ہے وہ بھی اسی قبیل سے ہے۔ اس لئے کہ جیسے اہل زبان کا عرف ہے، اسی طرح شریعت کا بھی ایک عرف ہے۔"

پس جہاں کہیں شارع نے "جہاد" کی اصطلاح استعمال کی ہو، وہاں ضرور ہے کہ جہاد بالسیف ہی مراد ہو، سوائے اس کے کہ اس کے خلاف کوئی صراحت یا ایسا واضح قرینہ موجود ہو، جو یہاں کنایہ واستعارہ کا متقاضی ہو؛ اس لئے اس آیت میں بھی "جہاد" کے معنی میں عموم صحیح نظر نہیں آتا، اسی لئے بہت سے فقہاء نے جہاد فی سبیل

[1] بخاری: ۶/۱ [2] المستصفى: ۲۳۰/۱، الفصل الرابع في الاسماء الشرعيه

اللہ کی بجائے ''غزو فی سبیل اللہ'' کی اصطلاح استعمال کی ہے، امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا قول گذر چکا ہے: ''المرادبسبیل اللّٰہ ھھنا الغزو فی سبیل اللّٰہ''[1] ابن کثیر رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے: ''الغزاۃ الذین لاحق لھم فی الدیوان''[2] ...... زمخشری رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ لکھتے ہیں: ''فقراء الغزاۃ''[3] ...... قاضی بیضاوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے قتال کا لفظ استعمال کیا ہے۔

قرطبی کہتے ہیں:

''وھم الغزاۃ وموضع الرباط یعطون ماینفقون فی غزوھم کانوا أغنیاء أوفقراء.''[4]

تَرجَمَہ: ''اس کا مصداق مجاہدین اور سرحدات پر رہنے والے ہیں، ان کو دیا جائے گا تاکہ یہ جہاد میں خرچ کریں۔ چاہے وہ مال دار ہوں یا محتاج۔''

حافظ ابن حجر رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کہتے ہیں:

''فالاکثر علی أنہ یختص بالغازی.''[5]

تَرجَمَہ: ''اکثر حضرات کے نزدیک یہ غازی کے لئے مخصوص ہے۔''

خود حدیث میں بھی ''غازی'' ہی کا لفظ استعمال ہوا ہے، ارشاد ہے:

''لاتحل الصدقۃ لغنی إلا لخمسۃ: لغاز فی سبیل اللّٰہ أولعامل علیھا أولغارم أولرجل اشتراھا بمالہ أولرجل لہ جار مسکین فتصدق علی المسکین فأھدی المسکین إلی الغنی.''[6]

تَرجَمَہ: ''سوائے پانچ اشخاص کے مال دار کے لئے زکوٰۃ حلال نہیں۔ مجاہد فی سبیل اللہ، عامل زکوٰۃ، مقروض، جس شخص نے اپنے مال سے کوئی زکوٰۃ کی چیز خریدی ہو جس شخص کا کوئی مسکین پڑوسی ہو، مسکین پر صدقہ کیا جائے اور مسکین اس مال دار کو ہدیہ کردے۔''

نصوص میں جہاد بالقلم، جہاد باللسان اور جہاد بالنفس وغیرہ پر ''جہاد'' کا اطلاق کیا گیا ہے؛ لیکن میرے حقیر علم کے مطابق ''غزوہ'' کا اطلاق اس قسم کی مساعی پر نہیں کیا گیا ہے۔ اس لئے واقعہ ہے کہ مذکورہ آیت میں ''فی سبیل اللہ'' سے جہاد اصطلاحی ہی مراد ہے، نہ کہ مطلق دین کے لئے مساعی اور جدوجہد۔

---

[1] احکام القرآن لابن العربی: ۹۶۹/۲ [2] تفسیر بن کثیر: ۳۸۰/۱ [3] کشاف: ۱۵۸/۱
[4] الجامع لاحکام القرآن: ۱۸۵/۸ [5] فتح الباری: ۲۳۲/۳ [6] ابوداؤد: ۲۳۱/۱

زکوٰۃ کی اس مد میں تملیک؟

زکوٰۃ کے سلسلہ میں اس بات پر قریب قریب ائمہ اربعہ کے یہاں اتفاق ہے کہ رفاہی کاموں، مدارس و مساجد کی تعمیر اور ریلوں کی مرمت، مردوں کی تجہیز و تکفین اور اس طرح کے کاموں میں زکوٰۃ کی رقم صرف نہیں کی جاسکتی، فقہاء حنفیہ کے علاوہ علامہ ابن قدامہ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ نے بھی اس کی صراحت کی ہے[1] البتہ مالکیہ غالباً مقصد جہاد کے لئے تملیک کو ضروری نہیں سمجھتے، محمد بن عبدالحکم نے مال زکوٰۃ سے زرہ، ہتھیار اور آلات حرب کی خریداری وغیرہ کی اجازت دی ہے[2] علامہ محمد علیش مالکی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ نے اس مد سے جاسوس کو بھی دینے کی اجازت دی ہے اور گو عام فقہا نے دفاعی تعمیرات، فصیل بندی، اور کشتی سازی وغیرہ کے لئے اس مد سے خرچ کرنے کو منع کیا ہے مگر ابن عبدالحکم رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ نے اس کو بھی جائز قرار دیا ہے۔[3]

فقہاء نے زکوٰۃ میں تملیک کی شرط کتاب و سنت کی تعبیرات کو سامنے رکھ کر لگائی ہے، اس سلسلہ میں یہ نکات قابل ذکر ہیں:

❶ قرآن مجید نے مصارف زکوٰۃ کا آغاز "لام" سے کیا ہے، جو تملیک کے لئے آتا ہے۔

❷ قرآن نے متعدد مواقع پر کہا ہے: "اٰتوا الزکوٰۃ ..... "ایتاء" اعطاء (دے دینے) کے معنی میں ہے[4] ..... جو اس بات کا متقاضی ہے کہ مال زکوٰۃ کا مالک بنا دیا جائے، جیسے مہر سے متعلق ارشاد ہوا، "واٰتوا النساء صدقاتهن نحلة"،[5] یہاں بھی "ایتاء" تملیک کے معنی میں ہے۔

❸ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے زکوٰۃ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

"توخذ من اغنياء هم وترد في فقراء هم."[6]

تَرجَمہ: "ان کے مال داروں سے لی جائے اور ان کے فقراء پر خرچ کی جائے۔"

"تقسیم" کا لفظ تملیک کو مستلزم ہے۔

یہ تمام قرائن بتاتے ہیں کہ "فی سبیل اللہ" والی مد میں بھی زکوٰۃ کے لئے تملیک ضروری ہے اور دفاعی امور و مصالح پر یہ رقم "مجاہدین" کے واسطہ سے خرچ کی جائے گی۔

رہ گئی یہ بات کہ اس مد خاص میں "لام" کی بجائے "فی" کا لفظ کیوں استعمال کیا گیا ہے؟ تو علامہ زمخشری رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ نے اس کا جواب یوں دیا ہے کہ "فی" عربی زبان میں ظرف پر داخل ہوتا ہے اور ظرف مظروف

---

[1] ملاحظہ ہو البحرالرائق: ۲/۲۴۳، المغنی: ۲/۲۸۰، درمختار علی هامش الرد: ۲/۶۲

[2] الجامع لا حکام القرآن: ۸/۱۸۶ [3] منح الجلیل علی مختصر الخلیل: ۱/۷۵. ۳۷۴

[4] الایتاء والاعطاء، مفردات القرآن للا صفهانی: ۸ [5] النساء: ٤ [6] بخاری: ۱/۱۸۷

کا احاطہ واستیعاب کرلیتا ہے، اس طرح ''ظرف'' کے ساتھ تعبیر تاکید بلیغ اور اہتمام خاص کو بتاتی ہے، چوں کہ پہلے چاروں مدات کے مقابلہ بعد کے چاروں مدات کی نوعیت زیادہ اہم تھی؛ اس لئے ان پر ''فی'' داخل کیا گیا ہے خصوصیت سے ''سبیل اللہ'' میں تو محض عطف پر بھی اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ ''رقاب'' اور ''غارمین'' کے ذکر کے بعد مستقل طور پر ''فی سبیل اللہ'' فرمایا گیا۔[1]

فی سبیل اللہ میں فقر کی شرط

مالکیہ، شوافع اور حنابلہ اس بات پر متفق ہیں کہ غنی مجاہدین کو بھی زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔[2] شوافع یہ قید بھی لگاتے ہیں کہ وہ مجاہدین مستقل تنخواہ دار نہ ہوں، بلکہ رضا کارانہ خدمت کرتے ہوں[3] حنفیہ کے یہاں مجاہدین کے لئے بھی فقر شرط ہے[4] جمہور کی دلیل وہ حدیث ہے جو پہلے گذری کہ پانچ اشخاص کے لئے باوجود غنی ہونے کے زکوٰۃ حلال ہے اور انہیں میں آپ نے ''غازی فی سبیل اللہ'' کو بھی شمار فرمایا۔[5] ...... حنفیہ کی دلیل وہ روایت ہے جس میں آپ ﷺ نے غنی کے لئے زکوٰۃ کو حرام قرار دیا **''لاتحل الصدقة لغنى ولالذى مرة سوى''**[6]

ایک اور روایت میں ہے:

''لاحظ فيها لغنى ولالقوى مكتسب''[7]

ترجمہ: ''زکوٰۃ میں مال دار اور کمانے پر قادر طاقت ور شخص کے لئے کوئی حصہ نہیں۔''

حضرت معاذ کو آپ ﷺ نے یمن بھیجتے ہوئے ہدایت فرمائی کہ اغنیاء سے زکوٰۃ لی جائے اور فقراء میں تقسیم کردی جائے۔[8] پس، گویا ''فقر'' استحقاق زکوٰۃ کے لئے بنیادی شرط ہے۔

حنفیہ نے اس روایت کا مختلف طریقوں سے جواب دینے کی کوشش کی ہے جس میں ''مجاہد'' کو غنی ہونے کے باوجود زکوٰۃ کا حقدار ٹھہرایا گیا ہے[9] مگر قوی تر جواب وہ ہے جو امام ابوبکر جصاص رازی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے دیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک شخص اپنی ''حضری'' زندگی کے اعتبار سے غنی ہو، اس کو مکان میسر ہو، اثاثہ جات ہوں، خادم ہو، سواری ہو، دوسو درہم سے زیادہ رقم ہو، لیکن اب جب وہ سفر جہاد پر کمربستہ ہو تو سفر اور بالخصوص سفر جہاد کے اعتبار سے حاجت مند ہوجاتا ہے، ذرائع سفر مطلوب ہیں، آلات حرب کی ضرورت ہے، توشہ سفر بھی درکار ہے تو ایسے شخص کو جو اپنے وطن میں رہتے ہوئے ''غنی'' تھا، حاجت وفقر کی وجہ سے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔[10]

---

[1] ملخص از: الكشاف: ۵۹/۲. ۱۵۸ [2] شرح مهذب: ۲۱۲/۶ [3] المنهاج القويم للهيثمى: ۱۱۵، فتح المعين: ۵۳
[4] هدايه وفتح القدير: ۲۶٤/۲ [5] ابو داؤد: ۲۳۱/۱ [6] ترمذى كتاب الزكوة، باب ماجاء من لاتحل له الصدقة
[7] ابوداؤد: ۲۳۱/۱ [8] بخارى: ۱۸۷/۱ [9] دیکھئے: مرقاة المفاتيح: ۴۵۰/۲، اتحاف سادة المتقين: ۲٤۹/٤، فتح القدير: ۲۰۹/۲ [10] احكام القرآن: ۳۲۹/٤

جمہور یہ بھی کہتے ہیں کہ اگر "فی سبیل اللہ" اور دوسری مدات میں بھی فقر کی شرط پر ہی زکوٰۃ دینی جائز ہو، تو مصارف ہشتگانہ کا ذکر بے معنی ہوگا، ایسی صورت میں تو صرف "فقراء" اور "عاملین" کا ذکر کافی ہوجاتا[1] لیکن اس سوال کا جواب زکوٰۃ کے دوسرے ہی مصرف "مساکین" میں موجود ہے کہ اگر تمام مصارف میں کھلی ہوئی "مغایرت" ہی ضروری ہو، تو یہ "فقراء" ومساکین کے درمیان بھی نہیں ہے، اصل یہ ہے کہ "فقر وحاجت" زکوٰۃ کی بنیادی مصلحت ہے، لیکن چوں کہ بعض صورتوں میں کوئی خاص وصف پایا جاتا ہے، اس لئے اس کا خصوصیت سے ذکر کردیا گیا، مسکین کے پاس کچھ مال ہوتا ہے لیکن ناکافی، اس لئے اس کا ذکر کیا گیا کہ استحقاقِ زکوٰۃ کے لئے ضروری نہیں کہ وہ بالکل ہی مال وجائداد سے محروم ہو، غلام کا ذکر کیا گیا کہ ایک مکاتب یا قیدی فی نفسہٖ غنی ہو، لیکن اپنی گلوخلاصی کے لئے حاجت مند ہو، "غارمین" کی صراحت کی گئی کہ بعض اوقات ایک شخص مالک نصاب ہوتا ہے؛ لیکن اداء قرض میں فقیر ومحتاج ہوتا ہے، مسافر اپنی جائے سکونت کے اعتبار سے غنی ہوتا ہے لیکن سفر کی عارضی حالت میں مبتلاء فقر ہوتا ہے۔ پس، غور کیا جائے تو سوائے عاملین ومؤلفۃ القلوب کے تمام مصارف میں شریعت نے فقر کو بنیاد بنایا ہے، البتہ چوں کہ ان صورتوں میں فقر کی ایک خاص کیفیت پائی جاتی ہے یا زکوٰۃ کے ذریعہ فقر کا مداوا کرنے کے ساتھ ساتھ ایک مصلحت دینی کی تکمیل بھی پیش نظر ہوتی ہے، اس لئے قرآن نے ان کا مستقل ذکر مناسب سمجھا، اب ان تمام مصارف کی طرح احناف "مجاہدین" کی صورت میں بھی "فقر" کی قید لگادیں، تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کو منشاء ربانی کے خلاف سمجھا جائے!

تاہم حنفیہ پر ابھی یہ بار جواب باقی رہتا ہے کہ وہ جس حدیث سے استدلال کرتے ہیں "**لاتحل الزکوٰۃ لغنی ولالقوی مکتسب**" وہاں غنی کے ساتھ اس شخص کے لئے بھی زکوٰۃ حلال قرار نہیں دی گئی، جو توانا اور کمانے پر قادر ہو، مگر احناف ایسے محتاج شخص کے لئے زکوٰۃ جائز قرار دیتے ہیں اور "لاتحل" کو اس کے حق میں زجر وتوبیخ پر محمول کرتے ہیں، تو کیا دوسرے فقہاء کے لئے اس بات کی گنجائش ہے کہ دونوں قسم کی حدیثوں کے درمیان تطبیق پیدا کرنے کی غرض سے وہ "غنی" کے حق میں بھی اس کو اسی معنی پر محمول کریں، یا اس حدیث کے عموم میں دوسری حدیث سے تخصیص واستثناء کریں؟

بہر حال یہ مسئلہ ایسا ہے کہ اس میں بحث ونظر کی گنجائش موجود ہے!!

خلاصۂ بحث

پس ان مباحث کا خلاصہ یہ ہے کہ:

[1] حنفیہ عاملین کو غنی ہونے کے باوجود مال زکوٰۃ سے اجرت کا حق دار قرار دیتے ہیں۔

❶ ''فی سبیل اللہ'' سے مجاہدین فی سبیل اللہ ہی مراد ہیں اور یہ قریب قریب اجماعی رائے ہے۔

❷ ''مجاہدین'' سے اصطلاحی جہاد کرنے والے مراد ہیں، نہ کہ زبان وقلم وغیرہ کے ذریعہ دعوت اسلام اور حفاظت اسلام کا فریضہ سرانجام دینے والے علماء۔

❸ ''فی سبیل اللہ'' کی مد میں بھی ائمہ اربعہ کے نزدیک تملیک ضروری ہے، صرف مالکیہ سے اس میں قدرے توسع منقول ہے۔

❹ ''فی سبیل اللہ'' میں بھی حنفیہ رَحِمَهُمُ اللہُ تَعَالیٰ کے یہاں ''فقر'' کی قید ملحوظ ہے، اکثر فقہاء کو اس سے اختلاف ہے اور طرفین کے پاس اپنے نقطۂ نظر کے لئے معقول دلیلیں موجود ہیں۔

هذا ماعندی واللّٰه أعلم بالصواب وعلمه أتم وأحكم.

بنو ہاشم وسادات اور زکوٰۃ وصدقات

مختلف روایتیں موجود ہیں جن میں آپ ﷺ نے اہل بیت کے لئے صدقہ کوحرام قرار دیا ہے۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زکوٰۃ کی کھجور منہ میں رکھ لی تو آپ نے اگلوا دیا اور ارشاد فرمایا کہ ہم لوگوں کے لئے صدقہ کی چیزیں کھانا روانہیں "إنا لا نأكل الصدقة"[1]، محصلین زکوٰۃ (عاملین) کو زکوٰۃ کی مد سے زکوٰۃ وصول کرنے کی اجرت ادا کی جائے یہ خود قرآن مجید سے ثابت ہے[2] لیکن اپنے اہل خاندان کو آپ ﷺ نے اس طور بھی زکوٰۃ سے فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دی۔حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عامل زکوٰۃ کی خدمت حاصل کرنی چاہی، تو آپ ﷺ نے انکار فرما دیا "ما كنت لأستعملك على غسالة ذنوب المسلمين"[3]، بلکہ آپ ﷺ نے بنو ہاشم کے موالی[4] کے لئے بھی زکوٰۃ کو جائز نہیں رکھا۔آپ ﷺ کے خادم خاص حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک عامل زکوٰۃ کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہا تا کہ زکوٰۃ میں سے جو اجرت ان کو ملے، ابو رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اس میں شریک ہوں، تو آپ ﷺ نے منع فرما دیا کہ "إن الصدقة لا تحل لنا و إن موالي القوم من انفسهم"[5]۔

کن لوگوں پر زکوٰۃ حرام ہے؟

آپ ﷺ نے جن لوگوں کے لئے زکوٰۃ کو منع کیا ہے، وہ کون لوگ ہیں؟ اس میں فقہاء کے درمیان تھوڑا سا اختلاف ہے، پانچ خاندان وہ ہیں کہ ان کے اس ممانعت کے حکم میں داخل ہونے پر اتفاق ہے، آل علی، آل عباس، آل جعفر، آل عقیل اور آل حارث بن عبدالمطلب، حارث کے علاوہ عبدالمطلب کی دوسری اولاد کے سلسلہ پر زکوٰۃ حرام ہوگی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام مالک، شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ اور صحیح تر روایت کے مطابق امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ ان کے لئے بھی زکوٰۃ کو ممنوع قرار دیتے ہیں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے اس کے خلاف ہے۔[6] امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ابولہب کی اولاد کو زکوٰۃ ادا کی جاسکتی ہے، کیوں کہ بنو ہاشم کے لئے زکوٰۃ کی حرمت کا حکم بطور شرافت وتعظیم کے ہے؛ اس لئے اس کے حق دار وہی لوگ

---

[1] مسلم: ۳٤۳/۱ [2] توبہ: ۹ [3] كنز العمال: ۳۰۹/٤

[4] موالی سے "آزاد کردہ غلام" مراد ہیں۔ [5] ترمذی: ۸۷/۱ بسند حسن صحیح [6] رحمة الامة: ٤٥، ٤٦

ہیں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت و مدد کی تھی۔ ابولہب چوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اذیت رسانی کے درپے تھا؛ اس لئے بنوابی لہب اس اعزاز کے حق دار نہیں ہیں۔[1]

صدقاتِ نافلہ

صدقات نافلہ کے بارے میں عام رجحان یہی ہے کہ بنو ہاشم بھی دوسرے لوگوں کی طرح ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، علامہ بدرالدین عینی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی نے اس سلسلہ میں فقہاء کی رائیں ان الفاظ میں نقل کی ہیں:

"وأما الصدقة على وجه الصلة والتطوع فلا بأس وجوز بعض المالكية صدقة التطوع لهم وعن أحمد روايتان وعند الشافعية فيها وجهان."[2]

تَرجَمۂ: "بطور صلہ رحمی اور نفل کے سادات کو صدقہ دینے میں مضائقہ نہیں، بعض مالکیہ نے ان کے لئے صدقہ نفل کو جائز قرار دیا ہے امام احمد سے بھی اس سلسلہ میں دونوں روایتیں ہیں اور فقہاء شوافع کی بھی۔"

مشہور مفسر قرآن ابوعبداللہ قرطبی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"واختلفوا فى جواز صدقة التطوع لبنى هاشم فالذى عليه جمهور أهل العلم وهوالصحيح أن صدقة التطوع لابأس بهالبنى هاشم ومواليهم؛ لأن عليا والعباس وفاطمة رضوان الله عليهم تصدقوا وأوقفوا أوقافا على جماعة من بنى هاشم و صد قاتهم المو قوفة معروفة مشهورة."[3]

تَرجَمۂ: "بنی ہاشم کے لئے صدقات نافلہ کے جواز میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے، جمہور کی رائے جو صحیح ہے، یہی ہے کہ بنی ہاشم اور ان کے موالی کے لئے نفلی صدقہ میں کوئی حرج نہیں، اس لئے کہ حضرت علی، عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا اور فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا نے بنی ہاشم کی ایک جماعت پر صدقہ کیا ہے۔ وقف بھی کیا ہے اور ان کے اوقاف مشہور و معروف ہیں۔"

صدقاتِ واجبہ

زکوٰۃ اور صدقات واجبہ مثلاً صدقۃ الفطر اور کفارات وغیرہ بنو ہاشم کو دینا جائز نہیں۔ یہی عام طور پر فقہاء کی رائے ہے، تاہم اس پر امت کا اجماع قرار دینا بھی خلاف حقیقت ہوگا۔ امام طحاوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی ایک روایت نقل کرنے کے بعد۔ جس سے بنو عبدالمطلب کے لئے صدقہ کی حلت معلوم ہوتی

[1] فتح القدير: ۲/۲۱۳ [2] عمدة القاری: ۹/۸۱ [3] الجامع لا حكام القرآن: ۸/۱۹۱

ہے۔ کہتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے بنو ہاشم پر صدقہ کو جائز قرار دیا ہے: "فذهب قوم إلى هذا الحديث وأباحوا الصدقة على بني هاشم[1]" خود ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ اور ان کے متبعین بھی اس مسئلہ میں متفق نہیں ہیں؛ اس لئے اول ہم کو ائمہ اربعہ اور ان کے پیروؤں کے نقطۂ نظر پر ایک نظر ڈالنی چاہئے۔

حنفی نقطۂ نظر

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے ایک روایت تو مطلقاً بنو ہاشم کو صدقاتِ واجبہ اور صدقات دینے کے جواز کی ہے، ینابیع میں منقول ہے کہ ہاشمی، ہاشمی کو اپنی زکوٰۃ دے سکتے ہیں[2] ویسے مشہور ہے کہ یہ رائے قاضی ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کی ہے، جن سے ابن سماعہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل کیا ہے کہ بنو ہاشم کے لئے دوسروں کی زکوٰۃ لینی تو جائز نہیں لیکن خود بنی ہاشم کی زکوٰۃ لی جاسکتی ہے: "وروىٰ ابن سماعة عن ابى يوسف ان الزكاة من بنى هاشم تحل لبنى هاشم ولايحل ذلك من غيرهم لهم[3]" امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے یہ بھی نقل کیا ہے کہ

> "لابأس بالصدقات كلها على بنى هاشم ذهب فى ذلك عندنا الى أن الصدقات إنما كانت حرمت عليهم من أجل ماجعل لهم فى الخمس من سهم ذوى القربى فلما انقطع ذلك عنهم ورجع الى غيرهم بموت رسول الله حل لهم بذلك ماقد كان محرما عليهم من أجل ما قد كان احل لهم."[4]
>
> ترجمہ: "بنی ہاشم پر ہر طرح کے صدقات میں کوئی مضائقہ نہیں اور میرے نزدیک امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اس مسئلہ میں اس طرف گئے ہیں کہ صدقات ان پر اس لئے حرام تھے ہے کہ خمس میں ذوی القربیٰ کا حصہ رکھا گیا تھا، جب یہ اس حصہ سے محروم ہوگئے اور آپ کی وفات کے بعد یہ حصہ بھی دوسروں کی طرف منتقل ہوگیا تو اس کی وجہ سے ...... زکوٰۃ وصدقات۔ جو ان پر حرام تھا، اب حلال ہوگیا۔"

امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام صاحب کی یہ رائے قاضی ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے واسطہ سے نقل کی ہے، امام صاحب کی یہی رائے ابوعصمہ سے بھی منقول ہے۔[5] خود امام طحاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی

---

[1] شرح معانی الاثار: ۲۹۷/۱، باب الصدقة على بنى هاشم [2] عمدة القارى: ۸۱/۹

[3] احکام القرآن: ۳۳۵/٤ [4] طحاوی: ۳۰۱/۱ [5] عمدة القارى: ۸۱/۹

امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی اسی رائے کو قبول کیا ہے۔ "فبهذا نأخذ"[۱] ماضی قریب کے اہل علم میں علامہ سید انور شاہ کشمیری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بھی یہی نقطۂ نظر ہے کہ زکوٰۃ کا لینا دستِ سوال دراز کرنے سے بہتر ہے، اس لئے فی زمانہ بنو ہاشم وسادات کے لئے زکوٰۃ جائز ہے۔[۲]

مالکیہ

مالکیہ سے چار بالکل متضاد رائیں منقول ہیں، مطلقاً ناجائز ہے۔ مطلقاً جائز ہے صدقات واجبہ جائز نہیں، صدقات نافلہ جائز ہے، چوتھے اس کے برعکس کہ صدقات نافلہ ناجائز ہیں اور صدقات واجبہ جائز[۳] امام مالک کا قول مشہور تاہم یہی معلوم ہوتا ہے کہ صدقاتِ واجبہ اور صدقات نافلہ دونوں ہی ان کے ہاں بنو ہاشم کے لئے جائز نہیں۔[۴] ...... البتہ فقہاء مالکیہ میں ابہری سے منقول ہے کہ اگر "خمس" کا حصہ بنو ہاشم کے لئے باقی نہ رہے اور وہ اس سے محروم ہوں، تو زکوٰۃ ان کے لئے جائز ہوگی۔[۵]

شوافع

شوافع کے یہاں معروف اور معمول یہی ہے کہ صدقات واجبہ سادات کے لئے جائز نہیں، تاہم ابن حجر رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کو اختلاف ہے، ان کا بیان ہے کہ بعض شوافع کے نزدیک بھی ان حالات میں کہ بنو ہاشم کے لئے کوئی مدِ مخصوص باقی نہیں رہی، زکوٰۃ لینی جائز ہوگی وهو وجه لبعض الشافعية[۶] بقول علامہ کشمیری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے شاہ ولی اللہ صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے "عقد الجید"، میں یہی نقطۂ نظر امام رازی کا نقل کیا ہے[۷] فقہاء شوافع میں اصطخری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے بارے میں بھی ابن تیمیہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی صراحت ملتی ہے کہ وہ موجودہ حالات میں بنو ہاشم کے لئے اس کی اجازت دیتے تھے۔[۸]

حنابلہ

دوسرے فقہاء کی طرح حنابلہ نے بھی ظاہر حدیث پر عمل کرتے ہوئے سادات و بنو ہاشم کے لئے زکوٰۃ کو منع کیا ہے؛ لیکن امام ابن تیمیہ جیسے جلیل القدر فقیہ۔ سادات کے لئے مدِ مخصوص کے باقی نہ رہنے کی صورت میں زکوٰۃ کا دروازہ ان کے لئے کھولنے کے قائل ہیں، فرماتے ہیں:

"وبنوهاشم إذامنعوامن خمس الخمس جازلهم الأخذمن الزكوٰة وهو قول

---

۱ طحاوی: ۳۰۱/۱ ۲ فیض الباری: ۵۲/۳ ۳ فتح الباری: ۴۱۵/۳، عمدة القاری: ۸۱/۹

۴ الجامع لاحکام القرآن: ۹۱/۸ ۵ فتح الباری: ۴۱۵/۳ ۶ فتح الباری: ۴۱۵/۳

۷ فیض الباری: ۵۲/۳ ۸ فتاوی شیخ الاسلام: ۴۵۶/۴

القاضي يعقوب و غيرهم من أصحابنا وقاله أبويوسف والأصطخري من الشافعية لانه محل حاجة وضرورة."[1]

تَرجَمَہ: "بنو ہاشم خمس کے خمس سے محروم کر دیئے جائیں تو ان کے لئے زکوٰۃ لینی جائز ہے، یہی قاضی یعقوب رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ اور ہمارے دوسرے اصحاب کا قول ہے اور یہی بات ابو یوسف رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے اور شوافع میں اصطخری رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے کہی ہے؛ اس لئے کہ وہ ضرورت اور حاجت کا محل ہیں۔"

مذاہب و دلائل

ان تفصیلات سے درج ذیل امور منقح ہوتے ہیں۔

❶ سادات و بنو ہاشم کے لئے مطلقاً زکوٰۃ حرام ہے، اکثر فقہاء کی یہی رائے ہے اور اس سلسلہ میں وارد ہونے والی احادیث کا ظاہر اور ان کا اطلاق اس کی تائید میں ہے۔

❷ بعض حضرات بنو ہاشم کے لئے مطلقاً زکوٰۃ کو جائز قرار دیتے ہیں، ان کی طرف سے بعض وہ روایات پیش کی جاتی ہیں، جن میں آپ ﷺ نے بنو ہاشم پر صدقہ کرنے کا ذکر فرمایا ہے امام طحاوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے ایسی روایات نقل کی ہیں اور جواب دیا ہے کہ اس سے صدقات نافلہ مراد ہیں ہمارے زمانہ کے محققین میں ڈاکٹر یوسف قرضاوی نے ایک نیا نکتہ اٹھایا ہے کہ حدیث میں جہاں کہیں حرمت زکوٰۃ کا ذکر ہے، وہاں "آل" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے "ذریت" کا نہیں قرآن مجید کے اسلوب سے معلوم ہوتا ہے کہ "آل" کا لفظ کسی شخص کی ان اولاد کے لئے استعمال ہوتا ہے جو معاصر ہوں، جب کہ "ذریت" کا لفظ اس کی موجودہ اور آئندہ نسل کے لئے بولا جاتا ہے؛ اس لئے آپ کی "آل" سے وہ لوگ مراد ہیں جو آپ کے عہد میں تھے، قیامت تک آنے والے بنو ہاشم نہیں۔

مگر یہ استدلال دو وجوہ سے محل نظر ہے۔ اول تو فقہاء و محدثین نے از سلف تا خلف "آل" اور "ذریت" کے درمیان اس فرق کا ذکر نہیں کیا ہے اور "آل" سے خود ائمہ اربعہ نے (صحیح تر روایت کے مطابق) قیامت تک آنے والے بنو ہاشم مراد لئے ہیں، نہ ہی عربی لغت کے لحاظ سے ان دونوں الفاظ کے درمیان ایسا کوئی فرق اہل سنت نے کیا ہے۔ دوسرے حدیث میں صرف "آل" ہی کا لفظ استعمال نہیں ہوا ہے، بلکہ "بنی ہاشم" کی تعبیر کے ساتھ بھی زکوٰۃ کی ممانعت کا ذکر ہے اور "بنی فلاں" کے کلمہ کا موجودہ اور آئندہ خاندانوں پر اطلاق عربی زبان

---

[1] فتاوى شيخ الاسلام: ٤/٤٥٦

میں عام اور معروف ہے۔

❸ بعض فقہاء نے بنو ہاشم کے لئے خود بنو ہاشم کی زکوٰۃ کو جائز قرار دیا ہے جیسا کہ امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ اور ایک قول امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا مذکور ہوا، ان کی دلیلیں یہ ہیں:

(الف) حضرت عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے عرض کیا کہ آپ نے لوگوں کے صدقات ہمارے لئے حرام کر دیئے ہیں، تو کیا ہم میں سے ایک دوسرے کو اپنی زکوٰۃ دے سکتا ہے، "هل تحل لنا صدقات بعضنا لبعض"؟ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا، ہاں۔[1]

(ب) ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ سے مروی ہے کہ آپ نے کچھ سامان خرید کیا اور اس کو نفع کے ساتھ فروخت کیا اور اس کو بنو عبدالمطلب کے محتاج لوگوں پر صدقہ کر دیا "فتصدق بها علی أرامل بني عبدالمطلب."[2]

(ج) ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ ہی سے مروی ہے کہ حضرت عباس نے ان کو اونٹ کے سلسلہ میں آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے پاس بھیجا تو آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے صدقہ کے اونٹوں میں سے عطا فرمایا "أعطاها من الصدقة"[3]

ان میں سے پہلی روایت متکلم فیہ ہے[4] دوسری روایت کے مطابق سیاق وسباق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صدقات واجبہ میں سے نہیں تھا، چنانچہ خود امام طحاوی نے بھی اس کو صدقات نافلہ ہی پر محمول کیا ہے۔ تیسری روایت کا منشاء یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بیت المال کے اونٹ میں سے دیا، ظاہر ہے کہ بیت المال میں مختلف مدات کے مویشی ہوا کرتے تھے، مگر چوں کہ اکثر جانور زکوٰۃ کے ہوتے تھے؛ اس لئے ہوسکتا ہے کہ تغلیباً "أعطاها من الصدقة" سے تعبیر کر دیا ہو۔

تاہم ان روایات سے اس قدر ضرور معلوم ہوتا ہے کہ جن حضرات نے یہ رائے قائم کی ہے، ان کے لئے فی الجملہ استدلالی بنیاد موجود ہے اور یہ مسئلہ مجتہد فیہ ہے،

❹ چوتھی رائے یہ ہے کہ اصولی طور پر تو سادات کے لئے زکوٰۃ جائز نہیں، لیکن ایسے حالات میں کہ بیت المال کو مال غنیمت وغیرہ سے حاصل ہونے والی آمدنی سے ایک خمس (پانچویں حصہ) کا مد باقی نہیں رہا، ان کے لئے زکوٰۃ لینی جائز ہے، جیسا کہ مذکور ہوا، ائمہ اربعہ کے متبعین میں مختلف اجلہء فقہاء کی یہی رائے ہے اور خود امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا ایک قول اس طرح کا موجود ہے، ان کے پیش نظر یہ بات ہے کہ سادات کے لئے زکوٰۃ کی حرمت کی حکمت یا علت "خمس" میں ان کا استحقاق ہے، آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

"لايحل لكم أهل البيت من الصدقات شئ إنماهي غسالة الايدی و إن لكم

---

[1] معرفة علوم الحديث لابی حاكم نيسا پوری، الفرع السابع والثلاثون [2] طحاوی: ۲۹۷/۱
[3] ابو داؤد: ۲۳۳/۱ باب الصدقة علی بنی هاشم [4] اعلاء السنن: ۸۰/۹

في خمس الخمس لما يغنيكم.''[1]

ترجمہ: ''تم اہل بیت کے لئے صدقات حلال نہیں کہ یہ ہاتھوں کا دھوون ہے اور تمہارے لئے مال غنیمت کا خمس (حصہ بیت المال) کا خمس (ذوی القربیٰ کا حصہ) ہے، جو تم کو اس سے بے نیاز کر دے گا۔''

لہٰذا اب کہ یہ مخصوص مد باقی نہیں رہی، سادات کو اس سے بھی محروم رکھنا قرین انصاف نہ ہوگا۔

قول ضعیف پر فتویٰ

ہر چند کہ اس دلیل پر کافی کلام کی گنجائش ہے اور بنیادی اہمیت اس امر کی ہے کہ ''خمس'' کا ''عوض'' ہونے کی حیثیت محض حکمت و مصلحت کی ہے، جس کو فقہاء احکام کا مدار نہیں بناتے، یا ''علت'' کی ہے جس پر حکم کا مدار ہوا کرتا ہے؟ تاہم فی زمانہ سادات کے لئے زکوٰۃ کا دروازہ کھول کر ہی مقصد شریعت کہ (سادات کو ذلت سے بچایا جائے) کی تکمیل کی جا سکتی ہے، کیوں کہ اب سادات کی اعانت کا جذبہ مفقود ہے اور اسلامی یا غیر اسلامی حکومت میں ان کی مدد کے لئے کوئی خاص مد موجود نہیں ہے، اب ان کو زکوٰۃ سے محروم کر کے ایک طرف زکوٰۃ کی ذلت سے بچایا جا رہا ہے؛ لیکن دوسری طرف اس سے بڑی ذلت پر وہ مجبور ہیں کہ دوسروں کے سامنے سوال کا ہاتھ دراز کریں اور دینی مدارس میں تعلیم کا دروازہ ان کے لئے بند کر دیا جائے اور ہمیشہ علم سے محروم اور پست رہنے پر مجبور کر دیا جائے۔

پس اب سادات کے لئے زکوٰۃ کی اجازت ایک ضرورت بن گئی ہے اور ضرورت کی بناء پر قول ضعیف پر بھی فتویٰ دیا جا سکتا ہے، علامہ شامی کا بیان ہے:

''فقد ذكر في حيض البحرفي بحث ألوان الدماء أقوالا ضعيفة ثم قال وفي المعراج عن فخر الأئمة لوأفتى المفتي بشئ من هذه الاقوال في مواضع الضرورة طلبا للتيسير كان حسنا اه. وكذا قول أبو يوسف في المني اذا خرج بعد فتور الشهوة لايجب به الغسل ضعيفا وأجاز العمل به للمسافر أو الضيف الذي خاف الريبة كما سياتي في محله وذلك من مواضع الضرورة.''[2]

ترجمہ: ''بحر میں احکام حیض میں دم حیض کے رنگ کی بابت مختلف ضعیف رائیں ذکر کی گئی ہیں۔ فخر

---

[1] طبراني عن ابن عباس، الدرايه على الهداية: ۲۰۶/۲ "وعوضكم منها بخمس الخمس" کا لفظ جو معروف ہے وہ صحیح طور پر ثابت نہیں ہے۔ (فتح القدیر: ۲۱۲/۲)

[2] ردالمختار: ۱۷۶/۱

الائمہ سے نقل کیا گیا ہے کہ اگر مواقع ضرورت میں طلب سہولت کے لئے کوئی مفتی ان اقوال میں سے کسی قول پر فتویٰ دے دے تو بہتر ہوگا، امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے فتور شہوت کے بعد خروج منی کی صورت میں کہا ہے کہ غسل واجب نہیں ہوگا۔ یہ قول ضعیف ہے؛ لیکن مسافر یا مہمان جو تہمت کا خوف رکھتا ہو اگر اس پر عمل کرے۔ جیسا کہ اپنے موقع پر یہ بحث آئے گی تو اس کا ایسا کرنا درست ہوگا کہ یہ ضرورت کے مواقع میں سے ہے۔"

خلاصۂ بحث

پس حاصل یہ ہے کہ:

اوّل: دوسری مدات سے سادات کی مدد کرنے کی کوشش کرنی چاہئے اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے ان کی قرابت کا خیال کر کے ان کے حق میں فراخدلی کا برتاؤ کرنا چاہئے۔

دوسرے: اگر سادات کو بالواسطہ زکوٰۃ کی رقم پہنچائی جاسکتی ہو تو یہ راستہ اختیار کرنا چاہئے، مثلاً شوہر و بیوی میں سے ایک سیّد ہوں دوسرے نہ ہوں تو جو سیّد نہ ہوں، ان کو زکوٰۃ دی جائے۔ ماں سادات میں سے ہو، اولاد نہ ہو تو اولاد کو، اور اولاد سیّد ہو، ماں سیّد نہ ہو تو ماں کو زکوٰۃ سے مدد دی جائے۔

تیسرے: اگر کسی دوسری مد سے اعانت کی گنجائش نہ ہو اور بالواسطہ زکوٰۃ سے مدد پہنچانی ممکن نہ ہو اور وہ ضرورت مند ہوں، تو موجودہ حالات میں سادات کو زکوٰۃ کی رقم دی جاسکتی ہے جیسا کہ امام ابوحنیفہ، قاضی ابو یوسف، امام طحاوی، علامہ ابہری مالکی، اصطخری، شافعی، امام رازی، علامہ ابن تیمیہ رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی اور ایک قول کے مطابق امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی اور اکابر علماء ہند میں علامہ انور شاہ کشمیری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی رائے ہے۔

هذا ماعندی والله أعلم بالصواب.

زکوٰۃ میں سونا اور چاندی کے نصاب کو ملانے کا مسئلہ

اس بات پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ سونے کا نصاب ۲۰ دینار اور چاندی کا نصاب دوسو درہم ہے۔ جیسا کہ صحاح کے مختلف مصنفین نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نقل کیا ہے۔ جدید اوزان کے لحاظ سے ۲۰ دینار ۴۷۹ء ۸۷ گرام کے برابر اور ۲۰۰ درہم ۶۱۲ء۳۵ گرام کے برابر ہے[۱] اگر کسی کے پاس صرف سونا یا صرف چاندی ہو تو امت کا اجماع ہے کہ جب تک مذکورہ مقدار پوری نہ ہو جائے زکوٰۃ واجب نہ ہوگی[۲]۔

البتہ اگر کسی کے پاس تھوڑی سی مقدار چاندی کی ہو اور کچھ مقدار سونے کی، تو اس پر کیا دونوں کو ملا کر زکوٰۃ واجب قرار دی جائے گی؟ اس میں فقہا کے درمیان اختلاف ہے۔ ایک گروہ کا خیال ہے کہ دونوں کو ملا کر نصاب پورا ہو جائے تو زکوٰۃ واجب ہو جائے گی۔ ابن ابی شیبہ نے ابراہیم نخعی، شعبی، مکحول اور حسن بصری رحمہم اللہ تعالیٰ سے یہی رائے نقل کی ہے[۳] ...... اور یہی رائے امام ابوحنیفہ و امام مالک رحمہما اللہ تعالیٰ کی بھی ہے[۴] ...... دوسرے گروہ کا خیال ہے کہ ایسی صورت میں نصاب ملایا نہیں جائے گا اور زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ اس گروہ میں امام شافعی، ابوثور اور داؤد رحمہم اللہ تعالیٰ ہیں اور ایک روایت امام احمد سے بھی اسی کے مطابق منقول ہے[۵]۔

پھر جو لوگ ضم نصاب کے قائل ہیں ان میں بھی اختلاف ہے کہ اس کی صورت کیا ہوگی؟ ابن رشد نے ان سبھوں کا ذکر کیا ہے۔ تاہم اس سلسلہ میں دو مشہور رائیں ہیں جو قابل ذکر ہیں۔ ایک یہ کہ دونوں کا نصاب بہ اعتبار اجزاء کے ملایا جائے گا مثلاً ایک شخص کے پاس مقدار کے لحاظ سے چاندی کے نصاب کا دو تہائی موجود ہو اور سونے کے نصاب کا ایک تہائی، تو زکوٰۃ واجب ہو جائے گی۔ اگر سونا اس کے مقررہ نصاب کے ایک تہائی سے کم ہو تو اس کی قیمت کچھ بھی ہو زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ دوسری رائے یہ ہے کہ نصاب باعتبار قیمت کے ملایا جائے گا۔ مثلاً مذکورہ مثال ہی میں اگر سونا اپنے نصاب مقررہ کے ایک تہائی سے کم ہو لیکن اس کی قیمت سے چاندی کا بقیہ

---

[۱] اسلام کا نظام عشر و زکوٰۃ: ۶۱ [۲] محمد بن هبیره حنبلی: کتاب الافصاح عن معانی الصحاح: ۲۰۶/۱

[۳] مصنف: ۳/۱۲۱، ۱۲۰ فی الرجل یکون عنده، مأة دراهم وعشرة دینار [۴] کتاب الإفصاح: ۲۰۷/۱

[۵] بدایة المجتهد: ۲۸۴/۱ المغنی: ۳۱۸/۲

ایک تہائی بھی مکمل ہوجاتا ہوتو زکوٰۃ واجب ہو جائے گی پہلی رائے امام ابو یوسف، امام محمد رَحِمَهُمَا اللهُ تَعَالىٰ اور دوسرے فقہاء کی ہے جب کہ دوسری رائے امام ابوحنیفہ رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ کی ہے۔[1]

پہلے گروہ کے دلائل

جو لوگ نصاب ملا کر پورا کرنے کے قائل ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ سونا چاندی دونوں کی تخلیق اس لئے ہے کہ وہ "ثمن" ہیں اور ان کے ذریعہ قوت خرید بہم پہنچے۔ اس لحاظ سے یہ دونوں ایک ہی جنس کے ہیں۔ اس لئے ان کو ملا کر زکوٰۃ واجب ہوگی۔ یہی وجہ ہے کہ سونے اور چاندی میں زکوٰۃ کی مقدار (ڈھائی فیصد) یکساں مقرر کی گئی ہے۔[2] ...... ملک العلماء علامہ علاء الدین کاسانی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالىٰ متوفی ۵۸۷ھ نے اس مسئلہ پر ایک حدیث بھی پیش کی ہے:

"روی عن بكير بن عبداللّٰه بن الاشج أنه قال مضت السنة من أصحاب رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم بضم الذهب الى الفضة والفضة إلى الذهب في إخراج الزكوٰة."[3]

تَرجَمَہ: "بکیر بن عبداللہ بن اشج سے مروی ہے کہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے اصحاب رَضِيَ اللهُ تَعَالىٰ عَنْهُمْ کی سنت رہی ہے کہ زکوٰۃ نکالنے کے معاملہ میں سونے کو چاندی اور چاندی کو سونے کے ساتھ ضم کیا جائے۔"

دوسرے گروہ کے دلائل

دوسرے گروہ کے دلائل یہ ہیں کہ ہر چند کہ سونا اور چاندی "ثمن" ہیں، لیکن محض اتنی سی بات یہ ثابت کرنے کے لئے کافی نہیں کہ دونوں کی جنس ایک ہی ہے، اس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ احناف کے یہاں دو ہم جنس اشیاء کی خرید و فروخت میں کمی و بیشی اور تفاضل جائز نہیں ہے۔ حالانکہ کہ خود حنفیہ سونا، چاندی کے معاملہ میں (تفاضل) کو جائز اور درست قرار دیتے ہیں۔ پھر یہ کہ خود احناف بھی جانوروں مثلاً گائے اور بکری میں ملا کر نصاب پورا کرنے کے قائل نہیں ہیں، حالاں کہ ان دونوں کا مقصد تخلیق ایک ہی ہے کہ ان سے غذا اور دودھ حاصل کیا جائے اگر یہ یکسانیت اس بات کے لئے کافی نہیں کہ دو جانوروں کو ملا کر نصاب مکمل کیا جائے، تو "ثمن" ہونے میں یکسانیت کیوں کر اس بات کی دلیل ہوسکتی ہے کہ سونا، چاندی باہم ضم کر کے نصاب زکوٰۃ بنے؟ احادیث کا عام لب ولہجہ جس میں دوسری اشیاء کی طرح سونا اور چاندی کا مستقل ذکر کیا گیا ہے، نیز یہ کہا

---

[1] الفتاویٰ الهندية: ۹۲/۱ ویسے علامہ کاسانی نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی ایک روایت ضم بالاجزاء کی بھی نقل کی ہے اس کو تسلیم کرلیا جائے تو مسئلہ زیر بحث میں کوئی اختلاف باقی نہیں رہتا بدائع الصنائع: ۱۹/۲ [2] الهداية: ۱۷۶/۱ [3] بدائع الصنائع: ۱۰۶/۲

گیا ہے کہ چاندی ایک سو نوے درہم ہو جائے تب بھی زکوٰۃ واجب نہیں، اپنے ظاہری مفہوم کے لحاظ سے اس کی تائید میں ہے کہ ان دونوں کی مستقل حیثیت ہے اور وہ باہم ضم نہیں کئے جائیں گے۔

یہ استدلال کہ ان دونوں میں زکوٰۃ کی مقدار ایک ہی ہے۔ محض ایک قرینہ کا درجہ رکھتا ہے اس کو محض ایک اتفاق قرار دیا جاسکتا ہے اور بقول ایک معاصر صاحب علم کے غلہ کسی جنس کا بھی ہو، اس کی مقدار زکوٰۃ ایک ہی ہوتی ہے۔ عشر یا نصف عشر[1] تو کیا یہ سمجھا جائے کہ تمام غلوں کی جنس ایک ہی ہے؟ جہاں تک اس حدیث کی بات ہے جو علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے نقل کی ہے تو باوجود تلاش کے کہیں نہ مل سکی۔ خود عام فقہاء احناف نے بھی اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے "کنز العمال" جو ہر طرح کی احادیث کا ضخیم ترین مجموعہ ہے، اس میں بھی یہ روایت نہیں مل سکی اور نہ مصنف نے اس کی کوئی سند ہی ذکر کی ہے، اس لئے اس سے استدلال بھی محل نظر ہے۔

حافظ ابن رشد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے

شاید اسی وجہ سے حافظ ابن رشد مالکی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ، مالکی ہونے کے باوجود اس مسئلہ میں شوافع کے مؤید نظر آتے ہیں، وہ لکھتے ہیں:

"وسبب هذا الإرتباك ماراموه من أن يجعلوامن شيئين نصابهما مختلف في الوزن نصابا واحدا وهذا كله لامعنى له ولعل من رام ضم أحدهما إلى الأخر فقد احدث حكما في الشرع حيث لاحكم لأنه قد قال بنصاب ليس هو بنصاب ذهب ولا فضة."[2]

تَرجَمہ: فقہاء کے درمیان اس کا سبب یہ ہے کہ انہوں نے دو ایسی چیزوں کو ملا کر نصاب بنایا ہے جن کے نصاب وزن کے لحاظ سے مختلف ہیں اور یہ سب بے معنی بات ہے، جن لوگوں نے سونا چاندی میں سے ایک کو دوسرے کے ساتھ ضم کردیا ہے، انہوں نے دراصل شریعت میں ایک نیا حکم گھڑ لیا ہے؛ اس لئے کہ وہ ایک ایسے نصاب کے قائل ہیں جو نہ سونے کا نصاب ہے اور نہ چاندی کا۔

بدلتی ہوئی قدر کا تقاضہ

لیکن دلائل سے قطع نظر ایک اہم بات یہ ہے کہ سونے اور چاندی کی قدر میں اس زمانہ میں جو تفاوت تھا، وہ موجودہ زمانہ میں غیر معمولی حد تک بدل گیا ہے، اس زمانہ میں ۲۰ دینار سونا اپنی "قدر" قیمت اور قوت خرید کے لحاظ سے ٹھیک دو سو درہم کے مساوی تھا اور ایک دینار دس درہم کے برابر متصور ہوتا تھا۔ "وكل دينار عشرة

[1] مولانا سیّد احمد عروج قادری رحمہ اللہ تعالیٰ: عشر و زکوٰۃ اور سود کے چند مسائل: ۳۹ [2] بداية المجتهد: ۱/ ٦٥٨

دراهم فی الشرع فیکون أربعة مثاقیل فی هذا کأربعین درهم۔[1]" ...... البتہ کبھی خالص وعمدہ ہونے یا اپنی بناوٹ کی عمدگی اور نفاست کی وجہ سے سونے یا چاندی کی قیمت اس کی اصل قیمت سے بڑھ جایا کرتی تھی۔ "إذا کانت قیمة أحدهما لجودته وصیاغته اکثر من و زنه."[2]

لیکن اب ساڑھے سات تولہ سونا اور ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت میں غیر معمولی فرق پیدا ہوگیا ہے اور سونے کے ایک نصاب میں چاندی کے کئی نصاب کا خرید ممکن ہوگیا ہے، دوسرے گو شریعت کی نظر میں سونا اور چاندی دونوں ہی ثمن ہیں، لیکن موجودہ معاشی نظام اور سکوں کی قدر و قیمت میں صرف سونا ہی "معیار" تصور کیا جاتا ہے۔ ان حالات کا نتیجہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے پاس صرف سات تولہ سونا ہو تو زکوٰۃ واجب نہ ہوگی اور اگر ایک تولہ سونا اور ایک تولہ چاندی ہو تو نصاب کو ضم کرنے کے اصول پر زکوٰۃ واجب ہو جائے گی۔ یوں یہ صحیح ہے کہ چاندی کا نصاب احادیث سے زیادہ صحت کے ساتھ ثابت ہے اور یہ بھی درست ہے کہ چاندی کے نصاب پر امت کا اجماع ہے اور سونے کے نصاب کے سلسلہ میں بھی گو جمہور اہل علم اور ائمہ مجتہدین کا اتفاق ہے، لیکن بہر حال بعض اہل علم کا اختلاف بھی نقل کیا گیا ہے۔ تاہم یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جس شئی کا ربط کرنسی سے ہوگا اس کی قیمت اور حیثیت میں اضافہ ہوگا اور جس شی کا ربط کرنسی سے نہیں ہوگا، اس کی قیمت اور اہمیت نسبتاً کم ہوگی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں سونا اور چاندی دونوں ذریعہ تبادلہ تھے۔ چنانچہ جب تک چاندی کی یہ حیثیت برقرار رہی، سونے اور چاندی کی قیمت میں ایک قسم کا توازن برقرار تھا۔ ظاہر ہے کہ اب یہ صورت حال باقی نہیں رہی، اب یہ بات قابل غور ہے کہ شریعت نے جو معدنیات میں ان ہی دونوں کو معیار زکوٰۃ بنایا ہے وہ ثمن ہونے کی وجہ سے ہے یا یوں ہی؟ اگر ثمنیت کا پہلو ملحوظ نہ ہوتا تو لوہا اور تانبا چاندی سے زیادہ انسانی ضروریات کے لئے کار آمد ہیں؛ اس لئے خیال ہوتا ہے کہ ثمن ہونے کے باعث ہی ان کو معیار قرار دیا گیا ہے۔ واللہ اعلم

اگر سونے اور چاندی کی قدر میں وہی تناسب ہوتا، جو صدر اول میں تھا۔ تو "ضم نصاب" کا مسئلہ عین انصاف ہوتا جیسے کہ احناف کا مسلک ہے کہ اس میں فقراء کا فائدہ بھی ہے۔ مگر موجودہ حالات میں جب کہ ان دونوں کی قدر میں نمایاں فرق پیدا ہوگیا ہے۔ ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ اس جزئیہ پر نظر ثانی کی جائے اور جمہور کی رائے اختیار کی جائے یا کم از کم صاحبین کی رائے اختیار کی جائے کہ سونے اور چاندی کے نصاب کا انضمام اجزاء کے لحاظ سے ہو نہ کہ قیمت کے اعتبار سے۔

یہ جو کچھ عرض کیا گیا ہے، علماء اور ارباب افتاء کے غور وخوض کے لئے ہے، عوام کو علماء کی ہدایات ہی پر عمل کرنا چاہئے۔ اپنے طور پر فیصلہ نہیں کرنا چاہئے۔

---

[1] الهدایة: ۱/۱۷۵ فصل فی الذهب [2] بدائع الصنائع: ۲/۱۰۷

حج وعمرہ...... کچھ نئے مسائل

"اسلامک فقہ اکیڈمی کے دسویں سمینار منعقدہ بیت الحجاج بمبئی ۱۹۹۷ء کا ایک اہم موضوع "حج اور عمرہ سے متعلق عہد جدید کے کچھ حل طلب مسائل" تھا۔ یہ تحریر اسی موقعہ سے پیش کی گئی۔"

سوالنامہ

حج اسلام کا اہم رکن ہے، علماء اسلام نے حج اور عمرہ کے مسائل کو خصوصی اہمیت دی ہے، اس موضوع پر مستقل کتابیں اور رسائل بھی تصنیف کئے گئے ہیں۔ دور حاضر میں حجاز مقدس کی تجارتی اہمیت، حجاج کی بڑھتی ہوئی کثرت، ویزا اور ٹکٹ وغیرہ کی قانونی پابندیوں نے حج اور عمرہ کے مختلف مسائل کو علماء اور فقہاء کے لئے غور طلب بنا دیا ہے؛ کیوں کہ ان مسائل کے تعلق سے حج اور عمرہ کرنے والے اور مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، جدہ وغیرہ میں تجارت یا ملازمت کی غرض سے رہنے والے دشواریوں میں مبتلا ہوتے ہیں، بعض مسائل میں بعض فقہی مسالک پر عمل موجودہ حالات میں انتہائی دشوار ہے، جب کہ دوسرے فقہی مسالک میں یسر وسہولت کا پہلو پایا جاتا ہے، اس طرح کے چند حل طلب مسائل ذیل میں بحث وتحقیق کے لئے اصحاب علم وتفقہ کی خدمت میں پیش کئے جارہے ہیں، امید ہے کہ آپ ان مسائل کی اہمیت محسوس کرتے ہوئے اپنے مطالعہ وتحقیق کا نچوڑ اور اپنی واضح رائے پیش فرمائیں گے۔

❶ اس میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ حج یا عمرہ کی نیت سے حرم مکی میں داخل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ احرام باندھ کر میقات کے اندر داخل ہو؛ لیکن جو لوگ حج یا عمرہ کی نیت نہیں رکھتے بلکہ تجارت، ملاقات یا کسی اور مقصد سے مکہ مکرمہ یا حرم مکی کی حدود میں داخل ہونا چاہتے ہیں کیا ان کے لئے بھی ضروری ہے کہ احرام باندھ کر میقات سے آگے بڑھیں؟ اس سلسلے میں فقہاء مجتہدین کے مسالک اور دلائل کی تفصیل اور ترجیح تحریر فرمائیں۔

❷ آج کل تیز رفتار تجارتی سرگرمیوں اور وسائل آمد ورفت کی کثرت وسہولت کی وجہ سے اہل مکہ کا حدود حرم سے باہر جا کر پھر مکہ واپس آنا اور حجاز مقدس کے دوسرے شہروں (مدینہ منورہ وغیرہ) کے باشندوں کا مختلف اغراض سے بار بار مکہ مکرمہ آنا ہوتا ہے، مثلاً ٹیکسی ڈرائیور بار بار مکہ، جدہ، مدینہ کے درمیان آمد ورفت کرتے

ہیں، اسی طرح تجارتی سامان لانے، لے جانے والے ملازمین اور تجارتی کمپنیوں کے ایجنٹوں کو بار بار حدود حرم کے اندر باہر آمد و رفت کرنی ہوتی ہے، ایسے لوگوں کے لئے ہر بار میقات میں داخل ہوتے وقت احرام باندھنا اور ارکان عمرہ کی ادائیگی دِقت طلب ہے، جن فقہاء کے نزدیک حرم مکی میں داخل ہونے والے ہر شخص کے لئے (خواہ وہ حج یا عمرہ کی نیت نہ رکھتا ہو) احرام باندھ کر میقات کے اندر داخل ہونے کی پابندی ہے کیا ان کے نزدیک ایسے لوگوں کو احرام کی پابندی سے مستثنیٰ کیا جاسکتا ہے؟ جنھیں تقریباً روزانہ اور کبھی کبھی ایک سے زائد مرتبہ تجارت، ملازمت یا دوسرے مقاصد سے حرم مکی کے اندر آمد و رفت کرنی ہوتی ہے۔

❸ مکہ مکرمہ میں مقیم شخص اگر اس سال حج کا ارادہ رکھتا ہے تو اشہر حج (حج کے مہینے) شروع ہونے کے بعد اس کے لئے عمرہ کرنا درست ہے یا نہیں؟ یعنی مکی کے لئے تمتع یا قران کی گنجائش ہے یا نہیں؟

❹ جو حضرات ائمہ مکی کے لئے تمتع وقران کو جائز نہیں کہتے اور اسی کے ساتھ ساتھ میقات کے باہر سے مکہ مکرمہ جانے والے ہر شخص کے لئے (خواہ اس کی نیت حج یا عمرہ کی نہ ہو) میقات سے احرام باندھ کر داخل ہونا لازم قرار دیتے ہیں، ان کے مسلک کے اعتبار سے ایک دشواری یہ پیش آتی ہے کہ مکہ مکرمہ میں مقیم جو حضرات حج کا ارادہ رکھتے ہیں، اگر وہ اپنی کسی ضرورت سے اشھر حرم میں میقات کے باہر گئے، پھر مکہ مکرمہ واپس ہونے لگے، اگر وہ احرام باندھے بغیر میقات کے اندر داخل ہوئے تو انہیں بلا احرام میقات سے تجاوز کرنے کی وجہ سے دم دینا پڑے گا، اور اگر احرام کے ساتھ میقات میں داخل ہوئے تو احرام سے حلال ہونے کے لئے انہیں ارکان عمرہ ادا کرنے ہوں گے اور اسی سال حج کرنے کی صورت میں تمتع کرنے کی وجہ سے دم جنایت لازم ہوگا اور ایک ممنوع صورت کا ارتکاب ہوگا، اس صورت حال سے بچنے کے لئے حج کا ارادہ رکھنے والے اہل مکہ کو پابند کرنا کہ اشھر حج شروع ہونے کے بعد میقات کے باہر نہ جائیں، تنگی اور دشواری کی بات ہے، کیوں کہ اشھر حج کا عرصہ خاصا طویل ہے اور اہل مکہ اپنی مختلف ضرورتوں کی بناء پر میقات کے باہر جانے پر مجبور ہوتے ہیں، اہل مکہ کی اس مشکل کا کیا شرعی حل ہے؟

❺ تمتع کرنے والا آفاقی شخص عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد حج کا احرام باندھنے سے پہلے مزید عمرے کرسکتا ہے یا نہیں؟

❻ حجاج کی غیر معمولی کثرت اور رمی جمرات کی جگہ انتہائی محدود ہونے کی وجہ سے رمی جمرات کا عمل خصوصاً بوڑھوں اور معذوروں کے لئے خاصا دشوار ہوگیا ہے، اس کی وجہ سے رمی جمرات میں نیابت کا رواج ہوتا جارہا ہے، بعض لوگ مریض و معذور نہ ہونے کے باوجود محض کسل اور آرام پسندی کی وجہ سے کسی دوسرے کو رمی کے لئے بھیج دیتے ہیں، اس سلسلے میں درج ذیل امور دریافت طلب ہیں:

(الف) عمل رمی میں کوئی شخص دوسرے کی نیابت کرسکتا ہے یا نہیں؟

(ب) رمی میں اگر نیابت ہوسکتی ہے تو صرف مریض یا معذور کے لئے، یا ہر شخص کے لئے، اس معذوری کی کیا حد ہے جس کی وجہ سے نیابت جائز ہے۔ کیا محض ازدحام کے خوف سے نائب بنانا درست ہے؟

۷ سعودی عرب میں رہنے والے غیر ملکیوں کے لئے بھی حج کرنے کے لئے حکومت سے اجازت لینا ضروری ہوتا ہے۔ بعض لوگ حکومت کی اجازت کے بغیر حج یا عمرہ کا احرام باندھ لیتے ہیں اور حالت احرام میں پکڑ کر واپس بھیج دیئے جاتے ہیں، کیا ایسے لوگ محصر کے حکم میں ہیں، ان کا احرام کس طرح ختم ہوگا اور انہیں کیا کرنا ہوگا؟

۸ متمتع اور قارن کے لئے رمی، ذبح، حلق کے درمیان ترتیب واجب ہے یا مسنون؟ اس سلسلے میں ائمہ کے مسالک کی کیا تفصیل ہے۔

احناف کے مفتی بہ قول میں ترتیب کو واجب کہا گیا ہے اور ترتیب میں تقدیم وتاخیر ہونے پر دم لازم قرار دیا گیا۔ دور حاضر میں اس ترتیب کی رعایت میں دشواری یہ ہے کہ حجاج کے بے پناہ ازدحام، موسم کی شدت، قیام گاہ اور مذبح میں کافی دوری ہونے اور سواری نہ ملنے کی وجہ سے حجاج کے لئے (خصوصاً ضعیف ومعذور حجاج کے لئے) خود مذبح جاکر قربانی کرنا انتہائی مشکل ہوگیا ہے؛ اس لئے حجاج عام طور پر قربانی کی رقم ان اداروں کے حوالہ کرکے فارغ ہوجاتے ہیں جو حجاج کی طرف سے نیابتاً قربانی کا نظم کرتے ہیں اور حکومت کی طرف سے اس کے مجاز ہیں۔ قربانی کا نظم کرنے والے ان اداروں کے ذمہ داروں کے مسلک میں ترتیب واجب نہیں، اس لئے یہ لوگ بسااوقات ترتیب کا خیال نہیں کرتے۔ ان حالات میں اگر رمی، ذبح، حلق کے درمیان ترتیب قائم نہ رہ سکے تو دم لازم ہوگا یا نہیں؟ مذکورہ بالا حالات کے پیش نظر کیا اس مسئلہ میں فقہ حنفی کے قول مرجوح کو اور دوسرے ائمہ کے قول کو اختیار کیا جاسکتا ہے؟

۹ آج عام طور پر معروف حج تمتع ہے افراد یا قران شاذ ونادر ہے، کیا اس صورت میں حج بدل کے لئے کسی کو بھیجنا عرفاً حج تمتع تصور کیا جائے گا؟

(الف) کیا حج بدل کرنے والا آمر کی اجازت سے حج تمتع کرسکتا ہے؟

(ب) حج بدل کرنے والا آمر کی صریح اجازت کے بغیر حج تمتع کرسکتا ہے یا نہیں؟

(ج) آمر سے تمتع کی صریح اجازت نہیں لی، لیکن حج بدل کرنے والے کا ظن غالب ہے کہ آمر اس کی اجازت دے دیتا تو تمتع کرسکتا ہے؟

(د) باذن الآمر یا بدون اذن الآمر تمتع کرنے کی صورت میں دم تمتع آمر کے مال میں لازم ہوگا یا حج بدل کرنے

والے کے مال میں، تمام شقوں کی تفصیل کی جائے۔

(ہ) اگر حج بدل کرنے والے کے لئے آمر کی اجازت سے بھی تمتع کی گنجائش نہ ہو تو وہ حج بدل کرنے والا کیا کرے جسے حکومت کے نظم قانون کے تحت ایام حج سے بہت پہلے حج کا سفر کرنا پڑے، اس کے لئے طویل عرصہ تک احرام کی پابندیوں کو جھیلنا انتہائی دشوار ہوتا ہے، کیا اس کی دشواری کا کوئی شرعی حل ہے؟

(و) حج عن المیت کی صورت میں تمتع کی گنجائش ہے یا نہیں؟ اس میں کوئی تفصیل ہو تو اسے بھی تحریر فرمائیں۔

۱۰ کوئی حج کرنے والی عورت حیض یا نفاس کی وجہ سے طواف زیارت نہ کر سکی، اس کے لئے پاکی کا انتظار نا قابل عمل ہے، کیوں کہ اس کا ویزا نہیں بڑھ پا رہا ہے یا جہاز کی تاریخ میں تبدیلی نہیں ہو پارہی ہے یا نفقہ ختم ہوجانے کی وجہ سے اس کا مکہ مکرمہ میں ٹھہر کر انتظار کرنا مشکل ہے، ایسی عورت اگر طواف زیارت کئے بغیر واپس چلی جاتی ہے تو اس کا حج ترک رکن کی وجہ سے نامکمل رہتا ہے، دوبارہ اس کا وطن سے واپس آکر طواف زیارت کرنا نا قابل عمل ہے، مثلاً اس میں دوبارہ آنے کی استطاعت نہیں ہے یا قانونی رکاوٹیں اس کے واپس آنے میں حائل ہیں ایسی عورت کیا کرے؟

(الف) کیا اس کے لئے اجازت ہے کہ ناپاکی کی حالت میں طواف زیارت کرے۔

(ب) اس نے اگر ناپاکی کی حالت میں طواف زیارت کیا تو رکن ادا ہو گیا یا نہیں؟ دم لازم ہوگا یا نہیں؟

(ج) اگر دم لازم ہوگا تو بدنہ ذبح کرنا ہوگا یا بکرا کافی ہوگا؟

(د) اور دم کی ادائیگی مکہ مکرمہ میں ہی ضروری ہے یا یہ کہ حرم مکہ سے باہر اور اپنے مقام پر بھی ادا کیا جا سکتا ہے؟

۱۱ سفر حج یا عمرہ میں کسی خاتون کے شوہر کا انتقال ہو گیا تو وہ ایام عدت میں عمرہ وحج ادا کر سکتی ہے یا نہیں؟

۱۲ حج کا سفر کرنے والا۔ ایام حج۔ یعنی ۷۔۸۔ ذی الحجہ سے اتنی مدت قبل مکہ مکرمہ پہنچتا ہے کہ مکہ مکرمہ میں ۱۵ یوم قیام سے پہلے ہی ایام حج شروع ہوجاتے ہیں اور وہ منیٰ چلا جاتا ہے، تو وہ مقیم ہوگا یا نہیں؟ جب کہ پہلے دونوں آبادیاں الگ تھیں مگر اب مکہ مکرمہ شہر پھیلتے ہوئے منیٰ کی آبادی کے متصل ہو گیا ہے۔

۱۳ رمضان میں جو لوگ عمرہ کے لئے جاتے ہیں۔ نیز سعودیہ وغیرہ میں مقیم احناف کے لئے ایک مسئلہ وتر میں اقتدا کا ہے کہ بلاد عرب میں عموماً وتر کی تینوں رکعات فصل کے ساتھ یعنی دو رکعات پر سلام کے ساتھ ادا کی جاتی ہیں، تو اب دو ہی صورتیں ہیں، ایک یہ کہ اپنے مذہب کی رعایت میں مسجد حرمین کی جماعت کو چھوڑ کر ایسا آدمی وتر کی نماز تنہا ادا کرے، یہ صورت مناسب معلوم نہیں ہوتی۔ دوسری صورت یہ ہے کہ امام کی اقتدا میں وتر کو ادا کرے تو مذکورہ خرابی لازم آتی ہے کہ امام فصل کے ساتھ وتر ادا کرتا ہے۔ تو کیا اس کی گنجائش ہے کہ جماعت ومجمع کی رعایت میں وہ امام مسجد کی اقتدا کرے؟

جواب

''حج'' ارکانِ اسلام میں سے ایک رکن ہے جس سے ایمان کی تجدید ہوتی ہے، اور دل و نگاہ کو نیا یقین حاصل ہوتا ہے، شاید اسی لئے آپ ﷺ نے اسلام کو بھی پچھلی زندگی کے گناہوں کے لئے کفارہ قرار دیا اور حج کو بھی، ''**الإسلام یهدم ماکان قبله والحج یهدم ماکان قبله.**''[1]

عمر بھر میں ایک ہی بار صاحب استطاعت مسلمانوں سے یہ فریضہ متعلق ہے اور اصل میں پانچ دن ہی اس عبادت میں صرف ہوتے ہیں؛ لیکن مسافرت، زبان و ماحول کی اجنبیت، موسم کی ناموافقت اور سب سے بڑھ کر لاعلمی اور ناتجربہ کاری اور ان سب سے مستزاد نامانوس اور خیال و امید سے بھی بڑھ کر ازدحام، ایسی باتیں ہیں، جو ترقی کے اس دور میں بھی حاجی کو مشقت سے دوچار کرتی ہیں اور قدم قدم پر ارشاد نبوی ﷺ ''**الحج جهاد**'' کی یاد تازہ ہوتی ہے۔

حج فرض ہونے اور کعبہ مطہرہ کے کفر و شرک کی آلائشوں سے پاک ہونے کے بعد آپ ﷺ نے ایک ہی بار حج فرمایا ہے، یہی اول و آخر حج تھا، جس میں قریب ایک لاکھ جاں نثار صحابہ آپ ﷺ کے ساتھ تھے، اشارہ غیبی سے آپ کو اندازہ ہوچکا تھا کہ پھر اس عظیم مجمع سے آپ کی ملاقات نہ ہوسکے گی، اس لئے آپ ﷺ نصیحت بھی فرماتے جاتے تھے: ''**خذوا عني مناسککم**''، صحابہ نے حسب معمول بلکہ معمول سے بڑھ کر آپ ﷺ کے ایک ایک عمل کا بنظر غائر مشاہدہ کیا اور علم و دین کی اس امانت کو امت تک پہنچایا؛ اس لئے ''حج'' کے مسائل میں بمقابلہ دوسری عبادات کے فقہاء کے درمیان اختلاف کم ہے، اتنا کم کہ جسے انگلیوں پر شمار کیا جاسکے۔

چوں کہ یہ عبادت عمر میں ایک ہی بار فرض ہے اور اس کی ادائیگی کے لئے جسمانی مشقت اور مالی قربانی دونوں کا حصہ کثیر ہوتا ہے، شاید اسی لئے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر حج کے مسائل میں احتیاط کی روش کو قدم قدم پر ملحوظ رکھا ہے تاکہ یہ عبادت غیر مشکوک طریقہ پر انجام پاسکے، حج کے افضل ترین طریقہ کی بحث ہو، افعال حج میں ترتیب کا مسئلہ ہو، ایام قربانی کا مسئلہ ہو، مکہ میں کسی ضرورت سے آفاقی کا ورود ہو وغیرہ ہر جگہ امام صاحب کا یہ ذوق نمایاں ہے۔ ''احتیاط'' ہمیشہ آبلہ پائی کے راستہ پر لے جاتی ہے اور طبع دشوار پسند ہی کو راس آتی ہے، اس لئے موجودہ حالات میں حجاج کی کثرت اور مسائل حج سے عام حجاج کی ناواقفیت وغیرہ کی وجہ سے فقہ حنفی کے بعض مسائل میں مشکلات کا سامنا ہے۔

---

[1] مسلم: ۷٦/۱

تقلید ایک ضرورت ہے اور موجودہ عہد ہویٰ و ہوس میں سفینۂ نوح کا درجہ رکھتی ہے؛ لیکن جہاں خواہشات نفس کی اتباع کا جذبہ کارفرما نہ ہو اور علماء و اہل صلاح اجتماعی غور وفکر کے ذریعہ امت کی اجتماعی سہولت کے لئے بعض مسائل میں جزوی طور پر ایک فقہ سے دوسری فقہ کی طرف عدول کریں تو حرج نہیں، یہ دین سے دین کی طرف عدول ہے، نہ کہ دین سے بے دینی کی طرف اسی پس منظر میں ان مسائل پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

وباللّٰه التوفيق.

تجارت کے لئے بلا احرام مکہ میں داخل ہونے کا مسئلہ

(جواب: سوال ۱،۲)

اگر حرم محترم کا سفر حج یا عمرہ کے ارادہ سے کیا جائے میقات سے بلا احرام کے بڑھنا جائز نہیں، اس پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے، اگر سفر کا مقصد تجارت، اہل مکہ سے ملاقات وغیرہ ہو، تو اس صورت میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک بلا احرام میقات سے آگے نہیں بڑھ سکتا[1] ...... اور اگر بلا احرام آگے بڑھ گیا تو یا میقات تک واپس جائے اور احرام باندھ کر آئے، یا دم جنایت ادا کرے[2] مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کے نزدیک احرام باندھنا مسنون تو ہے واجب نہیں، مناسک حج پر مشہور محدث امام نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی کتاب ''الایضاح'' میں مذکور ہے:

"ينبغي لمن يأتي من غير الحرم أن لايدخل مكة إلامحرما لحج أو عمرة وهل يلزمه ذالك أم هو مستحب؟ فيه خلاف منتشر يجمعه ثلاثة اقوال اصحها أنه مستحب."[3]

تَرجَمَہ: ''جو شخص حرم کے باہر سے آئے اس کے لئے حج یا عمرہ کا احرام باندھے بغیر مکہ میں داخل ہونا مناسب نہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ حکم لازم ہے یا مستحب ہے؟ اس سلسلے میں مجموعی طور پر تین اقوال ہیں اور صحیح تر قول یہ ہے کہ احرام باندھنا مستحب ہے۔''

امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے بھی یہی استحباب نقل کیا گیا ہے[4] ابن قدامہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اسی طرف امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا رجحان نقل کیا ہے[5] ...... البتہ اگر کسی شخص کو بار بار حرم میں آنا پڑتا ہو جب بھی فقہاء شوافع کے یہاں احرام باندھ کر آنا مسنون ہے، ترک احرام مکروہ ہے اور ترک احرام کی وجہ سے دم ادا کرنا سنت ہے تاکہ اپنے عمل کو فقہاء کے اختلاف سے بچایا جاسکے۔

---

[1] فتح القدير: ٤٢٦/٢ [2] ردالمحتار: ١٥٤/٢ [3] كتاب الايضاح: ١٩٧

[4] دیکھئے: المدونة الكبرى: ٣٠٣/١ [5] المغني: ١١٦/٣

"سن له الإحرام منه وكره تركه ويسن بتركه دم و إن تكرر دخوله خروجا من خلاف من أوجبه كإبن عباس رضى الله تعالىٰ عنه وأبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ"[1]

ترجمہ: "مکہ میں داخل ہونے کے لئے احرام باندھنا مسنون ہے اور بلااحرام داخل ہونا مکروہ ہے۔ نیز احرام نہ باندھنے کی صورت میں دم دینا مسنون ہے، گو بار بار داخل ہونے کی نوبت آتی ہو تاکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ کے اختلاف سے بچا جاسکے۔"

احرام کے واجب نہ ہونے کے باجود اس وضاحت وتاکید کے ساتھ احرام کی اور نہ باندھنے کی صورت دم کی تاکید مجھے مالکیہ اور حنابلہ کے یہاں نہ مل سکی۔

حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے مصنف ابن ابی شیبہ کی اس روایت کو پیش نظر رکھا ہے جو عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے، کہ بلااحرام میقات سے آگے نہ بڑھا جائے[2] خود امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مسند میں عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نقل کیا ہے، کہ وہ بلا احرام میقات سے آگے بڑھنے والوں کو واپس لوٹا دیا کرتے تھے[3] دوسرے فقہاء نے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث مرفوع "لايجاوز الوقت الإباحرام" کو حج وعمرہ کے سفر پر محمول کیا ہے۔

دلائل سے قطع نظر اس میں شبہ نہیں کہ حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے زیادہ احتیاط پر مبنی ہے، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے، کہ گذشتہ ادوار میں آفاقی کا دن دو دن میں مکہ آنا ممکن نہیں تھا اور نہ تجارتی روابط آج کی طرح تھے، موجودہ دور میں تیز رفتار سواریوں اور تجارتی روابط میں اضافہ نے ہفتہ عشرہ کے سفر کو چند گھنٹوں کا سفر بنا دیا ہے، تو اس صورت حال میں جو لوگ بار بار تجارت یا ملازمت کی غرض سے مکہ آئیں ان کو احرام اور عمرہ کا مکلّف قرار دینے میں حرج کا پایا جانا ایک امر واقعہ ہے اور خود اس مسئلہ میں فقہاء حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے حرج کو حکم کی بنیاد بنایا ہے۔

غور فرمایئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مطلق ہے، کہ میقات سے آگے نہ بڑھا جائے "لايجاوزالوقت" اور جیسے آفاقی کے لئے مقررہ مقامات میقات ہیں، اسی طرح جو لوگ میقات کے اندر رہتے ہیں، ان کے لئے "حل" کا آخری علاقہ میقات ہی کے حکم میں ہے، کہ اگر حج یا عمرہ کا قصد ہو تو اس سے پہلے احرام باندھ لینا ضروری ہے اور قیاس کا تقاضا یہی ہے کہ ان مقامات کے لوگوں کے لئے بھی بلااحرام مکہ جانے کی گنجائش نہ ہو،

[1] الافصاح علی مسائل الایضاح: ۱۲۱ [2] دیکھئے: نصب الرایہ: ۱۵/۳ [3] مسند امام شافعی: ۱۱۶

لیکن فقہاء نے اسی حرج ومشقت کی رعایت کرتے ہوئے ان کو بلا احرام مکہ میں داخل ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی، علامہ مرغینانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی گفتگو ملاحظہ فرمائیے:

"من كان داخل الميقات له أن يدخل مكة بغير إحرام لحاجته لأنه يكثر دخوله مكة وفي إيجاب الإحرام في كل مرة حرج بيّن."[1]

تَرْجَمَہ: "جو شخص میقات کے اندر ہو وہ بلا احرام بھی مکہ میں داخل ہوسکتا ہے کیوں کہ اس کو اس کی حاجت ہے اس کو بار بار مکہ میں داخل ہونے کی ضرورت پیش آسکتی ہے اور ہر دفعہ احرام لازم قرار دینے میں کھلی ہوئی دشواری ہے۔"

ان حضرات کے زمانے میں آفاقی کے مکہ میں عبادت کے علاوہ دوسری اغراض سے بار بار آنے کی نوبت کم آتی تھی، اس لئے نہ ناقابل لحاظ حرج تھا اور نہ اس کو دور کرنے کی ضرورت، پھر بھی فقہاء نے ان لوگوں کے لئے جو احرام کے ساتھ داخل ہونے میں مشقت محسوس کرتے ہوں، جواز کی ایک بالواسطہ صورت یعنی حیلہ کی رہنمائی کردی، جو فقہ حنفی کی اکثر کتابوں میں موجود ہے، علامہ بابرتی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"والحيلة لمن أراد من الآفاقي دخوله بغير إحرام أن يقصد بستان بني عامر أوغيره من الحل فلايجب الإحرام."[2]

تَرْجَمَہ: "جو آفاقی بلا احرام مکہ میں داخل ہونا چاہے، اس کے لئے یہ حیلہ ہے کہ وہ بستان بنی عامر یا حل کے کسی اور مقام کا قصد کرے، ایسی صورت میں احرام واجب نہیں ہوگا۔"

اس حیلہ میں جو تکلف ہے وہ تو ظاہر ہی ہے، علاوہ اس کے خیال ہوتا ہے کہ فقہاء نے جہاں کہیں حیلوں کی رہنمائی کی ہے، وہاں کسی سخت ضرورت کی وجہ سے عارضی طور پر اس عمل کی گنجائش فراہم کرنا مقصود ہے، اب روز روز آنے والے تاجروں کو مشورہ دینا کہ وہ ہمیشہ اس حیلہ سے کام لیا کریں اور حیلہ کو ایک مستقل عمل بنالیں، درست نظر نہیں آتا کہ اس طرح دین کے بازیچۂ اطفال بن جانے اور شریعت کے اوامر ونواہی کی بابت بے حسی و بے احترامی پیدا ہوجانے کا اندیشہ ہے۔

اس لئے اس حقیر کا خیال ہے کہ اس مسئلے میں ائمہ ثلاثہ کی رائے پر فتویٰ دیا جانا چاہئے اور درحقیقت کہ یہ ایک فقہ سے دوسری فقہ کی طرف عدول نہیں ہے، کہ عدول تو اس وقت ہوتا ہے جب کہ دلیل و برہان کا اختلاف ہو، یہ اختلاف زمان کی بناء پر اختلاف احکام ہے "ولاينكر تغير الاحكام بتغير الزمان."

---

[1] هدايه: ۲۳۵/۱ [2] عناية على هامش فتح القدير: ۳۲۶/۲

اہل مکہ کا حج تمتع

(جواب: سوال ۳)

حنفیہ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اہل مکہ کے لئے تمتع اور قران نہیں ہے، ان کو حج افراد ہی کرنا چاہئے، "لیس لاهل مكه تمتع ولاقران وانمالهم الافراد خاصة[1]"، جو حکم اہل مکہ کا ہے وہی حکم ان لوگوں کا ہے جو حدود میقات کے اندر رہنے والے ہوں[2] حنفیہ نے اس سلسلے میں حضرت علی، حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُم کے آثار کو پیش نظر رکھا ہے۔[3]

تاہم حنفیہ کے مسلک کی تفصیل دیکھی جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے اہل مکہ کی تین قسمیں کی ہیں:

اول: جو مکہ میں مقیم ہیں۔

دوسرے: جو حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے ہی میقات سے باہر کے سفر پر جا چکے ہیں۔

تیسرے: مکہ میں مقیم ہو اور ماہ حج شروع ہونے کے بعد میقات سے باہر سفر پر گیا ہو۔

پہلی قسم کے لوگوں کے لئے نہ تمتع کی گنجائش ہے اور نہ قران کی، اور اگر تمتع یا قرآن کر لے تو گناہ گار ہوگا اور تلافی کے لئے دم بھی واجب ہوگا اور دم بھی اس شان سے واجب ہوگا کہ اگر تنگی اور عسرت کی وجہ سے ان کے بدلہ روزہ رکھنا چاہے تو اس کی بھی گنجائش نہ ہوگی۔[4] لیکن یہ ان مشائخ احناف کے قول پر ہے جن کے نزدیک "المام" (بال بچوں کے ساتھ اپنے وطن میں بود و باش) حج تمتع کے لئے مانع نہیں ہے، دوسری صورت میں یعنی جب ماہ حج سے پہلے ہی میقات سے باہر کے سفر پر جا چکا ہو تو قران کی گنجائش ہے، تمتع کی نہیں۔

"فاذا خرج إلى الكوفة وقرن صح بلاكراهة ...... قال المحبوبى هذا إذا خرج إلى الكوفة قبل أشهر الحج"[5]

تَرجَمَہ: "کوفہ جائے اور وہاں سے قران کرے تو بلا کراہت درست ہے ...... علامہ محبوبی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے کہا کہ یہ حکم اس صورت میں ہے جب کہ حج کے مہینے کے شروع ہونے سے پہلے ہی کوفہ چلا گیا ہو۔"

تیسری صورت میں جب کہ ماہ حج شروع ہونے کے بعد سفر پر گیا ہو تو قران بھی درست نہیں، "وأما إذا خرج بعدها فقد منع من القران[6]" یہ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی سے منقول ہے، لیکن فقہاء حنفیہ کا اس پر اتفاق نہیں، بعض حضرات کا رجحان اس صورت میں بھی قران کے جائز ہونے کا ہے، چنانچہ ابن ہمام

[1] هداية مع الفتح: ۱۰/۳　[2] عناية مع الفتح: ۱۰/۳　[3] حواله سابق
[4] فتح القدير: ۱۱/۳　[5] ردالمحتار: ۱۹۷/۲　[6] حوالهٔ سابق

رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی ناقل ہیں:

"وقد يقال: إنه لايتعلق به خطاب المنع مطلقاً، بل مادام بمكة، فإذا خرج إلى الأفاق التحق بأهله لما عرف ان كل من وصل إلىٰ مكان صار ملحقا بأهله، كالافاقي إذا قصد بستان بني عامر حتى جازله دخول مكة بلا إحرام."[1]

تَرْجَمَہ: "کہا جاتا ہے کہ اس سے ممانعت کا خطاب مطلق نہیں ہے؛ بلکہ اس وقت تک ہے جب تک مکہ میں ہو، اگر آفاق کو چلا جائے تو اہل آفاق ہی کے حکم میں ہوگا؛ کیوں کہ جو شخص کسی جگہ جائے وہ اسی جگہ کے لوگوں کے حکم میں ہوتا ہے، جیسے کہ آفاقی اگر بستان بنی عامر کا قصد کرے تو اس کے لئے بلا احرام مکہ میں داخل ہونا جائز ہے۔"

اس وضاحت سے معلوم ہوا کہ بعض مشائخ حنفیہ نے ان اہل مکہ میں جو مکہ میں مقیم ہوں اور ان میں جو میقات سے باہر سفر پر گئے ہوں فرق کیا ہے، پہلی صورت میں قران اور تمتع کو منع کیا ہے اور دوسری صورت میں اہل مکہ کو آفاقی کے حکم میں رکھا ہے اور ان کے لئے تمتع اور قران کو جائز سمجھا ہے، ان حضرات نے ایک اجماعی مسئلہ کو اپنے قیاس کی بنیاد بنایا ہے؛ اسی لئے ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کہتے ہیں:

"وأصل هذه الكلية الإجماع."[2]

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مکی کے لئے بھی تمتع اور قران کی گنجائش ہے، اور اگر مکی نے تمتع کیا تو اس پر دم تمتع واجب نہیں ہوتا، نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی رقمطراز ہیں:

"إن المكي لايكره له التمتع والقران و إن تمتع لم يلزمه دم."[3]

تَرْجَمَہ: "مکی کیلئے تمتع اور قران مکروہ نہیں اور اگر تمتع کر لیا تو دم واجب نہیں۔"

"والذين لادم عليهم إن قرنوا أوتمتعوا في أشهرالحج إنما هم أهل مكة وذى طوى لاغيرهم."[4]

تَرْجَمَہ: "جن لوگوں پر اشہر حج کے مہینے میں قران یا تمتع کرنے کے باوجود دم واجب نہیں، وہ صرف مکہ اور ذی طوی کے لوگ ہیں۔"

اور یہی نقطۂ نظر حنابلہ کا ہے۔[5]

خیال ہوتا ہے کہ اہل مکہ میں سے جو لوگ حج کے مہینوں میں حدود میقات سے باہر کا سفر کرنے پر مجبور

---

[1] فتح القدير: ۳/۱۵. ١٤ [2] فتح القدير: ۳/۱۵ [3] شرح مهذب: ۷/۱۶۹
[4] المدونة الكبرى: ۱/۳۰۰ [5] الروض المربع: ۱۷٦

ہوں، ان کو سعادت حج کی محرومی سے بچانے کے لئے ائمہ ثلاثہ اور بعض مشائخ حنفیہ کے قول پر عمل کرنے کی گنجائش ہے، واللہ اعلم۔

اہل مکہ کی مشکلات کا حل

(جواب: سوال۴)

اگر حنفیہ کے مسلک کی تفصیل پیش نظر رکھی جائے، تو اس مشکل کا حل آسان ہے، حنفیہ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ اگر کوئی مکی حج کے مہینوں میں حدود میقات سے باہر جا کر مکہ واپس آئے اور عمرہ کرلے اور پھر اسی سال حج کرلے تو اس کا تمتع ہوگا ہی نہیں؛ کیوں کہ اہل مکہ کا مکہ آنا ''المام صحیح'' ہے اور جب حج وعمرہ کے درمیان ''المام صحیح'' کی نوبت آجائے تو پھر وہ متمتع باقی نہیں رہتا، چنانچہ علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ لکھتے ہیں:

''لوأحرم مكي بعمرة أوبهما وطاف للعمرة في أشهر الحج ثم حج من عامه لا يكون متمتعاًولا قارناً.''[1]

ترجمہ: ''اگر مکی نے صرف عمرہ یا حج وعمرہ دونوں کا احرام باندھا اور حج کے مہینوں میں عمرہ کا طواف کیا پھر اسی سال حج کیا تو وہ تمتع یا قران کرنے والا متصور نہیں ہوگا۔''

اور ہندیہ میں ہے:

''لو خرج إلى الكوفة وأهلّ بالعمرة واعتمر ثم حج لم يكن متمتعاً.''[2]

ترجمہ: ''اگر مکی کوفہ کو گیا اور عمرہ کا احرام باندھ کر عمرہ کیا پھر حج کیا تو وہ متمتع نہیں ہوگا۔''

اسی لئے قاضی ابوزید دبوسی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے لکھا ہے کی مکی کے لئے تمتع نا قابل تصور ہے، اس لئے جہاں کہیں مکی کے لئے تمتع کی نفی کی گئی ہے، وہاں صرف یہ مراد ہے کہ اس پر دم تمتع واجب نہ ہوگا[3] ...... حنفیہ کے یہاں یہی قول راجح ہے، گو بعض مشائخ حنفیہ کا خیال ہے کہ تمتع کے درست ہونے کے لئے ''المام'' کا نہ ہونا شرط نہیں ہے، ان حضرات کی رائے پر مکی کا حج تمتع ہو جائے گا؛ لیکن وہ گناہ گار ہوگا اور اس پر دم جنایت واجب ہوگا، جن حضرات نے اہل مکہ کے تمتع پر دم واجب قرار دیا ہے وہ اسی قول پر مبنی ہے۔

حاجی متمتع کے لئے حج سے پہلے مزید عمرے

(جواب: سوال ۵)

راقم الحروف کا خیال ہے کہ آفاقی اگر حج کا مہینہ شروع ہونے کے بعد مکہ آیا اور عمرہ کرلیا تو یہ عمرہ حج تمتع

[1] فتح القدير: ۱۱/۳ [2] هنديه: ۲۳۹/۱ [3] ردالمحتار: ۵٦۷/۳

کے لئے کافی ہے، اگر اس کے بعد حج سے پہلے مزید نفل عمرہ کرنا چاہے تو اس کی گنجائش ہے، غالباً حدیث سے کہیں یہ ثبوت نہیں ملتا کہ اگر آفاقی دوبارہ حل سے عمرہ کا احرام باندھ کر عمرہ کرلے تو اس کا حج تمتع نہیں ہوسکے گا ...... جہاں تک فقہاء کی صراحتیں ہیں، تو دوسرے دبستان فقہ میں تو اس کے جواز کی صراحت موجود ہے، امام نووی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں:

"ثم المعتمر إن كان متمتعا أقام بمكة حلالا يفعل ما أراد من الجماع وغيره ماكان عليه حراما بالإحرام، فإذا أراد أن يعتمر تطوعا كان له ذالك ويستحب الإكثار من الاعتمار."[1]

تَرجَمۂ: "عمرہ کرنے والا اگر حج تمتع کررہا ہو تو وہ مکہ میں حلال رہ کر مقیم رہے اور جو چاہے جماع وغیرہ کرلے، اور وہ باتیں جو اس پر احرام کی وجہ سے حرام تھیں کرسکتا ہے، نفل عمرہ کرنا چاہے تو وہ بھی کرسکتا ہے اور مستحب ہے کہ زیادہ سے زیادہ عمرہ کرے۔"

حنفیہ کی بعض عبارتوں سے یہ خیال ہوتا ہے کہ آفاقی کو دوبارہ عمرہ نہیں کرنا چاہئے، جیسے علامہ شامی کی یہ عبارت:

"والحيلة لمن دخل مكة محرما بعمرة من قبل أشهر الحج يريد التمتع أن لا يطوف بل يصبر إلى أن تدخل أشهر الحج ثم يطوف فإنه متى طاف وقع عن العمرة ثم لو احرم بأخرى بعد دخول اشهر الحج و حج من عامه لم يكن متمتعا فى قول الكل لانه صار فى حكم المكى بدليل ان ميقاته ميقاتهم."[2]

تَرجَمۂ: "جو شخص حج کے مہینے شروع ہونے سے پہلے عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ میں داخل ہوا ہو اور حج تمتع کرنا چاہتا ہو اس کے لئے حیلہ یہ ہے کہ طواف نہ کرے بلکہ حج کا مہینہ آنے تک صبر سے کام لے اس کے بعد طواف کرے اس لئے کہ وہ جو طواف کرے گا تو یہ عمرہ کی طرف سے ہوگا، پھر اگر حج کا مہینہ داخل ہونے کے بعد دوبارہ عمرہ کا احرام باندھے اور اسی سال حج کرے تو تمام ہی فقہاء کے قول پر وہ تمتع کرنے والا نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ اب وہ مکی کے حکم میں ہوچکا ہے کیوں کہ جو اہل مکہ کی میقات ہے، وہی اس کی میقات ہے۔"

لیکن اس عبارت کا تعلق حج تمتع کرنے والے کے عمرہ کرنے یا نہ کرنے سے نہیں ہے بلکہ اس بات سے ہے کہ جو شخص حج کے مہینوں سے پہلے مکہ آگیا ہو اس کے لئے حج تمتع کرنے کی کیا صورت ہے؟ کیوں کہ حج تمتع

[1] كتاب الايضاح فى مناسك الحج والعمرة: ٢٦٣ [2] ردالمحتار: ٥٦٣/٣

میں ضروری ہے کہ عمرہ "اشہر حج" میں ہو اور اس صورت میں حاجی "اشہر حج" سے پہلے ہی مکہ پہنچ جاتا ہے، اسی طرح ایک اور مقام پر علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ رقمطراز ہیں:

"يزاد على الأيام الخمسة مافى اللباب وغيره من كراهة فعلها فى أشهر الحج لأهل مكة ومن بمعنا هم أى من المقيمين ومن فى داخل الميقات لأن الغالب عليهم أن يحجوا فى سنتهم فيكونوا متمتعين وهم من التمتع ممنوعون."[1]

تَرجَمَہ: "پانچ ایام میں عمرہ کے مکروہ ہونے پر وہ اضافہ ہونا چاہئے جو "لباب" وغیرہ میں ہے کہ اہل مکہ اور جو اہل مکہ کے حکم میں ہے، یعنی مکہ میں مقیم حضرات ان کا عمرہ کرنا بھی مکروہ ہے اور یہی حکم ان لوگوں کا ہے جو حدود میقات کے اندر رہتے ہوں، اس لئے کہ ان کے بارے میں ظن غالب یہ ہے کہ وہ لوگ اسی سال حج بھی کریں گے، اس طرح وہ تمتع کرنے والے ہوجائیں گے، حالاں کہ ان کے لئے تمتع کی ممانعت ہے۔"

اس عبارت کا ماحصل یہ ہے کہ جن حضرات نے اشہر حج میں پہلے سے عمرہ نہ کیا ہو اور مکہ میں مقیم ہوں، ان کو اب عمرہ نہیں کرنا چاہئے، کیوں کہ وہ اہل مکہ کے حکم میں ہیں، اور اہل مکہ کے لئے تمتع مناسب نہیں، غرض عمرہ سے روکنا مقصود نہیں، بلکہ جو لوگ پہلے سے مکہ میں مقیم ہوں، ان کو تمتع سے روکنا مقصود ہے؛ اسی لئے شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے لکھا ہے، "و إلا فلا منع للمكي عن العمرة المفردة فى اشهر الحج إذا لم يحج فى تلك السنة"[2]...... آفاقی چوں کہ پہلے ہی حج تمتع کے لئے عمرہ کر چکا ہے؛ اس لئے مزید نفل عمرے اس کے لئے جائز ہوں گے، کیوں کہ وہ ان عمروں کی وجہ سے متمتع حاجی نہیں ہوگا، بلکہ پہلے ہی سے حاجی متمتع ہے۔ واللّٰہ اعلم

رمی میں نیابت

(جواب: سوال ۶)

(الف) حج ایک ایسی عبادت ہے کہ شریعت نے عجز و مجبوری کے وقت پوری عبادت ہی میں نیابت کی گنجائش رکھی، رمی، اس عبادت کا ایک حصہ ہے، اس لئے عذر اور عجز کی بناء پر رمی میں نیابت بدرجہ اولیٰ درست ہوگی، اس پر فقہاء کا اتفاق ہے۔[3]

---

[1] ردالمحتار: ۴۷۷/۲　[2] حوالہ سابق

[3] دیکھئے: فتح القدير: ۴۱۸/۲، المدونة الكبرى: ۳۲۶/۱، شرح مهذب: ۲۴۵/۸، المغنى: ۲۵۶/۳

(ب) نیابت صرف مریض اور معذور ہی کے لئے ہے، امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

"والمريض الذی لایستطيع رمی الجمار يوضع الحصى فی كفه حتى يرمى به و إن رمى عنه أجزأه."[1]

ترجمہ: "جو مریض رمی جمار کی طاقت نہ رکھتا ہو، اس کی ہتھیلی میں کنکری رکھی جائے گی، یہاں تک کہ اس کے ذریعہ رمی کرائی جائے اور اگر اس کی طرف سے رمی کر دی جائے تو یہ بھی کافی ہے۔"

یہ عذر کس درجہ کا ہو؟ اس کی صراحت نہیں، کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صرف اس قدر لکھا ہے، کہ ایسا مریض ہو جو رمی کرنے پر قادر نہ ہو، "کالمريض الذی لایستطيع الرمی[2]"...... اور یہ حقیقت بھی ہے کہ اس عذر کی تعیین و تحدید دشوار ہے، کیوں کہ مختلف لوگوں میں مشقتیں برداشت کرنے اور تکلیف کو انگیز کرنے کی صلاحیت بھی مختلف ہوتی ہے، نیز موسموں کے فرق سے بھی اس صلاحیت میں فرق واقع ہوتا ہے۔

بعض فقہاء نے تحدید کی کوشش کی ہے، خاص کر مالکیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے، امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی صراحت کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شخص کنکری پھینکنے پر قادر نہ ہو یا قادر ہو لیکن وہاں تک چل کر نہ جاسکتا ہو اور سواری میسر نہ ہو، یا سواری بھی میسر ہو لیکن سواری پر بھی بیٹھنے کی قدرت نہ ہو، وہ رمی سے عاجز تصور کیا جائے گا۔[3]

میرے خیال میں مالکیہ نے عذر کی جو حد بندی کی ہے اس میں انضباط پایا جاتا ہے، مگر دشواری یہ ہے کہ امام مالک کے یہاں اس صورت میں اس کی طرف سے نیابتاً رمی تو ادا ہو جائے گی؛ لیکن دم دینا ہوگا، "قال مالك وعليه الهدى لأنه لم يرم و إنما رمى عنه."[4]

شوافع نے نیابت کے لئے شرط لگائی ہے کہ مایوس کن مرض ہو اگر ایام رمی ہی میں صحت یاب ہو جانے کی امید ہو تو پھر نیابت کی گنجائش نہیں[5]...... پھر شوافع کے یہاں بہتر طریقہ یہ ہے کہ حلال شخص کو یا ایسے شخص کو نائب بنائے جو اپنی رمی کر چکا ہو اور اگر اپنی رمی نہ کیا ہو تو پہلے اپنی رمی کر کے پھر اس دوسرے شخص کی طرف سے رمی کرنی چاہئے۔[6]

فقہاء حنابلہ کے یہاں اس مسئلہ میں کسی قدر وسعت معلوم ہوتی ہے، ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیماری، قید اور دوسرے اعذار کی بناء پر رمی کی اجازت دی ہے:

"إذاكان الرجل مريضا أومحبوساً أوله عذر جاز أن يستنيب من يرمى عنه."[7]

---

[1] كتاب الاصل: ٤٢٩/٢ [2] بدائع الصنائع: ٣٢٣/٢ نیز دیکھئے: المبسوط للسرخسی: ٦٩/٤ [3] كتاب الاصل: ٤٢٩/٢
[3] المدونة الكبرى: ٣٢٦/١ [4] حواله سابق [5] شرح مهذب: ٢٤٣/٨ [6] شرح مهذب: ٢٤٥/٨
[7] المغنی: ٢٥٦/٣

ترجمہ: ''جب کوئی شخص مریض ہو یا قید میں ہو یا اس کو کوئی عذر ہو تو وہ کسی ایسے شخص کو اپنی طرف سے نائب بنا سکتا ہے جو اس کی طرف سے رمی کر دے۔''

محض ازدحام کی وجہ سے رمی میں نیابت درست نہیں، حقیقت یہ ہے کہ فقہاء نے رمی کے اوقات میں جو وسعت رکھی ہے اس کو ملحوظ رکھتے ہوئے رمی کے لئے صحیح وقت کا انتخاب کیا جائے، تو ازدحام سے بچا جا سکتا ہے اور تجربہ ہے کہ وقت کے صحیح انتخاب کے ذریعہ ضعیف اور بوڑھے لوگوں کو بھی رمی کرائی جا سکتی ہے، بنیادی طور پر تین صورتیں ہیں کہ جن میں رمی کی گنجائش ہے:

اول: یہ کہ کنکری پھینکنے کی بھی قوت نہ ہو۔

دوسرے: کنکری پھینک سکتا ہو لیکن بیس پچیس قدم بھی پیدل چلنا دشوار ہو، کیوں کہ آج کل جمرات کے حصہ میں پیدل چلے بغیر چارہ نہیں اور وہ بھی خاصے فاصلہ تک پیدل چلنا پڑتا ہے۔

تیسرے: اپنے خیمے سے جمرات تک کا طویل فاصلہ پیدل طے کرنا دشوار ہو اور سواری دستیاب نہ ہو، گو تھوڑا بہت پیدل چلنے پر قادر ہو۔

بہر حال ضرورت اس بات کی ہے کہ حجاج کو تساہل اور تن آسانی سے بچنے کی تلقین کی جائے اور رمی کے اوقات کے سلسلے میں شریعت میں جو گنجائش اور آسانیاں ہیں ان سے واقف کرایا جائے۔

جن کو حج سے روک دیا جائے؟

(جواب: سوال ۷)

حجاج کی تعداد کو محدود کرنے کے لئے ان لوگوں کو ہر سال حج سے روکنا اور قانونی اجازت کا مکلف بنانا۔ جو پہلے حج کر چکے ہیں۔ جائز ہے اور ایک انتظامی مسئلہ ہے، شریعت نے اہل مکہ کو تمتع اور قران سے منع کیا ہے، اس کے پیچھے شاید یہ مصلحت بھی کارفرما ہے کہ اس طرح باہر سے آنے والے حجاج کو عبادت کے زیادہ مواقع مل سکیں گے اور سہولت بہم پہنچے گی۔

ایسا شخص ''محصر'' کے حکم میں ہے، ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے صراحت کی ہے کہ جس شخص کو سلطان روک دے وہ بھی محصر ہے، ''السلطان إذا منعه من مقصده فهو محصر[1]''، فقہاء شوافع میں امام نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے بھی سلطان کی طرف سے رکاوٹ کو احصار قرار دیا ہے[2] بلکہ امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے بنفس نفیس اس کی بابت گفتگو فرمائی ہے[3] دوسرے فقہاء کے قول پر بھی وہ محصر ہی ہوگا؛ اس لئے کہ مرض کے مانع

[1] فتح القدير: ۱۲۵/۲ [2] دیکھئے: شرح مهذب: ۳۰۵/۸ [3] دیکھئے: كتاب الام: ۱۶۳/۳

سفر ہونے کی صورت میں احصار کا حکم جاری ہوگا یا نہیں؟ اس میں گو اختلاف ہے؛ لیکن اگر کوئی شخص سفر میں رکاوٹ بن گیا ہو تو تمام فقہاء متفق ہیں کہ اس کے لئے احصار کا حکم ہوگا۔

حنفیہ کے یہاں احصار کا حکم یہ ہے کہ اس کی جانب سے حرم میں قربانی ہوجائے، قربانی کے بعد ہی وہ حلال ہوسکے گا، قربانی یوم النحر سے پہلے بھی ہوسکتی ہے، صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربانی یوم النحر ہی کو کی جائے گی[1] ...... اور آج کل سعودی حکومت کی طرف سے یہ سہولت بھی فراہم کی جاتی ہے کہ جن لوگوں کو روک دیا جاتا ہے ان سے قربانی کے پیسے لے لئے جاتے ہیں اور ان کی طرف سے قربانی کا انتظام کردیا جاتا ہے، دوسرے فقہاء کے نزدیک جہاں سفر سے روکا ہے وہیں قربانی کرلے، نہ قربانی کے لئے کسی وقت کی قید ہے اور نہ یہ ضروری ہے کہ حرم میں قربانی ہو۔[2]

ایسے لوگوں کے لئے جو روک دیئے جانے کے خطرہ سے دوچار ہوں اور حدود میقات کے اندر ہوں۔ بہتر صورت یہ ہے کہ احرام کا کپڑا پہننے کے بعد جب تک اس چوکی سے نہ گذر جائیں جہاں پولیس متعین ہوتی ہے اور خلاف قانون سفر کرنے والوں کو واپس کرتی ہے، اس وقت تک تلبیہ پڑھنے سے اجتناب کریں کیوں کہ جب تک نہ پڑھے، احرام شروع نہیں ہوتا، اگر واپس کردیا جائے تو واپس ہوجائے، صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ ہدایہ کا بیان ہے:

"ولایعد شارعا فی الاحرام بمجرد النیة مالم یأت بالتلبیة."[3]

تَرجَمہ: "محض نیت کی وجہ سے احرام شروع کرنے والا تصور نہ کیا جائے گا جب تک کہ تلبیہ نہ کہے۔"

یہ صورت ان لوگوں کے لئے مفید ہوسکتی ہے جو حدود میقات کے اندر رہتے ہوں۔ جو لوگ میقات کے باہر سے آتے ہیں، ان کے لئے اس تدبیر پر عمل کرنا شاید ممکن نہ ہو۔ کیونکہ چوکیاں حدود میقات کے اندر قائم کی جاتی ہیں، اور احرام میقات کے باہر باندھنا ہوتا ہے، اس لئے ایسے لوگوں کے حق میں اس زمانہ میں فقہ حنبلی پر عمل کرنے کی گنجائش ہے۔ فقہاء حنابلہ کے نزدیک اگر احرام کے وقت یہ شرط لگائی جائے کہ جس مقام پر مجھے کوئی عذر پیش آجائے، مجھے وہیں احرام کھول دینے کا اختیار ہوگا۔ پھر کسی عذر کی وجہ سے حرم پہنچنے سے پہلے ہی احرام کھول دے تو یہ جائز ہے۔ نہ اس پر قربانی واجب ہوگی، نہ قضا اور نہ اس پر کچھ گناہ ہوگا۔[4]

حنابلہ کی دلیل حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت ہے کہ حضرت ضباعہ بنت زبیر

---

[1] دیکھئے: فتح القدیر: ۱۲۹/۲ [2] دیکھئے: شرح مھذب: ۳۰۲/۸

[3] ھدایہ مع الفتح: ۴۳۷/۳ [4] المغنی: ۱۷۷/۳

رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے مشروط احرام کی اجازت چاہی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی، انہوں نے دریافت کیا کہ میں کس طرح اس بات کو کہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہو "**لبيك اللهم لبيك لبيك محلی من الارض حيث تحبسنی**[1]"، یہی رائے فقہاء شوافع کے نزدیک راجح ہے[2]......اور بعض اہل علم کے بیان کے مطابق حضرت عمر، حضرت علی، حضرت عبداللہ ابن مسعود، حضرت عمار بن یاسر، حضرت عائشہ، حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اکثر صحابہ وتابعین بھی اسی کے قائل ہیں[3]...... حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک ایسی شرط غیر معتبر ہے اور اس حدیث کا منشاء محض قلب کی تسکین وطمانینت ہے۔ لیکن چوں کہ حنابلہ وغیرہ کا نقطۂ نظر بھی ایک قوی دلیل پر مبنی ہے اور سلف صالحین میں ایک اچھی خاصی جماعت اس کی قائل ہے؛ اس لئے عذر ومجبوری کے مواقع میں اس پر عمل کر لینے کی گنجائش ہے۔

۱۰/ذوالحجہ کے افعال میں ترتیب

(جواب: سوال ۸)

دس ذی الحجہ سے متعلق چار افعال ہیں، رمی، قربانی، بال مونڈانا یا کٹانا اور طواف زیارت، طواف زیارت کو چھوڑ کر ان تینوں افعال کے درمیان امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ترتیب واجب ہے اور اگر اس میں تقدیم وتاخیر ہوگئی تو دم جنایت بھی واجب ہوگا[4] مالکیہ، شوافع اور حنابلہ کے نزدیک ان تینوں افعال میں ترتیب کی رعایت مسنون ہے نہ کہ واجب، اور اسی بنیاد پر اگر ترتیب کی رعایت نہ کی گئی ہو تو دم واجب نہیں[5] البتہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے رمی سے پہلے بال منڈانے والے پر فدیہ واجب قرار دیا ہے[6] اور حنابلہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے جانتے بوجھتے ترتیب کی خلاف ورزی کو باعث کراہت کہا ہے[7]۔

فقہاء احناف میں بھی صاحبین کے نزدیک ترتیب سنت ہے واجب نہیں، اگر ان افعال میں تقدیم وتاخیر ہو جائے تو کچھ واجب نہیں ہوتا۔

"**اما عندهما فعدم التاخير سنة حتى لو ذبح بعد التحلل بالحلق لا شیء عليه**[8]"

ترجمہ: "صاحبین کے نزدیک ان افعال کو اپنی جگہ سے مؤخر نہ کرنا مسنون ہے چنانچہ اگر بال مونڈا کر حلال ہونے کے بعد قربانی کرے تو اس پر کچھ واجب نہیں ہے۔"

جمہور اس روایت سے استدلال کرتے ہیں جس میں حجۃ الوداع کے واقعہ کا بیان ہے کہ مختلف حضرات سے

---

۱ ترمذی باب ماجا، فی الاشتراط فی الحج ۲ شرح مهذب: ۳۱۸/۸ ۳ دیکھئے: عمدة القاری: ۱۴۷/۱۰

۴ دیکھئے: بدائع الصنائع: ۳۶۲/۲، المبسوط: ۶۵/۴ ۵ دیکھئے: المدونة: ۳۲۳/۱، تحفة المحتاج: ۱۲۲/۴، الاقناع: ۳۹۱/۱

۶ الشرح الصغير: ۶۱/۲ ۷ الاقناع: ۳۹۱/۱ ۸ ردالمحتار: ۲۵۰/۲ نیز دیکھئے: بدائع الصنائع: ۳۶۲/۲

دسویں تاریخ کے افعال حج میں ترتیب کی رعایت نہ ہو سکی اور انہوں نے آپ ﷺ سے اس بابت دریافت کیا، آپ ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ کوئی حرج نہیں، إفعل ولاحرج[1] یہ حدیث سند کے اعتبار سے قوی ہے اور بظاہر اس سے یہی بات سمجھ میں آتی ہے کہ ترتیب کی خلاف ورزی کی وجہ سے حکم دنیا کے اعتبار سے بھی کوئی حرج نہیں، یعنی دم واجب نہیں اور حکم اخروی کے اعتبار سے بھی حرج نہیں یعنی گناہ نہیں، جمہور نے یہی معنی مراد لیا ہے، احناف کا خیال ہے کہ اس میں صرف گناہ کی نفی کی گئی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ دس ذی الحجہ کے افعال میں ترتیب کی رعایت قربان گاہ کے فاصلہ کی وجہ سے بھی اور حجاج کی اکثریت کے مسائل حج سے ناواقفیت کے باعث بھی دشوار ہوتی ہے۔ اور جمہور کی رائے اس مشقت سے بچنے اور بچانے میں معاون ہے اور یہ رائے بھی ایک قوی دلیل پر مبنی ہے، نیز صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ بھی اس رائے کے موافق ہیں اور صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کا قول بھی درحقیقت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ ہی کا ایک قول ہوتا ہے، بلکہ جہاں صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کی رائے ایک طرف اور امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے ایک طرف ہو، وہاں بعض اہل علم کے نزدیک دونوں قول میں سے ایک پر فتویٰ دینے کی گنجائش ہوتی ہے[2] اس لئے فی زمانہ صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ کی رائے پر فتویٰ دینا اور اس پر عمل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

حج بدل میں تمتع

(جواب: سوال ۹)

عام طور پر فقہاء حنفیہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے یہاں یہ بات معروف ومتداول ہے کہ حج بدل میں تمتع کی گنجائش نہیں؛ لیکن فقہاء کی بعض عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حج بدل میں بھی تمتع کی گنجائش ہے، چنانچہ علاء الدین حصکفی رحمہ اللہ تعالیٰ کا بیان ہے:

"ودم القران والتمتع والجناية على الحاج إن أذن له الآمر بالقران والتمتع والا فيصير مخالفاً فيضمن."[3]

ترجمہ: "دم قران دم تمتع اور دم جنایت حج کرنے والے ہی پر واجب ہوگا اگر حج کروانے والے نے قران وتمتع کی اجازت بھی دی ہو، اور اگر اجازت نہ دی ہو، تو وہ اس کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والا تصور کیا جائے گا لہٰذا اس کا وہ ضامن ہوگا۔"

---

[1] مسلم شریف: ۴۲۱/۱ [2] رسم المفتی: ۷۰

[3] الدر المختار علی هامش الرد: ۲۴۷/۲، نیز دیکھئے: تاتار خانیہ: ۵۴۸/۲

(الف) پس معلوم ہوا کہ اگر آمر کی اجازت سے حج تمتع کیا جائے تو ایسا کرنا درست ہے۔

(ب، ج) علامہ سرخسی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے بقول آمر کی طرف سے اگر قران کے لئے صراحتاً اجازت حاصل نہ ہو، جب بھی قران کی صورت حج بدل کیا جاسکتا ہے؛ کیوں کہ کبھی دلالۃً بھی اجازت ہوتی ہے، "اذیثبت الإذن دلالة"[1] اس سے معلوم ہوا کہ اجازتِ حج میں صراحت ضروری نہیں، صاحبین رَحِمَہُمَا اللہُ تَعَالیٰ کی رائے پر دلالۃً بھی اجازت کافی ہے ہمارے فقہاء کے زمانے میں حج کی تینوں صورتیں افراد، قران اور تمتع بکثرت مروج تھیں، آمد و رفت کا نظام بھی اپنے قابو کا تھا اور مشقت برداشت کرنے کا مزاج بھی زیادہ تھا اور اس کی صلاحیت بھی، ہمارے زمانہ میں حج تمتع عام ہے اور عام طور پر جب کوئی شخص حج کے لئے جاتا ہے تو ذہن میں یہی بات ہوتی ہے کہ حج تمتع کا قصد ہوگا، آفاقی حضرات میں دس فیصد بھی شاید ہی افراد یا قران کرتے ہوں؛ اس لئے مطلق حج کی اجازت دلالۃً تمتع کی اجازت متصور ہوگی اور حج بدل کرنے والوں کے لئے تمتع کرنا درست ہوگا۔

(د) تمتع اجازت سے کیا ہو یا بلا اجازت، دم تمتع مامور کے ذمہ ہوگا؛ کیوں کہ آمر پر عمرہ واجب نہیں ہے، اس لئے اس کا حقیقی ثواب حج بدل کرنے والے کو حاصل ہوگا، اس سلسلہ میں حصکفی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی عبارت گذر چکی ہے۔

(ر) موجودہ زمانہ میں چوں کہ حجاج کی آمد و رفت اس کی مرضی سے متعلق نہیں ہے اور طویل عرصہ تک حالت احرام میں رہنا باعث مشقت ہے؛ اس لئے میّت کی طرف سے بھی حج تمتع کیا جاسکتا ہے، فقہاء نے میّت کی طرف سے تمتع کو اس لئے غیر درست قرار دیا ہے کہ متوفی نے اس کا حکم نہیں دیا تھا، "لأنه لم يأمره بذالك"[2] ...... فقہاء کی اس تعلیل و توجیہ سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اگر خود متوفی نے حج تمتع کی اجازت دی ہو تو پھر اس کی جانب سے حج بدل میں تمتع درست ہوگا۔

اور اگر متوفی نے مطلق حج کی وصیت کی تھی تب بھی یہ دلالۃً اس کی طرف سے تمتع کی اجازت متصور ہوگی، غور کیا جائے کہ حج مطلق ہے اور اس میں افراد، تمتع اور قران تینوں صورتیں شامل ہیں، تو جب مطلق لفظ بولا جائے تو اس کی دلالت اپنے تمام افراد پر ہوگی یا نہیں ہوگی؟ ہاں اگر متوفی نے یہ کہا ہوتا کہ میقات ہی سے حج کا احرام باندھنے کی وصیت کرتا ہوں، تو ضرور ہے کہ افراد ہوتا اور تمتع و قران کی صورتوں کو شامل نہیں ہوتا۔

ناپاکی کی حالت میں طواف زیارت

(جواب: سوال ۱۰)

(الف) ایسی عورت کے لئے مجبوری کی وجہ سے ناپاکی کی حالت میں طواف کرنا دشوار ہے، اور جب تک طواف

[1] المبسوط: ۴/۱۵۵، نیز دیکھئے فتح القدیر: ۳/۱۵۳ [2] المبسوط: ۴/۱۵۵

نہ کرے وہ اپنے شوہر کے لئے حرام ہے اور فقہاء حنفیہ کے یہاں ناپاکی کی حالت میں طواف کیا جائے، تب بھی طواف ہوجاتا ہے۔[1]

(ب، ج) البتہ دم واجب ہوگا اور دم میں بدنہ (اونٹ کی قربانی) واجب ہوگا۔[2]

(د) نیز دم حرم میں ادا کرنا ہوگا۔[3]

احناف کے علاوہ امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے بھی ایک قول اسی طرح کا منقول ہے اور فقہاء شوافع نے بھی شافعی خواتین کو ابتلاء کی صورت اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے پر عمل کرنے کی اجازت دی ہے۔[4]

سفرِ حج میں شوہر کا انتقال

(جواب: سوال ۱۱)

عدت کی حالت عبادات اور افعال حج میں مانع نہیں ہے، بلکہ سفر کے لئے مانع ہے، اسی پس منظر میں فقہاء حنفیہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ایسی عورت کے لئے درج ذیل احکام دیئے ہیں۔

(الف) اگر اس کا گھر مسافت سفر سے کم دوری پر ہو تو گھر لوٹ آئے۔

(ب) اگر مکہ مسافت سفر سے کم دوری پر ہو تو سفر حج جاری رکھے۔

(ج) اگر دونوں ہی طرف مسافت سفر کا فاصلہ ہو اور شہر میں ورود پذیر ہو یعنی ایسی جگہ اس کی عدت شروع ہوگئی، جہاں اس کا ٹھہرنا اور قیام کرنا ممکن ہو اور محرم ساتھ نہ ہو تو وہیں عدت گذار لے اور سلسلۂ سفر منقطع کردے۔

(د) اگر محرم ساتھ ہو تو صاحبین رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک محرم کے ساتھ سفر حج جاری رکھے اور امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک سلسلۂ سفر ختم کردے۔[5]

موجودہ زمانہ میں اپنے ملک کی حدوں سے نکلنے کے بعد، مکہ سے پہلے قانونی مشکلات کی وجہ سے نہ قیام ممکن ہوتا ہے اور نہ سفر سے واپسی آسان ہوتی ہے، پھر قافلۂ حج میں بڑی تعداد میں خواتین ہوتی ہیں، ان کے ساتھ کسی خاتون کے رہنے میں فتنہ کے مواقع کم ہوجاتے ہیں، اس لئے اگر ہندوستان سے نکلنے کے بعد شوہر کی وفات ہوگئی تو سفر حج مکمل کرلینے کی گنجائش ہونی چاہئے اور امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی اس رائے کو اختیار کرنا چاہئے کہ اگر رفقاء سفر میں کچھ اور خواتین بھی موجود ہوں تو عورت محرم کے بغیر بھی ان کے ساتھ سفر حج کرسکتی

---

[1] تاتارخانیہ: ۲/۱۷. ۵۱٦ [2] تاتارخانیہ: ۲/۱۷. ۵۱٦ [3] تاتارخانیہ: ۲/۱۷. ۵۱٦

[4] دیکھئے: فتح العلام: ٤/٤١٩ [5] دیکھئے: تاتار خانیہ: ۲/٤٣٥، فتح القدیر: ۲/٤١٩

ہے، "یجوز لها الحج إذا خرجت في رفقة ومعها نساء ثقات لحصول الأمن بالمرافقة." [1]

حاجی مقیم ہے یا مسافر؟

(جواب: سوال ۱۲)

اس حقیر کا خیال ہے کہ دوشہروں کا اتصال ان کو "ایک شہر" نہیں بناتا، بلکہ وہ دوالگ الگ شہروں ہی کے حکم میں ہے، شہر کی تحدید بنیادی طور پر عرف پر موقوف ہے اور اس زمانہ کا عرف یہ ہے کہ بلدیہ شہر کی جو حدود متعین کرتی ہے اسی کو شہر کی حد سمجھا جاتا ہے، تو جب تک بلدیہ مکہ اور منیٰ کو دوعلیحدہ شہر تصور کرے ان کا حکم دوشہروں کا ہوگا۔ فقہاء کی ان جزئیات سے غلط فہمی میں نہ پڑنا چاہئے جن میں شہر سے متصل دیہات کو شہر کے حکم میں رکھا گیا ہے، کیوں کہ دیہات کی حیثیت، شہر کے تابع کی ہے اور دوشہروں کی حیثیت مستقل شہر کی ہے۔

لہٰذا اگر کوئی شخص ۸/ ذی الحجہ سے پندرہ دن قبل مکہ نہیں پہنچے، تو وہ مسافر ہی شمار ہوگا اور قصر کرے گا، علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس کی وضاحت اس طرح فرمائی ہے

> "إنه إذا نوى الإقامة بمكة شهراً ومن نيته أن يخرج إلى عرفات ومن قبل ان يمكث بمكة خمسة عشر يومالايصير مقيما لانه يكون ناويا لا قامة مستقبلة فلا تعتبر." [2]
>
> تَرجَمَہ: "جب مکہ میں ایک ماہ کے لئے مقیم ہواور اس کی نیت عرفات جانے کی ہو، تو مکہ میں پندرہ دن قیام سے پہلے وہ مقیم نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ یہ تو مستقبل کے بارے میں اقامت کی نیت ہوگی اور اس کا اعتبار نہیں۔"

مخالفِ مذہب امام کی اقتداء

(جواب: سوال ۱۳)

فقہاء کا اختلاف دراصل مسائل کے مجتہد فیہ ہونے کی علامت ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اختلاف صواب وخطا کا ہے نہ کہ حق وضلال کا؛ اس لئے ایسے مسائل میں توسع اختیار کرنا چاہئے، فقہاء حنفیہ میں ابوبکر جصاص رازی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ بڑے پایہ کے فقیہ ہیں، امام کرخی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے شاگرد ہیں اور دو واسطوں سے امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے تلامذہ میں سے ہیں ابوبکر جصاص رازی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس کی اجازت دی ہے کہ ایسے شافعی امام کے پیچھے نماز وتر پڑھ سکتا ہے جو فصل کے ساتھ نماز ادا کرتا ہو، ابن ہمام

[1] ہدایہ مع الفتح: ۴۲۰/۳ [2] منحة الخالق علی البحر: ۱۳۲/۲

رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے الفاظ ہیں:

"إن إقتداء الحنفی بمن یسلم علی رأس الرکعتین فی الوتر یجوز ویصلی معه بقیته لأن إمامه لم یخرجه بسلام عنده لأنه مجتهد فیه."[1]

تَرجَمَہ: "حنفی کا ایسے شخص کی اقتداء کرنا جو وتر کی دو رکعتوں پر سلام پھیرے جائز ہے۔ وہ اس کے ساتھ ہی بقیہ نماز ادا کرلے۔ اس لئے کہ اس کے امام نے اپنے مذہب کے مطابق اس کو سلام کے ذریعہ نماز سے خارج نہیں کیا؛ کیوں کہ یہ اجتہادی مسئلہ ہے۔"

علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اپنے شیخ سراج الدین رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بھی یہی نقطۂ نظر نقل کیا ہے اور خود ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا جھکاؤ بھی اسی طرف محسوس ہوتا ہے[2] ...... اس پر اس حدیث سے بھی استدلال کیا جاسکتا ہے، جس میں فرمایا گیا کہ امام ہی کی نماز اصل کی حیثیت رکھتی ہے، **الإمام ضامن**[3] ...... گویا امام کی نماز اس کے مسلک کے مطابق صحیح ہوجائے تو مقتدی کی نماز بھی صحیح ہو جائے گی، حنفیہ نے اس اصول کو اقتداء کے اکثر مسائل میں برتنے کی کوشش کی ہے؛ اسی لئے اقتداء مفترض بالمتنفل کی اجازت نہیں دی گئی اور کہا گیا کہ ایک فرض پڑھنے والا دوسرے فرض پڑھنے والے کی اقتداء نہیں کرسکتا، تو جب دیگر مسائل میں امام کی نماز کو اصل مانا گیا ہے، تو اس مسئلہ میں بھی یہی حکم ہونا چاہئے۔

[1] فتح القدیر: ۴۳۷/۱، البحر الرائق: ۳۹ ج ۲.   [2] حوالۂ سابق   [3] ابن ماجه، باب مایجب علی الامام

ذبح اور مشینی ذبیحہ سے متعلق کچھ اہم مسائل

''یہ تحریر اسلامک فقہ اکیڈمی کے ساتویں فقہی سمینار منعقدہ ۳۰/ دسمبر ۱۹۹۴ء تا ۲ جنوری/ ۱۹۹۵ء دار العلوم ماٹلی والا بھروچ (گجرات) سے متعلق سوالنامہ کا جواب ہے۔ یہ سوالنامہ پانچ محور پر مشتمل تھا اور ہر محور کے تحت متعدد سوالات تھے۔ بنیادی مسئلہ یعنی مشین کے ذریعہ ذبح کے مسئلہ پر شرکاء سمینار کا کسی ایک رائے پر اتفاق نہ ہوسکا۔ چنانچہ نویں فقہی سمینار میں دوبارہ یہ مسئلہ زیر بحث آیا اور اختلاف رائے کے ساتھ ایک تجویز منظور ہوئی۔ مقالہ کے آخر میں اس تجویز کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

محور اول...... ذبح، لغت اور اصطلاح میں!

(جواب:۱)

ذبح کے لغوی معنی کاٹنے اور پھاڑنے کے ہیں، اگر کسی چیز کو کاٹ دیا جائے یا اس میں سوراخ کر دیا جائے تو کہا جاتا ہے ذبح الشیيء، اسی مناسبت سے قطع حلقوم کے لئے بھی لغت میں ذبح کا لفظ بولا جاتا ہے۔[۱]

فقہ کی اصطلاح میں عام طور پر مطلوبہ نالیوں کے کاٹنے کو ''ذبح'' قرار دیا گیا ہے، ابن نجیم رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

''والذبح قطع الأكثر من الحلقوم والمرئي والودجين.''[۲]

تَرْجَمَہ: ''ذبح ''حلق کی نالی اور دونوں شہ رگ'' میں سے اکثر کا کاٹنا ہے۔''

دوسرے فقہاء نے بھی اپنے اپنے مسلک کے مطابق اسی قسم کی تعریف کی ہے۔[۳] لیکن یہ تعریف جامع نہیں ہے۔ کیوں کہ ذبح اضطراری اس تعریف کے دائرہ میں نہیں آتا، حالاں کہ یہ بھی ذبح ہی کی ایک صورت ہے؛ اس لئے اگر ذبح کی تعریف یوں کرلی جائے، تو شاید زیادہ مناسب ہو کہ ''قابو یافتہ جانور کی مخصوص رگوں کو کاٹنے اور

۱ القاموس الفقهي لغة واصطلاحاً (سعدی ابو حبیب): ص ۱۳۵

۲ رسائل ابن نجيم: ص ۳۲۳ نیز دیکھئے: الدرالمختار على هامش الرد: ۹/۲۰، ۴۲۴

۳ دیکھئے: القاموس الفقهي: ص ۱۳۵ نیز الفقه الاسلامي وادلته: ۳/۶۴۸

غیر قابو یافتہ جانور کو اس طرح زخمی کر دینے کا نام "ذبح" ہے جو موت تک منتج ہو"، اس طرح یہ تعریف ذبح کی دونوں صورتوں کو شامل ہو جائے گی، پھر ذبح اختیاری کے دو درجات ہو جائیں گے، ایک درجۂ کمال، دوسرے درجۂ کفایت۔ درجۂ کمال یہ ہے کہ حلق، غذائی نالی اور دونوں شہ رگ (ودجین) کٹ جائیں، درجۂ کفایت امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک ان چار میں سے کسی بھی تین کا اور امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک شہ رگ اور حلقوم کا کٹ جانا ہے، شوافع اور حنابلہ رَحِمَهُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک سانس اور غذا کی نالی کاٹنے ہی کا نام "ذبح" ہے؛ اس لئے ان حضرات کے نزدیک ان دونالیوں کا کٹ جانا ذبح کامل ہے اور ان میں سے ایک چھوٹ جائے تو کافی نہیں[1]۔

ضروری شرطیں

(جواب: ۲، ۳)

ذبح سے متعلق کچھ شرطیں وہ ہیں جو ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری دونوں سے متعلق ہیں اور بعض شرطیں ذبح کی کسی خاص قسم ہی سے متعلق ہیں ذبح کی عمومی شرطیں حسب ذیل ہیں:

❶ ذابح عاقل ہو، مجنون اور ایسا بچہ جو ذبح کا مفہوم نہ سمجھتا ہو تو اس کا ذبیحہ حلال نہیں[2] یہی رائے اکثر فقہاء کی ہے۔ بعض شوافع نے مطلق نابالغ کے ذبیحہ کو حرام قرار دیا ہے، اور بعضوں نے غیر ممیز صبی کے ذبیحہ کو بھی حلال قرار دیا ہے[3]۔

❷ ذابح مسلمان ہو یا کتابی ہو۔ مشرکین اور بت پرستوں کا ذبیحہ بالاتفاق حرام اور مردار کے حکم میں ہے[4]۔

❸ ذبح کے وقت اللہ کا نام لیا جائے نام لینے کے سلسلے میں ان امور کا لحاظ رہے:

(الف) اللہ کا نام کسی خاص کلمہ ہی سے لینا ضروری نہیں، گو حدیث میں "بسم اللّٰہ، اللّٰہ اکبر" کا لفظ مروی ہے۔ اس لئے اس طرح تسمیہ زیادہ بہتر ہے؛ لیکن کسی بھی طرح کا ذکر ذبیحہ کے حلال ہونے کے لئے کافی ہے۔ جیسے اللّٰہ أعظم ، اللّٰہ أجل وغیرہ، اور یہ بھی ضروری نہیں کہ عربی ہی میں اسم باری تعالیٰ لیا جائے، عربی پر قدرت کے باوجود کسی اور زبان میں اللہ کا ذکر بھی کفایت کر جائے گا۔

(ب) خود ذابح اسم باری تعالیٰ کا تلفظ کرے، اگر وہ خاموش ہو اور کوئی دوسرا شخص بسم اللّٰہ پڑھ دے یا مثلاً بسم اللّٰہ کا ٹیپ بجتا رہے تو یہ کافی نہیں۔

(ج) فعل ذبح پر بسم اللہ پڑھنا مقصود ہو، اگر کسی اور کام کے شروع کرنے کی نیت سے بسم اللہ پڑھی جائے، تو

---

[1] دیکھئے: درمختار علی هامش الرد: ۴۲۶/۹، الشرح الصغير: ۱۵۴/۲، المغنی: ۳۱۹/۹، شرح مهذب: ۸۶/۹

[2] هنديه: ۲۸۵/۵ مختصر الطحاوی: ۳۰۰ [3] شرح مهذب: ۷۶/۹ [4] الدر المختار علی هامش الرد: ۴۳۲/۹ تا ۴۳۷

کافی نہیں۔

(د) اس وقت اللہ کے ذکر سے دعا یا محض تعظیم مقصود نہ ہو، بلکہ ذبیحہ پر اللہ کا نام لینا مقصود ہو، چنانچہ اگر ازراہ شکر "الحمدللّٰہ" یا ازراہ دعا "اللھم اغفرلی" کہا تو یہ کافی نہیں ہوگا۔[1]

❹ ذبیحہ پر صرف اللہ ہی کا نام لیا جائے، اللہ کے ساتھ کسی اور کے نام کو شریک نہیں کیا جائے، گو خود رسول اللہ ﷺ کا اسم گرامی کیوں نہ ہو۔ چنانچہ بسم اللّٰہ و محمد رسول اللّٰہ کہا جائے تو ذبیحہ حلال نہیں ہوگا۔[2]

❺ بسم اللہ کا وقت ذبح اختیاری میں ذبح کے وقت ہے، اور ضروری ہے کہ بسم اللہ کہنے اور فعل ذبح کے درمیان زیادہ فصل نہ ہو، "لایجوز تقدیمھا علیه إلا بزمان قلیل لایمکن التحرز عنه" اور زکوٰۃ اضطراری میں تیر پھینکنے یا جانور چھوڑنے کے وقت تسمیہ ضروری ہے۔[3]

❻ ذبح کرتے وقت ضروری ہے کہ مذبوح میں معمول کی حیات موجود ہو، جس کو فقہاء "حیات مستقرہ" سے تعبیر کرتے ہیں۔[4]

❼ ذبح اضطراری میں ایک مزید شرط یہ ہے کہ جس جانور کا شکار کیا جائے، وہ حرم میں یا شکار کرنے والا حالت احرام میں نہ ہو، حرم کا شکار چاہے حدود حرم سے باہر کرے اور حرم کے اندر کا شکار چاہے غیر محرم کرے، مردار کے حکم میں ہے۔[5]

ذبح اختیاری کے موقع پر ذبح اضطراری

(جواب: ۴)

"ذبح اضطراری" کے تحت فقہاء نے جو جزئیات نقل کی ہیں۔ ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ تین صورتیں ذبح اضطراری کی ہوتی ہیں:

❶ جانور قابو سے بالکل ہی باہر ہو اور ذبح اختیاری متعذر ہو جیسے بے قابو پرندہ، بدکا ہوا یا کنویں میں گرا ہوا پالتو جانور۔

❷ جانور قابو سے باہر تو نہ ہو، لیکن ذبح اختیاری میں وقت یعنی "تعسر" کی کیفیت ہو، جیسے جانور پالتو ہو؛ لیکن ایک جماعت کی شرکت کے بغیر اس کو قابو میں نہ لایا جاسکتا ہو۔

"بعير أو ثورندّ فی المصر إن علم صاحبه أنه لایقدر علی أخذه إلا أن یجتمع جماعة کثیرة فله أن یرمیه فلم یشترط التعذر بل التعسر."[6]

---

[1] دیکھئے: بدائع الصنائع: ۱۷۰/۴، هندیه: ۲۸۶/۵ [2] بدائع: ۱۷۰/۴، هندیه: ۲۸۶/۵ [3] بدائع: ۱۷۱/۴

[4] هندیه: ۲۸۶/۵، بدائع الصنائع: ۱۷۳/۴ [5] بدائع الصنائع: ۱۷۶/۴ [6] ردالمحتار: ۴۴۰/۹۔

ترجمہ: ''اونٹ یا بیل شہر میں بدک جائے اور اس کے مالک کو یقین ہو کہ ایک کثیر جماعت کے بغیر وہ اس کو پکڑ نہیں سکے گا، تو اس کے لئے اس جانور پر تیر چلانا جائز ہے، پس (ذبح اختیاری کے درست ہونے کے لئے ذبح اضطراری کے) ''تعذر'' یعنی ناممکن ہونے کی شرط نہیں، بلکہ ''تعسر'' یعنی دشوار ہونے کی شرط ہے۔''

۳ یا جانور قابو میں ہو؛ لیکن ذبح اختیاری کی صورت میں اتنی تاخیر کا اندیشہ ہو کہ جانور کی موت واقع ہو جائے، بعض فقہاء نے اس صورت میں بھی ذبح اضطراری کی اجازت دی ہے۔ چنانچہ علامہ حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

''أشرف ثوره على الهلاك وضاق الوقت على الذبح أولم يجد الة الذبح فجرحه حل في رواية.''[1]

ترجمہ: ''کسی شخص کا بیل مرنے کے قریب ہو اور ذبح کے لئے وقت تنگ ہوتا یا آلہ ذبح موجود نہ ہو۔ چنانچہ وہ اسے زخم لگا کر مار دے، تو ایک روایت کے مطابق جانور حلال ہو جائے گا۔''

یہ اصل میں قاضی عبدالجبار رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے ہے، جسے فتاویٰ قنیہ میں نقل کیا گیا ہے، لیکن فتاویٰ عالمگیری کے بیان کے مطابق فتویٰ اس پر نہیں ہے۔ فقہاء کی تصریحات اس امر پر موجود ہیں کہ جن جانوروں میں زکوۃ اضطراری کی گنجائش ہے، وہ بھی اگر قابو میں آجائیں تو ان کا ذبح اختیاری ضروری ہے۔ امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک سوائے ''بقر'' کے اگر کوئی اور پالتو جانور بدک جائے تو ان کا بھی ذبح اضطراری جائز نہیں[2] اس لئے ذبح اختیاری کے موقع میں ذبح اضطراری کی گنجائش نہیں۔

محور دوم...... کتابی کا ذبیحہ

(جواب ۱،۲)

ذبح سے متعلق شرطیں شرائط ذبح کے ذیل میں مذکور ہو چکی ہیں، اس سلسلہ کی ایک اہم شرط ذابح کا دین اور عقیدہ ہے کہ ذابح کے لئے مسلمان یا اہل کتاب میں سے ہونا ضروری ہے، اہل کتاب کا ذبیحہ حلال ہے، اس پر فقہاء کا اجماع ہے۔[3] کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

''وطعام الذين أوتوا الكتاب حل لكم.''[4]

ترجمہ: ''اہل کتاب کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے۔''

---

[1] درمختار على هامش الرد: ۴۴۰/۹ [2] الشرح الصغير: ۱۷۲/۲

[3] كتاب الاجماع لابن المنذر، شرح مهذب: ۷۹/۹ [4] المائده: ۵

یہاں طعام سے ذبیحہ مراد ہے[1] نیز حضرت عبداللہ بن عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے:

"إنما أحلت ذبائح اليهود والنصارىٰ."[2]

تَرجَمہ: "یہود و نصاریٰ کے ذبیحے حلال کردیئے گئے ہیں۔"

البتہ تفصیلات میں اختلاف ہے، بعضوں نے نصاریٰ بنی تغلب کے ذبیحہ کو حرام قرار دیا ہے، بعض حضرات کا خیال ہے کہ مسلمان کے نائب کی حیثیت سے ذبح کیا ہو تو حلال نہیں ورنہ حلال ہے، بعض حضرات کے یہاں یہودیوں کے وہی ذبیحے حلال ہیں جو ان کی شریعت میں جائز رہا ہو، دوسرے ذبیحے حلال نہیں[3] ...... اسی طرح مالکیہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں کتابی کا شکار حلال نہیں، صرف ذبح اختیاری جائز ہے[4] بعض حضرات کے نزدیک گوشت ذبیحہ کی وجہ سے حلال ہے، چربی حرام یا مکروہ ہے[5] لیکن فقہاء حنفیہ رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک کتابی کا ذبیحہ...... بشرطیکہ وہ واقعی کتابی ہو...... بہرطور جائز ہے، ذمی ہو یا حربی، عربی ہو یا تغلبی، بقول صاحب ہدایہ:

"و إطلاق الكتابی ينتظم الكتابی والذمی والحربی و العربی والتغلبی."[6]

تَرجَمہ: "مطلق کتابی ذمی، حربی، عربی اور تغلبی کو شامل ہے۔"

اسی طرح کتابی کا ذبح اختیاری جس طرح جانور کی حلت کے لئے کافی ہے، ذبح اضطراری بھی کافی ہے۔

"وذبائح أهل الكتاب وصيده جائزة وحلال للمسلمين."[7]

تَرجَمہ: "اہل کتاب کے ذبیحے اور ان کا شکار مسلمانوں کے لئے حلال اور جائز ہیں۔"

لیکن ایک اختلاف اس سلسلہ میں اہمیت رکھتا ہے کہ اگر اہل کتاب ذبیحہ پر اللہ کا نام نہ لیں تو یہ ذبیحہ حلال ہوگا یا نہیں؟ یعنی ذبیحہ پر بسم اللہ کہنے کی شرط اہل کتاب کے لئے بھی ہے یا صرف مسلمانوں کے لئے ہے؟ اس پر تو اکثر لوگوں کا اتفاق ہے کہ ایسا ذبیحہ حرام ہے[8] بعض فقہاء مالکیہ رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے کتابی کے ایسے ذبیحہ کو جو حضرت مسیح عَلَیْہِ السَّلَامُ یا حضرت مریم عَلَیْہَا السَّلَامُ کے نام پر ذبح کیا گیا ہو، مکروہ قرار دیا ہے[9] لیکن ظاہر ہے کہ جمہور کی رائے صحیح ہے اور ارشاد باری تعالیٰ کہ ما أهل لغير الله[10] حرام ہے، کا تقاضا بھی یہی ہے۔

البتہ اختلاف اس امر میں ہے کہ اہل کتاب کے لئے بسم اللہ کہنا ضروری بھی ہے یا نہیں؟ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے نزدیک کتابی کا ذبیحہ بھی اسی وقت حلال ہے، جب کہ وہ ذبح کے وقت اللہ کا نام لے، اس

---

[1] احكام القرآن للجصاص: ۳۲۰/۳ [2] مستدرك حاكم [3] دیکھئے: بداية المجتهد: ۴۵۰/۱، شرح مهذب: ۷۹/۹
[4] الشرح الصغير: ۱۶۱/۲ [5] بداية المجتهد: ۴۵۰/۱، الشرح الصغير: ۱۵۹/۲ [6] هدايه مع الفتح: ۴۸۸/۹
[7] مختصر الطحاوی: ص ۲۹۶ [8] دیکھئے: مختصر الطحاوی: ص۲۹۶، المغنی: ۳۱۲/۹، الشرح الصغير: ۱۵۸/۲، شرح مهذب: ۷۸/۹ [9] الفقه الاسلامی وادلته: ۶۵۱/۳ [10] البقرة: ۱۷۳

کے بغیر ذبیحہ حلال نہیں:

"والمسلم والكتابي في ترك التسمية سواء."[1]

امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک چوں کہ بسم اللہ کا حکم محض استحبابی ہے، اس لئے جیسے مسلمان کا ذبیحہ قصداً بسم اللہ ترک کرنے کے باوجود حلال ہو جاتا ہے۔ اسی طرح کتابی کا ذبیحہ بھی حلال ہے، نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس کو جمہور کا مذہب قرار دیا ہے اور بہ شمول امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے بہت سے علماء سے اس رائے کی تائید نقل کی ہے، جس کا ثبوت مشکوک ہے، چنانچہ فرماتے ہیں۔

"ذبيحة أهل الكتاب حلال سواء ذكروا اسم الله تعالى عليها أم لا لظاهر القرآن العزيز، هذا مذهبنا ومذهب الجمهور و حكاه إبن المنذر عن علي والنخعي وحماد بن سليمان وأبي حنيفة و إسحاق وغيرهم."[2]

تَرجَمہ: "اہل کتاب کا ذبیحہ حلال ہے خواہ انہوں نے اس پر اللہ کا نام لیا ہو یا نہ لیا ہو، قرآن مجید کے ظاہری معنی کی بنا پر، یہی ہمارا اور جمہور کا مذہب ہے اور ابن منذر نے حضرت علی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ، ابراہیم نخعی، حماد بن سلیمان، امام ابوحنیفہ، اسحاق رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اور دوسروں سے یہی نقل کیا ہے۔"

علاوہ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے حنابلہ کے یہاں بھی کتابی کے لئے بسم اللہ کہنا ضروری ہے، چنانچہ ابن قدامہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے لکھا ہے: "والمسلم والكتابي في كل ما وصفت سواء"[3] ...... البتہ مالکیہ کے نزدیک بھی کتابی کے لئے بسم اللہ کی شرط نہیں[4] ...... جن حضرات نے اہل کتاب کے لئے بھی بسم اللہ کو ضروری قرار دیا ہے، ان کے پیش نظر اس آیت کا اطلاق ہے کہ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو، اس میں سے نہ کھاؤ۔ "لا تاكلوا مما لم يذكر اسم الله عليه"[5] اور جن حضرات نے اہل کتاب کے لئے تسمیہ کو ضروری نہیں سمجھا ہے، ان کے پیش نظر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کے ذبیحہ کو مطلق حلال قرار دیا ہے، اور بسم اللہ کی قید نہیں ہے، "وطعام الذين أوتوا الكتاب حل لكم."[6]

اہل کتاب سے مراد اور عصر حاضر کے اہل کتاب

(جواب ۳)

اہل کتاب سے مراد وہ لوگ ہیں جو کم سے کم نزول قرآن کے زمانہ میں یہود و نصاریٰ جو عقیدے رکھتے

---

[1] ہدایہ مع الفتح: ۴۸۹/۹ [2] شرح مہذب: ۷۸/۹ [3] المغنی: ۳۱۱/۹

[4] دیکھئے: الشرح الصغیر: ۱۵۸/۲، فلا تشترط بخلاف المسلم فتشترط (ای التسمیتہ ۱۲ خ)

[5] الانعام: ۱۲۱ [6] مائدہ /۵

تھے۔ ان کے قائل ہوں، یعنی تورات۔ محرف سہی۔ پر ایمان رکھتے ہوں، حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نبوت کے قائل ہوں، فی الجملہ خدا کے وجود، نبوت، وحی، فرشتوں وغیرہ پر ایمان رکھتے ہوں، گو اسلام کے منکر ہوں اور حضرت مسیح یا حضرت عزیر علیہما السلام کو ابن اللہ اور الوہیت میں شریک مانتے ہوں، کیونکہ قرآن نے جس دور میں اہل کتاب کے ذبیحے اور عورتوں کو حلال قرار دیا، اس دور میں بھی اہل کتاب توحید خالص اور عقائد حقہ صادقہ پر قائم نہیں تھے[1]...... البتہ اہل کتاب کے ذبیحہ سے بچنا فقہاء کے نزدیک اولیٰ اور بہتر ہے۔[2]

موجودہ زمانہ کے ایسے یہود ونصاریٰ جو برائے نام اپنے مذہب کی طرف منسوب ہوں اور فی الواقع وہ خدا کے وجود، وحی اور مابعد الطبیعی امور کے قائل نہ ہوں، دہریہ اور خدا کے منکر ہوں، مذہب کا مذاق اڑاتے ہوں، دوسری مشرک اقوام کی طرح مورتیوں اور دیوتاؤں کے پرستار ہوں، وہ اہل کتاب کے حکم میں نہیں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعض نام نہاد عیسائیوں کے بارے میں فرمایا کہ ان کا ذبیحہ حلال نہیں؛ کیوں کہ سوائے شراب نوشی کے عیسائیت سے ان کا کوئی رشتہ نہیں۔

"روی محمد بن سیرین عن عبیدة قال سألت علیاً عن ذبائح نصاری العرب فقال لاتحل ذبائحھم فإنھم لم یتعلقوا من دینھم بشئ إلابشرب الخمر۔[3]"

ترجمہ: "محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ نے عبیدہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے، عبیدہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرب کے نصاریٰ کے ذبیحہ کے بارے میں دریافت کیا، انہوں نے کہا: ان کے ذبیحے حلال نہیں؛ کیوں کہ ان کو سوائے شراب پینے کے نصاریٰ کے دین سے کوئی تعلق نہیں۔"

اسی لئے علامہ کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا ہے کہ اگر خود اہل کتاب میں سے کوئی اس کے ایسے فرقے کی طرف چلا جائے جس کو وہ لوگ کافر کہتے ہوں تو اس کا ذبیحہ بھی حلال نہیں ہوگا۔

"فإن انتقل الکتابی إلی دین أھل الکتاب من الکفرة لا تؤکل ذبیحته۔"[4]

ترجمہ: "اگر کتابی اہل کتاب میں سے کافر (شمار کئے جانے والے) کے مذہب کی طرف منتقل ہوگیا، تو اس کا ذبیحہ نہیں کھایا جائے گا۔"

موجودہ دور میں اہل کتاب کہلانے والوں میں ایک خاصی تعداد ایسے لوگوں کی ضرور ہوگی جو سرے سے مذہب کے منکر ہیں، معلوم نہیں کمیونزم کے زوال کے بعد اب مغربی اقوام میں ایسے لوگوں کا تناسب کیا ہے؟ اس لئے موجودہ حالات میں کتابی کی تشریح کے سلسلہ میں فقہاء کی دقیق النظری بہت قابل لحاظ ہے۔

---

[1] ردالمحتار: ۹/۴۲۸،۳۰ [2] حوالۂ مذکور [3] احکام القرآن للجصاص: ۳/۳۲۱ [4] بدائع: ۴/۱۶۵

اس موقع پر اس بات کی وضاحت کرنی بھی مناسب ہے کہ اہل کتاب کے ذبیحہ کی حلت کا حکم استثنائی اور تعبدی نوعیت کا ہے، اور اس سے حلال وحرام کا حکم متعلق ہے، لہٰذا جن حضرات کا یقینی طور پر کتابی ہونا معلوم ہو، انہی پر اہل کتاب کے احکام جاری ہوں گے، اور یہ یہود ونصاریٰ ہیں، دوسری قومیں جن کا اہل کتاب میں سے ہونا مشکوک ہے، ان کا ذبیحہ حلال نہیں؛ اسی لئے فقہاء نے صابیوں کا ذبیحہ حرام قرار دیا، حالاں کہ وہ بعض پیغمبر ان برحق ہی کی طرف نسبت کرتے تھے، موجودہ دور میں ہندوؤں اور بدھستوں کے بارے میں بھی بعض حضرات کی تحقیق ہے کہ ان کے پاس الہامی کتاب رہی ہے، یہ بہر حال ایک مشکوک دعویٰ ہے، اس کو بنیاد بنا کر ان پر اہل کتاب ہونے کا حکم نہیں لگایا جاسکتا۔

اسی طرح اسلام کے بعد ظاہر ہونے والے جھوٹے مذاہب جو قرآن کی حقانیت اور رسول اللہ ﷺ کی صداقت کا اقرار کرتے ہوں، وہ بھی اہل کتاب میں شمار نہیں ہوں گے، جیسے قادیانی، یہ زندیق کے حکم میں ہیں۔ اور ان کا حکم عام مشرکین اور مرتدین کا ہے، بلکہ ان سے بھی بڑھ کر، کیوں کہ مشرکین کی توبہ قابل قبول ہے اور فقہاء کے نزدیک زندیق کی توبہ قابل قبول نہیں۔ ان سے نکاح حرام ہے، اور ان کا ذبیحہ بھی حلال نہیں۔[1]

محور سوم...... ذبیحہ پر تسمیہ کا حکم

(جواب ۱)

ذبیحہ میں تسمیہ کے حکم کی اصل یہ ہے کہ اصل میں ذبیحہ وقربانی بھی منجملہ شعائر مذہب کے ہے، اسی لئے آپ ﷺ نے فرمایا:

"من صلٰی صلوتنا واستقبل قبلتنا و أكل ذبيحتنا فذلك المسلم الذى له ذمة الله و ذمة رسوله، فلاتخفروا الله فى ذمته."[2]

ترجمہ: "جس نے ہماری طرح نماز ادا کی، ہمارے قبلہ کا استقبال کیا اور ہمارا ذبیحہ کھایا وہ مسلمان ہے جس کے لئے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ ہے لہٰذا تم اللہ کے ذمہ کو نہ توڑو۔"

چنانچہ اسلام سے پہلے بھی اکثر مذاہب میں اپنے اپنے عقیدہ وایمان کے مطابق دیوتاؤں اور دیویوں کے نام سے جانور کی قربانی اور نذر و نیاز کا سلسلہ رہا ہے، اسلام جو اس طرح کے امور میں "امالہ" کی صورت اختیار کرتا ہے، اور جن امور کو مشرک قومیں اپنے مشرکانہ نظریات وعقائد کے لئے استعمال کیا کرتی تھیں، انہی امور کو رخ بدل کر اظہار توحید کے لئے مشروع کیا کرتا ہے، وہی صورت شریعت نے اس مسئلہ میں بھی اختیار کی ہے، پس

[1] رسائل ابن عابدین: ص: ۲۷۰

[2] مختصر بخاری عن انس. ابواب القبلة، رقم الحديث: ۲۴۹ ص ۸۴

ذبح حیوانات کا عمل عقیدۂ ایمان سے جڑا ہوا ہے، اور اسی لئے مسلمان اور کتابی کے سوا دوسروں کا ذبیحہ حلال نہیں، تسمیہ کی شرط کا منشأ ایک ایسے اعتقادی عمل میں عقیدۂ توحید کا اعلان واظہار ہے۔

(جواب ۲)

ذبیحہ پر تسمیہ کے سلسلہ میں اہل کتاب کا جو حکم ہے، وہ اوپر مذکور ہو چکا ہے۔ مسلمان کے سلسلہ میں ائمہ اربعہ کے کل چار مذاہب ہیں، اول یہ کہ بسم اللہ کہنا بھول گیا ہو یا قصداً چھوڑ دیا ہو، ہر دو صورت میں ذبیحہ حرام ہے، یہ رائے عطاء رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی ہے۔ اس لئے کہ ان کے نزدیک تمام ہی کھانے پینے کی چیزوں پر بسم اللہ کہنا ضروری ہے[1] ...... امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی طرف بھی اس رائے کی نسبت کی گئی ہے کہ نسیاناً بھی تسمیہ کا چھوٹ جانا ذبیحہ کی حرمت کا باعث ہے[2] امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے نزدیک عمداً تسمیہ چھوڑ دے تو ذبیحہ حرام ہے، نسیاناً چھوٹ جائے تو حلال ہے[3] ...... جصاص رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے حضرت علی اور ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمَا سے بھی یہی رائے نقل کی ہے[4]

حنابلہ کا مسلک بھی یہی ہے، البتہ ان کے نزدیک ذبح اضطراری میں بسم اللہ بھول جائے تو شکار حلال نہیں ہے[5] ...... امام شافعی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے نزدیک تسمیہ کا حکم محض استحبابی ہے، قصداً بھی بسم اللہ چھوڑ دے تو ذبیحہ حلال ہے، امام نووی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے اس رائے کی نسبت حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت ابو ہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُمْ اور عطاء رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی طرف کی ہے[6] ...... ابن کثیر رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے ابن عباس رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کا ایک قول یہی نقل کیا ہے اور دوسرا قول وہ جو حنفیہ کا ہے[7] ...... جصاص رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے امام اوزاعی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی طرف بھی اس کی نسبت کی ہے[8] ...... یہی رائے بعض فقہاء مالکیہ کی بھی ہے[9] ...... ایک روایت امام احمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ سے بھی اسی طرح کی منقول ہے[10]

فقہاء مالکیہ میں یہی رائے اشہب رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی ہے۔ البتہ ان کے نزدیک اگر ازراہ استخفاف تسمیہ چھوڑ دیا تو اب یہ ذبیحہ حرام ہوگا، فقہاء مجتہدین میں یہی نقطۂ نظر طبری رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا ہے[11] ...... قاضی ابوالحسن اور شیخ ابو بکر مالکی رَحِمَہُمَا اللہُ تَعَالیٰ ایسے ذبیحہ کو حرام تو نہیں کہتے، مگر مکروہ قرار دیتے ہیں[12] ...... علامہ ابن عربی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ جان بوجھ کر ترک تسمیہ کی تین صورتوں کو ذکر کرتے ہیں اور ان میں پہلی صورت کا حکم یوں بیان

---

[1] مفاتیح الغیب [2] ہدایہ مع الفتح: ۹/۴۵۹ یہی رائے ابن سیرین کی ہے مفاتیح الغیب: ۷/۱۶۸

[3] حوالۂ سابق، ابن سیرین بھی اسی کے قائل تھے، دیکھئے: احکام القرآن للجصاص: ۴/۱۷۱ [4] احکام القرآن: ۴/۱۷۱

[5] المغنی: ۹/۱۰، ۳۰۹ [6] شرح مہذب: ۸/۴۱۱ [7] تفسیر ابن کثیر: ۲/۷۰، ۱۶۹ [8] احکام القرآن: ۴/۱۷۱

[9] شرح مہذب: ۸/۴۱۱ [10] المغنی: ۹/۳۱۰ [11] قرطبی: ۷/۷۶ [12] قرطبی: ۷/۷۴

کرتے ہیں:

"أحدها أن يترك التسمية اذا أضجع الذبيحة لأنه يقول: قلبی مملوء من أسماء الله وتوحيده فلا أفتقر الى ذكر ذلك بلسانی، فذلك يجزيه لأنه قدذكر الله وعظمه."[1]

ترجمہ: "ایک صورت یہ ہے کہ ذبیحہ کو جب لٹائے تو "بسم اللہ" کہنا چھوڑ دے، کیوں کہ وہ کہتا ہے کہ میرا دل اللہ کے ناموں اور اس کی توحید سے بھرا ہوا ہے۔ اس لئے مجھے زبان سے ذکر کی حاجت نہیں، تو یہ اس کے لئے کافی ہے؛ کیوں کہ اس نے اللہ کا ذکر کیا اور تعظیم کی۔"

ہمارے فقہاء نے عام طور پر متروک التسمیۃ عمداً کی حرمت پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے۔ اور اسی وجہ سے یہاں تک لکھا ہے کہ اگر قاضی اس کی بیع کو نافذ قرار دے تب بھی نافذ نہیں ہوگی:

"ولهذا قال أبو يوسف والمشائخ رحمه الله تعالىٰ: إن متروك التسمية عليهالا يسع فيه الا جتهاد، ولوقضى القاضى بجواز بيعه لا ينفذ لكونه مخالفاً للاجماع."[2]

ترجمہ: "اسی لئے امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ اور مشائخ نے کہا کہ جس پر قصداً "بسم اللہ" چھوڑ دیا گیا ہو، اس کے بارے میں اجتہاد کی گنجائش نہیں۔ اگر قاضی اس کی فروخت کے جائز ہونے کا فیصلہ کر دے تب بھی بیع نافذ نہ ہوگی، کیوں کہ یہ اجماع کے خلاف ہے۔"

ابن نجیم مصری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس پر ایک مختصر رسالہ بھی تحریر فرمایا ہے۔[3]

(جواب: ۳، ۴)

راقم الحروف یہ عرض کرنے کی جسارت کرتا ہے کہ فقہاء کے یہاں اکثر اوقات اجماع کے ادعاء میں مبالغہ پایا جاتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ اس پر کسی بھی دور میں اجماع کا دعویٰ کرنا اور اس کو ثابت کرنا دشوار ہے، اور اس کے وجوہ یہ ہیں:

❶ امام نووی اور حافظ ابن رشد رحمہما اللہ تعالیٰ نے صحابہ میں حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرف ایسے ذبیحہ کے حلال ہونے کی نسبت کی ہے۔[4]

❷ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے معاصرین میں بھی یہ مسئلہ مختلف فیہ رہ چکا ہے، چنانچہ گذر چکا ہے کہ امام

---

[1] احکام القرآن: ۷۵۱/۲ [2] هدایه مع الفتح: ۹/۹۰، ۴۸۹

[3] رسائل ابن نجیم: ص ۲۱۱ رساله: ۲٦ [4] شرح مهذب وبداية المجتهد: ۴۴۸/۱

اوزاعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بھی یہی نقطۂ نظر تھا، اور ایک قول اس طرح کا امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی سے بھی منقول ہے۔

۳ حنفیہ نے گو اس مسئلہ پر دور اول میں اجماع کا دعویٰ کیا ہے، لیکن خود ہمارے علماء نے اس رائے پر دو چار صحابہ سے زیادہ کے اقوال نقل نہیں کئے ہیں[1]...... اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ اس سے اجماع سکوتی کا ثبوت مل سکتا ہے۔ اس اجماع کا معتبر ہونا بجائے خود مختلف فیہ ہے، چنانچہ سرخسی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لکھتے ہیں:

"وأما الرخصة وهو أن ينتشرالقول من بعض علماء اهل العصر و يسكت الباقون عن إظهار الخلاف و عن الرد على القائلين بعد عرض الفتوىٰ عليهم أو صيرورته معلوماً لهم بالانتشار و الظهور فإلاجماع يثبت به عندنا. ومن العلماء من يقول بهذا الطريق لا يثبت الإجماع. ويحكى عن الشافعي أنه كان يقول: إن ظهر القول من أكثر العلماء والساكتون نفر يسير منهم يثبت به الإجماع و إن انتشر القول من واحد او اثنين والساكتون أكثر علماء العصر لا يثبت به الإجماع." [2]

تَرجَمَہ: "اور اجماع میں رخصت کا درجہ یہ ہے کہ کسی عہد کے بعض علماء کا قول معروف ہو جائے اور دوسرے اہل علم ان پر فتویٰ پیش کئے جانے یا اس رائے کے مشتہر اور ظاہر ہونے کی وجہ سے واقف ہونے کے باوجود اختلاف کے اظہار اور اس رائے کے قائلین کی تردید سے خاموش رہیں۔ تو ہمارے نزدیک اس سے اجماع ثابت ہو جاتا ہے، بعض اہل علم کی رائے ہے کہ اس طریقہ سے اجماع ثابت نہیں ہوتا، نیز امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی سے منقول ہے کہ اگر اکثر علماء سے کوئی قول معروف ہو اور کچھ اہل علم نے خاموشی اختیار کی ہو تو اس سے اجماع کا انعقاد ثابت ہو جاتا ہے، اور اگر ایک دو اشخاص کی نسبت سے کوئی قول مشہور ہو اور اس عہد کے اکثر علماء خاموش ہوں تو اس سے اجماع ثابت نہیں ہوگا۔"

خود حنفیہ میں عیسیٰ بن ابان اور امام کرخی رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی اجماع سکوتی کے قائل نہیں[3] یہی رائے امام شافعی، غزالی، رازی، آمدی اور جوینی رَحِمَہُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی جیسے اصولیین کی ہے مجموعی طور پر شوکانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس مسئلہ میں بارہ اقوال نقل کئے ہیں[4]...... امام غزالی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس سلسلہ میں کہا ہے: "والمختار أنه

---

[1] دیکھئے: احکام القرآن للجصاص [2] اصول السرخسی: ۳۰۳/۱

[3] حوالہء سابق: ص ۳۰٤، ۳۰۵ [4] دیکھئے: ارشاد الفحول: ص ۸٤، ۸۵

لیس بإجماع ولاحجة[1]"...... ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے بھی اکثر فقہاء سے اس کا غیر معتبر ہونا نقل کیا ہے[2]...... اس لئے جن فقہاء بعض اہل علم کے اظہار اور دوسروں کے سکوت کو اجماع کا درجہ دیا ہے، ان کے نزدیک بھی اس اجماع کی حیثیت دلیل قطعی کی نہیں، بلکہ اس کی حقیقت صرف اس قدر ہے کہ یہ بھی فی الجملہ کسی حکم شرعی کے لئے حجت بن سکتا ہے، نیز حنفیہ نے بھی اجماع سکوتی کے معتبر ہونے کے لئے شرط لگائی ہے کہ جن مجتہدین نے بھی اپنی رائے کا اظہار کیا ہو، ان کی رائے خوب مشہور ہوگئی ہو، اور بظاہر حال دوسرے مجتہدین تک پہنچ گئی ہو، نیز اس پر سکوت کا بظاہر کوئی محرک، جیسے خوف وغیرہ موجود نہ ہو اور اس اطلاع پر اتنی مدت گزر چکی ہو، جو غور و تأمل کے لئے کافی ہو، تب دوسرے مجتہدین کا سکوت رضا کے درجہ میں ہوگا اور یہ اجماع متصور ہوگا، مگر بایں مراحل بسیارا بھی یہ اجماع ظنی ہوگا نہ کہ قطعی[3]۔

④ پھر ظاہر ہے کہ یہ اجماع سکوتی خبر واحد کے ذریعہ ثابت ہے اور خود یہ بات بھی اصولیین کے یہاں سخت مختلف فیہ ہے کہ کیا خبر واحد کے ذریعہ اجماع ثابت ہوسکتا ہے؟ امام غزالی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں:

"الإجماع لایثبت بخبر الواحد خلافا لبعض الفقهاء والسرفیه أن الاجماع دلیل قاطع یحکم به علی الکتاب والسنة المتوا ترة وخبر الواحد لا یقطع به فکیف یثبت به قاطع."[4]

تَرجَمہ: "خبر واحد سے اجماع ثابت نہیں ہوتا، بخلاف بعض فقہاء کے، اور اس کا راز یہ ہے کہ اجماع ایک یقینی دلیل ہے جو کتاب اللہ اور حدیث متواتر پر بھی حاکم ہوسکتی ہے اور خبر واحد دلیل قطعی نہیں، پھر اس سے ایک دلیل قطعی کیوں کر ثابت ہوسکتی ہے؟"

پھر حنفیہ جو خبر واحد سے بھی اجماع کے ثبوت کے قائل ہیں، وہ بھی اس اجماع کو ایک دلیل ظنی ہی کا درجہ دیتے ہیں، اور اس کو قیاس پر قابل ترجیح سمجھتے ہیں، چنانچہ اس طرح کے اجماعی مسائل میں اجتہاد کا دروازہ بھی کھلا رہتا ہے، علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"والمنقول آحادا فحجة ظنية تقدم علی القیاس فیجوز فیهما الاجتهاد بخلافه."[5]

تَرجَمہ: "جو اجماع خبر واحد سے ثابت ہو وہ قیاس پر مقدم ہوگا، پس ایسے اجماعی اور قیاسی مسائل میں اس کے خلاف بھی اجتہاد کی گنجائش ہوگی۔"

---

[1] المستصفیٰ: ۱/۱۹۱ [2] دیکھئے: التقریر والتحبیر: ۳/۱۰۲ [3] حوالۂ سابق
[4] المستصفیٰ: ۱/۲۱۵ [5] التقریر والتحبیر: ۳/۱۱۵

۵ اس کے علاوہ دلائل کے اعتبار سے بھی یہ مسئلہ مجتہد فیہ ہے، گو حنفیہ کی رائے زیادہ قوی ہے، شوافع اس آیت کا مصداق اس کے سبب نزول سے متعین کرتے ہیں کہ اصل میں مشرکین یہ کہتے تھے کہ جو جانور طبعی طور پر مر گئے ہیں اور گویا اللہ تعالیٰ نے ان کو موت دی ہے، ان کو تو نہیں کھاتے ہو اور جن کو خود ذبح کرتے ہو ان کو کھاتے ہو، قرآن نے اس کی تردید میں "لا تأکلوا مما لم یذکر اسم اللّٰه علیه" ارشاد فرمایا، گویا وہ اس آیت میں متروک التسمیہ سے مردار جانور مراد لیتے ہیں۔[1]

نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس روایت سے بھی استدلال کیا ہے کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا۔ کچھ نومسلم ہمارے پاس گوشت لاتے ہیں۔ کیا ہمارے لئے اس کا کھانا جائز ہے؟ حالاں کہ ہمیں معلوم نہیں کہ انہوں نے تسمیہ کہا ہے یا نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا نام لے لو اور کھاؤ، "سموا علیه أنتم و کلوا۔"[2] نیز صلت رحمہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسلاً نقل کیا ہے:

"ذبیحة المسلم حلال ذکر اسم اللّٰه اولم یذکر."[3]

ترجمہ: "مسلمان کا ذبیحہ حلال ہے، اس نے اللہ کا نام لیا ہو یا نہ لیا ہو۔"

اسی لئے فقہاء مالکیہ گو متروک التسمیہ کو حرام کہتے ہیں؛ لیکن مسئلہ کو مجتہد فیہ قرار دیتے ہیں اور اگر کوئی امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا اس مسئلہ میں مقلد ہو تو اس کے لئے ذبیحہ کو حلال قرار دیتے ہیں، چنانچہ ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ کا بیان ہے:

"و إن قال: لیس هذا موضع التسمیة، فإنها لیست بقربة فهذا یجزیه لکونه علی مذهب یصح اعتقاده اجتهادًا للمجتهد فیه و تقلیداً لمن قلده."[4]

ترجمہ: "اور اگر کہے: یہ صراحۃً بسم اللہ کہنے کا موقع نہیں، اس لئے کہ یہ عبادت نہیں ہے۔ تو یہ کافی ہو جائے گا (یعنی اس کا ذبیحہ حلال ہوگا) کیوں کہ وہ ایک ایسے مذہب پر ہے جس کا عتقاد درست ہے مجتہد کے لئے بہ طور اجتہاد اور مقلد کے لئے بہ طرز تقلید۔"

پس میرا خیال ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ جیسے جلیل القدر محدث، اصولی اور فقیہ مجتہد کی طرف رفع اجماع کی نسبت کرنا صحیح نہیں، حقیقت یہ ہے کہ اس مسئلہ پر اجماع پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتا، مسئلہ مختلف فیہ بھی ہے اور مجتہد فیہ بھی، البتہ یہ ضرور ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے اس مسئلہ میں "اضعف الاقوال" کا درجہ رکھتی ہے۔

---

[1] احکام القرآن للجصاص: ۱۷۱/٤ [2] بخاری: ۸۲۸/۲

[3] شرح مهذب بواسطه ابوداؤد و بیهقی: ۴۱۲/۸ [4] احکام القرآن: ۷۵۱/۲

تسمیہ فعل ذبح پر ہے یا ذبیحہ پر؟

(جواب:۵)

بظاہر فقہاء کے یہاں اس مسئلہ میں تضاد سا محسوس ہوتا ہے کہ تسمیہ کا تعلق فعل ذبح سے ہے یا ذبیحہ سے؟ کیوں کہ فقہاء نے کہیں "تسمیہ علی الذبح" کا لفظ استعمال کیا اور کہیں "تسمیہ علی الذبیحہ" کا، تاہم "تسمیہ علی الذبیحہ" کی صراحت زیادہ ملتی ہے، جس کا منشاء ذبح اضطراری اور ذبح اختیاری میں امتیاز کرنا ہے اور یہ بتانا ہے کہ ذبح اضطراری میں آلہ کی حیثیت اصل ہوتی ہے اور ذبح اختیاری میں ذبیحہ کی، مفسرین کے یہاں بھی دونوں طرح کے اقوال ملتے ہیں اور ایسا ہونا فطری ہے؛ کیوں کہ فی الحقیقت تسمیہ فعل سے بھی متعلق ہے اور محل فعل سے بھی؛ کیوں کہ کوئی فعل اپنے محل کے بغیر وجود میں نہیں آسکتا اور کسی شی کا فعل کے بغیر "محل فعل" بننا ناقابل تصور ہے، یوں عام طور پر احکام شرعیہ اصل میں مکلّف کے افعال سے متعلق ہوتے ہیں اور ضمناً ان اشیاء سے جن پر فعل کو انجام دیا جائے، جیسے میتہ کی حرمت کا مطلب یہ ہے کہ میتہ سے انتفاع حرام ہے، اور کھاتے ہوئے بسم اللہ کا مقصد یہ ہے کہ وہ "کھانے کے فعل" کو اللہ کے نام سے شروع کر رہا ہے نہ یہ کہ "ذکر اللہ" کھائی جانے والی اشیاء پر ہے، پس چوں کہ شریعت میں اصالتہً احکام کا تعلق فعل مکلّف سے ہوتا ہے اور تبعاً "محل فعل" سے؛ اس لئے اس مسئلہ میں بھی تسمیہ کا اصل تعلق تو فعل ذبح سے ہے اور ضمناً مذبوح سے بھی ہے، مگر چوں کہ تسمیہ ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری دونوں صورتوں میں فعل ذبح کے ساتھ لازم ہے؛ اس لئے دونوں کے احکام میں فرق کرنے کے لئے ایک جگہ تسمیہ کا اطلاق آلات ذبح پر کیا گیا اور ایک جگہ محل ذبح پر، لہٰذا میرا خیال ہے کہ ایسی عبارتیں جو "تسمیہ کا علی الذبیحہ" یا "علی الذبح" کی صراحت پر مبنی ہیں، وہ اس مسئلہ میں دلیل نہیں ہیں۔

اصل قابل بحث مسئلہ یہ ہے کہ تسمیہ کا تعدد فعل کے تعدد کی وجہ سے ہوگا یا ذبیحہ کے تعدد کی وجہ سے؟ اس سلسلہ میں حصکفی رَحِمَهُ اللهُ تَعَالَىٰ کی صراحت موجود ہے:

"لو أضجع شاتين إحداهما فوق الأخرىٰ فذبحهما ذبحة واحدة بتسمية واحدة حلا بخلاف ما لو ذبحهما على التعاقب لأن الفعل يتعدد فتتعدد التسمية.[1]"

تَرْجَمَہ: "اگر ایک کے اوپر ایک، دو بکریوں کو لٹایا اور ان دونوں کو ایک ہی دفعہ ایک ہی تسمیہ سے ذبح کر دیا تو یہ دونوں حلال ہیں۔ بخلاف اس صورت کے کہ دونوں کو یکے بعد دیگرے ذبح کرے؛ اس لئے کہ فعل میں تعدد پایا جا رہا ہے؛ اس لئے تسمیہ بھی متعدد ہونا چاہئے۔"

[1] الدر المختار على هامش الرد: ۴۲۹/۹

اسی طرح فتاویٰ عالمگیری میں ایک دفعہ چھری پھیرنے (امرار) میں جتنے جانور یا پرندے آجائیں، سب کے لئے ایک ہی تسمیہ کو کافی قرار دیا گیا ہے۔ فرماتے ہیں:

"لوأضجع إحدى الشاتين على الأخرىٰ تكفي تسمية واحدة إذا ذبحهما بامرار واحد ولوجمع العصافير في يده فذبح وسمىٰ و ذبح آخر على أثره لم يسم لم يحل الثاني و لوأمرّ السكين على الكل جاز بتسمية واحدة كذافي خزانة المفتين."[۱]

ترجمہ: "اگر دو بکریوں میں سے ایک کو دوسری پر لٹائے تو ایک "بسم اللہ" کافی ہوجائے گا جب کہ دونوں بکریوں کو ایک ہی بار چھری گذار کر ذبح کرے، اور اگر اپنے ہاتھ میں چند گوریئے اکٹھا کرے، پھر (ایک کو) ذبح کرے اور "بسم اللہ" کہے اور اس کے بعد دوسرے کو ذبح کرے اور بسم اللہ نہ کہے تو دوسرا پرندہ حلال نہ ہوگا، ہاں اگر سب پر چھری گذار دے تو ایک ہی "بسم اللہ" سے درست ہے۔"

اگر ذبیحہ کے تعدد کی وجہ سے تسمیہ میں تعدد ہوتو ان جزئیات کے کوئی معنی نہیں رہ جاتے۔

تسمیہ کے ذبیحہ سے متعلق ہونے اور اس اصل پر ذبیحہ کے تعدد کی صورت تسمیہ کے تعدد کے وجوب کا شبہ فقہاء کی اس عبارت سے ہوسکتا ہے:

"إذاأضجع شاة وسمى فذبح غير ها بتلك التسمية لا يجوز."[۲]

ترجمہ: "ایک بکری کو لٹائے اور بسم اللہ کہے، پھر اس "بسم اللہ" سے دوسرا جانور ذبح کرے تو جائز نہیں"۔

اس مسئلہ کو کاسانی، صاحب خلاصہ اور شامی رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہ نے بھی نقل کیا ہے[۳] لیکن اس جزئیہ کا اصل منشأ یہ ہے کہ فعل ذبح کے وقت جن جانوروں پر تسمیہ کہا جائے، انہیں پر تسمیہ معتبر ہوگا، خواہ وہ ایک ہو یا متعدد؟ یعنی ذبیحہ کے تعدد کی وجہ سے تسمیہ میں تعدد واجب نہیں، لیکن فعل ذبح کے وقت جو جانور متعین کئے گئے اور ان کے لئے تسمیہ کہا گیا، یہ تسمیہ انہی جانوروں کے لئے کافی ہوگا اور اگر درمیان میں فعل منقطع نہ ہو تو جتنے جانور بھی اس آلہ کے تحت ذبح ہو جائیں، یہ تسمیہ ان سب کے لئے کفایت کر جائے گا، ابن قدامہ کی عبارت اس عقدہ کو کھولتی ہے، فرماتے ہیں:

"و إن سمىٰ على شاة ثم أخذ أخرىٰ فذبحها بتلك التسمية لم يجز سواء أرسل الاولىٰ أو ذبحها لأنه لم يقصد الثانية بهذه التسمية."[۴]

---

[۱] هنديه: ۲۸۹/۵ [۲] هدايه مع الفتح: ۴۹۲/۹ [۳] خلاصة الفتاوىٰ: ۳۰۸/۴، بدائع: ۱۷۱/۴، ردالمحتار: ۴۳۹/۹

[۴] المغني: ۳۱۰/۹

ترجمہ: ''اگر ایک بکری پر بسم اللہ کہے پھر دوسری بکری لے اور اس کو اسی بسم اللہ سے ذبح کرے تو درست نہیں، خواہ پہلی بکری کو (بسم اللہ کہنے کے بعد) چھوڑ دیا ہو یا اس کو ذبح کیا ہو؛ اس لئے کہ اس بسم اللہ سے اس نے دوسرے ذبیحہ کی نیت نہیں کی تھی۔''

کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے اور اصولی بحث کی ہے:

''التسمية شرط والشرائط يعتبر وجودها حال وجود الركن لأن عند وجودها يصير الركن علة ...... والركن فى الذكاة الاختيارية هوالذبح.[1]''

ترجمہ: ''بسم اللہ کہنا شرط ہے اور رکن کے پائے جانے کے وقت ہی شرائط کا پایا جانا معتبر ہے؛ اس لئے کہ جب شرائط پائی جائیں تب ہی رکن علت بنتا ہے اور ذبح اختیاری میں رکن ''ذبح'' ہے۔''

صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ خلاصہ نے بھی پہلے ایک اصول قائم کیا ہے کہ:

''فى الأصل التسمية عند الذبح شرط عند القتل.''

ترجمہ: ''اصل یہ ہے کہ ذبح کے وقت جو بسم اللہ کہا جاتا ہے، وہ جانور کے قتل کے وقت شرط ہے۔''

پھر آگے اس اصل پر مختلف مسائل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

''لو نظر إلى قطيع من الغنم فأخذ السكين و سمى ثم أخذ شاة منها و ذبحها بتلك التسمية لا يحل.[2]''

ترجمہ: ''اگر بکریوں کے ایک ریوڑ پر نظر کرے، پھر چھری لے اور بسم اللہ کہے، اس کے بعد اس میں سے ایک بکری لے اور اسے اسی ''بسم اللہ'' سے ذبح کردے (یعنی دوبارہ بسم اللہ نہ کہے) تو ذبیحہ حلال نہ ہوگا۔''

عالمگیری نے بھی اسی سیاق میں اس جزئیہ کو ذکر کیا ہے۔[3] ...... اسی سے یہ بات بھی واضح ہوجاتی ہے کہ ذبح اختیاری میں محل ذبح یعنی ان جانوروں کی تعیین بھی ضروری ہے جن کو ذبح کیا جانا ہے، علامہ کاسانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس نکتہ کو واضح فرمایا ہے:

''أما الذى يرجع إلى محل الذكاة فمنها تعيين المحل بالتسمية فى الذكاة الا ختيارية ولا يشترط ذلك فى الذكاة الاضطرارية.''[4]

ترجمہ: ''محل ذبح سے متعلق جو شرطیں ہیں، ان میں سے ایک یہ ہے کہ ذبح اختیاری میں بسم اللہ

---

[1] بدائع: ۱۷۱/٤ [2] خلاصة الفتاوىٰ: ۳۰۸/٤ [3] هنديه: ۲۸۹/٥ [4] بدائع: ۱۷۳/٤

کہنے کے لئے ''محل'' (یعنی جانور) متعین ہو، ذبح اضطراری میں یہ شرط نہیں۔''

پس خلاصہ یہ ہے کہ:

(الف): تسمیہ کا تعدد فعل ذبح کے تعدد کی وجہ سے ہوگا، نہ کہ ذبیحہ کے تعدد کی وجہ سے۔

(ب): تسمیہ انہی جانوروں پر معتبر ہوگا جن پر بہ وقت ذبح تسمیہ کہا گیا ہو، خواہ سب ساتھ ذبح کئے جائیں یا بلا انقطاعِ فعل یکے بعد دیگرے۔

(ج): ذبح اختیاری میں وہ جانور بھی متعین ہوتے ہیں جن کو ذبح کیا جاتا ہے۔

ضرورتاً امام شافعی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی رائے پر عمل

(جواب:۶)

اصولی طور پر خود مشائخ مذہب کے ضعیف قول پر فتویٰ دینے کی اجازت ہے[1] تو ظاہر ہے کہ کسی امام مجتہد کا قول بدرجۂ اولیٰ ضرورت کے مواقع پر قبول کیا جاسکتا ہے؛ لیکن یہ ایسے مسائل میں ہے جو اجتہادی اور قیاسی نوعیت کے ہوں، اگر کوئی رائے نص قاطع کے خلاف ہو، تو ایسی صورت میں قضاء قاضی بھی ٹوٹ جاتا ہے، لہٰذا زیر بحث مسئلہ میں امام شافعی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی رائے کو قبول کرنا درست نہیں ہوگا۔

نیز یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ کیا مشینی ذبیحہ بھی ایک ضرورت ہے؟ شاید ایسا نہیں؛ کیوں کہ حج کے موقع سے لاکھوں جانور کی قربانی صرف تین دنوں میں کی جاتی ہے اور ذبح کا عمل ہاتھ سے انجام پاتا ہے؛ اس لئے ذبح کے لئے مشین کے استعمال کو ضرورت قرار دینا سمجھ میں نہیں آتا......!

معین ذابح پر تسمیہ

(جواب ۷)

جو شخص ذبح میں معاون ہو یعنی فعل ذبح میں شریک ہو، اس پر بھی تسمیہ واجب ہے، اگر اس نے جان بوجھ کر تسمیہ نہیں کہا تو ذبیحہ حرام ہو جائے گا:

أراد التضحية فوضع يده مع يد القصاب فی الذبح وأعانه علی الذبح سمی كل وجوباً فلو تركها أحدهما أوظن أن تسمية أحدهما تكفی حرمت[2]

تَرجَمَہ: ''قربانی کے ارادہ سے قربانی کرنے والا قصاب کے ہاتھ کے ساتھ اپنا ہاتھ بھی ذبح میں رکھے اور ذبح میں تعاون کرے تو دونوں ہی کو ''بسم اللہ'' کہنا واجب ہے، اگر ان میں سے ایک ''بسم

---

[1] دیکھئے: ردالمختار: ۴۸۲/۱ [2] درمختار علی هامش الرد: ۴۸۲/۹

اللہ'' نہ کہے یا گمان کرے کہ ان دونوں میں سے ایک کا ''بسم اللہ'' کہنا کافی ہے، تو ذبیحہ حرام ہوگا۔''

البتہ تسمیہ اس پر واجب ہوگا جو فعل ذبح میں شریک و معاون ہو، جو لوگ جانور کو قابو کرنے میں معاون ہوں، ان پر تسمیہ واجب نہیں، یہ تعاون بعید ہے اور فعل ذبح میں شرکت نہیں، اور تسمیہ ذابح پر واجب ہے۔

محور چہارم...... مشینی ذبیحہ

(جواب ا: ب)

مشینی ذبیحہ کا وہ طریقہ جو شق (ب) میں منقول ہے، درست نہیں، کیوں کہ تسمیہ ذابح کا معتبر ہے، دوسروں کا نہیں۔ ھندیہ میں ہے:

"ومن شرائط التسمية أن تكون التسمية من الذابح حتى لو سمى غيره والذابح ساكت وهو ذاكر غير ناس لا يحل"[1]

ترجمہ: ''تسمیہ کی شرطوں میں سے یہ ہے کہ ''تسمیہ'' ذبح کرنے والا کہے اگر دوسرا شخص بسم اللہ کہے اور خود ذبح کرنے والا خاموش ہو، حالاں کہ اس کو یاد ہو، وہ بھولا نہ ہو، تو ذبیحہ حلال نہیں ہوگا۔''

فقہاء نے ذابح کی طرف سے تسمیہ میں نیابت کی بھی گنجائش نہیں رکھی ہے، شامی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کہتے ہیں: "لوسمى له غيره فلا تحل."[2]

ظاہر ہے کہ مذکورہ صورت میں تسمیہ کہنے والے شخص کا فعل ذبح سے کوئی تعلق نہیں، اس لئے یہ صورت جائز نہیں۔

(جواب ا: ج)

وہی حکم شق (ج) کا بھی ہے؛ کیوں کہ جب اس چھری کے چلنے میں آدمی کے عمل کو کوئی دخل ہی نہیں ہے، تو کیوں کر اس کی طرف فعل ذبح کی نسبت کی جا سکتی ہے؟ اور جب صورت حال یہ ہے تو اس کا تسمیہ بے معنی ہے۔

(جواب ا: الف)

البتہ شق (الف) قابل غور ہے، اس صورت میں بھی گو بٹن دبانے والے کو براہ راست ذابح قرار دینا مشکوک ہے؛ کیوں کہ آلۂ ذبح کے چلنے میں اصل دخل برقی کا ہے اور برقی نظام کو متحرک اسی نے کیا ہے؛ لیکن یہاں بٹن دبانے والے اور فعل ذبح کے واقع ہونے میں ایک بے جان ''مباشر'' (بلا واسطہ کسی کام کا انجام دینے

---

[1] هنديه: ٢٨٦/٥ [2] ردالمحتار: ٤٨٣/٩

والا) کا واسطہ ہے اور جب ''مباشر'' بے جان ہو تو حکم کی نسبت ''متسبب'' (بالواسطہ کسی کام کو انجام دینے والا) کی طرف کی جاتی ہے، لہٰذا بٹن دبانے والے کی طرف فعل ذبح کی نسبت کئے جانے کی گنجائش ہے، اس سلسلہ میں کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی یہ عبارت قابل ملاحظہ ہے:

''والركن في الذكاة الا ختيارية هو الذبح وفي الاضطرارية. هوالجرح وذلك مضاف إلى الرامي والمرسل و إنما السهم والكلب آلة الجرح والفعل يضاف إلى مستعمل الألة لا على الآلة.''[۱]

تَرجَمہ: ''ذبح اختیاری میں رکن ''ذبح'' ہے اور ذبح اضطراری زخمی کرنا، اور یہ فعل تیر پھینکنے والے اور شکاری جانور چھوڑنے والے کی طرف منسوب ہوگا، کیوں کہ تیر اور کتا زخمی کرنے کا آلہ ہے اور فعل آلہ استعمال کرنے والے کی طرف منسوب ہوتا ہے نہ کہ خود آلہ کی طرف۔''

یہاں دو باتیں ملحوظ رکھنی چاہئیں۔ اول یہ کہ ''ذکاۃ شرعی'' کے لئے فعل ذبح کے وقت آلۂ ذبح کا ذابح کے ہاتھ میں رہنا ضروری نہیں، بلکہ مقام ذبح پر آلہ کے ذریعہ وار کرنا ضروری ہے؛ اس لئے کہ فقہاء نے ''ذبح'' کی جگہ ''نحر'' اور نحر کی جگہ ذبح کی اجازت دی ہے اور ''نحر'' سے کیا مراد ہے؟ اس سلسلہ میں ابن قدامہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان سنئے:

''ومعنى النحر أن يضربها بحربة أو نحوها في الوهدة التي بين أصل عنقها وصدرها.''[۲]

تَرجَمہ: '''''نحر'' سے مراد یہ ہے کہ نیزے وغیرہ سے وھدہ میں وار کرے جو گردن کی جڑ اور سینے کے درمیان ہے۔''

دوسرے یہ کہ جانور کے اوپر سے آلۂ ذبح کا گذارنا ضروری نہیں، اگر کسی آلۂ ذبح پر جو ساکن ہو، خود ذبیحہ کی گردن پھیر دی جائے تو گو یہ مسنون طریقہ کے خلاف ہے، مگر یہ حلال ہونے کے لئے کافی ہے۔[۳] ...... پس ذبح اختیاری میں مقصود یہ ہے کہ فعل ذبح مخصوص رگوں اور نالیوں پر واقع ہو اور فعل مکلّف کو اس میں دخل ہو، یہاں تک کہ بعض فقہاء احناف نے اس بات کو بھی کافی قرار دیا ہے کہ آگ کے ذریعہ مقام ذبح کو جلا کر خون بہا دیا جائے، درمختار کی عبارت پر علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اپنے توضیحی نوٹ ان الفاظ میں سپرد قلم کرتے ہیں:

''(قوله ولو بنار) قال في الدرالمنتقىٰ وهل تحل بالنار على المذبح؟ قولان: الأشبه لا، كمافي القهستاني عن الزاهدي قلت لكن صرحوافي الجنايات بأن

[۱] بدائع: ۱۷۱/٤ [۲] المغني: ۱۳۷/۹ [۳] فتح العلي المالك: ۱۸٦/۱

النار عمدو بها تحل الذبيحة لكن فى المنح عن الكفاية إن سال بها الدم تحل وان تجمدلا.''[1]

ترجمہ: ''''درمنتقی'' نامی کتاب میں ہے کہ کیا مقام ذبح پر آگ سے جلانے کی وجہ سے جانور حلال ہو جائے گا؟ اس سلسلہ میں دو قول ہیں، زیادہ درست قول یہ ہے کہ حلال نہ ہوگا، جیسا کہ قہستانی میں زاہدی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی سے نقل کیا گیا ہے، میں کہتا ہوں کہ لیکن فقہاء نے جنایات کے باب میں صراحت کی ہے کہ آگ سے قتل قتل عمد ہے اور ذبیحہ اس کی وجہ سے حلال ہو جائے گا؛ لیکن ''منح'' میں ''کفایہ'' سے نقل کیا ہے کہ اگر خون بہے تو حلال ہوگا اور خون جم جائے تو حلال نہ ہوگا۔''

غرض اصل مقصود یہ ہے کہ مطلوبہ رگیں کٹ جائیں اور اس میں مکلف کے فعل کو دخل ہو۔ لیکن یہ جواز درج ذیل شرطوں کے ساتھ ہوگا۔

(الف) اس مشین سے جو جانور ذبح کئے جائیں، ذبح کئے جانے کے وقت ان میں زندگی کا پایا جانا یقینی ہو۔

(ب) ذبح کے وقت یا بٹن دباتے وقت مشینی چھری پر بالفعل جو جانور موجود ہوں، وہی حلال ہوں گے، بعد میں جو جانور آکر اس چھری پر کٹیں، بٹن دبانے والے کا تسمیہ ان کے لئے کافی نہیں ہوگا۔

(ج) اگر چھری کے پاس کوئی شخص جانور کی گردن پکڑنے پر مامور ہو تو اس کا بھی مسلمان یا کتابی ہونا اور بسم اللہ کہنا ضروری ہے؛ کیوں کہ وہ بھی ذبح کے عمل میں شریک ہے۔

(جواب ا: د)

مشینی ذبیحہ کی وہ صورت جس میں جانور ہاتھ سے ذبح کیا جائے اور دوسرے کاموں کے لئے مشین استعمال کی جائے، جائز اور بے غبار ہے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ گوشت کے ٹکڑے کر کے ان کو پیک کرنا بھی اگر مشین ہی انجام دیتی ہو تو وہ پانچ اعضاء جن کو حرام قرار دیا گیا ہے، ان کو پیکنگ سے الگ رکھنے کا اہتمام کیا جاتا ہو۔

محور پنجم...... ذبح سے پہلے الیکٹرک شاک

(جواب:۱)

الیکٹرک شاک کے استعمال میں دوران خون کے متاثر ہونے اور جانور کے ہلاک ہو جانے، دونوں کا اندیشہ ہے، لہٰذا یہ صورت کراہت سے خالی نہیں، تاہم اگر شاک لگنے کے بعد جانور میں حیات باقی رہنے کا یقین

---

[1] ردالمحتار: ۴۲۶/۹

ہو اور پھر اسے ذبح کر دیا جائے تو ذبیحہ حلال ہو جائے گا، مگر حیات سے ''حیات مستقرہ'' مراد ہے، ایسی مذبوحی حرکت کا باقی رہنا جو جانور میں موت کے بعد بھی تھوڑی دیر باقی رہتی ہے، کافی نہیں[1] ...... اسی کو صاحبین رحمہما اللہ تعالیٰ نے ''حیات مستقرہ'' سے تعبیر کیا ہے۔[2]

(جواب: ۲)

اگر حلق کی نلی لمبائی میں چیر دی جائے اور صرف اسی سے جانور کی موت واقع نہ ہو، بلکہ موت واقع ہونے سے پہلے مطلوبہ تین اور نالیوں میں سے دو کاٹ دی جائیں تب بھی جانور حلال ہو جائے گا؛ کیوں کہ شریعت نے ان چار رگوں اور نالیوں کی تعیین کر دی ہے، جنھیں کاٹا جانا ہے؛ لیکن یہ متعین نہیں کیا کہ ان کو کس طور کاٹا جائے، اسی لئے فقہاء نے ذبح کی جگہ نحر اور نحر کی جگہ ذبح کی اجازت دی ہے[3] ...... اور یہ بھی اجازت دی ہے کہ حلق کے اوپری حصہ میں ذبح کیا جائے یا درمیانی حصہ میں یا نچلے حصہ میں۔[4]

(جواب: ۳)

تیر و کمان کا استعمال اصل میں ذبح اضطراری میں ہے۔

ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری میں تین بنیادی فرق ہیں، اول یہ کہ ذبح اختیاری میں ذبح کا مقام متعین ہے اور ذبح اضطراری میں متعین نہیں، دوسرے ذبح اختیاری میں ذبیحہ متعین ہوتا ہے اور ذبح اضطراری میں متعین نہیں ہوتا، تیسرے ذبح اختیاری میں تسمیہ فعل ذبح پر ہوتا ہے اور ذبح اضطراری میں آلۂ ذبح پر، کہ اس آلہ سے جتنے جانور زخمی ہو جائیں، سب حلال ہیں۔ بٹن کو بدرجۂ کمان ماننے کا مطلب یہ ہے کہ ان احکام سہ گانہ میں مشینی ذبیحہ کو ذبح اضطراری کا درجہ دیا جائے اور آلہ کی زیر بحث صورت میں جانور قابو یافتہ ہے، لہٰذا بٹن کو کمان پر قیاس کرنا صحیح نظر آتا۔

(جواب: ۴)

اگر ذبح کرنے کے وقت گردن الگ ہو جائے تو ذبیحہ حلال ہوگا۔ البتہ اس میں قصد و ارادہ کو دخل ہو تو یہ فعل مکروہ ہوگا:

''ولو ضرب عنق جزور أو بقرة أو شاة وأبانها وسمّى فان كان ضربها من قبل الحلقوم تؤكل وقد أساء.''[5]

---

[1] ردالمحتار: ۴۲۶/۹　[2] بدائع: ۱۷۳.۷۴/۴ گو امام صاحب کے یہاں کسی بھی درجہ کی حیات کافی ہے۔ ہندیہ: ۲۸۶/۵ لیکن صاحبین کی رائے اشبہ بالفقہ محسوس ہوتی ہے۔ واللہ اعلم　[3] بدائع: ۱۵۵.۵۶/۴، ودیگر کتب فقہ

[4] درمختار و ردالمحتار: ۴۲۴/۹ ودیگر کتب فقہ　[5] هنديه: ۲۸۸/۵

ترجمہ: ''اگر اونٹ یا گائے یا بکری کی گردن مارے اور اس کو علاحدہ کردے اور بسم اللہ کہے، تو اگر اس نے حلق کی طرف سے وار کیا تو کھایا جائے گا، البتہ اس نے نامناسب عمل کیا۔''

خلاصۂ جوابات

محور:۱

❶ ذبح کے لغوی معنی کاٹنے اور پھاڑنے کے ہیں۔ ''ذبح'' اصطلاح میں قابو یافتہ جانور کی مخصوص رگوں کو کاٹنے اور غیر قابو یافتہ جانور کو اس طرح زخمی کر دینے کا نام ہے، جو موت تک منتج ہو۔

❷، ❸

① ذابح عاقل ہو۔
② مسلمان یا کتابی ہو۔
③ ذبح کے وقت خود ذابح ذبیحہ پر ذکر کی نیت سے اللہ کا نام لے۔
④ ذبیحہ پر غیر اللہ کا نام نہ لیا جائے۔
⑤ ذبح کے وقت مذبوح میں معمول کی حیات موجود ہو۔
⑥ ذبح اختیاری میں عین فعل ذبح اور ذکاۃ اضطراری میں تیر پھینکنے یا جانور چھوڑتے وقت تسمیہ کہا گیا ہو۔
⑦ ذبح اضطراری میں ذابح محرم نہ ہو اور مذبوح حدود حرم میں نہ ہو۔

❹ ذبح اختیاری کے مواقع میں ذبح اضطراری جائز نہیں۔

محور:۲

❶، ❷ ذابح کے لئے مسلمان یا یہودی یا عیسائی ہونا ضروری ہے۔

❸ اہل کتاب سے مراد وہ یہودی یا نصرانی ہیں، جو فی الجملہ خدا کے وجود، نبوت ووحی اور ملائکہ وغیرہ پر ایمان رکھتے ہوں۔ یہود ونصاریٰ کے علاوہ کوئی اور قوم، اور خود وہ یہود ونصاریٰ جو عملاً دہریہ اور مذہب کے منکر ہوں، نیز قادیانی، یہ سب عام کفار ومشرکین کے حکم میں ہیں۔

محور:۳

❶، ❷ ذبیحہ پر تسمیہ من جملہ شعائر دین کے ہے۔

(الف) اگر مسلمان کا ذبیحہ ہو تو متروک التسمیہ عمداً امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اور بعض فقہاء کے نزدیک حلال اور جمہور کے نزدیک حرام ہے اور یہی صحیح ہے۔

(ب) اگر کتابی کا ذبیحہ ہو تو متروک التسمیہ عمداً مالکیہ اور شوافع کے نزدیک حلال اور حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک حرام ہے۔

(ج) متروک التسمیہ نسیاناً ائمہ اربعہ کے نزدیک حلال ہے، البتہ حنابلہ کے نزدیک ذبح اضطراری میں متروک التسمیہ نسیاناً بھی حرام ہوتا ہے۔

❸، ❹ متروک التسمیہ کی حرمت پر امت کا اجماع تو نہیں، لیکن جمہور کی رائے یہی رہی ہے اور یہی رائے قوی و مقبول ہے۔

❺ تسمیہ فعل ذبح پر واجب ہے؛ اس لئے فعل ذبح کے تعدد سے تسمیہ میں بھی تعدد ہوگا۔

❻ اس مسئلہ میں بظاہر امام شافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی رائے پر عمل کی گنجائش نہیں۔

❼ ذابح کا ایسا معین جو خود فعل ذبح میں شریک ہو، پر بھی تسمیہ کہنا ضروری ہے۔

محور: ۴

❶ (الف) یہ صورت درج ذیل شرطوں کے ساتھ جائز ہے:

(۱) اس مشین سے جو جانور ذبح کئے جائیں، ذبح کئے جانے کے وقت ان کی زندگی یقینی ہو۔

(۲) ذبح کے وقت یا بٹن دباتے وقت مشینی چھری پر بالفعل جو جانور موجود ہوں، وہی حلال ہوں گے، بعد میں جو جانور آکر اس چھری پر کٹیں، بٹن دبانے والے کا تسمیہ ان کے لئے کافی نہیں ہوگا۔

(۳) اگر چھری کے پاس کوئی شخص جانور کی گردن پکڑنے پر مامور ہو، تو اس کا بھی مسلمان یا کتابی ہونا اور بسم اللہ کہنا ضروری ہے؛ کیوں کہ وہ بھی ذبح کے عمل میں شریک ہے۔

(ب، ج) یہ دونوں صورتیں جائز نہیں۔

(د) جانور کا ہاتھ سے ذبح کرنا اور دوسرے کاموں کے لئے مشین کا استعمال کرنا جائز ہے۔

محور: ۵

❶ الیکٹرک شاک سے دوران خون متاثر ہوتا ہو یا جانور ہلاک ہو جاتا ہو تو یہ صورت جائز نہیں۔

❷ حلق کی نالی لمبائی میں چیر دی جائے، پھر موت سے پہلے پہلے تین مطلوبہ نالیوں میں سے دو کاٹ دی جائیں تو ذبیحہ حلال ہو جائے گا۔

۳ مشینی ذبیحہ کو تیر کمان پر قیاس کرنا صحیح نہیں۔

۴ گردن الگ ہوجانے کے باوجود ذبیحہ حلال ہوگا۔ البتہ بالارادہ ایسا کرنا مکروہ ہے۔

مشینی ذبیحہ سے متعلق نویں فقہی سمینار (منعقدہ جے پور) میں جو تجاویز منظور ہوئیں وہ اس طرح ہیں:

مشینی ذبیحہ کے مسئلہ پر اسلامک فقہ اکیڈمی کے ساتویں سمینار (منعقدہ بھروچ) میں بحث کی گئی تھی اور اس کی بعض صورتوں کے ناجائز ہونے پر اتفاق ہوگیا تھا۔ ایک صورت کی بابت علماء ومفتیان کرام کی رائیں مختلف تھیں اور سمینار کا احساس تھا کہ اس مسئلہ پر دوبارہ غور کیا جائے اور مجوزین ومانعین کے دلائل کا خلاصہ دوبارہ مندوبین کی خدمت میں بھیجا جائے تا کہ وہ پھر غور کر کے اس مسئلہ پر رائے دے سکیں۔ چنانچہ اکیڈمی نے دوبارہ اسی سلسلہ میں مفصل سوالنامہ بھیجا اور اس پر جو جوابات آئے، ان کی روشنی میں درج ذیل امور طے پائے:

۱ اگر جانور بجلی کے ذریعہ چلنے والی زنجیر یا پٹہ سے لٹک کے بے ہوشی کے مرحلہ سے گزرنے کے بعد ذابح کے سامنے پہنچتا ہے اور ذابح بسم اللہ کہہ کر اس کو اپنے ہاتھ سے ذبح کر دیتا ہے اور جانور کے ذبح کے وقت اس کے زندہ ہونے کا یقین ہے، یہ صورت بالاتفاق جائز ہے۔ اس لئے کہ اس میں صرف جانور کا نقل وحمل مشین کے ذریعہ ہو رہا ہے، باقی فعل ذبح ہاتھ سے انجام دیا جاتا ہے۔ اکیڈمی مسلمان ارباب مسالخ سے خواہش کرتی ہے کہ وہ اسی طریقہ کو رواج دیں اور اگر ضرورت محسوس ہو تو ذبح کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے کئی ذابح کا تقرر کیا جائے۔

۲ مشینی ذبیحہ کی ایسی صورت جس میں جانور کے نقل وحمل اور ذبح دونوں کام مشین سے انجام پائیں، اس طرح کہ بٹن دبانے کے ساتھ مشین حرکت میں آجائے اور اس مشین پر باری باری جانور آتا جائے۔ اس صورت کی بابت تین رائیں ہیں۔

(الف) پہلا جانور حلال ہوگا۔ اس کے بعد جو جانور ذبح ہوتے جائیں وہ جائز نہیں ہیں یہ اکثر شرکاء سمینار کی رائے ہے۔

(ب) پہلا جانور بھی حلال نہ ہوگا۔ یہ بعض حضرات کی رائے ہے، جو درج ذیل ہیں:

مفتی شبیر احمد قاسمی، مراد آبادی

مولانا مجیب الغفار اسعد اعظمی بنارس

مولانا بدر احمد مجیبی، پٹنہ

مولانا ابوالحسن علی، گجرات

(ج) پہلا جانور بھی حلال ہوگا اور بعد میں جو جانور اس فعل ذبح کے منقطع ہونے سے پہلے پہلے ذبح ہوجائیں وہ

بھی حلال ہیں۔ یہ رائے درج ذیل حضرات کی ہے:

مولانا رئیس الاحرار ندوی، مولانا صباح الدین ملک فلاحی، مولانا سلطان احمد اصلاحی، مولانا جلال الدین انصر عمری، مولانا یعقوب اسماعیل، مولانا صدر الحسن ندوی، مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمی، مفتی محمد نسیم قاسمی اور مولانا اعجاز احمد قاسمی۔

۳ جن حضرات کے نزدیک مشین کے ذریعہ ذبح کی صورت میں پہلا جانور حلال رہ جاتا ہے، ان کے نزدیک اگر ایسی مشین ایجاد ہو جائے، جس سے بڑی تعداد میں چھریاں متعلق ہوں اور بٹن دباتے ہی بیک وقت چل کر ایک ایک جانور کو ایک ساتھ ذبح کر دیتی ہوں تو یہ تمام جانور حلال ہو جاتے ہیں۔

۴ واضح رہے کہ مشینی ذبیحہ کے بارے میں یہ احکام مشین کی مخصوص ہیئت اور وضع کو سامنے رکھ کر طے کئے گئے ہیں، ہر طرح اور ہر وضع کی مشین پر اس کا اطلاق نہیں ہوگا، بلکہ مشین کی مخصوص ہیئت اور طریقہ کار کی روشنی میں اس کا حکم مقرر کیا جا سکتا ہے۔[1]

[1] دیکھئے: اہم فقہی فیصلے: ۴: ۱۰۳، ط: ۱۹۹۷ء

ذبیحہ مرغ کو گرم پانی میں ڈالنے کا حکم

مرغ حلال جانوروں میں سے ہے اور خود آنحضور ﷺ سے مرغ کا گوشت تناول فرمانا ثابت ہے، موجودہ زمانہ میں جو مشینی زمانہ ہے اور جس میں سینکڑوں ایسے آلات و ذرائع پیدا ہوگئے ہیں کہ اس کے ذریعہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ کام لیا جاسکے، مرغ کے گوشت کے جلد پکانے اور تیار کرنے کی غرض سے یہ تدبیر اختیار کی جاتی ہے کہ مرغ کو ذبح کرنے کے بعد اسے چند لمحہ کے لئے کھولتے ہوئے گرم پانی میں ڈالا جاتا ہے تا کہ اس کے پر اور بال آسانی سے صاف کئے جاسکیں، اگر ذبیحہ کا معدہ چیر کر اور آنت کی آلائش نکال کر اسے پانی میں ڈالا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں اور نہ اس میں اہل علم اور فقہاء کا کوئی اختلاف ہے۔

لیکن مسئلہ یہ ہے کہ اگر پیٹ چاک کر کے جسم کی آلائش نکالے بغیر مرغی کو پانی میں ڈالا جائے تو آیا پورا مرغ ناپاک ہوجائے گا یا پاک رہے گا اور اگر ناپاک ہوگا تو اس کی تطہیر اور پاکی کی کیا صورت ہوگی؟

یہ مسئلہ اس لئے اہم ہے کہ ایک طرف اس وقت بڑے شہروں میں ہزاروں کی تعداد میں مرغ ذبح کئے جاتے ہیں اور اسی طرح ان کے بال و پر صاف کئے جاتے ہیں اور گوشت فروخت کئے جاتے ہیں، یہی گوشت گھروں میں پکانے کے لئے سپلائی کیا جاتا ہے، یہی گوشت شادی بیاہ کی تقریبات اور دعوتوں میں استعمال کیا جاتا ہے اور یہی گوشت ہوٹلوں میں پکی ہوئی صورت میں دستیاب ہوتا ہے، اس طرح اس نے ابتلاء کی صورت اختیار کر لی ہے، جس سے اجتناب غیر ممکن نہ سہی، لیکن دشوار ضرور ہے۔ دوسری طرف بعض اکابر اہل علم نے اس صورت کو ممنوع قرار دیا ہے اور بعض معاصر اہل علم بھی اس کے ناجائز اور ناقابل تطہیر ہونے کے قائل ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس مسئلہ پر پورے عمق کے ساتھ غور کیا جائے اور شریعت کی روح اور اس کے مزاج و مصلحت کو سامنے رکھ کر بحث کی جائے۔

تطہیر کے دو طریقے

فقہاء کے یہاں اصول یہ ہے کہ بنیادی طور پر نجاست کو پاک کرنے کے دو طریقے ہیں، ایک طریقہ ازالہ کا ہے اور دوسرا طریقہ استحالہ کا ہے، ازالہ سے مراد نجاست کو ہٹا دینا اور ختم کر دینا ہے، اور استحالہ سے مراد اس میں

ایسا تغیر ہے کہ اس کی ماہیت وحقیقت ہی بدل جائے جیسے گوبر کو جلا کر راکھ بنا دیا جائے یا مردار نمک کی صورت اختیار کرلے۔ پھر ازالۂ نجاست کی دو صورتیں ہیں۔ اگر نجاست دیدنی ہو اور دیکھ کر معلوم کی جاسکتی ہو کہ وہ موجودہ ہے یا ختم ہوگئی؟ جس کو فقہ کی زبان میں "نجاست مرئیہ" کہتے ہیں، تب تو محسوس طور پر اس کا ختم ہو جانا ضروری ہے، جیسے پائخانہ اور خون وغیرہ۔ اگر یہ نجاست دور ہو جائے، لیکن اس کا رنگ دور نہ ہو پائے تو کوئی قباحت نہیں اور اگر ایسی نجاست ہو کہ دیکھ کر اس کی موجودگی یا عدم موجودگی کا اندازہ نہ ہو سکے، تو ایسا عمل ضروری ہوگا جس سے نجاست کے زائل ہونے کا غالب گمان ہو جائے، اس کے بعد وہ شئے پاک ہوگی، مثلاً اگر دھو کر نچوڑا جاسکتا ہو، تو نچوڑا جائے اور اگر نچوڑا نہ جاسکتا ہو تو تین دفعہ دھو کر خشک کرنا امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک کفایت کر جائے گا اور امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک وہ کبھی پاک نہیں ہو سکے گا۔

"امافيما لا ينعصر كالحنطة إذا تنجست بمائع والجرد والحديد والسكين والمرآة مما ينجس والحصير إذا تنجس فعند ابى يوسف يغسل ثلاثا ويجفف فى كل مرة فيطهر وقال محمدلا يطهر أبدًا لأن النجاسة لاتزول إلابالعصر ولأبى يوسف أن التجفيف يقوم مقام العصرفى الاستخراج إذلاطريق سواه.[1]"

تَرجَمہ: "ان اشیاء میں جنھیں نچوڑا نہ جاسکتا ہو جب کہ وہ بہنے والی چیز سے مل کر ناپاک ہوئی ہوں اور ڈھال، لوہا، چھری اور چٹائی ناپاک ہوجائیں تو امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک اسے تین مرتبہ دھویا جائے اور ہر بار خشک کیا جائے، تو پاک ہوجائے گا اور امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں کہ کبھی بھی پاک نہ ہوگا؛ کیوں کہ نچوڑے بغیر نجاست زائل ہوتی ہی نہیں ہے۔ امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں کہ خشک کر دینا ہی نچوڑنے کے قائم مقام ہوجائے گا (اس کے لئے نچوڑنا ضروری نہیں) کیوں کہ اس کے علاوہ پاکی کی کوئی شکل نہیں ہے۔"

اسی بناء پر فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر گیہوں کو شراب میں پکا دیا جائے تو امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک وہ کبھی پاک نہیں ہوسکے گا؛ کیوں کہ اس کا نچوڑا جانا ممکن نہیں، یہی رائے علامہ عینی نے امام صاحب رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے نقل کی ہے، جب کہ امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک تین دفعہ دھونے کے بعد پاک ہوجائے گا۔[2]

ابن ہمام یہ بھی لکھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ اس مسئلہ میں امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے ساتھ ہیں کہ گیہوں اگر نجاست سے پھول جائے تو تین دفعہ دھویا اور خشک کیا جائے، اس کے بعد وہ پاک ہو

[1] بناية شرح هداية: ١/٤٦٣؛ باب الانجاس [2] بناية: ١/٣٦٤

جائے گا[1] ...... ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ یہ بھی لکھتے ہیں کہ گوشت اگر ناپاک شوربے میں گر جائے جب کہ شوربا ابال اور جوش کی حالت میں ہو تو تین دفعہ پاک پانی میں جوش دینے کی وجہ سے گوشت پاک ہوجائے گا۔ البتہ ''تمریض'' کے صیغہ کے ساتھ نقل کرتے ہیں کہ بعض لوگوں کی رائے ہے کہ پاک نہیں ہوگا۔

"واللحم وقع فی مرقة نجاسة حال الغليان يغلى ثلاثا فيطهر وقيل لا يطهر"[2]

آگے علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ایک دوسرا جزئیہ نقل کیا ہے کہ اگر کسی دانہ میں شراب سرایت کرگئی ہو اور اسے تین بار دھویا جائے اور اس میں شراب کی بو باقی نہ رہے تب وہ پاک ہوسکے گا ورنہ نہیں، اس لئے کہ بو کا ختم ہوجانا اثرِ نجاست کے ختم ہوجانے کی دلیل ہے، پھر ایک اور مسئلہ خلاصہ سے نقل کیا ہے کہ مٹی کے برتن میں اگر شراب ہو، گو وہ برتن نیا ہو اور اسے تین بار دھویا جائے تو امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں پاک ہوجائے گا اور امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں کبھی پاک نہ ہوسکے گا، پھر آگے لکھتے ہیں کہ گو اس مسئلہ میں بو کے باقی رہنے نہ رہنے کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا گیا ہے؛ لیکن احتیاط اس میں ہے کہ جب تک بو کا ازالہ نہ ہوجائے، اس کو پاک نہ سمجھا جائے[3] ...... گویا ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ، قاضی ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے ساتھ ہیں اور صرف تین دفعہ دھونے کو پاکی کے لئے کافی نہیں سمجھتے، جب تک کہ بو کا ازالہ نہ ہوجائے۔

زیلعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے طحاوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے نقل کیا ہے کہ شراب اگر گیہوں میں گر جائے، اسے دھویا جائے، پھر اس کا آٹا پیس کر روٹی بنائی جائے اور اس میں شراب کی بو اور مزا محسوس نہ ہو، تو اس کا کھانا جائز ہوگا، مگر یہ اس وقت ہے جب کہ گیہوں اتنی شراب نہ جذب کرچکا ہو کہ اس کی وجہ سے گیہوں پھول جائے، اگر وہ پھول گیا تو اب کبھی پاک نہیں ہوسکے گا[4] اس طرح گویا امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک بھی اصل مدار نجاست کے جذب کرنے اور نہ کرنے پر ہے، اگر نجاست اچھی طرح جذب نہ ہوئی تو بہر حال دھونے کی وجہ سے پاکی حاصل ہوجائے گی اور اگر نجاست اچھی طرح جذب ہوگئی ہو اور آثار و قرائن اس پر شاہد ہوں تو اب امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک اس کے پاک کرنے کی کوئی صورت نہیں۔

زیلعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے ایک اور مسئلہ پختہ اینٹ کے بارے میں ولوالجی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے نقل کیا ہے، واضح ہو کہ اینٹ کے اندر سیال اشیاء کو جذب کرنے کی غیر معمولی صلاحیت ہوتی ہے اور کم چیزیں ہیں کہ ان میں جذب کرنے کی اتنی صلاحیت پائی جاتی ہو، فرماتے ہیں کہ اگر اینٹ میں نجاست لگ جائے اور اینٹ اس نجاست کو جذب کرلے تو اینٹ اگر پرانی اور زیر استعمال رہی ہو تو بیک وقت تین بار دھو دینا کفایت کر جائے گا

---

[1] فتح القدیر: ۱۸۵/۱ [2] فتح القدیر: ۱۸۶/۱ [3] فتح القدیر: ۱۵۸/۱ [4] تبیین الحقائق: ۷۶/۱

اور اگر اینٹ نئی ہو تو اس طرح دھویا جائے کہ ہر دفعہ دھونے کے بعد اسے خشک کرلیا جائے، پھر دوبارہ سہ بارہ اسی طرح دھویا جائے: "و إن كان حديثا يغسل ثلاث مرات ويجفف علي أثر كل مرة.[1]" عالمگیری میں نقل کیا گیا ہے اگر گیہوں میں شراب گر جائے، جذب ہو جائے اور گیہوں اس کی وجہ سے پھول جائے تو اس کی پاکی کا طریقہ یہ ہے کہ اسی طرح اس کو پانی میں پھلایا اور خشک کیا جائے اور اگر ابھی گیہوں کے پھولنے کی نوبت نہیں آئی ہو تو تین دفعہ صرف دھونے پر اکتفا کیا جائے۔[2]

ابن قدامہ مقدسی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے امام احمد بن حنبل رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ سے جو رائے نقل کی ہے، وہ وہی ہے جو امام محمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی ہے، فرماتے ہیں: اگر تل یا کوئی دانہ ناپاک پانی میں پھلایا گیا، یہاں تک کہ وہ پھول گیا، تو اب وہ پاک نہیں ہو سکتا: "إن تقع السمسم وشيء من الحبوب في الماء النجس حتى انفسخ وابتل لم يطهر."[3]

کاسانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی چشم کشا تحریر

اس مسئلہ پر سب سے زیادہ وضاحت اور مختلف صورتوں کا تجزیہ کر کے ملک العلماء علامہ کاسانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے گفتگو کی ہے، جس کا ماحصل یہ ہے:

جس چیز میں نجاست لگی ہے، یا تو وہ ایسی چیز ہوگی، جو اجزائے نجاست کو بالکل ہی جذب نہ کر سکے، یا کچھ جذب کرے، یا بہت زیادہ جذب کرے، اگر بالکل جذب نہ کر سکے، جیسے پتھر، تانبے وغیرہ کے برتن تو اس کی پاکی اس طرح ہوگی، کہ یا تو محسوس طور پر نجاست زائل ہو جائے یا دھونے کی مطلوبہ تعداد پوری ہو جائے، اسی طرح جو معمولی طور پر جذب کی صلاحیت رکھتا ہو، جیسے بدن، موزے جوتے کا بھی یہی حکم ہے اور اگر اس کے اندر جذب کرنے کی صلاحیت ہو تو اگر اس کو نچوڑنا ممکن ہو اور نجاست دیکھنے میں آتی ہو (مرئی) تو اسے دھویا جائے اور اس نجاست محسوس کے ختم ہونے تک نچوڑا جائے اور اگر نجاست دیدنی نہ ہو تو تین دفعہ دھویا جائے اور ایک قول کے مطابق تینوں بار اور امام محمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے قول کے مطابق صرف ایک بار نچوڑنے پر اکتفاء کیا جائے اور اگر وہ شئے ایسی ہو کہ اس کا نچوڑا جانا ممکن نہ ہو اور وہ اچھی طرح نجاست کو جذب کر جائے تو امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے نزدیک تین دفعہ اسے پانی میں پھلا کر خشک کرنے یا پکا کر خشک کرنے سے پاک ہو جائے گی، اور امام محمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے نزدیک کبھی پاک نہ ہوگی۔

اخیر میں کاسانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے مجتہدانہ مذاق کے مطابق بصیرت مندانہ فیصلہ فرمایا کہ امام محمد

---

[1] ایضاً [2] عالمگیری مع الخانیہ: ۴۲/۱، باب احکام النجاسۃ [3] المغنی: ۳۸/۱

رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا قول قیاس سے قریب ہے اور امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے قول میں امت کے لئے سہولت اور وسعت ہے:

وما قاله محمدأ قيس وما قاله أبو يوسف أوسع.[1]

فقہاء کی آراء کا خلاصہ

فقہاء کے ان اقوال و آراء سے درج ذیل باتیں منقح ہوتی ہیں:

❶ کسی شئے کے پاک اور ناپاک ہونے کا مدار اس پر ہے کہ نجاست اس میں پیوست ہوئی ہے یا نہیں؟ یہ اور بات ہے کہ کبھی نجاست کے اثر انداز ہونے کا اندازہ محسوس طور پر ہو جاتا ہے اور کبھی تخمین اور گمان پر اس کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔

❷ تطہیر کا اصل مقصود نجاست کا ازالہ اور اس کا دور کرنا ہے؛ اس لئے مختلف اشیاء کے لئے تطہیر کے الگ الگ طریقے ہو سکتے ہیں۔

❸ نجاست کے باقی رہنے یا نہ رہنے کی علامت عام طور پر فقہاء نے رنگ، بو، مزہ کی تبدیلی کو قرار دیا ہے، اسی لئے ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے بیان کے مطابق اگر شراب میں پکی ہوئی مرغی کو تین بار پاک پانی میں پکا دیا جائے اور اس میں شراب کی بو باقی نہ رہے تب ہی وہ گوشت پاک ہو سکے گا۔

❹ حیوانی بدن منجملہ ان چیزوں کے ہے، جن میں کسی چیز کو جذب کرنے کی محض معمولی صلاحیت ہوتی ہے۔ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس کا ذکر کیا ہے اور اس کا مشاہدہ بھی ہے۔ تاہم یہ ضرور ہے کہ موت، کے بعد روک کی صلاحیت نسبتاً کم ہو جاتی ہے اور گرم چیز میں ابالنے کی وجہ سے گوشت اپنے ساتھ ابلنے والی چیزوں کو جذب کر لیتا ہے؛ اس لئے اگر مرغ کو ذبح کرنے کے بعد نجاست نکالے بغیر ابلتے پانی میں ڈال دیا جائے اور ابالا جائے تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ اس نجاست کا اثر گوشت کے دوسرے حصوں میں منتقل ہو جائے۔

❺ یہ بات بھی ذہن میں رکھی جانی چاہئے کہ اگر مسلمان کا کوئی مال حلت اور پاکی کا کوئی پہلو رکھتا ہو تو اتلافِ مال سے بچنے کے لئے حدودِ شرع میں رہتے ہوئے اس کی گنجائش پیدا کی جائے گی۔ کاسانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نجاست و طہارت کے مسئلہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہتے ہیں۔

"وكذا يؤدى إلى اتلاف الأموال والشرع نهانا عن ذلك فكيف يأمر نابه."[2]

---

[1] بدائع الصنائع: ۵۱/۱، ۲۵۰ شامی نے لکھا ہے کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول پر فتویٰ ہے والثانی اوسع وبه يفتى، ردالمحتار: ۴۲/۱، ۵۴۱

[2] بدائع الصنائع: ۲۴۹/۱

زیر بحث مسئلہ میں فقہاء کی تصریحات

ان امور کی روشنی میں یہ بات غور طلب ہے کہ موجودہ زمانہ میں ذبح کے فوراً بعد مرغ کو جتنی دیر ابلتے ہوئے پانی میں رکھا جاتا ہے، کیا اس کی وجہ سے نجاست کا اثر اس میں منتقل ہوجاتا ہے؟ اور اگر منتقل ہوجاتا ہے تو اتنا خفیف کہ جس کو تین بار دھو کر پاک کیا جاسکے یا نجاست اس میں اس درجہ جذب ہوجاتی ہے کہ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے مسلک پر پاک ہی نہ ہوسکے اور امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے مسلک پر تین بار پاک پانی میں پکائے بغیر پاک نہ ہو؟ ...... اس حقیر کا خیال ہے کہ جو صورت مروج ہے، اس میں مرغ کو اتنی دیر پانی میں نہیں رکھا جاتا کہ اس کی وجہ سے گوشت میں نجاست جذب ہوجائے؛ اس لئے یہ تو ٹھیک ہے کہ احتیاطاً ہم اس کے دھونے کو ضروری قرار دیں؛ لیکن اس کو محض دھو لینا کافی ہوگا، نہ کہ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے مسلک پر بالکل ہی پاک نہ ہوگا یا امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے قول پر تین دفعہ ابالنا ضروری ہو، اس لئے کہ اس بات کا تجربہ ہے کہ ایسی صورت میں مرغ کے گوشت کے مزے اور بو میں کوئی تغیر پیدا نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ اوپر جو فقہی جزئیات ذکر کئے گئے ہیں، ان میں ''طبخ'' یعنی پکانے کا لفظ استعمال کیا گیا ہے، پکانے اور معمولی طریقے پر ایسی حرارت پہنچانے، جس سے بال وغیرہ نکل جائیں، کے درمیان جو فرق ہے، وہ ظاہر ہے۔ غالباً خاتم الفقہاء والمحققین علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے سب سے پہلے اس امر کی طرف توجہ کی اور فرمایا کہ اگر مرغی ابلتے ہوئے پانی میں پیٹ چاک کرنے سے پہلے ڈالی جائے تو امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے قول پر کبھی پاک نہ ہوگی اور امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے قول پر تین دفعہ دھونے سے پاک ہوجائے گی، لیکن یہ اس وقت ہے جب کہ اس نے نجاست کو پی لیا ہو۔

''وهو معلل بشربها لنجاسة المنخلة فی اللحم بواسطة الغليان.''[1]

تَرجَمہ: ''چنانچہ بعد کے فقہاء میں علامہ اسماعیل طحطاوی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے مراقی الفلاح کی شرح حاشیہ طحطاوی میں اس مسئلہ کو وضاحت کے ساتھ لکھا ہے:''

''لو ألقيت دجاجة حال غليان الماء قبل أن يشق بطنها لنتف او كرش قبل أن يغسل إن وصل الماء إلى حد الغليان و مكثت فيه بعد ذلك زماناً يقع فی مثله التشرب والدخول فی باطن اللحم لايطهر أبداً الا عند ابی يوسف كما مرفی اللحم و إن لم يصل الماء إلى حد الغليان أولم تترك فيه إلامقدار ماتصل الحرارة إلى سطح الجلد لانحلال مسام السطح عن الريش والصوف

[1] مراقی الفلاح: ص۸۶

تطهر بالغسل ثلاثاً."[1]

ترجمہ: "مرغ جس کا پیٹ چاک نہ کیا گیا ہو یا اوجھ جس کی غلاظت نکالی نہ گئی ہو، اگر اس کو جوش مارتے ہوئے پانی میں بال نکالنے کے لئے ڈال دیا جائے تو اگر پانی غلیان کی حد تک پہنچ گیا ہو اور مرغی اتنی دیر تک پڑی رہی کہ اتنے وقت میں پانی سرایت کر جائے اور گوشت کے اندرونی حصہ میں داخل ہو جائے تو وہ کبھی پاک نہ ہوگا۔ البتہ امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں پاک ہو جائے گا، جیسا کہ گوشت کے بیان میں گزر چکا ہے۔ اور اگر پانی میں جوش نہ آیا ہو، یا اس میں اتنی ہی دیر چھوڑا گیا ہو کہ اس کی جلد تک پہنچ جائے، تا کہ بال اور اون سے متعلق مسامات کھل جائیں تو تین بار دھونے سے پاک ہو جائے گا۔"

اسی کو اختصار کے ساتھ صاحب مراقی الفلاح نے بھی لکھا ہے:

"وأما وضعها بقدر انحلال المسام لنتف ريشها فتطهر بالغسل."[2]

خلاصۂ بحث

پس حاصل یہ ہے کہ:

❶ اس بات کی سعی کی جانی چاہئے کہ ایسا نظم ہو کہ آلائش نکالنے کے بعد مرغ پانی میں ڈالا جائے اور ہر بار نیا پانی استعمال کیا جائے۔

❷ احتیاط یہ ہے کہ لوگ حتی المقدور مرغ کی صفائی کا نظم اپنے طور پر کیا کریں تا کہ اس کی نوبت نہ آئے۔ اور اگر اہل پیشہ سے صفائی کرائی جائے تو اس سلسلے میں نزاکتوں اور جزئیات کا خاص خیال رکھا جائے اور اپنے سامنے پوری احتیاط کے ساتھ صفائی کا کام کرایا جائے۔

❸ مروجہ صورت میں تین دفعہ گوشت کو دھو دینا کافی ہوگا اور وہ ناقابل تطہیر نہ ہوگا۔

❹ مگر یہ اس وقت ہے جب کہ گوشت میں آنت کی آلائش اور نجاست کی بو پیدا نہ ہوئی ہو، اگر بو پیدا ہو جائے تو احتیاط اسی میں ہے جو امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا قول ہے کہ اس کا استعمال نہ کیا جائے۔

❺ بعض مواقع پر بطور خود مرغ ذبح کیا جاتا ہے اور گرم پانی میں ڈالنے کی بجائے لوگ آگ پر جھلسا کر بال وغیرہ صاف کرتے ہیں، اس کا بھی وہی حکم ہے جو گرم پانی میں ڈالنے کا ہے، اس لئے پہلے جسم کی آلائش کو نکال دینا چاہئے، پھر جھلسانا چاہئے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب.

---

[1] مراقی الفلاح: ص ۸٦　[2] طحطاوی علی مراقی الفلاح: ص ۸٦

اوقاف کے چند مسائل عصر حاضر کے تناظر میں

"ہند و پاک میں بہت بڑی املاک ہے، جن کو مختلف خیراتی مقاصد کے تحت اہل خیر نے وقف کیا ہے۔ مسلم حکومت کے خاتمہ، آبادیوں کی منتقلی اور اوقاف کی جائداد کو لاحق خطرات نے مختلف حل طلب مسائل پیدا کر دیئے ہیں۔ نیز یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ان قیمتی اوقاف سے مسلمانوں کو جو رفاہی اور تعلیمی نفع پہنچ سکتا ہے، وہ نہیں پہنچ رہا ہے، اسی پس منظر میں اسلامک فقہ اکیڈمی کے دسویں سمینار منعقدہ عروس البلاد بمبئی ۱۹۹۷ء میں اوقاف کے مسائل بھی زیر بحث آئے، یہ تحریر اسی سلسلہ میں اکیڈمی کے سوالنامہ کا جواب ہے۔"

سوالنامہ

ہندوستان کے مختلف صوبوں اور علاقوں میں مختلف مقاصد کے لئے بے شمار اوقاف ہیں، جو زمانہ قدیم سے چلے آرہے ہیں، اوقاف کی دیکھ بھال کے لئے حکومت نے سنٹرل وقف بورڈ۔ اور صوبائی وقف بورڈس بھی قائم کر رکھے ہیں، مختلف صوبوں کے مختلف وقف ایکٹ ہیں اور مرکزی حکومت نے سنہ (......) میں نیا وقف ایکٹ بنایا، اس بات کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی ہے کہ مختلف ریاستوں میں نافذ قانون وقف اور سنٹرل وقف ایکٹ کا جائزہ وقف کے شرعی احکام کی روشنی میں لیا جائے، اس سلسلہ میں مختلف ریاستوں میں نافذ قوانین وقف اور سنٹرل قانون وقف کے جائزہ کے لئے ماہرین قانون کو زحمت دی جارہی ہے، ان کی رپورٹس آنے کے بعد انشاء اللہ کچھ متعین سوالات آپ حضرات کی خدمت میں شرعی نقطۂ نظر معلوم کرنے کے لئے ارسال کئے جائیں گے، فی الوقت اوقاف سے متعلق چند اہم سوالات جو بار بار اوقاف کے ذمہ داروں اور قانون وقف کے ماہرین کی طرف سے علماء کی خدمت میں وقتاً فوقتاً پیش کئے جاتے رہے ہیں، انہیں ذیل میں درج کیا جاتا ہے، ان مسائل پر آپ کی واضح و مدلل رائے مطلوب ہے۔

❶ بہت سے اوقاف (خصوصاً پنجاب و ہریانہ اور دہلی و مغربی یوپی میں) ۱۹۴۷ء میں پاکستان کی طرف

مسلمانوں کی آبادی منتقل ہو جانے کی وجہ سے ویران ہو چکے ہیں، اور جن مقامات پر وہ اوقاف ہیں وہاں دور دور تک مسلمانوں کی آبادی نہ ہونے کی وجہ سے ان اوقاف کو آباد کرنا اور واقف کے مقاصد کے مطابق انہیں بروئے کار لانا ناقابل عمل ہو گیا ہے، اس میں مساجد، قبرستان، مدارس و خانقاہیں ہر قسم کے اوقاف ہیں، ایسے اوقاف پر حکومت یا غیر مسلموں کا قبضہ بڑھتا جا رہا ہے، اس سلسلہ میں درج ذیل سوالات ہیں۔

(الف) ایسے اوقاف کو فروخت کر کے مقاصد واقف کا خیال رکھتے ہوئے کسی دوسرے مقام پر جہاں مسلمانوں کی آبادی ہے، متبادل وقف قائم کیا جا سکتا ہے؟

(ب) کیا ایسے ویران اوقاف حکومت یا کسی فرد کے حوالے کر کے اس کے عوض دوسری زمین یا مکان حاصل کر کے مقاصد وقف کو جاری کرنے کی شکل اختیار کی جا سکتی ہے؟

(ج) اس سلسلہ میں مساجد، اور دوسرے اوقاف میں کوئی فرق ہے، یا سب کا حکم یکساں ہے؟

(د) کیا شرعاً اس کی گنجائش ہے کہ ایسے ویران، ناقابل استعمال اوقاف کو فروخت کر کے واقف کے مقاصد کی پابندی کئے بغیر ان کے ذریعہ مسلمانوں کے تعلیمی یا رفاہی ادارے قائم کر دیئے جائیں۔

۲ بہت سے مقامات ایسے ہیں جہاں مساجد و مدارس یا مقابر کے بڑے بڑے اوقاف ہیں، اور مسلمانوں کی آبادی وہاں بہت معمولی رہ گئی ہے، مثلاً ایک مسجد ہے، اس کے لئے بہت سی زمینیں اور مکانات وقف ہیں، مسجد کے اوقاف کی آمدنی اس کے مصارف سے زیادہ ہے، اس سلسلہ میں دو باتیں دریافت طلب ہیں:

(الف) کیا مسجد پر وقف اراضی میں جو فی الحال مسجد کی ضروریات سے زائد ہے، مسلمانوں کے لئے دینی یا عصری تعلیم کا ادارہ قائم کیا جا سکتا ہے؟

(ب) کیا مسجد کی آمدنی تعلیمی یا رفاہی مقاصد کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے؟ جب کہ واقف نے ان زمینوں اور مکانات کو مسجد ہی کے لئے وقف کیا تھا۔

۳ بہت سے اوقاف کی آمدنی ان کے لئے متعین مصارف سے بہت زیادہ ہے، جو سال بسال جمع ہو کر ایک بڑا سرمایہ بنتی جا رہی ہے۔ جس کی طویل عرصہ تک حفاظت ایک دشوار مسئلہ بلکہ خالی از خطرہ نہیں، یہ خطرہ حکومت کی دست درازی کا بھی ہے اور منتظمین وغیرہ کی طرف سے بھی، اور نہ ہی روزمرہ کی ضروریات کے اندر اس کے صرف کو سوچا جا سکتا ہے، اور نہ آئندہ حفاظت یا اصلاح و مرمت وغیرہ کے کاموں کے لئے۔ تو کیا ایسی فاضل آمدنی کا دوسرے مواقع میں صرف کرنا درست ہوگا، مثلاً:

(الف) اسی نوع کے اوقاف کی ضروریات میں۔

(ب) دیگر ملی، دینی و علمی کاموں اور مساجد وغیرہ میں۔

④ بہت سے اوقاف اپنی موجودہ شکل میں کم منفعت بخش ہیں، مثلاً کسی مسجد یا مدرسے کی ضرورتیں پوری نہیں ہوتیں۔ اور اس کو فروخت کر کے کسی تجارتی مقام پر کوئی دوکان خرید لی جائے تو اس سے حاصل ہونے والی آمدنی مکان موقوفہ کی آمدنی سے کئی گنا زیادہ ہوگی۔ کیا ایسا کیا جاسکتا ہے کہ مکان موقوفہ کو فروخت کر کے ایسی کوئی بھی شکل اختیار کی جائے جس میں وقف کی آمدنی زیادہ ہو جائے۔

⑤ بہت سے اوقاف کے مصارف ختم ہو چکے ہیں۔ مثلاً کوئی جاگیر، کسی خاص خاندان کے فقراء کے لئے وقف کی گئی تھی، وہ خاندان ختم ہو گیا، یا اس کے افراد دوسری جگہ منتقل ہو گئے یا کسی مسجد و مدرسہ کے لئے وقف تھا اور اب نہ وہ مسجد ہے نہ مدرسہ۔ تو ان اوقاف کی آمدنی کا کیا مصرف ہوگا؟

⑥ بعض اوقاف کی عمارتیں مخدوش حالت میں ہیں۔ اور وقف کے پاس تعمیر کے لئے سرمایہ نہیں ہے۔ اور کوئی بلڈر اس کے لئے تیار ہے کہ اس مخدوش عمارت کو ڈھا کر نئے سرے سے چند منزلہ عمارت اپنے مصارف پر اس شرط کے ساتھ تعمیر کر دے کہ اس کی ایک یا دو منزل اس کی ملکیت ہوگی، جس میں اس کو ہر قسم کے تصرف کا حق ہوگا، اور بقیہ وقف کے مصارف لئے، کیا شرعاً ایسا معاملہ درست ہے۔ اسی طرح وقف کی ایک زمین ہے جس پر کسی طرح کی کوئی عمارت نہیں، اور نہ ہی اس سے انتفاع کی کوئی صورت ہے۔ اس زمین سے فائدہ اٹھانے کے لئے اگر کسی بلڈر سے اسی طرح کا معاملہ کر لیا جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

⑦ اسی طرح کسی وقف شدہ مخدوش عمارت کی نئی تعمیر کے لئے یا خالی زمین پر عمارت قائم کرنے کے لئے یا محتاج تعمیر مسجد کی تعمیر کے لئے، وقف شدہ زمین و جائداد کا کوئی حصہ فروخت کر کے اس سے نئی تعمیر کی جاسکتی ہے، جبکہ اس کا مقصد وقف کی حفاظت ہے اور اس کے بغیر یہ ممکن نہیں ہے۔

⑧ مسجد یا قبرستان کے لئے وقف زمین جو کہ ضرورت سے زائد ہے۔ اس پر مدرسہ کی تعمیر کی جاسکتی ہے کہ وہ زمین ایک کار خیر میں استعمال ہو۔

⑨ جس قبرستان کے اطراف سے مسلمانوں کی آبادیاں ختم ہو جانے کی وجہ سے اس کا استعمال بطور قبرستان نہیں ہو رہا ہے، یا یہ کہ قبرستان آبادی کے اندر آ گیا اس کی وجہ سے اب اس کے استعمال اور اس میں تدفین پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، اور اس کی وجہ سے ان پر قبضہ کا خطرہ ہے۔ بلکہ قبضہ ہو رہا ہے۔ تو ان قبرستانوں کے لئے کیا حکم ہوگا۔ اور ان سے انتفاع کو باقی رکھنے کے لئے کیا صورت اختیار کی جاسکتی ہے۔

⑩ بہت سی قدیم مساجد اپنی تاریخی اہمیت کی بناء پر محکمۂ آثار قدیمہ کے زیر نگرانی ہیں۔ ایسی بعض مساجد میں حکومت نے نماز کی ادائیگی کو منع کر دیا، شرعاً اس کا کیا حکم ہے، کیا حکومت کو اس طرح کا کوئی حق ہے؟

⑪ قبرستان کی حفاظت کے لئے، جب کہ صرف باؤنڈری بنانے کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ اس کے اطراف میں

دوکانوں کی تعمیر کرا دی جائے۔ جس کے لئے پیشگی کرایہ کے طور پر رقم لے لی جائے اور اس سے یہ کام کرایا جائے۔ جس میں قبرستان کے اطراف کا چندفٹ دوکانوں میں چلا جائے گا، کیا یہ درست ہوگا؟ اور بعد میں فاضل آمدنی مناسب مصارف خیر میں لگادی جائے۔

۱۲ آج کل بعض بڑے شہروں میں مسلمان اس صورت حال سے دوچار ہیں کہ وسیع قبرستان میں ایک چھوٹی سی مسجد ہے، جوممکن ہے کہ کسی زمانہ میں تدفین کے لئے آنے والوں کی رعایت سے بنائی گئی ہو کہ وہ وہاں نماز ادا کرسکیں، اب اس علاقہ میں آبادی بڑھ گئی ہے اور مسجد کی توسیع ضروری ہوگئی ہے، نیز قبرستان میں بھی تدفین کا سلسلہ جاری ہے۔تو کیا قبرستان کے حصہ میں مسجد کی توسیع کی جاسکتی ہے؟ اور کیا اس میں ویران اور زیر استعمال قبرستان اور جدید وقدیم قبروں کے حکم میں فرق ہے؟

۱۳ ہندوستان کی بعض ریاستوں میں ہندوراجاؤں اور جاگیرداروں نے مساجد پر بھی اراضی وقف کی ہیں اور شاید کہ واقف کے ہندو ہونے کے باعث یہ مساجد اب ہندواوقاف کے تحت ہیں اور ہندو وقف بورڈ ہی مسجد سے متعلق تمام نظم ونسق انجام دیتا ہے، تو کیا مساجد و مقابر اور اسلامی مقاصد کے تحت وجود میں آنے والے اوقاف کا غیر مسلم ادارہ کی تولیت میں رہنا درست ہے؟

جواب

''وقف'' کو شریعت اسلامی کے خصائص و امتیازات میں شمار کیا گیا ہے، کہا جاتا ہے کہ اسلام ہی نے بر واعانت کے اس طریقہ کو جاری وساری کیا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ وقف کا تصور ایک حد تک شرائع ماقبل میں بھی موجود ہے، بائبل میں بھی خدا کے نام پر چیزوں کے چھوڑنے کا ذکر ہے اور خود قرآن مجید ہی میں حضرت مریم علیہا السلام کی والدہ کی طرف سے اپنے بچہ کے بیت المقدس کے لئے ''نذر'' کا ذکر آیا ہے یہ وقف ہی کی صورت ہے، جب اس عہد میں اولاد، خدا کے گھر کے لئے وقف کی جاتی تھی تو قرینہ یہی ہے کہ مال واسباب کا وقف بھی مروج رہا ہوگا۔ تاہم اسلام نے وقف کا دائرہ جس درجہ وسیع کیا ہے، صدقہ جاریہ قرار دے کر اس کی ترغیب دی ہے اور اس کی وجہ سے مسلمانوں میں اوقاف کا جو خاص ذوق پیدا ہوا، اس کی مثال شاید ہی کسی مذہب میں مل سکے۔ مسافر خانے اور مسافرین ومہمانان کے لئے وقف، یتامیٰ پر وقف، علماء پر وقف، محدثین وفقہاء کے لئے اوقاف، اعزہ واقارب کے لئے وقف اور خود اولاد پر وقف، اسلامی عہد میں اس وقف کا دائرہ وسیع سے وسیع تر ہوگیا اور مسلمانوں کی دیکھا دیکھی دوسری اقوام میں بھی وقف کی طرف توجہ بڑھ گئی۔

عام طور پر مشہور ہے کہ سب سے پہلا وقف سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے، تاہم

حقیقت یہ ہے کہ حضرت عثمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی طرف سے بئر رومہ کے وقف کا واقعہ حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے وقف سے پہلے کا ہے؛ لیکن ایسا باضابطہ وقف جس میں وقف کی شرطیں بھی متعین کی گئی ہوں اور متولی بھی مقرر کیا گیا ہو، شاید سب سے پہلے حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ ہی نے فرمایا، حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو خیبر میں جو اراضی حاصل ہوئیں ان کو وقف فرما دیا اور شرائط تجویز کردیں کہ یہ جائداد نا قابل فروخت اور نا قابل ہبہ ہوگی، اس میں وارثت جاری نہیں ہوگی، مسافروں، مہمانوں، مجاہدین اسلام، فقراء ومساکین اور حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے رشتہ داروں پر اس کی آمدنی صرف کی جائے گی، حضرت حفصہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا ام المؤمنین ان کے بعد حضرت عبداللہ ابن عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا حین حیات اس کے متولی ہوں گے اور ان دونوں حضرات کے بعد آل فاروقی میں جو سب سے بڑا ہوگا وہ متولی ہوگا، متولی کو اس میں سے مناسب طریقے پر کھانے کی اجازت تو ہوگی، ذخیرہ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

وقف کے احکام عام طور پر حضرت عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ کے اسی وقف نامہ پر مبنی ہیں، وقف کی بابت آیات و روایات میں کچھ زیادہ تفصیل نہیں ملتی، یہی بنیادی روایت ہے جن سے اصولی طور پر دو باتیں مستنبط کی گئی ہیں: اول یہ کہ وقف میں واقف کی شرائط کو بڑی اہمیت حاصل ہے، اگر یہ شرطیں خلاف شرع نہ ہوں اور وقف کے تحفظ و بقاء کے لئے مضر نہ ہوں، تو ان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، دوسرے چوں کہ وقف کا مقصد ہی لوگوں کو نفع پہنچانا ہے، لہٰذا اس بات کا پورا لحاظ رکھا جائے گا کہ وقف لوگوں کے لئے نافع اور اپنے مقاصد میں کارآمد ہو اور وقف کی مصلحت اس کے بقاء اور اس کو نافع بنانے کی تدابیر کا پورا لحاظ رکھا جائے۔

وقف سے متعلق یہ سوالات نہایت اہم ہیں اور اسی پس منظر میں ان پر غور کرنے کی حاجت ہے۔

استبدال وقف کا مسئلہ

(جواب: سوال ۱)

(الف) وقف کی چیز کو بیچ کر دوسری چیز اس سے خرید کرنی یا خود موقوفہ شی کا دوسری شی سے تبادلہ کرنا فقہاء کے یہاں "استبدال وقف" کہلاتا ہے۔

اوقاف میں دو باتیں بنیادی اہمیت کی حامل ہیں، ایک وقف کرنے والے کی شرط دوسرے خود وقف کی مصلحت، فقہاء نے واقف کی شرط کو صاحبِ شریعت کی شرط کے مماثل سمجھا ہے، بشرطیکہ اس میں کوئی خلاف شرع بات نہ ہو، وقف کی مصلحت سے مراد ہے مقاصد وقف کو باقی رکھنا، ان کو تقویت پہنچانا اور ان کی نافعیت میں اضافہ کرنا، اس لئے مصالح وقف کی اہمیت اور احکام وقف کی بابت اس کے اثرات محتاج اظہار نہیں۔ وقف

کی تبدیلی کا مسئلہ بھی ان ہی دو جہتوں سے متعلق ہے۔

چنانچہ اگر خود وقف کرنے والے نے اپنے لئے یا کسی اور شخص کے لئے حق استبدال کی شرط لگادی تھی اور وقف میں تبدیلی کا حق باقی رکھا تھا، تب تو بالاتفاق متعلق شخص کو اس کا حق حاصل ہوگا، کیوں کہ یہ ایک جائز اور معتبر شرط ہے اور استبدال کا عمل واقف کی شرائط کے دائرہ میں رہتے ہوئے کیا جارہا ہے، چنانچہ علامہ ابن نجیم مصری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"وأجمعوا أنه إذا شرط الاستبدال لنفسه فى أصل الوقف أن الشرط والوقف صحيحان ويملك الاستبدال."[1]

تَرجَمَہ: "اس بات پر اجماع ہے کہ اگر وقف کرنے والا اپنے لئے اصل وقف میں استبدال کی شرط لگادے تو شرط اور وقف دونوں درست ہوگا اور اس کو وقف کے استبدال کا حق حاصل ہوگا۔"

اگر وقف کرنے والے نے ایسی کوئی شرط نہیں لگائی تو اس صورت میں اصولی طور پر وقف کا تبادلہ ممکن نہیں، کہ ایک تو اس سلسلے میں واقف کا منشاء مؤید نہیں، دوسرے خود رسول اللہ ﷺ نے وقف کے بارے میں جو اصول متعین فرمایا ہے وہ یہی کہ اس کی خرید وفروخت نہیں ہوگی، نہ کسی اور کو مالک بنایا جائے گا بلکہ اصل شی کو باقی رکھتے ہوئے اس کی منفعت کو مقررہ مصارف پر خرچ کیا جائے، "أن لايباع أصلها ولا يوهب ولا يورث"[2]، لیکن اگر مقاصد وقف کو جاری اور باقی رکھنا اس کے استبدل ہی پر موقوف ہو تو پھر یہ صورت استبدال کی ممانعت کے دائرہ میں نہیں آتی؛ کیوں کہ جب واقف نے اپنے وقف کا ایک منشاء متعین کردیا ہے تو گویا یہ نگران وقف کے لئے اس بات کی ہدایت ہے کہ وہ اس وقف کو ان مقاصد کے لئے مفید اور کارآمد بنائے رکھے اور وقف کی افادیت استبدال پر موقوف ہے تو گویا خود صاحب وقف کی طرف سے معنیً اور دلالۃً استبدال کی اجازت ہے، نیز منشاء نبوی بھی یہی ہے کہ اصل وقف کو باقی رکھ کر اس کے نفع کو دیرپا بنایا جائے اور اس کی حفاظت یقینی ہو سکے، اب اگر وقف کی حفاظت اور اس کی نافعیت ہی استبدال پر موقوف ہو، تو ظاہر ہے کہ استبدال وقف ہی منشاء نبوی کی تکمیل ہوسکے گی؛ لہٰذا وقف کی مصالح کی بناء پر استبدال شارع عَلَیْہِ السَّلَام اور واقف کے مقصد ومنشاء کے موافق ہی ہے نہ کہ اس کے خلاف۔

یہ تو اس سلسلے میں اصولی گفتگو تھی، فقہی جزئیات بھی اسی سمت میں ہماری رہنمائی کرتی ہیں، علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس سلسلے میں فقہاء کے مباحث کا تجزیہ یوں کیا ہے کہ اگر واقف کی طرف سے استبدال کی شرط رہی ہو تب تو استبدال جائز ہے ہی اگر واقف نے ایسی شرط نہ لگائی ہو تو ایک صورت یہ ہے کہ استبدال کے

---

[1] البحر الرائق: ۲۲۲/۵ [2] بخاری: ۳۸۰/۱، ابوداؤد: ۳۹۸/۲

بغیر وقف سے نفع اٹھانا ہی ممکن نہ ہو، اس صورت میں بالاتفاق استبدال جائز ہے، "فینبغی أن لایختلف فیه"، دوسری صورت یہ ہے کہ وقف تو اب بھی قابل انتفاع ہے؛ لیکن استبدال کے ذریعہ اس کی نافعیت میں مزید اضافہ کیا جاسکتا ہے، ابن ہمام کا خیال ہے کہ یہ صورت جائز نہیں ہوگی۔

"أنه أمكن أن يوخذ بثمنه ماهو خير منه مع كونه منتفعا به فينبغي ان لايجوز."[1]

تاہم علامہ حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے چار صورتوں میں ایسی زمین کے استبدال کی اجازت دی ہے جو آباد کاری کے لائق ہو اور ان میں سے ایک اس صورت کو بھی شمار کیا ہے کہ ارض وقف کی منفعت تو باقی ہو، لیکن استبدال وقف کے ذریعہ اس کو زیادہ نفع خیز بنایا جاسکتا ہو، حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"لایجوز استبدال العامر إلافی الأربع"

تَرجَمَہ: "آباد زمین کا استبدال چار ہی صورتوں میں جائز ہے۔"

شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے ان چاروں صورتوں کی توضیح کرتے ہوئے لکھا ہے:

"الأولى: لوشرطه الواقف. الثانية. إذا غصبه غاصب وأجرى عليه الماء حتى صار بحراً فيضمن القيمة. ويشترى المتولي بها أرضابدلاً، الثالثة: أن يجحده الغاصب ولابينة: أى وأراد دفع القيمة، فللمتولي أخذها ليشترى بها بدلا. الرابعة: أن يرغب إنسان فيه. ببدل أكثر غلة وأحسن صقعا، فيجوز على قول أبي يوسف وعليه الفتوى كمافى فتاوى قارئ الهداية."[2]

تَرجَمَہ: "پہلی صورت یہ ہے کہ واقف نے اس کی شرط لگادی ہو، دوسری صورت یہ ہے کہ غاصب نے وقف کی زمین غصب کرلی اور اس پر پانی بہا دیا یہاں تک کہ وہ تالاب ہوجائے تو اب غاصب قیمت کا ضامن ہوگا اور متولی اس قیمت سے دوسری زمین خرید کرلے گا۔ تیسری صورت یہ ہے کہ غاصب اس زمین سے انکار کرتا ہو اور گواہان موجود نہ ہوں اور غاصب قیمت دینے کو تیار ہوجائے تو متولی اس زمین کے بدلہ قیمت لے سکتا ہے، تاکہ اس کے ذریعہ دوسری زمین خرید کر متبادل وقف قائم کرسکے۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ اگر اس وقف کے بدلہ دوسری زمین حاصل کی جائے تو اس سے زیادہ پیداوار اور نفع حاصل ہو، امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے قول پر اس صورت میں استبدال جائز ہے اور اسی پر فتویٰ ہے جیسا کہ فتاوىٰ قارئ الہدایہ میں ہے۔"

---

[1] ردالمختار: ٥٨٩/٦ مع تحقیق شیخ عادل، شیخ علی، بحوالہ فتح القدیر [2] حوالہ سابق: ٥٨٨/٦

پس ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے بیان کے مطابق ایسے اوقاف کا استبدال بالاتفاق جائز ہے، فقہاء کے یہاں اس طرح کی بہت سی جزئیات موجود ہیں علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ رقمطراز ہیں:

"قال هشام: سمعت محمدا يقول: الوقف إذا صار بحيث لاينتفع به المساكين فللقاضي أن يبيعه ويشترى بثمنه غيره وليس ذالك إلاللقاضي[1]."

تَرجَمہ: "ہشام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کہتے ہیں: میں نے امام محمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کو کہتے ہوئے سنا کہ جب وقف مساکین کے لئے ناقابل انتفاع ہوجائے تو قاضی کے لئے گنجائش ہے کہ اسے فروخت کردے اور اس کی قیمت سے دوسری جائداد خرید کر دے، البتہ یہ حق صرف قاضی ہی کو ہے۔"

ابن نجیم رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ ہی نے شمس الائمہ حلوانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا نقطۂ نظر یوں نقل کیا ہے:

"سئل عن شمس الأئمة الحلوانى عن اوقاف المسجد إذا تعطلت وتعذر استغلا لها هل للمتولى أن يبيعها ويشترى مكانها أخرى قال: نعم."[2]

تَرجَمہ: "شمس الائمہ حلوانی سے مسجد کے اوقاف کے بارے میں دریافت کیا گیا، جب یہ اوقاف معطل ہوجائیں اور ان کو آباد کرنا دشوار ہوجائے تو کیا متولی اسے فروخت کرسکتا ہے اور اس کی جگہ دوسری جائداد خرید سکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں!"

علامہ ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں:

" ...... لكن لايبيعها إلاباإذن الحاكم وينبغى للحاكم اذا رفع إليه ولامنفعة فى الوقف أن يأذن فى بيعها اذا راٰه أنظر لأهل الوقف."[3]

تَرجَمہ: "لیکن قاضی کی اجازت ہی سے فروخت کرسکتا ہے اور قاضی کے لئے مناسب ہے کہ اگر اس کے پاس یہ معاملہ آئے اور وہ دیکھے کہ وقف غیر نافع ہوچکا ہے اور مستحقین وقف کا مفاد اس کو بیچنے میں ہے تو بیچنے کی اجازت دے دے۔"

تاہم علامہ شامی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ وغیرہ نے استبدال کی اجازت کے لئے جو شرطیں عائد کی ہیں ان کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے، ان میں سے تین شرطیں فی زمانہ بڑی اہمیت کی حامل ہیں، ایک یہ کہ اراضی وقف معمولی قیمت پر فروخت نہ کی جائیں بلکہ ان کی مناسب اور مروجہ قیمت حاصل کی جائے، "أن لا يكون البيع بغبن فاحش"، دوسرے بیع کی اجازت دیانت دار اور ذمہ دار ادارہ کو حاصل ہوگی، اگر عام متولیوں کو استبدال کا مجاز

[1] البحرالرائق: ۲۱۹/۵ [2] حوالہ سابق [3] فتح القدير: ۲۲۸/٦

ٹھہرایا جائے تو تحفظ کی بجائے یہ اوقاف کا ضیاع ہوگا۔ فقہاء نے اس کے لئے "قاضی جنۃ" کی شرط لگائی ہے اور قاضی جنۃ سے ایسا قاضی مراد لیا ہے جو علم اور عمل صالح دونوں کا حامل ہو، "أن يكون المستبدل قاضي الجنة"، تیسرے موقوفہ اراضی اور مکانات کے بدلے، مکانات اور اراضی ہی حاصل کی جائیں، روپیہ پیسے سے تبادلہ نہ ہو یا اگر ہو تو فوراً ہی اس سے غیر منقولہ جائداد خرید کر لی جائے، "أن يستبدل بعقار لا بدراهم ودنانير"[1] کیوں کہ تجربہ ہے کہ جہاں کہیں موقوفہ اراضی کے بدلے نقد رقم ملتی ہے نقد رقم ناجائز تصرف اور تغلب میں آجاتی ہے، "و إلى الله المشتكى."

فقہاء حنفیہ کے علاوہ فقہاء حنابلہ کی رائے بھی یہی ہے کہ نا قابل انتفاع اوقاف کا استبدال جائز ہے، ابن قدامہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ رقمطراز ہیں:

"إذا خرب الوقف ولم يرد شيئاً واشترى بثمنه مايرد على أهل الوقف وجعل وقفا كالأول ...... أن الوقف إذا بيع فأى شيء اشترى بثمنه مما يرد على أهل الوقف جاز سواء كان من جنسه أومن غير جنسه."[2]

تَرجَمَہ: "جب وقف ویران ہو جائے اور کوئی نفع نہ دے تو بیچ کر اس کی قیمت سے ایسی جائداد خریدے جو اہل وقف کو فائدہ پہنچا سکے اور پہلی ہی جائداد کی طرح اس کو وقف رکھے...... جب وقف کو فروخت کیا جائے اور اس کی قیمت سے کوئی ایسی چیز خریدی جائے جس سے اہل وقف کو فائدہ ہو سکے تو جائز ہے۔ چاہے اسی جنس کی چیز سے تبادلہ کیا ہو یا غیر جنس سے۔"

ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے جو اس صورت میں استبدال پر فقہاء کا اتفاق نقل کیا ہے تو اس سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ اس پر تمام ہی فقہاء متفق ہیں، غالباً ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا منشاء فقہاء حنفیہ کا اتفاق کرنا ہے۔ چنانچہ ابن قدامہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے امام مالک اور امام شافعی رَحِمَہُمَا اللہُ تَعَالیٰ سے مطلقاً استبدال کا ناجائز ہونا نقل کیا ہے، "قال مالك والشافعي لا يجوز بيع شيء من ذالك."[3] شوافع کے مسلک کی خود فقہاء شوافع کی کتب میں صراحت نہیں مل پائی، البتہ مالکیہ کی صراحتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سلسلے میں امام مالک رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے دو اقوال ہیں ایک روایت ابوالفرج رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کی ہے:

"عن مالك أن راى الإمام. بيع ذالك لمصلحة جاز ويجعل ثمنه فى مثله وهو مذهب أبى حنيفة أيضاً فعندهم بيع عقارالوقف إذا خرب ويجعل ثمنه فى مثله."[4]

---

[1] ردالمحتار: ٥٨٦/٦ [2] المغنى: ٦٩/٥. ٣٦٨ [3] المغنى: ٣٦٨/٥ [4] الشرح الكبير مع الدسوقي: ٩١/٤

ترجمہ: ''امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی سے مروی ہے کہ اگر امام مصلحت کی وجہ سے اس کے بیچنے کو مصلحت سمجھتا ہو تو ایسا کرنا جائز ہے اور اس کی قیمت اسی قسم کی چیز میں لگائی جائے گی، یہی امام ابو حنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بھی مذہب ہے۔ ان کے نزدیک بھی جب وقف کی جائداد ویران ہوجائے تو بیچ دی جائے گی اور اس کی قیمت اسی کے مثل میں لگائی جائے گی۔''

دوسرا قول عدم جواز کا ہے جو فقہ مالکی کے بنیادی ماخذ ''المدونۃ'' میں منقول ہے اور اہل علم پر مخفی نہیں کہ فقہاء مالکیہ عام طور پر امام مالک رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کی مدونۃ کی روایت کی طرف رجحان رکھتے ہیں؛ اس لئے اس مسئلہ میں مالکیہ کا رجحان بھی عدم جواز کی طرف محسوس ہوتا ہے۔[1]

زمین کے بدلہ زمین

(ب) وقف کا استبدال خواہ اس طرح ہو کہ فروخت کر کے اس سے دوسری چیز حاصل کر لی جائے یا دوسری زمین ہی اس زمین کے بدلے لے لی جائے دونوں ہی صورتیں درست ہیں، اور دونوں کا حکم ایک ہی ہے، بلکہ یہ دوسری صورت زیادہ بہتر ہے، کیوں کہ اس میں اوقاف کے ضائع ہونے کا خطرہ کم ہے اور یہ علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے منشاء کے عین مطابق ہے کہ اوقاف کا تبادلہ اراضی یا مکانات سے ہونا چاہئے، نہ کہ درہم و دینار سے۔

مساجد اور دوسرے اوقاف میں فرق

(ج) فقہاء نے مساجد اور دوسرے اوقاف کے درمیان کچھ فرق کئے ہیں، ان میں بعض کا تعلق وقف کے ثبوت اور اس کی تکمیل سے ہے اور بعض کا تعلق مال وقف کے حکم اور اس پر مرتب ہونے والے اثرات سے، مجموعی طور پر چار فروق کا ذکر آتا ہے۔

۱. امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں مشاع کا وقف مطلقاً درست نہیں، امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی مشترک و مشاع چیز کے وقف کرنے کی اجازت دیتے ہیں؛ لیکن مساجد کی بابت امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی بھی متفق ہیں کہ وقف مشاع درست نہیں ہے۔

۲. امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں وقف کے درست ہونے کے لئے متولی کے حوالہ کرنا ضروری نہیں، امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے یہاں ضروری ہے، لیکن مساجد کی حد تک امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی بھی متولی کو سپردگی ضروری خیال نہیں کرتے۔

---

[1] دیکھئے: حاشیة الدسوقی مع الشرح الكبير: ۹۱/٤

③ امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے یہاں وقف کی دوسری شرائط کے پائے جانے کے بعد بھی جب تک حاکم اس کے بارے میں وقف کے درست اور نافذ ہونے کا فیصلہ نہ کردے تو وقف پایہ تکمیل کو نہیں پہنچتا، فیصلہ کے بعد ہی وقف کی ہوئی شی سے واقف کی ملکیت ختم ہوتی ہے؛ لیکن مساجد کے بارے میں امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ بھی اس کے قائل ہیں کہ حاکم کے فیصلہ کئے بغیر بھی مسجد ہونے کا تحقق ہوجاتا ہے اور مسجد کی موقوفہ زمین وقف کرنے والے کی ملکیت سے نکل جاتی ہے۔

یہ تینوں شرطیں وقف کے ثبوت اور تکمیل سے متعلق ہیں اور علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس کا اس طرح تذکرہ کیا ہے:

"إعلم إن المسجد يخالف سائرالأوقاف فى عدم اشتراط التسليم الى المتولى عند محمد وفى منع الشيوع عند أبى يوسف وفى خروجه عن ملك الواقف عند الامام وان لم يحكم به حاكم"[1]

تَرجَمَہ: "جاننا چاہئے کہ امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک بھی وقف مسجد کے درست ہونے میں زمین متولی کے حوالہ کرنے کی شرط نہیں ہے، جیسا کہ دوسرے اوقاف میں ہے اور امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک مسجد میں وقف مشاع بھی درست ہے برخلاف دوسرے اوقاف کے، اور امام ابوحنیفہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نزدیک وقف مسجد قاضی کے فیصلہ کے بغیر بھی واقف کی ملکیت سے نکل جاتی ہے۔"

مسجد ہمیشہ کے لئے مسجد

چوتھا اہم اور اساسی فرق مساجد اور دوسری موقوفہ اراضی کے درمیان یہ ہے کہ مسجد ہمیشہ کے لئے مسجد بن جاتی ہے، خواہ مسجد ویران اور ناقابل استعمال ہوگئی ہو یا اس پر ظلماً قبضہ کرلیا گیا ہو، بہرصورت وہ قیامت تک مسجد ہی رہے گی، چنانچہ علامہ ابن نجیم رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ رقمطراز ہیں:

"فى الخلاصة وفى فتاوى النسفى بيع عقار المسجد لمصلحة المسجد لايجوز وان كان بأمر القاضى و إن كان خرابا."[2]

تَرجَمَہ: "خلاصہ میں فتاویٰ نسفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ سے نقل کیا ہے کہ مصلحتِ مسجد کے لئے بھی مسجد کی زمین کو بیچنا جائز نہیں۔ گو قاضی کے حکم سے ہو اور چاہے ویران ہو۔"

[1] ردالمحتار: ۳۶۹/۳ نیز دیکھئے: فتح القدير: ۳۳/۶، ۲۳۲	[2] البحرالرائق: ۲۲۳/۵

یہی رائے فقہاء شوافع کی ہے، علامہ نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"أما المسجد فإنه إذا انهدم وتعذرت إعادته فإنه لايباع بحال لإمكان الانتفاع به حالا بالصلوة في أرضه."[1]

تَرجَمہ: "جب مسجد منہدم ہوجائے اور اس کو دوبارہ بنانا دشوار ہو جب بھی اسے فروخت نہیں کیا جاسکتا۔ کیوں کہ اس زمین میں نماز کی ادائیگی کے ذریعہ فی الحال بھی اس سے نفع اٹھانا ممکن ہے۔"

اس سے بھی زیادہ واضح اور صریح نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی یہ عبارت ہے:

"و إن وقف مسجد فخرب المكان وانقطعت الصلوة فيه لم يعد إلى المالك ولم يجز التصرف فيه."[2]

تَرجَمہ: "اگر مسجد وقف کی، وہ جگہ ویران ہوگئی اور اس میں نماز کا سلسلہ ختم ہوگیا تو وہ زمین مالک کی ملکیت میں نہیں لوٹے گی اور نہ اس میں اس کا تصرف جائز ہوگا۔"

فقہ حنبلی کے ترجمان عالی مقام ابن قدامہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بھی یہی نقطۂ نظر ہے:

"إن المساجد لاتباع وإنما تنقل آلاتها."[3]

تَرجَمہ: "مساجد فروخت نہیں کی جاسکتیں، البتہ آلات مسجد کو فروخت کیا جاسکتا ہے۔"

گو فقہاء حنفیہ میں امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا قول ویران مساجد کی مسجدیت ختم ہوجانے اور واقف کی ملکیت میں لوٹ جانے کا ملتا ہے لیکن اس پر فتویٰ نہیں[4]...... اسی طرح ایک روایت امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کی بھی منقول ہے کہ چوروں کے خوف سے مسجد کی منتقلی درست ہے، "ويحول المسجد خوفاً من اللصوص[5]"...... لیکن حنابلہ کے یہاں یہ قول مرجوح ہے اور خود اس روایت سے یہ بات واضح نہیں ہوتی کہ امام احمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ مساجد میں ابدیت اور دوام کے قائل نہیں ہیں، بلکہ محض اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ چور کے اندیشے سے اشیاء مسجد منتقل کی جاسکتی ہیں کیوں کہ منتقلی زمین کی نہیں ہوتی، زمین پر موجود اسباب وسامان کی ہوتی ہے؛ اس لئے ضرور ہے کہ یہاں تحویل مسجد سے اشیاء مسجد کی تحویل مراد ہونہ کہ خود مسجد کی۔ والله أعلم

ناقابل استعمال اوقاف سے تعلیمی اور رفاہی اداروں کا قیام

(۵) اوقاف کا مقصد مسلمانوں کے صلاح وفلاح کی عمومی خدمت نہیں بلکہ واقف کی شرط کے دائرہ میں رہتے

---

[1] شرح مهذب: ۳۶۱/۱۵ [2] شرح مهذب: ۳۶۰/۱۵ [3] المغني: ۳۶۷/۵

[4] الفتاوى الهنديه: ۴۵۸/۲ [5] المغني: ۳۶۷/۵

ہوئے اور اس کے منشاء کی تکمیل کرتے ہوئے فلاحی کام کرنے کی گنجائش ہے، لہٰذا ضروری ہوگا کہ استبدال وقف کے بعد متبادل وقف کو انہی مقاصد میں استعمال کیا جائے، جن مقاصد کے لئے اسے وقف کیا گیا تھا۔ علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی نے اس سلسلے میں یہ اصول بیان کیا ہے:

"وحاصله: ان المنقول عندنا ان الموقوف عليه ان خرب يصرف وقفه الى مجانسه فتصرف اوقاف المسجد الى مسجد آخر و اوقاف الحوض الى حوض آخر."[1]

تَرْجَمَہ: "حاصل یہ ہے کہ ہمارے نزدیک یہ بات منقول ہے کہ اگر جائداد وقف ویران ہوجائے تو اس کو اس کی ہم جنس میں صرف کیا جائے مسجد کے اوقاف دوسری مسجد میں اور حوض کے اوقاف دوسرے حوض میں۔"

لہٰذا واقف کے مقصد و منشاء کو نظر انداز کرتے ہوئے وقف کا استعمال درست نہیں، بلکہ مساجد سے متعلق اوقاف کو مساجد پر اور قبرستان کے اوقاف کو قبرستان ہی پر استعمال کرنا ضروری ہوگا، ہاں ویران مدارس اور تعلیم گاہوں کے اوقاف تعلیمی اغراض کے لئے استعمال ہوں گے۔ لیکن ان میں بھی یہ ضروری ہوگا کہ دینی درس گاہوں کے اوقاف دینی ہی تعلیم کے لئے خرچ ہوں، کیوں کہ عام طور پر جو لوگ دینی تعلیمی ادارہ پر کوئی چیز وقف کرتے ہیں، وہ اسی مقصد میں اس کے استعمال کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

دوسرے فقہاء کا یہی نقطۂ نظر ہے، فقہاء مالکیہ میں علامہ علیش رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی مالکی کا بیان ہے:

"(شرطه) أي الواقف وجوبا (ان جاز) الشرط فيجب العمل به ولا يجوز العدل عنه إلا أن يتعذر فيصرف فى مثله كما تقدم فى القنطرة ونحوها."[2]

تَرْجَمَہ: "وقف کی شرط اگر جائز ہو تو اس پر عمل کرنا واجب ہے اور اس سے عدول جائز نہیں، سوائے اس کے کہ اس پر عمل دشوار ہو تو اسی کے مثل میں خرچ کیا جائے گا جیسا کہ پل وغیرہ کے سلسلہ میں مذکور ہوا۔"

مساجد کی اراضی اور آمدنی سے تعلیمی ادارہ کا قیام

(بجواب: سوال ۲)

جیسا کہ مذکور ہوا، اصولی طور پر حتی المقدور واقف کے منشاء کی رعایت ضروری ہے، اسی پس منظر میں حصکفی

[1] ردالمحتار: ٣٦٥/٥ [2] شرح منح الجليل: ٦٤/٤

رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے لکھا ہے:

"حشيش المسجد وحصره مع الا ستغناء عنهما وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما فيصرف وقف المسجد والرباط والبئروالحوض إلى أقرب مسجد أو رباط أوبئر أوحوض."

تَرجَمَہ: "مسجد کی گھاس اور چٹائی اگر مسجد کو ان کی ضرورت نہ رہے، ایسے ہی مسافر خانہ اور کنواں، جب ان سے نفع نہ اٹھایا جائے تو مسجد، مسافر خانہ، کنواں اور حوض کا وقف قریبی مسجد یا مسافر خانہ یا کنواں یا حوض پر صرف کیا جائے گا۔"

علامہ شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے اس پر اس نوٹ کا اضافہ کیا ہے:

"وظاهره أنه لايجوز صرف وقف مسجد خرب إلى حوض وعكسه وفى شرح الملتقى يصرف وقفها لأقرب مجانس لها."[1]

تَرجَمَہ: "ظاہر ہے کہ ویران مسجد کا وقف حوض پر اور ویران حوض کا وقف مسجد پر خرچ کرنا جائز نہیں۔ شرح ملتقی میں ہے کہ وقف کو اس کے ہم جنس قریبی مسجد میں صرف کیا جائے گا۔"

غالباً یہی نقطۂ نظر دوسرے فقہاء کا بھی ہے، فقہ مالکی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے ترجمان علامہ دسوقی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"منقوض الحبس من الاحجار والآجر ...... لايجوز بيعه فإذالم يمكن عودها فيما حبست فيه جاز نقلها فى مثله."[2]

تَرجَمَہ: "وقف کی عمارت کے ٹوٹے ہوئے پتھر، چونے کو اگر اسی میں دوبارہ استعمال کرنا ممکن ہو تو اس کی بیع جائز نہیں، اگر ممکن نہ ہو تو اسی طرح کے دوسرے وقف میں اس کو منتقل کرنا جائز ہے۔"

فقہاء شوافع میں امام نووی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے جو کچھ لکھا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ شوافع بھی یہی رجحان رکھتے ہیں:

"اما غير المنهدم فما فضل من غلة الموقوف على مصالحه يشترى به عقار ويوقف عليه."[3]

تَرجَمَہ: "غیر منہدم وقف کی آمدنی اس کے مصالح پر خرچ کرنے کے بعد بچ رہے تو اس سے دوسری جائداد خریدی جائے اور اسی مقصد پر وقف کردی جائے۔"

---

[1] ردالمحتار: ٥٤٩/٦ [2] حاشيه الدسوقى: ٩١/٤، نیز دیکھئے: شرح منح الجليل: ٦١،٦٢/٤ [3] شرح مهذب: ٣.١٥

ابن قدامہ حنبلی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے ایسی فاضل آمدنی کو اسی کے مماثل مصرف میں خرچ کرنے کے علاوہ فقراء پر بھی خرچ کرنے کی اجازت دی ہے۔

”مافضل من حصر المسجد وزيته ولم يحتج إليه جاز أن يجعل في مسجد آخر ويتصدق من ذالك على فقراء جيرانه وغيرهم.“[1]

تَرْجَمَہ: ”مسجد کی چٹائیاں اور تیل بچ رہے اور مسجد کو اس کی حاجت نہ ہو تو اسے دوسری مسجد میں استعمال کیا جاسکتا ہے اور اس سے مسجد کے پڑوس کے فقراء اور دوسرے فقراء پر بھی صدقہ کیا جاسکتا ہے۔“

یہ اجازت غالباً اس اصول پر مبنی ہے کہ ہر وقف کا آخری مصرف فقراء ہی ہوا کرتے ہیں، علامہ ابن تیمیہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے حنابلہ کے مسلک کو مزید وضاحت سے اس طرح بیان کیا ہے:

”كما يقول مثل ذالك في زيت المسجد وحصيره إذا استغنى عنها المسجد تصرف إلى مسجد آخر ويجوز صرفها عنده في فقراء الجيران واحتج على ذالك بأن عمر ابن الخطاب رضي الله تعالىٰ عنه كان يقسم كسوة الكعبة بين المسلمين فكذالك كسوة سائر المساجد.“[2]

تَرْجَمَہ: ”مسجد کے تیل اور چٹائیوں کے بارے میں امام احمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ فرماتے ہیں کہ جب مسجد اس سے مستغنی ہوجائے تو اس کو دوسری مسجد میں صرف کیا جائے اور امام احمد رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے نزدیک پڑوس کے فقراء پر بھی اس کا صرف کرنا جائز ہے ان کا استدلال اس بات سے ہے کہ حضرت عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ غلاف کعبہ مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرمایا کرتے تھے، تو یہی حکم تمام مساجد کا ہوگا۔“

پھر اس بات کو بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ تعلیم کسی بھی سماج کی نہایت اہم ضرورت ہے اور قوموں اور ملتوں کے تحفظ کا سب سے بڑا ہتھیار ہے؛ اس لئے فقہاء نے جس زمانہ میں اپنی کتابیں لکھیں اور نئے پیش آمدہ واقعات پر شرعی احکام کا انطباق کیا، اس وقت طاقتور یا کمزور اور اچھی یا بری مسلم حکومت موجود تھی، جس نے تعلیمی نظام قائم کر رکھا تھا، اور عام مسلمان بڑی حد تک تعلیمی اداروں کے قیام سے مستغنی تھے، اب ہندوستان جیسے ممالک میں مسلمانوں کو خود ہی اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا پڑے گا اور عام طور پر مسلمانوں کی معاشی پسماندگی ایک ایسا کھلا راز ہے جس سے دوست و دشمن سب واقف ہیں۔

---

[1] المغني: ٥/٣٧٠ [2] مجموعة الفتاوى: ٣١/٢١٣

پس فقہاء کے مقرر کئے ہوئے اصول اور موجودہ زمانے کی مصالح کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ بات درست معلوم ہوتی ہے کہ:

(الف) مسجد پر وقف اراضی اگر کافی وسیع ہو اور بظاہر طویل عرصہ تک مسجد کی توسیع کی ضرورت پڑنے کا امکان نہ ہو، تو فاضل اراضی میں دینی درس گاہ یا مسلمانوں کے لئے مخصوص عصری تعلیمی ادارہ قائم کیا جاسکتا ہے، البتہ ادارہ سے مسجد کو کچھ کرایہ بھی دلانا چاہئے تاکہ اس زمین کا نفع مسجد کی طرف بھی لوٹے اور واقف کا منشاء بھی پورا ہو۔

(ب) مسجد کی فاضل آمدنی دوسری مساجد اور جہاں مساجد نہیں ہیں وہاں مساجد کی تعمیر پر صرف کی جانی چاہئے؛ کیوں کہ ہندوستان میں ابھی ہزار ہا ہزار دیہات وقریہ جات ایسے ہیں جو مسجد کو ترس رہے ہیں اور جہاں لوگوں کے کان اب بھی اذان کی آواز سے ناآشنا ہیں، وہاں مسجدوں کی تعمیر اور ان میں بنیادی دینی تعلیم کے لئے مکاتب کا انتظام مدارس اور عصری درس گاہوں کے قیام سے زیادہ اہم ہے۔

اوقاف کی زائد آمدنی کا مصرف

(جواب: سوال ۳)

سوال (۲) کے جواب میں اوقاف کی زائد آمدنی کے مصرف کی بابت اصولی بات آچکی ہے، وہی اصول اوقاف کی زائد آمدنی کے بارے میں جاری ہوں گے یعنی اس زائد آمدنی کو ضیاع اور تغلب سے بچانے کے لئے، اس کا استعمال اولاً اسی نوع کے اوقاف میں ہو، اور اگر اس نوع کے اوقاف میں اس کا استعمال ممکن نہ ہو، تو پھر چوں کہ ہر وقف کا آخری مصرف فقراء ہیں؛ اس لئے ایسے رفاہی اور تعلیمی کاموں میں ان کا استعمال ہونا چاہئے جو غریب مسلمانوں کے لئے مخصوص ہوں۔ واللہ اعلم

کم آمدنی کے وقف کا استبدال

(جواب: سوال ۴)

کم آمدنی کے حامل وقف کو فروخت کرکے زیادہ آمدنی دینے والے متبادل وقف کا حصول کے سلسلے میں (جیسا کہ سوال (۱) کے جواب میں مذکور ہوا) مشائخ احناف کا اختلاف ہے اور علامہ شامی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے اس پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے، ابن ہمام رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا خیال ہے کہ جو وقف قابل انتفاع ہو زیادہ نفع کے لئے اس کا استبدال درست نہیں، شارح اشباہ علامہ بیری رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ نے اسی کو حق وصواب قرار دیا ہے اور اسی پر صدر الشریعۃ کا فتویٰ ہے، امام ابو یوسف رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کے نزدیک یہ صورت درست ہے اور بعض

اہل علم نے اسی پر فتویٰ دیا ہے۔[1]

لیکن اگر فقہاء کی عبارت میں غواصی کی جائے اور عبارتوں کی تہہ میں اتر کر ان کے مقصد و منشاء کو سمجھا جائے تو محسوس ہوگا کہ ہر دو رائے کے حاملین نے مصالح وقف کو ملحوظ رکھا ہے، جن حضرات نے زیادہ آمدنی کے لئے استبدال کی اجازت دی ہے، ان کا نقطۂ نظر تو واضح ہی ہے کہ اس صورت میں وقف کا مفاد ہے اور جن حضرات نے منع کیا ہے، انہوں نے بچشم سر اس حقیقت کا مشاہدہ کیا ہے کہ خدا نا ترس قضاۃ اور حکام نے اس کو وقف کی جائدادوں میں خرد برد اور تغلب کے لئے ایک حیلہ بنالیا ہے؛ اسی لئے ان حضرات نے ممانعت فرمائی کہ کم نفع آور سہی وقف باقی تو رہے گا، ورنہ اندیشہ یہ ہے کہ سرے سے وقف ہی کا وجود باقی نہ رہے؛ اسی لئے شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے صدر الشریعہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا قول نقل کیا ہے:

"نحن لا نفتي به وقد شاهدنا في الاستبدال مالا يعد ولايحصىٰ فإن ظلمة القضاة. جعلوه حيلة لابطال أوقاف المسلمين."[2]

تَرجَمہ: "ہم اس کا فتویٰ نہیں دے سکتے؛ اس لئے کہ ہم نے استبدال وقف کی وجہ سے بے شمار وبے حساب نقصانات دیکھے ہیں؛ کیوں کہ ظالم قضاۃ نے اس کو مسلمانوں کے اوقاف کو ضائع کرنے کا ایک ذریعہ بنالیا ہے۔"

لہٰذا یہ مصالح پر موقوف ہے، اگر کوئی دیانت دار ادارہ اس کا ذمہ دار ہو تو ضرور اس کی گنجائش ہے؛ لیکن اگر حکومت کے وقف بورڈ کو اس کی اجازت دے دی جائے تو غالباً وہی کچھ ہوگا جس کا صدر الشریعہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ نے رونا رویا ہے بلکہ اس سے بڑھ کر۔ دوسرے فقہاء کا رجحان عام طور پر اس کے جائز نہ ہونے کی طرف ہے، علامہ شمس الدین دسوقی مالکی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ رقمطراز ہیں:

"(لاعقار) حبس من دور و حوانيت وحوائط وربع فلايباع ليستبدل به غيره."[3]

تَرجَمہ: "وقف کے مکانات، دکانیں، باغات اور گھر دوسری جائداد سے استبدال کے لئے نہیں فروخت کئے جائیں گے۔"

فقہاء حنابلہ میں ابن قدامہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

"إن لم تتعطل مصلحة الوقف بالكلية لكن قلت وكان غيره أنفع منه وأكثر ردا على أهل الوقف لم يجزبيعه."[4]

---

[1] دیکھئے: ردالمختار: ٥٨٨.٨٩/٦ [2] ردالمحتار: ٥٨٨.٨٩/٦ [3] حاشية الدسوقي: ٩١/٤

[4] المغني: ٣٦٩/٥

ترجمہ: "اگر وقف کی منفعت بالکل ختم تو نہ ہو لیکن کم ہو جائے اور اگر دوسری جائداد حاصل کی جائے تو زیادہ نفع بخش اور اہل وقف کو زیادہ فائدہ پہنچانے والی ہو تب بھی اس کی بیع جائز نہیں ہے۔"

جن اوقاف کے مصارف ختم ہو جائیں

(جواب: سوال ۵)

جیسا کہ اس سے پہلے ذکر آچکا ہے کہ اگر عین مسجد کے سوا کوئی وقف ناقابل استعمال ہو جائے تو اس کو اسی کے مماثل مصرف میں استعمال کیا جائے گا، ایک مسجد کی آمدنی دوسری مسجد میں، ایک مدرسہ کی آمدنی دوسرے مدرسہ میں، ایک خاندان کے فقراء کا وقف عام فقراء مسلمین میں، اور جو مصرف بالکلیہ ختم ہو جائے اس کے مماثل کوئی وقف ہی موجود نہ ہو تو پھر آخری مصرف فقراء و مساکین ہیں، اسی لئے فقہاء نے لکھا ہے:

"فإذا خرب المسجد وخوى عن أهله فالغلة إلى الفقراء فيجوز."[1]

ترجمہ: "اگر مسجد ویران اور اہل مسجد سے خالی ہو جائے تو وقف کی آمدنی فقراء پر خرچ کی جائے، یہ جائز ہے۔"

فقراء پر خرچ کرنے کی صورت یہی ہے کہ یہ آمدنی ان پر تقسیم کر دی جائے اور یہ بھی ہے کہ کسی ایسے رفاہی کام کے لئے اس آمدنی کو استعمال کیا جائے جس سے استفادہ فقراء ہی کے لئے مخصوص ہو۔

کچھ عمارت کے بدلہ نئی عمارت کی تعمیر

(جواب: سوال ۶، ۷)

وقف کی مخدوش عمارت کی تعمیر نو کے لئے اس بات کی گنجائش ہے کہ عمارت کا کچھ حصہ تعمیر کنندہ لے لے، بقیہ مقصد وقف میں استعمال ہو، کیوں کہ اس سے وقف کا تحفظ اور مقصد وقف کی تکمیل ہی مقصود ہے، فقہاء کے یہاں اس طرح کی بہت سی صراحتیں موجود ہیں کہ وقف کو کارآمد بنانے کے لئے اس کے کچھ حصے کو کرایہ پر لگانا، اس کے ملبہ کو فروخت کرنا بلکہ خود اس زمین کو فروخت کرنا درست ہے، فتاویٰ بزازیہ میں اس بات کو بڑی صراحت و وضاحت کے ساتھ لکھا گیا ہے۔

"بيع عقار المسجد لمصلحة لا يجوز وان بأمر القاضي و إن باع بعضه لإصلاح باقيه لخراب كله جاز."[2]

[1] فتاوى بزازيه على هامش الهنديه: ٦/٢٦٤ [2] فتاوى بزازيه: ٦/٢٨١

ترجمہ: ''کسی مصلحت کے پیش نظر مسجد کی جائداد کو فروخت کرنا قاضی کے حکم سے بھی جائز نہیں، ہاں اگر کچھ حصے کو فروخت کرے تا کہ باقی کی مرمت کی جا سکے؛ کیوں کہ پوری جائداد ہی برباد ہوگئی ہو تو جائز ہے۔''

نیز فقہاء حنابلہ میں علامہ ابن قدامہ رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ کا بیان ہے:

''فلم تمكن عمارته ولاعمارة بعضه إلابيع بعضه جاز بيع بعضه لتعمر به بقيته.''[1]

ترجمہ: ''اگر اس وقف کو آباد کرنا یا اس کے کچھ حصہ کو آباد کرنا بعض حصہ کو فروخت کئے بغیر ممکن نہ ہو تو اس کے کچھ حصہ کو فروخت کرنا جائز ہے، تا کہ اس کے ذریعہ بقیہ جائداد کو آباد کیا جا سکے۔''

یہی حکم اس صورت کا بھی ہے جب عمارت کے بجائے خود زمین کا کچھ حصہ تعمیر نو کے لئے فروخت کرنا پڑے، البتہ اس بات کا لحاظ ضروری ہے کہ مسجد کی تعمیر نو میں خاص اس جگہ میں سے کوئی حصہ فروخت نہ کیا جائے، جسے نماز کی ادائیگی کے لئے مخصوص کیا گیا تھا اور جو مسجد کے حکم میں داخل ہوگیا تھا۔

(جواب: سوال ۸)

یہ سوال غالباً مکرر ہے۔ جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر بظاہر مستقبل میں بھی مسجد یا قبرستان کو وہ زمین مطلوب نہ ہو تو مدرسہ کی تعمیر کی گنجائش ہے؛ لیکن، مدرسہ پر اس کا کچھ کرایہ بھی عائد کردیا جائے تا کہ یہ کرایہ مسجد اور قبرستان ہی کی ضروریات پر صرف ہو اور اس طرح واقف کے منشاء کی بھی تکمیل ہو اور مسلمانوں کے مصالح کی رعایت بھی۔

قبرستان ناقابل استعمال ہوجائے

(جواب: سوال ۹)

اگر قبرستان کے اطراف میں مسلمان آبادی کے ختم ہوجانے یا تدفین پر پابندی کی وجہ سے قبرستان قابل استعمال نہ رہا، یا اس پر ناجائز قبضہ کا خطرہ ہو اور عام طور پر ایسا قدیم قبرستان ہی میں ہوتا ہے۔ تو بوسیدہ ہڈیاں حتی المقدور جمع کر کے ایک جگہ دفن کردی جائیں اور اس حصہ کو احاطہ بندی کے ذریعہ محفوظ کردیا جائے، بقیہ حصہ فروخت کردیا جائے اور بہتر ہے کہ جہاں مسلمانوں کو قبرستان کی ضرورت ہو وہاں اس کی قیمت سے قبرستان فراہم کیا جائے تا کہ منشاء وقف کی ممکن حد تک رعایت ہو سکے، اور اگر یہ مصرف موجود نہ ہو یا کم سے کم قریب کی

[1] المغني: ٥/٣٦٨

مسلم آبادیوں میں اس کی حاجت نہ ہو تو فقراء پر خرچ کردی جائے، ہشام رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے واسطہ سے امام محمد رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا قول گزر چکا ہے:

"الوقف إذا صاربحيث لاينتفع به المساكين فللقاضى أن يبيعه ويشترى بثمنه غيره."[1]

تَرجَمَہ: "وقف جب مساکین کے لئے ناقابل انتفاع ہوجائے تو قاضی کے لئے اس کو فروخت کرنا اور اس کی قیمت سے دوسری جائداد خرید کرنا جائز ہے۔"

نیز ابن نجیم رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کا بیان ہے:

"قيم خاف من السلطان أومن وارث يغلب على أرض وقف يبيعها ويتصدق بثمنها وكذاكل قيم اذا خاف شيئاً من ذالك له أن يبيع ويتصدق بثمنها."[2]

تَرجَمَہ: "اگر ناظر وقف کو سلطان سے یا کسی وارث سے اندیشہ ہو کہ وہ وقف کی زمین پر ناجائز قبضہ کرلے گا تو اسے چاہئے کہ اسے فروخت کرکے اس کی قیمت صدقہ کردے، ہر ناظر وقف جس کو اس کا خوف ہو، اس کے لئے یہی حکم ہے۔"

دیگر مکاتب فقہ کا بھی یہی رجحان معلوم ہوتا ہے، ابن قدامہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لکھتے ہیں:

"واذا خرب الوقف ولم يرد شيئاً بيع واشترى بثمنه مايرد على اهل الوقف وجعل وقفا كالاول."[3]

تَرجَمَہ: "جب وقف کی جائداد ویران ہو جائے اور اس سے کوئی نفع حاصل نہ ہو تو اسے فروخت کردیا جائے، اس کی قیمت سے ایسی جائداد خریدی جائے جس سے اہل وقف کو نفع پہنچے اور اسے پہلی ہی جائداد کی طرح وقف کردیا جائے۔"

آثار قدیمہ کی مساجد

(جواب: سوال ۱۰)

شرعاً مسجد ہمیشہ کے لئے مسجد ہے، یہی رائے امام ابوحنیفہ اور قاضی ابو یوسف رَحِمَہُمَا اللّٰہُ تَعَالٰی اور جمہور فقہاء کی ہے اور اسی پر فتویٰ ہے، حصکفی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی رقمطراز ہیں:

"ولو خرب ماحوله واستغنى عنه يبقى مسجدا عندالإمام والثانى أبداً إلى

[1] البحرالرائق: ۵/۲۰۷ [2] حوالہ سابق [3] المغنی: ۵/۳۶۸

قیام الساعة وبه یفتی."[1]

ترجمہ: "اگر مسجد کا گرد و پیش ویران اور مسجد سے مستغنی ہوجائے تب بھی وہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت تک مسجد ہی رہے گی۔"

امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

"أما المسجد فإنه إذا انهدم وتعذرت اعادتهٔ فإنه لایباع بحال لامکان الانتفاع به حالاً بالصلوة فی ارضه."[2]

ترجمہ: "جب مسجد منہدم ہوجائے اور اس کا اعادہ دشوار ہو جب بھی اسے فروخت کرنا جائز نہیں؛ کیوں کہ ابھی بھی اس زمین پر نماز پڑھ کر مسجد سے نفع اٹھایا جاسکتا ہے۔"

اس لئے ان مساجد کا حکم بھی وہی ہے، جو دوسری مساجد کا ہے، حکومت کا اس میں نماز کی ادائیگی سے روکنا ظلم اور مسلمانوں کے مذہبی حقوق میں مداخلت ہے اور بدنیتی پر مبنی ہے؛ اس لئے کہ اگر مسجد آباد رہی اور نماز کا سلسلہ جاری رہا تو زیادہ بہتر طور پر مسجد کا تحفظ ہوسکتا ہے، آباد عمارتوں کی عمر ویران عمارتوں سے زیادہ ہوتی ہے؛ اس لئے مسلمانوں کا فریضہ ہے کہ وہ قانون و آئین کے دائرہ میں رہتے ہوئے حکومت سے ان مساجد کو کھولنے اور ان میں نماز کی اجازت دینے کا مطالبہ کریں۔

قبرستان کے تحفظ کے لئے دکانوں کا حصار

(جواب: سوال ۱۱)

وقف کے احکام میں وقف کے مصالح کے تحفظ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، اس لئے بعض مواقع پر فقہاء نے واقف کی شرائط کو بھی نظر انداز کرنے کی اجازت دی ہے اگر ان شرائط کی رعایت وقف کے مفاد میں نہ ہو، مثلاً واقف نے نا اہل شخص کو متولی مقرر کردیا اور شرط لگادی کہ اسے معزول نہ کیا جائے، پھر بھی قاضی ایسے شخص کو تولیت سے سبکدوش کرسکتا ہے، یا شرط لگادی کہ وقف کی عمارت ایک سال سے زیادہ عرصہ کے لئے کرایہ پر نہ دی جائے؛ لیکن کرایہ دار اس قلیل مدت کے لئے لینے میں رغبت نہ رکھتے ہوں تو عدالت اس شرط کی خلاف ورزی کرسکتی ہے۔[3]

قبرستان کے پاس اگر خود اتنے وسائل نہ ہوں کہ احاطہ بندی کا کام ہوسکے، تو اس طرح یہ پیشگی رقم لے کر دکانوں کی تعمیر اور ان ہی دکانوں کے ذریعہ حصار بندی بھی ہے اور اس سے قبرستان کو آمدنی بھی حاصل ہوسکتی

[1] الدر المختار علی هامش الرد: ۵٤۸/٦، نیز دیکھئے: الهندیه: ٤۵۸/۲

[2] شرح المهذب: ۳٦۰/۱۵ [3] ردالمختار: ۵۸۷/٦

ہے جس سے قبرستان کی نگرانی روشنی اور راستہ کا انتظام یا لاوارث لاشوں کی تدفین وغیرہ کا کام لیا جاسکتا ہے، پس یہ قبرستان کے مفاد میں ہے اور ایسا کرنا جائز ہے۔ فقہاء کے یہاں اس بابت بعض صراحتیں بھی موجود ہیں، صاحب بزازیہ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی لکھتے ہیں:

"أراد القيم أن يبنى فى الأرض الموقوفة حوانيت ليستغلها بالاجارة ليس له ذالك، لان استغلال الأرض بالزرع إليهم إلاإذا كانت الأرض متصلة بالمصر." [1]

تَرْجَمَہ: "ناظر۔ موقوفہ زمین میں کچھ دکانیں تعمیر کرنا چاہے تاکہ اس کو کرایہ پر لگا کر آمدنی کی صورت پیدا ہوتو یہ جائز نہیں؛ اس لئے کہ ان حضرات کو کھیتی ہی کے ذریعہ زمین وقف کو ذریعۂ آمدنی بنانے کی گنجائش ہے، سوائے اس کے کہ زمین شہر سے متصل ہو۔"

گویا مطلقاً دکان بنانے کی ممانعت نہیں ہے، بلکہ دیہات وقریہ جات میں دکان بنانے کی ممانعت ہے کیونکہ وہاں اول تو ان کا کرایہ پر لگنا دشوار ہوتا ہے، اور اگر کرایہ دار مل جائیں تب بھی کرایہ خاطر خواہ وصول نہیں ہوسکتا؛ اس لئے وہاں زراعت زیادہ فائدہ بخش ہوتی ہے، شہر میں چونکہ کرایہ دار آسانی سے اور بہتر کرایہ کے ساتھ دستیاب ہوتے ہیں اس لئے صاحب بزازیہ نے یہاں اس کی اجازت دی ہے، پس جب قبرستان کے مفاد میں ایسی دکانوں کا بنانا ہے تو یہ بھی جائز ہوگا۔

قبرستان میں مساجد کی توسیع

(جواب: سوال ۱۲)

مسجد کی توسیع بھی ایک ضرورت ہے اور مسلمانوں کی قبروں کا احترام بھی ضروری ہے؛ اس لئے نئی اور پرانی قبروں میں فرق کرنا ہوگا، ویران اور متروک قبرستان میں تو قبریں ہوتی ہی ہیں پرانی، جو قبرستان ابھی استعمال میں ہیں ان میں جدید قدیم کی رعایت کرنی ہوگی اور ایسے حصہ میں قبرستان کی توسیع درست ہوگی جہاں قدیم قبریں ہیں، علامہ عینی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی فرماتے ہیں:

"لوأن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى فيها مسجد الم أربذالك باساً وذالك لأن المقابر وقف من اوقاف المسلمين لدفن موتاهم لايجوزلاحد ان يملكها فإذا درست واستغنى من الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد لأن

---

[1] الفتاوى البرازيه على هامش الهندية: ٢٥٤/٦

المسجد أيضا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لاحد فمعنا هما واحد.''[1]

ترجمہ: ''مسلمانوں کے قبرستانوں میں سے کوئی قبرستان ختم ہوجائے اور لوگ اس میں مسجد بنالیں تو میرے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں، کیوں کہ قبرستان مسلمانوں کے اوقاف میں سے ہے تاکہ مسلمان مردے اس میں دفن کئے جاسکیں؛ اس لئے کوئی شخص اس کا مالک نہیں ہوسکتا، اب جب کہ قبرستان ختم ہوگیا اور اس میں مردوں کے تدفین کی حاجت نہیں رہی تو اس کو مسجد میں صرف کرنا درست ہے؛ اس لئے کہ مسجد بھی مسلمانوں کے اوقاف میں سے ایک وقف ہے جس کا کسی کو مالک نہیں بنایا جاسکتا، تو گویا قبرستان اور مسجد کا وقف ایک ہی نوعیت کا حامل ہے۔''

تاہم یہ شرط مسجد کی پہلی منزل کے لئے ہوگی، اگر مسجد دومنزلہ ہو اور مسجد کی موجودہ حد کے باہر قبروں سے بچتے ہوئے ستون تعمیر کئے جاسکتے ہوں اور آگے تک چھت ڈالی جاسکتی ہو تو اس طرح آگے تک چھت ڈالنا بھی درست ہوگا کیوں کہ ممانعت کی وجہ قبر پر نماز سے بچنا اور قبر کو بے حرمتی سے بچانا ہے اور یہ دونوں باتیں اس صورت میں نہیں پائی جاتیں۔

یہ حکم تو عام قبرستانوں کے لئے ہے، جو قبرستان کسی شخص یا خاندان کا خصوصی اور مملوکہ قبرستان ہو، اس میں مالکان کی اجازت بھی ضروری ہوگی!

مساجد پر ہندو اوقاف کی تولیت

(جواب: سوال ۱۳)

بنیادی طور پر فقہاء نے تولیت کے لئے اسلام کی شرط نہیں رکھی ہے، شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی رقمطراز ہیں:

''ويشترط للصحة بلوغه وعقله لاحريته و إسلامه.''[2]

ترجمہ: ''تولیت کے صحیح ہونے کے لئے عاقل وبالغ ہونا شرط ہے، آزاد و مسلمان ہونا شرط نہیں۔''

لیکن یہ فقہاء کے یہاں متفق علیہ نہیں ہے؛ کیوں کہ یہ اشخاص پر نہ سہی؛ لیکن اسباب واموال پر ایک طرح کی ولایت ہے اور غیر مسلم کو مسلمان پر ولایت حاصل نہیں ہوسکتی؛ اسی لئے رافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کو شامی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے اس اطلاق سے اتفاق نہیں، وہ ابن نجیم رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی کے حوالہ سے لکھتے ہیں:

''ينبغي أن يخص بوقف الذمي فان تولية الذمي على المسلمين حرام

---

[1] عمدة القاري: ۱۰/۱۵۲ [2] ردالمحتار: ۶/۵۷۹

لاینبغی اتباع شرط الواقف فیھا.''[1]

تَرجَمہ: ''مناسب ہے کہ یہ حکم ذمیوں کے اوقاف کے ساتھ مخصوص ہو؛ کیوں کہ مسلمانوں پر غیر مسلم کی تولیت حرام ہے، اوراس سلسلہ میں واقف کی شرط کی پیروی بھی مناسب نہیں۔''

ارشاد ربانی "إنما یعمر مساجد اللّٰہ من اٰمن باللّٰہ والیوم الاٰخر'' سے بھی ایک حدتک رافعی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ کے نقطۂ نظر کی تائید ہوتی ہے، گو''عمارۃ'' سے معنوی عمارت بھی مراد ہوسکتی ہے جونماز اور ذکر و عبادت سے عبارت ہے اور زیادہ احتمال اسی معنی کا ہے[2] کیوں کہ گرتعمیر کے معنی مادی تعمیر کے ہوں تو پھر مساجد میں غیر مسلم مزدوروں سے کام لینا بھی نادرست قرار پائے گا۔

زیادہ درست اور قرین صواب یہ معلوم ہوتا ہے کہ تولیت غیر مسلموں کی جائز تو ہے؛ لیکن مکروہ تحریمی، جائز اس لئے کہ تولیت کا اصل مقصود حفاظت ونگہداشت اور انتظام و انصرام ہے، متولی کو جو بعض تصرفات کے حق حاصل ہیں، وہ ضمنی حیثیت رکھتے ہیں اور ظاہر ہے کہ نظم وحفاظت کا کام غیر مسلموں سے بھی لیا جاسکتا ہے، پھر اس کی تائید اس واقعہ سے ہوتی ہے کہ فتح مکہ کے موقع سے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے عثمان بن طلحہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کے ہاتھ سے کعبہ کی کلید حاصل کی اور پھر انہیں کو واپس فرمادی حالاں کہ اس وقت تک عثمان دامن اسلام میں نہیں آئے تھے، تو جب ایک غیر مسلم کلید بردار کعبہ ہوسکتا ہے تو عام مساجد کا متولی کیوں نہیں ہوسکتا؟۔ البتہ یہ کراہت سے خالی نہیں؛ کیوں کہ کسی غیر مسلم سے اس بات کی توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ مساجد کے حقوق کی پوری پوری رعایت کرسکے گا۔

بالخصوص ہندوستان میں مساجد کا غیر مسلم انتظامیہ کے تحت رہنا خطرات وخدشات سے خالی نہیں؛ اس لئے مسلمانوں پر ایک اجتماعی فریضہ ہے کہ وہ ایسی مساجد کو مسلمان انتظامیہ کے تحت لانے کی سعی کریں۔

واللّٰہ تعالیٰ أعلم

---

[1] تقریرات الرافعی مع الشامی: ٦/٨٤، ط: مصر

[2] گنجائش دونوں معنوں کی ہے دیکھئے: مفاتیح الغیب للرازی: ٧/٥٩٤

کتابیات

تفسیر وعلوم قرآن:

احکام القرآن — ابن عربی
الاساس فی التفسیر — شیخ سعید حوی
تدبر قرآن — مولانا امین احسن اصلاحی
ترجمان القرآن — مولانا ابوالکلام آزاد
تفسیر ابن کثیر — شیخ اسماعیل بن کثیر دمشقی
تفسیر منار — علامہ رشید رضا مصری
الجامع لاحکام القرآن — ابوعبداللہ قرطبی
جلالین — حافظ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی
الدر المنثور — حافظ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی
روح المعانی — شہاب الدین سیّد محمود آلوسی
صاوی علی الجلالین — شیخ احمد بن محمد صاوی
الکشاف — جاراللہ زمخشری
مفاتیح الغیب — ابوبکر احمد بن علی رازی

حدیث وشروح حدیث:

ارشاد الساری — شہاب الدین احمد بن محمد قسطلانی
اعلاء السنن — مولانا ظفر احمد عثمانی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی
بخاری شریف — محمد بن اسماعیل بخاری رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی
الدرایۃ — احمد بن علی بن حجر عسقلانی
سبل السلام — محمد بن اسمٰعیل صنعانی
سنن ابی داؤد — سلیمان بن اشعث سجستانی
سنن ابن ماجہ — ابوعبداللہ ابن ماجہ قزوینی
سنن ترمذی — امام ابوعیسیٰ ترمذی

کتاب	مصنف
سنن نسائی	حافظ احمد بن شعیب نسائی
شرح معانی الآثار	امام ابوجعفر طحاوی
طبرانی	طبرانی
عمدۃ القاری	بدرالدین ابومحمود بن احمد عینی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ
فتح الباری	احمد بن علی بن حجر عسقلانی رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ
فیض الباری	مولانا انور شاہ کشمیری رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالیٰ
کنز العمال	علی متقی ہندی
مرقاۃ المفاتیح	ملا علی قاری
مسلم شریف	امام مسلم بن حجاج نیشاپوری
مسند امام شافعی	محمد بن ادریس شافعی
مصنف	ابن ابی شیبہ
نصب الرایۃ	فخر الدین عثمان زیلعی
نہایہ	ابن اثیر

اصول حدیث وفقہ:

کتاب	مصنف
ارشاد الفحول	حافظ محمد بن علی شوکانی
اصول السرخسی	ابوبکر سرخسی
التقریر والتحبیر	محقق ابن امیر الحاج
رسم المفتی	علامہ ابن عابدین شامی
معرفۃ علوم الحدیث	ابوحاکم نیساپوری
المستصفی	ابوحامد محمد بن محمد غزالی

ائمہ اربعہ کی فقہ:

کتاب	مصنف
بدایۃ المجتہد	ابن رشد مالکی
رحمۃ الامہ	ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن
الفقہ الاسلامی وادلتہ	ڈاکٹر وھبہ زحیلی
کتاب الفقہ علی المذاہب	عبدالرحمن جزیری
کتاب الاجماع	ابن منذر

الروضۃ الندیۃ	مولانا محمد صدیق حسن

فقہ حنفی:

البحر الرائق	ابن نجیم مصری
بدائع الصنائع	ملک العلماء علاؤ الدین کاسانی
بنایہ علی الہدایہ	بدر الدین محمد بن احمد عینی
تاتارخانیہ	علامہ عالم بن علاء انصاری
تبیین الحقائق	جلال الدین بن یوسف زیلعی
تقریر الرافعی	محمد رشید رافعی
جواہر الفقہ	مولانا مفتی محمد شفیع رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی
خلاصۃ الفتاوی	امام طاہر بخاری
درمختار	علاؤ الدین حصکفی
طحطاوی	علامہ ابن عابدین شامی
طحطاوی	سید احمد طحطاوی
عمدۃ الرعایہ	مولانا عبد الحئی لکھنوی
عنایہ	اکمل الدین بابرتی
فتاویٰ بزازیہ	محمد بن محمد کردری
فتاویٰ خانیہ	فخر الدین حسن قاضی خاں اوز جندی
فتح القدیر	علامہ ابن ہمام
قدوری	امام ابو الحسن قدوری
کتاب الاصل	امام ابو الحسن شیبانی
مبسوط	ابو بکر سرخسی
مجمع الانہر	شیخ محمد بن سلیمان
مجموعۃ الفتاویٰ	مولانا عبد الحئی لکھنوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالٰی
مختصر الطحاوی	مام ابو جعفر طحاوی
مراقی الفلاح	علامہ حسن شرنبلالی
منحۃ الخالق	علامہ ابن عابدین شامی

ہدایہ	برہان الدین ابوالحسن مرغینانی

فقہ مالکی:

حاشیہ الدسوقی	شیخ محمد عرفہ دسوقی
الشرح الصغیر	احمد بن محمد دردیر مالکی
الشرح الکبیر	احمد بن محمد دردیر مالکی
شرح منح الجلیل	شیخ محمد علیش
المدونۃ الکبریٰ	سحنون بن سعید تنوخی
منح الجلیل	شیخ محمد علیش

فقہ شافعی:

تحفۃ المحتاج	حافظ بن حجر مکی
شرح مہذب	شیخ ابوزکریا نووی
فتح العلام	سید محمد عبداللہ جردانی
فتح المعین	شیخ زین الدین
کتاب الافصاح	عبدالفتاح حسین مکی
کتاب الام	امام محمد بن ادریس شافعی
کتاب الایضاح	شیخ عامر بن علی شماخی
المنہاج القویم	علامہ ہیثمی

فقہ حنبلی:

الاقناع	شرف الدین موسیٰ مقدسی
الروض المربع	شیخ منصور بن یوسف بہوتی
فتاویٰ شیخ الاسلام	شیخ الاسلام ابن تیمیہ
المغنی	ابن قدامہ حنبلی

خاص موضوعات پر فقہی کتب:

اسلامی عدالت	قاضی مجاہد الاسلام (حفظہ اللہ)

تنبیہ الغافل والوسنان

علی احکام ہلال رمضان	ابن عابدین شامی
الزکاۃ وتطبیقا تہا المعاصرۃ	ڈاکٹر عبداللہ بن محمد طیار
عشر وزکوٰۃ اور سود کے چند مسائل	سید عروج قادری
فقہ الزکاۃ	ڈاکٹر یوسف قرضاوی
کتاب الفسخ والتفریق	مولانا عبدالصمد رحمانی
کتاب الخراج	امام ابو یوسف
کتاب العشر والخراج	مولانا عبدالصمد رحمانی

لغت:

تاج العروس	محمد مرتضیٰ زبیدی
القاموس الفقہی	سعدی ابوحبیب
لسان العرب	ابن منظور افریقی
مفردات القرآن	علامہ راغب اصفہانی

متفرقات:

الاتحاف	شیخ مرتضیٰ زبیدی
حجۃ اللہ البالغہ	شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
سیرۃ النبی	سید سلیمان ندوی رَحِمَہُ اللہُ تَعَالیٰ